جامع قوانین و مفصل تعلیلات پر مشتمل کتاب

حافظ خادم حسین رضوی

شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تعلیلاتِ خادمیہ

علامہ فضل حق پبلیکیشنز

تعلیلاتِ خادمیہ

مصنف ـــــــ حافظ خادم حسین رضوی

باہتمام ـــــــ ملک غلام رسول ہمدمی

سن اشاعت ـــــــ ربیع الاول ۱۴۳۳ھ بمطابق فروری 2012ء

صفحات ـــــــ 680

قیمت ـــــــ

ملنے کے پتے

نظامیہ کتاب گھر اردو بازار لاہور — ضیاء القرآن پبلی کیشنز

مکتبہ غوثیہ ہول سیل کراچی — اسلامک کارپوریشن راولپنڈی

کتب خانہ امام احمد دربار مارکیٹ لاہور

مکتبہ اہلسنت جامعہ نظامیہ لاہور 042-37634478

ناشر

علامہ فضل حق پبلیکیشنز لاہور

دربار مارکیٹ لاہور

0300-4798782, 03134949182

انتساب

اپنے شیخِ طریقت سراپا شفقت ومحبت قدوۃ السالکین حضرت قبلہ
خواجہ محمد عبدالواحد زید مجدہ الکریم (المعروف حاجی پیر صاحب)

کے نام

جن کے فیضانِ نظر نے میرے دل کو درد آشنا کیا اور عشقِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء سے سرشار کیا۔

جلا سکتی ہے شمعِ کشتہ کو موجِ نفَس ان کی
الٰہی! کیا چھپا ہوتا ہے اہل دل کے سینوں میں

حافظ خادم حسین رضوی

۱۹ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ

الإهداء

اپنے استاذ ومربی غوث العلماء سند الفقہاء مفتی اعظم حضرت قبلہ علامہ مولانا
مفتی محمد عبدالقیوم قادری رضوی ہزاروی نَوَّرَ اللہُ مَرْقَدَہٗ

کی خدمت میں

جو اپنے ہمعصر اور بعد میں آنے والوں کے لیے نشانِ منزل بن گئے۔

جو سختیٔ منزل کو سامانِ سفر سمجھے
اے وائے تن آسانی ناپید ہے وہ راہی

حافظ خادم حسین رضوی

۱۷ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

علم ساری کائنات کو محیط ہے۔ بلکہ اس کی رسائی ماوراء الکائنات تک بھی ہے۔ یہ مسلسل وسعت پذیر ہے۔ ہر روز طلوع ہونے والا سورج نت نئی جہتوں میں اس کی وسعت کا پیغام لے کر طلوع ہوتا ہے۔ جب تک یہ نظامِ کائنات جاری ہے یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ علم کی وسعتوں کا جب یہ عالم ہے تو اس میں کثیر در کثیر انواع و اقسام کا پایا جانا ایک فطری اور ناگزیر امر ہے۔ چنانچہ مختلف زمانوں میں متعدد علماء نے اپنے اپنے ذوق اور طبعی رجحان کے مطابق اس کی مختلف تقسیمات کی ہیں۔ اور ہر تقسیم کے تحت متعدد اقسام بیان کی ہیں۔ علم کی ان اقسام میں ایک قسم کا نام علوم مدونہ ہے۔ علوم مدونہ کی اقسام، ہر قسم کے نام، تعارف اور اس پر تصنیف شدہ کتابوں کی تفصیل وغیرہ امور پر متعدد کتب لکھی جا چکی ہیں۔ علم صرف یا تصریف بھی انہی مدونہ علوم کی ایک قسم ہے۔ [1]

صرف کا لغوی معنی ہے۔

الصرف رد الشیء من حالة إلى حالة او ابداله بغيره يقال صرفته فانصرف [2]

ترجمہ: صرف کے معنی ہیں کسی چیز کی ایک حالت کو دوسری حالت سے بدل دینا یا ایک چیز کو دوسری سے بدل لینا۔ عربی محاورہ ہے **صرفته فانصرف** میں نے اسے پھیرا وہ پھر گیا۔

اور تصریف کے لغوی معنی ہیں:

التصريف كالصرف .إلا في التكثير وأكثر ما يقال في صرف الشيء من حالة إلى حالة ومن أمر إلى أمر [3]

ترجمہ: تصریف کے معنی صرف کی مانند ہیں۔ لیکن اس کے معنوں میں تکثیر پائی جاتی ہے۔ اور عام طور پر یہ کسی شے کی ایک حالت کو دوسری حالت کی طرف یا ایک امر کو دوسرے امر کی طرف پھیرنے کے معنوں میں آتا ہے۔

اصطلاحی اعتبار سے لفظ صرف دو معنوں اور لفظ تصریف ایک معنی میں مستعمل ہے۔ لفظ صرف اور تصریف کا مشترکہ اصطلاحی مفہوم یوں ہیں۔

---

[1] اس موضوع پر لکھی گئی چند کتابوں اور ان کے مؤلفین کے نام یہ ہیں۔

(1) الفہرست۔ ابن ندیم (2) احصاء العلوم۔ فارابی (3) مفاتیح العلوم۔ خوارزمی

(4) الفوائد الخاقانیہ۔ محمد امین (5) کشف الظنون۔ حاجی خلیفہ (6) مفتاح السعادۃ، طاش کبری زادہ

(7) کشف اصطلاحات الفنون، محمد علی بن علی

[2] المفردات: امام راغب، ص: 280، 181

[3] المفردات: امام راغب ص: 281

''یہ اس علم کا نام ہے جس میں ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے بنانے کے قواعد اور کلمات کی گردان اور ان میں تبدیل وتعلیل کا حال معلوم ہو''

لفظ صرف کے دوسرے اصطلاحی معنی کا تعلق علم فقہ سے ہے۔ علامہ سید شریف علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تعریف یوں بیان کی ہے۔

بیع الأثمان بعضها ببعض [1]

ترجمہ: اثمان یعنی سونا اور چاندی کو باہم ایک دوسرے کے عوض فروخت کرنا۔

فقہ کی کتابوں میں اس موضوع پر مستقل باب ہوتا ہے۔ علامہ ابن ندیم نے اپنی کتاب الفہرست ۳۷۷ھ میں مکمل کی۔ یہ علم کی اقسام ان کے تعارف اور ان پر تصیف کردہ کتب کے بارے میں قدیم ترین تصانیف میں سے ایک ہے۔ علم الصرف کے بارے میں اس عہد تک مختلف علماء کی تصنیف شدہ کتابوں کے نام اس طرح سے ہیں۔

كتاب التصريف :	8عدد	كتاب التصاريف :	2عدد
كتاب الاشتقاق	12عدد [2]	كتاب المشتق من المختلف والموتلف	1عدد
كتاب جمل اصول التصريف	1عدد	كتاب الادغام	1عدد

وغیرہ وغیرہ۔ یہ تعداد سرسری گنتی سے حاصل شدہ ہے امید ہے کہ درست ہی ہوگی۔ اس علم پر تصنیف کردہ کسی کتاب کا نام مجھے باوجود تلاش کے کتاب الصرف نہیں مل سکا۔ جب کہ ''الصرف'' کے فقہی اصطلاحی معنی پر مختلف علمائے کرام کی کتابوں کے نام اس طرح سے درج ہیں۔

کتاب الصرف	4عدد	کتاب التصریف والنقد والسکہ	1عدد

اس تفصیل سے یہ نتیجہ اخذ کرنا غلط نہ ہوگا چوتھی صدی ہجری کے ربع ثالث تک یہ علم ''علم تصریف'' کے نام سے معروف تھا۔ جب کہ موجودہ دور میں یہ علم ''علم صرف'' کے نام سے مشہور ہے۔

---

[1] التعریفات: ص116

[2] واضح رہے کہ علم صرف اور علم اشتقاق دو الگ الگ علوم ہیں۔ اقسام واصناف علوم کی کتابوں میں دونوں کو جدا جدا بیان گیا ہے۔ لیکن چونکہ بالعموم دونوں علموں کو یک جا بیان کیا جاتا ہے اکٹھا ہی پڑھا پڑھایا جاتا ہے۔ کیونکہ دونوں کے مبادی مشترکہ ہیں اور علم اشتقاق کے قواعد بہت قلیل ہیں۔ اس لیے اس علم پر مستقل تصانیف کی تعداد بھی قلیل ہے۔ راقم الحروف عفی عنہ نے بھی دونوں علموں کی تصانیف کو اکٹھا کر دیا ہے اس علم کی تعریف، علم صرف اور اس علم کا فرق اور اشتقاق کی اقسام وغیرہ وابحاث کے لیے ملاحظہ ہو کشف الظنون 1 / 101، 102 نواب صدیق حسن خان نے اس کتاب کی اس پوری بحث کو من وعن اپنی کتاب ابجد العلوم میں حوالہ کے بغیر نقل کر دیا ہے۔

ابتداء میں اس علم کی جداگانہ حیثیت نہ تھی بلکہ یہ نحو میں شامل تھا۔اس کے قواعد وضوابط نحو کی کتابوں میں نحو کے ساتھ ہی پڑھائے جاتے تھے۔مگر جب علوم میں وسعت پیدا ہوئی اوران کے قواعد وضوابط میں تہذیب' تدقیق' تفصیل اور تشریح کا زمانہ آیا تو اسے ایک مستقل علم کی حیثیت دے دی گئی۔اسے مستقل علم کی شکل دینے والے علامہ ابوعثمان مازنی ہیں [1]۔

لفظ نحو کے متعدد معانی ہیں ایک معنی تصریف بھی ہے۔ممکن ہے کہ کلمات میں تغیر وتبدل کے باعث تسمیۃ الکل باسم الجزء کے قاعدہ کے مطابق اس کا نام علم نحو پڑ گیا ہو۔مولانا محمد عبدالعلی مداری فرماتے ہیں۔

النحو لغة...... التصريف نحو نحوت بصرى إليه أى صرفت و الانحاء نحوه مثل انحيت عنه بصرى اى عدلته [2].

ترجمہ:لفظ نحو کے لغوی معنوں میں سے ایک تصریف (پھیرنا) بھی ہے عربی محاورہ میں نحوت بصری الیہ اس کا معنی ہے میں نے اپنی آنکھ اس کی طرف پھیر دی۔انحاء (باب افعال) کے معنی بھی اسی طرح ہے عربی محاورہ ہے انحیت عنه بصری اس کا معنی بھی میں نے اپنی آنکھ اس سے پھیر لی ہے۔

صرف علوم آلیہ یعنی ایسے علوم جو قرآن حکیم' احادیث مبارکہ کو سمجھنے میں معاون اور مددگار ہوتے ہیں۔اس کی ضرورت اوراہمیت کے بارے میں زبان زدِ عوام وخاص عربی کا یہ مقولہ ہی کافی ہے۔**الصرف ام العلوم و النحو أبوها.**

امام زرکشی رحمۃ اللہ علیہ نے البرہان میں فرمایا۔

(عربی) زبان کو سمجھنے کے لیے علم الصرف کی اہمیت علم النحو سے بڑھ کر ہے کیوں کہ علم صرف میں کلمہ کی ذات میں غور وفکر ہوتا ہے اور نحو میں اس کے عوارض اور طاری ہونے والے احوال پر غور کیا جاتا ہے۔یہ ان علوم میں داخل ہے جن کی ایک مفسر قرآن کو ضرورت ہوتی ہے [3]۔

---

[1] (الف) كشف الظنون :412/1
(ب) دائرة معارف القرن العشرين 616/6
(ج) ابجد العلوم' ص:323
(د) رضى شرح شافيه 1/ 2 نوٹ:اس کے حاشیہ میں علم نحو کی متقدمین کے نزدیک (جب علم صرف اس کی ایک قسم شمار ہوتی تھی) اور متاخرین کے نزدیک (جب علم الصرف اس کی قسم ٹھہری) کی تعریف وغیرہ مفید ابحاث ہیں۔
نوٹ: شیخ محمد حنیف گنگوہی نے علامہ معاذ بن مسلم التوفی 187ھ شاگرد ابوالاسود دوئلی کو اس کا واضع قرار دیا ہے۔**قرة العيون فى تذكرة الفنون** : ص116 نہ معلوم انکا ماخذ کیا ہے۔

[2] ثمرات الحيرة فى طبقات النحاة ص193۔تبصرة الطلاب فى تذكرة طبع الكتاب ص2
نوٹ:دونوں کتابیں مولانا محمد عبدالعلی مداری کی تالیف ہیں۔

[3] البرهان فى علوم القرآن 1/ 208

علامہ ابن فارس نے فرمایا

جوآدمی اس علم کے حصول میں ناکام رہا وہ علوم کے ایک بڑے حصہ کے حصول میں ناکام رہا۔ جیسا کہ لفظ "وجد" کے معانی میں ابہام ہے جب اسے مختلف اوزان پر ڈھالا جائے گا تو اس کے معانی کی وضاحت ہوتی جائے گی۔ وُجداً مال کے ملنے کے لیے وِجْدَاناً گم شدہ چیز کے پانے کے لیے۔ "مَوْجِدَةً" غضب ناک ہونے کے لیے اور "وَجْداً" غمگین ہونے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وأما القاسطون فكانوا لجهنم حطبا (الجن . ۴)

ترجمہ: ظلم کرنے والے جہنم کا ایندھن ہوں گے۔

اور اسی "قسط" کے مادہ میں تغیر کے ساتھ ایک اور صیغہ آیا تو معنی بدل گیا۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے۔

اقسطوا إن الله يحب المقسطين (الحجرات: ۹)

ترجمہ: انصاف کرو اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

علم صرف کا الفاظ کے معانی پر اثر ملاحظہ ہو کہ کس طرح ایک مادہ سے مختلف الفاظ کا معنی ظلم سے عدل میں تبدیل ہو گیا[1]

علم الصرف کا عمل دخل اسماء اور افعال دونوں میں ہے۔ مثلاً ریت میں موجود رستہ کو "خِبَّة" کہتے ہیں۔ اور خُبَّة اس رستہ کو کہتے ہیں جو ہری بھری اور قحط زدہ زمین کے درمیان ہو[2]۔

امامِ لغت علامہ ازہری[3] نے لکھا کہ "دکر" مہمل ہے عربی زبان میں یہ لفظ استعمال نہیں ہوتا۔ لیکن علامہ تاج الکندی نے اس کتاب کے حاشیہ پر لکھ دیا جس لفظ کو علامہ ازہری نے مہمل قرار دیا ہے وہ تو مستعمل ہے قرآن مجید میں ہے۔ وادكر بعد امة (یوسف: ۴۵) نیز قرآن مجید میں ہے فهل من مدكر (القمر: ۱۵) یہ علامہ تاج الکندی کی غلطی ہے جو علم صرف کے ایک قاعدہ سے غفلت کا ثمرہ ہے۔ درست وہی ہے جو علامہ ازہری نے لکھا کیونکہ "ادکر" اصل میں "اذتکر" تھا جو باب افتعال سے ماضی کا صیغہ ہے کہ اور "مدکر" دراصل "مذتکر" تھا یہ بھی باب افتعال سے اسم فاعل کا صیغہ ہے[4]۔

---

[1] البرهان فی علوم القرآن 208/1

[2] الاتقان فی علوم القرآن 2/573 (ترجمہ) البرہان: 1/208

[3] لغت کی مشہور کتاب تہذیب اللغۃ کے مؤلف ہیں۔ ازہری نسبت جامع ازہر کے باعث نہیں بلکہ ان کے جدامجد "ازہر" کے باعث ہے۔ ہرات کے باشندے تھے۔ القاموس الوحید ص 38

[4] البرهان فی علوم القرآن 209/1

علامہ جاراللہ زمخشری نے آیت مبارکہ

الشیطان سول لهم واملی لهم (سورہ محمد : ۲۵)

کی تفسیر میں لکھا۔

سول لهم سهل لهم رکوب العظائم من السُّول وهو الاسترخاء وقد اشتقه من السُّؤل من لا علم له بالتصريف والاشتقاق [1]

ترجمہ: سول لهم کا معنی ہے شیطان نے بڑے بڑے گناہوں کا ارتکاب ان کے لیے آسان بنادیا یہ لفظ سُول سے مشتق ہے جس کا معنی ہے استرخاء (نرم ہونا) اور جس شخص کے پاس صرف اور اشتقاق کا علم نہیں اس نے اسے سؤل سے مشتق قرار دیا ہے۔

امام زرکشی نے فرمایا کہ یہ امام ابن سکیت پر تعریض ہے [2]۔

علم صرف و اشتقاق سے نابلد ہونے کی صورت میں قرآن کریم کے غلط معانی اور مفہوم تک پہنچنے کی ایک اور مثال علامہ زمخشری نے آیت مبارکہ

یوم ندعوا کل اناس بامامهم (الاسراء:۷۱) کے تحت یوں بیان کی۔

ومن بدع التفاسير ان الامام جمع أم وإن الناس يدعون يوم القيامة بامهاتهم وإن الحكمة في الدعاء بالامهات دون الآباء رعاية حق عيسى عليه السلام واظهار شرف الحسن والحسين وأن لا يفتضح أولاد الزنى [3] .

ترجمہ: نئی اور من گھڑت تفسیروں سے ایک یہ ہے کہ اس آیت مبارکہ میں لفظ امام اُمّ (ماں) کی جمع ہے اور لوگوں کو قیامت کے دن ان کی ماؤوں کے ناموں کے ساتھ پکارا جائے گا۔ اور باپوں کے ناموں کو چھوڑ کر ماؤوں کے ناموں سے پکارے جانے میں یہ (تین) حکمتیں ہیں۔ (۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق کی رعایت (۲) حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کے شرف وعظمت کا اظہار (۳) زنا کی اولاد کو رسوائی سے بچانا۔

مزید تلاش و جستجو سے اس طرح کی مزید مثالیں بھی مل سکتی ہیں [4]۔

---

[1] الکشاف 537/3   [2] البرهان فی علوم القرآن 209/1

[3] الکشاف :459/2

[4] الاتقان 2/ 181 اس میں اختصار ہے۔

نوٹ: مزید مثالوں کے لیے ملاحظہ ہو۔ 1۔ البرہان فی علوم القرآن۔ 2۔ الجاسوس علی القاموس وغیرہ کتب۔

مندرجات بالا سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ جو شخص علم صرف کو نظر انداز کر کے قرآن مجید، احادیث مبارکہ، عربی زبان کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے اور قرآن وحدیث سے براہ راست منشائے ایزدی اور منشائے رسول کریم ﷺ تک رسائی حاصل کرنے کا دعوی کرتا ہے وہ اپنے دعوی میں سچا نہیں۔ اس کا دعوی دیوانے کی بڑ سے بڑھ کو کچھ نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن وحدیث کو سمجھنے کے لیے دیگر مطلوبہ علوم کے ساتھ علم صرف ونحو میں مہارت اور ملکہ ہونا بنیادی شرط ہے۔

یاد رہے کہ جب تک کسی شخص کو اپنے متعلقہ علم کے مبادی اور اصول وقواعد پر پورا احاطہ حاصل نہ ہو اور اس کے ہر ہر مسئلہ سے کامل واقفیت کے حصول کے بعد وہ اس علم کے اصول سے فروع کے استخراج کا ملکہ پیدا نہ کرے اسے اپنے متعلقہ علم میں حاذق اور ماہر تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔ اور نہ ہی اسے اس میں حاوی مانا جاسکتا ہے۔ یہ ملکہ مسائل ومبادی، قوانین وضوابط کے رٹ لینے اور ان سے فروع کے استخراج کی مشق حاصل کیے بغیر میسر نہیں آسکتا۔ ممکن ہے کہ ایک قانون مبتدی بھی سمجھتا ہو اور منتہی بھی لیکن مبتدی کو ملکہ حاصل نہیں ہوتا جب کہ ماہر اور حاذق اس سے بہرہ ور ہوتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ملکہ مسائل کو صرف سمجھ لینے اور از بر کر لینے سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ یہ اس سے برتر کوئی اور چیز ہے جو صرف ماہر اور حاذق کو نصیب ہوتی ہے۔

پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ قرآن مجید، احادیث مبارکہ اور عربی زبان وادب کو درست سمجھنے کے لیے کچھ دیگر علوم کے ساتھ علم صرف میں مہارت اور ملکہ کا ہونا شرط ہے۔ درس نظامی کی عام درس گاہوں اور دار العلوموں میں علم صرف اگرچہ نصاب کا بنیادی اور لازمی جزو ہوتا ہے لیکن ان کا المیہ یہ ہے کہ اس علم کو پڑھانے کے باوجود اساتذہ کرام بالعموم اپنے طلبہ میں اس علم کی مہارت اور ملکہ پیدا کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ جس کے برے اثرات ان کی ساری عمر میں ظاہر ہوتے رہتے ہیں لیکن مقام شکر ہے کہ چند جامعات اس سے مستثنیٰ ہیں ان میں تعلیم پانے والے طلبہ جہاں دیگر علوم میں خاصی دسترس رکھتے ہیں وہیں علم صرف میں ان کی مہارت مسلم ہوتی ہے۔ دور حاضر میں دار العلوم جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کو ایسے مدارس میں ایک برتر مقام حاصل ہے۔ اس خوبی کا سہرا جامع معقول ومنقول استاذ الاساتذہ حضرت مولانا حافظ خادم حسین صاحب زیدعلمہ وشرفہ کے سر بندھتا ہے۔ جن کی مہد تربیت سے فیض یافتہ علماء اپنے ہم عصروں سے خصوصیت کے ساتھ علم صرف کی مہارت میں بلند مقام پر فائز ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم، اساتذہ کرام کی تربیت اور بزرگوں کی نگاہ عنایات نے ان کی ذات میں یہ خوبی پیدا کر دی ہے کہ وہ اپنے زیر تعلیم طلبہ میں علم صرف میں مہارت اور ملکہ پیدا کر دیتے ہیں۔ وہ برصغیر پاک وہند میں اس علم کے چند چوٹی کے ماہر اساتذہ میں شمار ہوتے ہیں انہیں یہ مقام استاذ العلماء حضرت مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ جیسی عظیم القدر ہستی کی نگرانی میں جامعہ نظامیہ جیسی عظیم درسگاہ میں مسلسل تیرہ برس تک اس فن کی تدریس سے حاصل ہوا۔ حضرت مولانا زیدفیضہ وعلمہ دیگر فنون کی تدریس میں بھی اپنے ہم عصروں میں کسی سے پیچھے نہیں۔

ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم۔

مولانا محترم بڑی حساس اور بے باک طبیعت کے مالک ہیں اگرچہ وہ محکمہ اوقاف میں بحیثیت خطیب بھی فرائض انجام دیتے ہیں لیکن وقت کے حاکموں کو بے راہ روی اور شریعت سے بغاوت پر برسرِ منبر ڈانٹ دیتے ہیں اس سلسلہ میں کسی نرمی یا مداہنت کے روادار نہیں ان کے نزدیک سود وزیاں کا پیمانہ عام لوگوں کے پیمانوں سے الگ ہے۔ ان کے اخلاص اور للّٰہیت نے ان کو ایسے بلند مقام پر فائز کر رکھا ہے۔ حکمران باوجود ان کی ''بے نیازی'' بلکہ ان کی نظروں میں ان کی ''خودسری'' کے کچھ بگاڑ نہیں سکے۔

تدریس اور تقریر کی گوناگوں مصروفیات کے باوجود انہوں نے تحریری میدان میں نمایاں کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ اب تک کی ان کی تحریری خدمات کی تفصیل یوں ہیں۔

1۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہ بحیثیت مرجع العلماء۔

یہ دورہ حدیث شریف کے امتحان میں ان کا تحقیقی مقالہ ہے۔ جو اپنی جامعیت اور افادیت کے باعث فتاوی رضویہ (جدید ایڈیشن) کی جلد نمبر [illegible] کے شروع میں چھپ رہا ہے۔

2۔ اسی مقالہ کو بعد میں مزید اضافات کے ساتھ مرتب کیا جس کی ضخامت پانچ سو صفحات سے بڑھ گئی ہے۔ ابھی تک طبع نہیں ہوا۔

3۔ تیسیر ابواب الصرف۔ جو 680 صفحات پر مشتمل ایک انتہائی مفید تالیف ہے۔ اس کے کئی ایڈیشن چھپ چکے ہیں۔

4۔ تعلیلات خمسہ یعنی زیر نظر تالیف مہموز، مثال، اجوف، ناقص، لفیف، نیز دو ابواب اور مضاعف کے ابواب کے سارے صیغوں اصل صورت اور قوانین کے اجراء کے بعد مختلف حالتوں سے گذرنے کے بعد موجودہ صورت سے بحث پر مشتمل ہے۔ فقیر راقم الحروف اپنی کم علمی کے باعث یہ دعوی کرنے کی پوزیشن میں تو نہیں ہے۔ لیکن یوں کہا جا سکتا ہے کہ علم صرف پر اس طرح کی مفصل کتاب میری نظر سے نہیں گذری اگرچہ جامع التعلیلات اس نہج کی ایک تالیف فارسی زبان میں موجود ہے۔ لیکن ''ہر گلے را رنگ وبو دیگر است'' درحقیقت انہوں نے اس کتاب میں اپنی تدریسی منہاج واسلوب کو تحریری زبان دینے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی کریم ورحیم بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ اس تالیف کو ان کی اس علم میں پہلی تالیف سے بڑھ کر مقبول عام بنائے۔ اور انہیں مزید علمی فتوحات کی توفیق مرحمت فرمائے۔ ان کو صحت وعافیت اور خدمت دین سے بھرپور لمبی زندگی عطا فرمائے۔ بزرگوں کی شفقتیں ان کے شامل حال فرمائے۔

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد
صلی اللہ علیہ حبیبہ محمد وآلہ وسلم

دعاجو

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

6 دسمبر 2005ء

حرفِ آغاز

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد اب تک دین حق کو مٹانے کے لیے بڑی بڑی آندھیاں اور جھکڑ چلے۔ ہمارے اسلاف نے ہر دور میں ان طوفانوں کا بڑی بے جگری سے مقابلہ کرتے ہوئے دینِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے جھنڈے کو سرنگوں نہیں ہونے دیا۔

سلام اس پر کہ جس کے نام لیوا ہر زمانے میں
بڑھا دیتے ہیں ٹکڑا سرفروشی کے فسانے میں

عروج وزوال تاریخ کا حصہ ہیں جو قومیں دورِ انحطاط میں اپنے افکار ونظریات پر سختی سے کاربند رہیں۔ ان کے دوبارہ عزت ووقار حاصل کرنے اور سر بلند ہونے میں دیر نہیں لگتی لیکن جو قومیں اپنے افکار ونظریات کو چھوڑ کر اغیار کی نقالی میں مصروف ہو جاتی ہیں۔ تباہی وبربادی ہمیشہ کے لیے ان کا مقدر بن جاتی ہے۔

یہ بات پیش نظر رہے پختہ افکار ونظریات پر وہی قوم ثابت قدم رہ سکتی ہے جس کا نصاب تعلیم اغیار کا مرہونِ منت نہ ہو۔

اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت الامام شاہ احمد رضا خان علیہ الرحمۃ والرضوان نے جو دس اصول دینِ حقہ کی ترویج واشاعت کے لیے بیان فرمائے کاش اہل سنت وجماعت کے قائدین اور امراء ان کو اپناتے تو ہر محفل وجلسہ کے اختتام پر اہلِ سنت کی زبوں حالی پر رونا نہ رویا جاتا۔ فرنگیوں کی برصغیر آمد کے بعد ہمارے اسلاف نے جس پامردی اور استقامت کے ساتھ ان کا مقابلہ کیا وہ تاریخ اسلام کا ایک درخشاں باب ہے۔

ان کے چلے جانے کے بعد چاہیے تو یہ تھا کہ دینی مدارس کو فروغ وترقی دے کر اپنے اسلاف کے دیے ہوئے نظام تعلیم کی حفاظت کا مزید بندوبست کیا جاتا۔

لیکن العجب ثم العجب آہستہ آہستہ دینی مدارس کے اربابِ حل وعقد مغربی یلغار کے زیر دام آتے گئے اور آج معاملہ یہاں تک آ پہنچا کہ جو کتابیں سرکاری سطح پر مسلمان بچوں کو تباہ کرنے کے لیے پڑھائی جاتی تھیں۔ انہیں مدارس دینیہ کے نصاب میں شامل کر لیا گیا۔ جن میں لڈی بھنگڑے وغیرہ کو پاکستانی ثقافت کے طور پر پیش کیا گیا اور بعض افراد کو مسلمانوں کے ہیرو کے طور پر پیش کیا گیا۔ حالانکہ مفتیانِ اسلام نے ان کے برے عقائد کی بنیاد پر انہیں دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا تھا۔

پختہ افکار کہاں ڈھونڈنے جائے کوئی
اس زمانے کی ہوا ہر چیز بناتی ہے خام

جس قوم کا نصاب تعلیم اغیار کے افکار و نظریات پر مشتمل ہو یا وہ قوم نظام تعلیم میں غیروں کی محتاج ہو تو غلامی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔ اس پر درویشِ لاہوری علامہ اقبال کی گواہی پڑھیے اور غور و فکر کیجئے کہ اہل اسلام کے نصاب تعلیم کو بدلنے کا کتنا پرانا منصوبہ تھا۔ جیسے اس دور میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

اک لُرد فرنگی نے کہا اپنے پسر سے
منظر وہ طلب کر کہ تری آنکھ نہ ہو سیر
سینے میں رہیں رازِ ملوکانہ تو بہتر
کرتے نہیں محکوم کو تیغوں سے زیر
تعلیم کے تیزاب میں ڈال اس کی خودی کو
ہو جائے ملائم تو جدھر چاہے اسے پھیر
تاثیر میں اکسیر سے بڑھ کر ہے یہ تیزاب
سونے کا ہمالہ ہو تو مٹی کا ہے اک ڈھیر

ان اشعار کا خلاصہ کچھ اس طرح ہے ایک انگریز نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا مسلمانوں کو ایسی تعلیم پڑھاؤ جس کے بعد وہ سونا بھی ہو تو مٹی بن جائے۔ غیر اسلامی تعلیم سے بڑھ کر اور کوئی چیز مسلمانوں کے لیے زیادہ تباہ کن نہیں۔

آج دنیاوی تعلیم کو ترقی اسلام کا نام دے کر درس نظامی کے نصاب میں شامل کیا جا رہا ہے اور اس پر عجیب قسم کے دلائل بھی دیے جا رہے ہیں۔

اس دنیوی تعلیم کے بارے میں تاجدار گولڑہ فاتح مرزائیت شہنشاہ ولایت حضرت قبلہ سید پیر مہر علی شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف بھی پڑھیے اور غور و فکر کیجئے کہ ہمارے اسلاف آنے والے حالات و واقعات سے کتنے باخبر تھے اور ایک ہم ہیں کہ سب کچھ سامنے دیکھ کر اس سے بچنے کی کوئی تدبیر نہیں کر رہے۔

مباش ایمن از علمے کہ خوانی
کہ از وے روحِ قومے میتواں کشت

اسلامیہ کالج پشاور کی تعمیر و ترقی کے لیے سر عبدالقیوم نے آپ کو لے جانا چاہا تو آپ نے پسند نہ فرمایا۔ آپ کے تشریف نہ لے جانے پر سر عبدالقیوم نے آپ کو ایک خط ان الفاظ میں تحریر کیا۔

دیگر اقوام ہم مسلمانوں سے علم حاصل کر کے بہرور ہو چکی ہیں مگر ہم خود اپنے بزرگوں کا ورثہ ہاتھ سے دے بیٹھے ہیں

حضرت قبلہ نے اسے جواب دیتے ہوئے تحریر فرمایا آپ کے اس فقرہ پر تعجب ہوا۔ مخدوما اللہ تعالیٰ اور رسول کریم ﷺ نے نزدیک علم معتد بہ علوم شرائع و ادیان ہیں یعنی علوم الٰہیہ اور وہ بفضلہ تعالیٰ اپنے خدام سمیت محفوظ و مصون ہیں۔ ہمارے نزدیک تا حال دیگر اقوام ان علوم سے بے بہرہ ہیں پس آپ کے اس فقرہ بالا کی صحت بالکل صورت پذیر نہیں ہوتی البتہ ہمارے ہاتھ سے ان علوم پاک کا نکل جانا اس صورت میں صحیح ہو جائے گا کہ اب بحسب "کلمۃُ خیرٍ اُرِیْدَ بِھَا شَرٌّ" ترقی اسلام کے نام سے کام لیا جائے۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا ط وَھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ

اس کے لیے صحیح عنوان ترقی اسلام نہیں ترقی اسباب معیشت ہے۔ اور وہ بھی غیر شرعی اسباب سے

بر عکس نہند نام زنگی کافور

اس کے بعد ما وشما سے جو زندہ رہے گا دیکھ لے گا کہ اس طرزِ تعلیم کا اثر احکامِ شرعیہ صوم و صلوۃ وغیرہ پس پشت ڈالنے اور ظاہر اعزاز و شکم پروری کے بغیر کچھ نہ ہوگا۔ جسے اللہ محفوظ رکھے۔

اس وقت دینی مدارس کو حکومتی اور فرنگی آسیب سے بچانے کے لیے علمائے اسلام کو اپنے اسلاف جیسا کردار ادا کرنا ہوگا۔

تازہ خواہی داشتن گر داغ ہائے سینہ را
گاہے گاہے باز خواں قصۂ پارینہ را

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے محبوب کریم ﷺ کی غلامی سے سرفراز فرمایا اور عربی زبان کے ساتھ جو کتاب و سنت کی زبان ہے اشتغال کی توفیق عطا فرمائی۔ اور ایسے عظیم اساتذہ اور محسنین کو ہمارے لیے مقدر فرمایا جنہوں نے ہمیں عربی زبان و ادب کی تعلیم کے ساتھ دینی و اخلاقی تربیت سے بھی نوازا۔

فالحمد للہ علی ذلک حمدا کثیرا

پیش نظر کتاب تعلیلاتِ خادمیہ جامع قوانین اور مفصل تعلیلات پر مشتمل ہے۔ مفصل تعلیلات لکھنے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ مشاغل اتنے بڑھ گئے کہ پڑھنے پڑھانے والوں کے پاس اتنا وقت نہیں بچتا کہ وہ تمام صیغوں کی تفصیلاً تعلیلات کریں اس موضوع پر میری نظر سے کوئی مفصل کتاب نہیں گزری اگر کسی نے کچھ لکھا ہے تو چند گردانوں پر اکتفا کیا یا معتد گردانوں کے حض صیغے لکھ کر باقی صیغوں کو ان پر قیاس کرنے کا اشارہ دے دیا۔

اس کتاب میں بعض صیغوں کو بعض پر قیاس کرنے یا چند صیغے لکھ کر الی آخرہ لکھنے والے اسلوب سے احتراز کیا گیا ہے۔

(۱) قوانین کو درج ذیل انداز میں تحریر کیا گیا ہے۔
سب سے پہلے صحیح کے پھر مہموز کے پھر مضاعف کے پھر معتل کے قوانین بیان کیے گئے۔

(۲) گردانوں کی تعلیلات کو درج ذیل ترتیب سے لکھا گیا ہے۔ سب سے پہلے مہموز کی مکمل (مہموز الفاء، مہموز العین، مہموز اللام) تعلیلات لکھی گئیں۔ پھر مضاعف کی مکمل تعلیلات لکھی گئیں۔ پھر معتل کی مکمل (مثال، اجوف، ناقص، لفیف مفروق، لفیف مقرون) تعلیلات لکھی گئیں آخر میں مخلوط ابواب کی مکمل تعلیلات لکھی گئیں۔

(۳) تعلیل کرتے ہوئے قانون کا حوالہ اور ان کا نمبر بھی لکھ دیا گیا۔

(۴) بعض صیغوں میں دو قانون جاری ہو سکتے تھے ایک کو جاری کر کے دوسرے کی نشاندہی کر دی گئی۔

(۵) اس کتاب کا نام تعلیلاتِ خادمیہ حضرت قبلہ علامہ مفتی محمد علیم الدین نقشبندی زید مجدہ نے تجویز کیا۔

(۶) اس کتاب کی کمپوزنگ و اشاعت میں عزیزم مولانا محمد واحد بخش سعیدی عم فیضہ کی مجھے بھرپور معاونت حاصل رہی۔ بلا مبالغہ مولانا موصوف اگر اخلاص و محبت سے میری معاونت نہ فرماتے تو شاید یہ کتاب منظر عام پر نہ آتی۔ اللہ تعالیٰ انہیں دارین کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے آمین۔

(۷) دینی مدارس کے طلباء ادھر اُدھر مت دیکھیں بلکہ اپنے عزائم کو بلند رکھتے ہوئے خالص درس نظامی خوب لگن اور محنت سے پڑھیں۔

اب تیرا بھی دور آنے کو ہے اے فقرِ غیور
کہ کھا گئی روحِ فرنگی کو ہوائے سیم و زر

(۸) اس کتاب سے استفادہ کرنے والے حضرات سے مؤدبانہ التماس ہے اگر کہیں کسی قانون میں اشتباہ پائیں یا کسی صیغہ کی تعلیل میں غلطی نظر آئے تو ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جا سکے۔

آخر میں اس کتاب کی تکمیل پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے ہمت اور توفیق عطا فرمائی
اس آرزو کے ساتھ اپنی بات کو ختم کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے توسل سے اسے میرے لیے ذریعہ نجات اور طلباء کے لیے نفع بخش بنائے آمین ثم آمین۔

حافظ خادم حسین رضوی

۱۸ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ

فہرست

صحیح کے قوانین

(1) اگر مدہ زائدہ مُفرَد مُکبّر میں دوسری جگہ واقع ہو تو جمع اقصیٰ اور تصغیر بناتے ہوئے اسے واوَ مفتوحہ سے بدلنا ضروری ہے۔

جیسے ضَارِبٌ سے ضُوَیْرِبٌ اور ضَارِبَةٌ سے ضَوَارِبُ اور ضُوَیْرِبَةٌ . ضَارِبٌ کے الف کو ضُوَیْرِبٌ میں واوَ سے بدلا گیا اور ضَارِبَةٌ کے الف کو ضَوَارِبُ. اور ضُوَیْرِبَةٌ میں واوَ سے بدلا گیا۔

(2) ہر وہ کلمہ جس کے آخر میں نون تنوین ہو جب اس کلمہ پر الف لام داخل ہو یا اس کلمہ کو دوسرے کلمہ کی طرف مضاف کیا جائے تو نون تنوین کو حذف کر دینا ضروری ہے۔

جیسے: حَمْدٌ سے اَلْحَمْدُ اور غُلَامٌ سے غُلَامُ زَیْدٍ.

نوٹ: نون تنوین کی تعریف:

نون تنوین اس نون ساکن کو کہتے ہیں جو کلمہ کے آخری حرف کی حرکت کے تابع ہو کر پڑھا جاتا ہو۔

جیسے زَیْدٌ. زَیْدٍ. زَیْداً.

(3) ہر وہ کلمہ جس کے آخر میں نون تثنیہ یا نون جمع ہو اگر اس پر الف لام داخل ہو تو نون تثنیہ اور نون جمع برقرار رہیں گے۔

جیسے: نَاصِرَانِ اور نَاصِرُوْنَ سے اَلنَّاصِرَانِ اور اَلنَّاصِرُوْنَ.

اور اگر وہ کلمہ مضاف ہو جائے تو نون تثنیہ وجمع گر جائیں گے۔

جیسے: نَاصِرَا زَیْدٍ. نَاصِرُوْا زَیْدٍ. اصل میں نَاصِرَانِ. اور نَاصِرُوْنَ تھے۔

(4) فعل مضارع پر حروف نواصب اور جوازم میں سے کوئی حرف داخل ہو یا اس کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لاحق ہوں یا فعل مضارع حاضر معروف سے فعل امر حاضر معروف کی بحث بنائی جائے تو فعل مضارع کے آخر سے نون اعرابی گرا دینا واجب ہے۔

جیسے: لَنْ یَّضْرِبَا. لَنْ یَّضْرِبُوْا. لَمْ یَضْرِبَا. لَمْ یَضْرِبُوْا. لَیَضْرِبَانِّ . لَیَضْرِبُنَّ. لَیَضْرِبُنْ. لَتَضْرِبِنْ. اِضْرِبَا. اِضْرِبُوْا. لِیَضْرِبَا. لِیَضْرِبُوْا. لَا تَضْرِبَا. لَا تَضْرِبُوْا. وغیرہ

(5) اگر نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف یَرْمَلُوْنَ میں سے کوئی حرف آ جائے تو نون ساکن اور نون تنوین کا حروف یَرْمَلُوْنَ میں ادغام کرنا واجب ہے۔

نوٹ: نون ساکن کے ادغام کے لیے یہ شرط ہے کہ نون ساکن اور حروف یَرْمَلُوْنَ جدا جدا کلموں میں واقع ہوں۔

جیسے: مَنْ یَّشَاءُ. مِنْ رَّبِّهِمْ. مِنْ مَّقَامٍ. مِنْ وَّرَاءِ. مِنْ نَّصِیْرٍ.

نوٹ: اگر نون ساکن اور حروف یَرْمَلُوْنَ ایک ہی کلمہ میں واقع ہوں تو ادغام نہیں ہوگا۔

جیسے: دُنْیَا. صِنْوَانٌ. وغیرہ۔

نون تنوین کے بعد حروف یَرْمَلُوْن کی مثالیں

غَدًا یَّرْتَعْ وَیَلْعَبْ. غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ. نَصْرٌ مِّنَ اللہِ. عَدُوٌّ الِّجِبْرِیْلَ. رَعْدٌ وَّبَرْقٌ. کُلًّا نُّمِدُّ.

نوٹ: حروف یَمُوْنَ میں ادغام غنہ کے ساتھ ہوگا۔ لیکن لام اور راء میں بغیر غنہ کے ادغام ہوگا۔

نوٹ: اگر نونِ متحرک کے بعد حروف یَرْمَلُوْنَ میں سے کوئی حرف آ جائے تو نونِ متحرک کا حروف یَرْمَلُوْنَ میں ادغام کرنا جائز ہے۔

جیسے: اَنَا وَلِیٌّ سے اَنَا وَّلِیٌّ. پڑھنا جائز ہے۔

(6) اگر نون ساکن اور نون تنوین کے بعد لفظ باء آ جائے تو نون ساکن اور نون تنوین کو میم سے بدلنا واجب ہے۔

جیسے: مِنْ بَعْدِ اور لَفِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ.

(7) اور اگر نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف حلقی میں سے کوئی حرف آ جائے تو نون ساکن اور نون تنوین کو اظہار کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔

جیسے: یَنْهَوْنَ. یَنْؤَوْنَ. سَوَاءٌ عَلَیْهِمْ. عَذَابٌ اَلِیْمٌ وغیرہ

حروف حلقی چھ ہیں۔

عین	نورِ	اے	بود	شش	حلقی	حرف	۔
وغین		عین	خاءو	حاءو	هاءو	ہمزہ	

(8) اور اگر نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف یَـرْمَـلُـوْنْ حروف حلقی اور لفظ باء کے علاوہ پندرہ حروف میں سے کوئی حرف آ جائے تو نون ساکن اور نون تنوین کو اخفاء کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔

جیسے: مِنْ قَبْلِکَ. اُنْزِلَ. کُنْتُ. کَأْسًا دِهَاقًا. عَذَابًا قَرِیْبًا. مَاءً ثَجَّاجًا.

نوٹ: الف ہمیشہ ساکن ہونے کی وجہ سے نون ساکن اور نون تنوین کے بعد نہیں آ تا۔

تنبیہ: جس پر حرکت آئے وہ ہمزہ کہلاتا ہے اور جو ہمیشہ ساکن ہو وہ الف کہلاتا ہے۔

نوٹ: صرف پڑھانے والے اساتذہ کرام اگر خود مُجَوِّدْ ہوں تو طلبہ کو ادغام، اظہار، اقلاب اور اخفاء کرنے کا مکمل طریقہ سکھائیں۔ اگر خود مُجَوِّدْ نہ ہوں تو قراءِ عظام کی خدمات سے استفادہ کیا جائے۔

(9) ہمزہ زائد یعنی جو ہمزہ کسی کلمہ کے شروع میں واقع ہو اس کی دو قسمیں ہیں

(۱) ہمزہ وصلی (۲) ہمزہ قطعی

ہمزہ وصلی کی وجہ تسمیہ:۔

وصلی وَصْــلٌ سے بنا ہے جس کا معنی ملنا ملانا ہے جب ہمزہ وصلی درمیان کلام میں آئے تو خود گر کر ماقبل کو مابعد سے ملا دیتا ہے اس لیے اس کو ہمزہ وصلی کہتے ہیں۔

ہمزہ وصلی کا حکم

ہمزہ وصلی دو حالتوں میں گر جاتا ہے۔

نمبر 1: جب ہمزہ وصلی درمیان کلام میں آئے تو پڑھنے میں گر جائے گا لکھنے میں برقرار رہے گا۔

جیسے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سے ملا کر پڑھا جائے تو اَلْحَمْدُ کے شروع سے ہمزہ وصلی گرا کر اس طرح پڑھتے ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

نمبر ۲: ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہو جائے تو عموماً ہمزہ وصلی دونوں طرح یعنی لکھنے اور پڑھنے میں گر جاتا ہے۔

جیسے اُقْلُ. سے قُلْ .

ہمزہ قطعی کی وجہ تسمیہ

ہمزہ قطعی کو ہمزہ قطعی اس لیے کہتے ہیں کہ یہ قَطْعٌ سے بنا ہے جس کا معنی کاٹنا، جدا کرنا ہے۔ جب ہمزہ قطعی درمیان کلام میں آئے تو گرتا نہیں بلکہ برقرار رہ کر ماقبل کو مابعد سے جدا اور علیحدہ رکھتا ہے۔ اس لیے اس کو ہمزہ قطعی کہتے ہیں۔

ہمزہ قطعی کا حکم

نمبر ۱: ہمزہ قطعی درمیان کلام میں نہیں گرتا۔

جیسے ءَ اَنْذَرْتَهُمْ.

نمبر ۲: اگر ہمزہ قطعی کا مابعد متحرک ہو جائے تو بھی نہیں گرتا۔

جیسے: اَقِمِ الصَّلٰوةَ .

ہمزہ قطعی کی ۹ قسمیں ہیں

(۱)	باب افعال کا ہمزہ	جیسے	اَكْرَمَ :
(۲)	واحد متکلم کا ہمزہ	جیسے	اَضْرِبُ:
(۳)	اسم تفضیل کا ہمزہ	جیسے	اَضْرَبُ
(۴)	جمع کا ہمزہ	جیسے	اَشْرَاقٌ
(۵)	اعلام کا ہمزہ	جیسے	اِبْرَاهِيْمُ:
(۶)	بناء کا ہمزہ	جیسے	اِصْبَعٌ

(۷) فعل تعجب کا ہمزہ جیسے مَا اَضْرَبَهُ وَاَضْرِبْ بِهٖ

(۸) استفہام کا ہمزہ جیسے اَکَفَرْتَ. اَسْتَغْفَرْتَ

(۹) ندا کا ہمزہ جیسے اَعَبْدَ اللّٰهِ

ہمزہ قطعی نو پچھانی ہور تمامی وصلی
اِسْتِفْہامْ ندا' تکلمْ افعالی تے اصلی
فعل تعجب جمع نے اَفْعَلْ آکھے شاہ ولایت
اَعْلَمَاں دے آکھ سنائے رب کیتی ھدایت

(10): اگر باب افتعال کے فا کلمہ میں دال' ذال' زاء میں سے کوئی حرف آجائے تو تائے افتعال کو دال سے تبدیل کر دیتے ہیں۔ اگر فا کلمہ میں بھی دال ہو تو دال کا دال میں ادغام کرنا واجب ہوگا۔

جیسے اِدْتَعَوَ سے اِدْدَعَوَ سے اِدَّعَوَ سے اِدَّعَیَ سے اِدَّعیٰ

اور اگر فا کلمہ میں ذال واقع ہو تو ادغام و اظہار دونوں جائز ہیں۔

اظہار کی صورت: جیسے: اِذْتَکَرَ سے اِذْدَکَرَ.

ادغام کی دو صورتیں ہیں

نمبر 1: ذال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کریں۔

جیسے: اِذْدَکَرَ سے اِدْدَکَرَ سے اِدَّکَرَ.

نمبر 2: دال کو ذال کریں پھر ذال کا ذال میں ادغام کریں۔

جیسے: اِذْدَکَرَ سے اِذْذَکَرَ سے اِذَّکَرَ.

اگر فا کلمہ میں زا واقع ہو تو اظہار و ادغام دونوں جائز ہیں۔

نمبر 1: اظہار کی صورت۔ جیسے: اِزْتَلَفَ سے اِزْدَلَفَ

ادغام کی دو صورتوں میں سے ایک صورت جائز ہے۔

(1) یعنی دال کو زا کرنا پھر زا کا زا میں ادغام کرنا جائز ہے۔

(2) لیکن زا کو دال کرنا پھر دال کا دال میں ادغام کرنا جائز نہیں۔

جیسے: اِزْدَلَفَ سے اِزَّلَفَ جائز اور اِدَّلَفَ ناجائز۔

نوٹ: صرف و نحو میں جہاں بھی لفظ واجب استعمال ہو اس کا معنی ضروری ہوتا ہے۔

(11): اگر باب افتعال کے فا کلمہ کے مقابلہ میں صاد ٗضاد ٗطا ٗظا میں سے کوئی حرف آ جائے تو تائے افتعال کو طا سے تبدیل کر دیتے ہیں پھر اگر فا کلمہ میں بھی طا ہو تو طا کا طا میں ادغام کرنا واجب ہوگا۔

جیسے اِطْتَلَبَ سے اِطْطَلَبَ سے اِطَّلَبَ.

اور اگر فا کلمہ میں ظا واقع ہو تو اظہار و ادغام دونوں جائز ہیں۔

نمبر 1: اظہار کی مثال۔

جیسے: اِظْتَلَمَ سے اِظْطَلَمَ

نمبر 2: ادغام کی دو صورتیں ہیں۔

(1) ظا کو طا کریں پھر طا کا طا میں ادغام کریں۔

جیسے: اِظْطَلَمَ سے اِطْطَلَمَ سے اِطَّلَمَ.

(2) طا کو ظا کریں پھر ظا کا ظا میں ادغام کریں۔

جیسے: اِظْطَلَمَ سے اِظْظَلَمَ سے اِظَّلَمَ.

اور اگر فا کلمہ میں صاد ٗضاد واقع ہوں تو ادغام و اظہار دونوں جائز ہیں۔

نمبر 1: اظہار کی صورت: جیسے اِضْتَرَبَ سے اِضْطَرَبَ'

اِصْتَبَرَ' سے اِصْطَبَرَ

نمبر 2: ادغام کی دو صورتیں ہیں۔

ادغام کی صورت نمبر 1: طا کو صاد ٗضاد کرنا پھر صاد کا صاد میں اور ضاد کا ضاد میں ادغام کرنا۔

جیسے: اِضْطَرَبَ سے اِضْضَرَبَ سے اِضَّرَبَ.

اور اِصْطَبَرَ سے اِصْصَبَرَ سے اِصَّبَرَ.

ادغام کی صورت نمبر 2: صاد اور ضاد کو طا کرنا پھر طا کا طا میں ادغام کرنا یہ صورت جائز نہیں۔

جیسے: اِضْطَرَبَ سے اِطْطَرَبَ سے اِطَّرَبَ. اور اِصْطَبَرَ سے اِطْطَبَرَ سے اِطَّبَرَ

(12): اگر باب افتعال کے فا کلمہ میں ثا واقع ہو تو تائے افتعال کو ثا کرنا پھر ثا کا ثا میں ادغام کرنا بہتر اور افضل ہے۔

جیسے: اِثْتَقَلَ سے اِثْثَقَلَ سے اِثَّقَلَ.

لیکن ثا کو تا کرنا پھر تا کا تا میں ادغام کرنا بھی جائز ہے۔

جیسے: اِثْتَقَلَ سے اِتْتَقَلَ سے اِتَّقَلَ.

(13) اگر باب افتعال کے عین کلمہ میں تا' ثا' جیم' دال' ذال' زا' سین' شین' صاد' ضاد' طا' ظا' میں سے کوئی حرف آ جائے تو تائے افتعال کو عین کلمہ کے ہم جنس کر کے پھر جنس کا جنس میں ادغام کرتے ہیں۔

جیسے :اِختَصَمَ سے اِخَصَّمَ.

اوراِهتَدٰی سے اِهَدّٰی.

قانون کی وضاحت:

جب تائے افتعال کو عین کلمہ کے ہم جنس کر دیا جائے تو ادغام کرنے کے دوطریقے ہیں۔

پہلاطریقہ: پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر ادغام کیا جائے۔

جیسے اِختَصَمَ سے اِخَصَّمَ اور اِهتَدٰی سے اِهَدّٰی. اب پہلے صاد کی حرکت خا اور پہلے دال کی حرکت ھا کو دے کر صاد کا صاد میں اور دال کا دال میں ادغام کیا تو اِخَصَّمَ اور اِهَدّٰی بن گئے۔فاکلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں رہی اسے گرادیا تو خَصَّمَ اور هَدّٰی بن گئے۔

دوسراطریقہ:

اِخصَصَمَ اوراِهدَدٰی میں پہلے صاد اور پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے صاد کا دوسرے صاد میں اور پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کیا تو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا خا اور پہلے صاد اسی طرح ھا اور پہلے دال کے درمیان ۔پھر اجتماع ساکنین والے قانون کے مطابق پہلے صاد اور پہلے دال کو کسرہ کی حرکت دی تو اِخِصَّمَ اور اِهِدّٰی بن گئے ۔ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں رہی اسے حذف کر دیا تو خِصَّمَ اور هِدّٰی بن گئے۔

نوٹ نمبر 1:ساکن کو حرکت دینے کا قاعدہ اَلسَّاکِنُ اِذَا حُرِّکَ حُرِّکَ بِالْکَسْرِ

نوٹ نمبر 2:اسی قانون کے مطابق سورۂ یسین شریف کی آیت ۴۹ میں لفظ یَخِصِّمُوْنَ اور سورہ یونس کی آیت نمبر ۳۵ میں لفظ لاَ یَهِدِّیْ استعمال ہوا ہے۔

نوٹ نمبر 3:اسم فاعل کی بحث میں فاکلمہ پر تین حرکتیں پڑھنی جائز ہیں۔فتحہ' کسرہ' ضمہ۔

فتحہ کی مثال مُخَصِّمٌ. کسرہ کی مثال مُخِصِّمٌ.

ضمہ کی مثال مُخُصِّمٌ.

(14): ہر وہ مصدر کہ جس کے فاکلمہ میں نون واقع ہو وہ باب انفعال سے نہیں آتا۔اگر باب اِنفِعَال کا معنی لینا مقصود ہو تو اسے باب افتعال سے لاتے ہیں۔

جیسے: اِنتَکَسَ ' اِنتَظَرَ وغیرہ

(15): اگر باب تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ یاتَفَعْلُلٌ کی تا پر فعل مضارع کی تاء آجائے تو فعل مضارع معروف میں ایک تاء کو حذف کرنا جائز ہے۔

جیسے:تَتَقَبَّلُ سے تَقَبَّلُ، تَتَقَابَلُ سے تَقَابَلُ. اور تَتَدَحْرَجُ سے تَدَحْرَجُ.

(16): اگر باب تَفَعُّلٌ یاتَفَاعُلٌ کے فاکلمہ میں تا، ثا، جیم، دال، ذال، زا، سین، شین، صاد، ضاد، طا، ظا، میں سے کوئی حرف آجائے تو تائے تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ کو فاکلمہ کے ہم جنس کرتے ہیں پھر جنس کا جنس میں ادغام کرتے ہیں فعل ماضی، فعل مضارع اور فعل امر حاضر معروف کے شروع میں ابتدا بالسکون سے بچنے کے لیے ہمزہ وصلی لاتے ہیں۔

جیسے:تَطَهَّرَ سے طَطَهَّرَ سے طَّهَّرَ سے اِطَّهَّرَ.

تَذَاكَرَ سے ذَذَاكَرَ سے ذَّاكَرَ سے اِذَّاكَرَ.

نوٹ: ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل کے بابوں کی تعداد کے بارے میں اختلاف اسی قانون کی وجہ سے ہے۔ جو حضرات نو باب شمار کرتے ہیں وہ کہتے ہیں چونکہ قانون کے مطابق ان کے شروع میں ہمزہ وصلی آتا ہے اس لیے یہ دو باب بھی باہمزہ وصل کے بابوں میں شمار ہوں گے۔

اور جو حضرات باہمزہ وصل کے سات باب شمار کرتے ہیں ان کا موقف یہ ہے کہ یہ مستقل باب نہیں بلکہ ضرورت کے تحت ان کے شروع میں ہمزہ وصلی لایا گیا ہے۔ اس لیے ان کو مستقل ابواب قرار نہیں دیا جاسکتا۔صرف اَلضَّرُوْرَةُ تُبِيْحُ الْمَحْظُوْرَاتِ کی وجہ سے ایسا ہوا ہے۔

(17) ہر وہ باب جس کی ماضی معروف میں چار حروف ہوں خواہ تمام اصلی ہوں یا تین اصلی اور ایک زائد ہو تو اس باب کے فعل مضارع معروف میں علامت مضارع مضموم ہوگی ورنہ مفتوح۔

جیسے:اَكْرَمَ، يُكْرِمُ. صَرَّفَ، يُصَرِّفُ. قَاتَلَ، يُقَاتِلُ. بَعْثَرَ، يُبَعْثِرُ.

اسی طرح وہ ابواب جو بَعْثَرَ کے ساتھ ملحق ہیں۔

جیسے جَلْبَبَ يُجَلْبِبُ وغیرہ۔

اس فعل مضارع کی مثالیں جس کی ماضی چار حرفی نہیں۔

جیسے:ضَرَبَ. يَضْرِبُ. نَصَرَ. يَنْصُرُ. اِجْتَنَبَ. يَجْتَنِبُ. اِسْتَنْصَرَ. يَسْتَنْصِرُ. تَقَبَّلَ. يَتَقَبَّلُ. تَقَابَلَ. يَتَقَابَلُ. تَسَرْبَلَ. يَتَسَرْبَلُ. اِبْرَنْشَقَ. يَبْرَنْشِقُ. اِقْشَعَرَّ. يَقْشَعِرُّ وغیرہ۔

مصادرِ ابوابِ غیر ثلاثی مجرد کے قواعد

(18) غیر ثلاثی مجرد کا وہ مصدر جس کے آخر میں تا ہو، فاکلمہ مفتوح ہو اور اس کا مابعد ساکن ہو تو ساکن کے مابعد پہلا حرف

مفتوح ہوگا۔

باب فَعْلَلَةٌ. اوراس کے ملحقات کے مصادر جیسے:بَعْثَرَةٌ اور جَلْبَبَةٌ .اور باب مُفَاعَلَةٌ کا مصدر مُقَاتَلَةٌ

(19) غیر ثلاثی مجرد کا وہ مصدر جس کے فا کلمہ سے پہلے تا ہو اس طرح کہ فا کلمہ مفتوح ہو اور اسکا مابعد ساکن ہو تو ساکن کے مابعد پہلا حرف مضموم ہوگا۔

باب تَفَعْلُلٌ. اوراس کے ملحقات کے مصادر جیسے.تَقَلْنُسٌ. اسی طرح باب تَفَاعُلٌ. اور تَفَعُّلٌ. کے مصادر جیسے: تَقَابُلٌ. اور تَقَبُّلٌ.

(20) غیر ثلاثی مجرد کا وہ مصدر جس کے فا کلمہ سے پہلے تا ہو اس طرح کہ فا کلمہ ساکن ہو اس مصدر میں ساکن کے بعد پہلا حرف مکسور ہوگا۔ جیسے.تَفْعِيْلٌ. تَصْرِيْفٌ.

(21) غیر ثلاثی مجرد کا وہ مصدر جس کے شروع میں ہمزہ وصلی ہو اس طرح کہ ہمزہ وصلی کے بعد والا حرف ساکن ہو تو ساکن کے بعد پہلا حرف مکسور ہوگا۔

جیسے:اِفْتِعَالٌ. اِجْتِنَابٌ. اِسْتِفْعَالٌ اِسْتِنْصَارٌ. اِنْفِعَالٌ . اِنْفِطَارٌ. اِفْعِلاَلٌ . اِحْمِرَارٌ. اِفْعِيْلاَلٌ. اِدْهِيْمَامٌ. اِفْعِيْعَالٌ. اِخْشِيْشَانٌ. اِفْعِوَّالٌ . اِجْلِوَّاذٌ.

نوٹ: باب اِفَّعُّلٌ اور اِفَّاعُلٌ کے مصادر اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ یہ باب تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ کی فرع ہیں جس کی وضاحت ماقبل ہو چکی ہے۔

(22) ایسا مصدر جس کے شروع میں ہمزہ قطعی ہو اس طرح ان کا مابعد ساکن ہو تو ساکن کے بعد والا پہلا حرف مفتوح ہوگا۔
جیسے : اِفْعَالٌ. اِكْرَامٌ.

نوٹ:حرف ساکن کے بعد پہلے حرف کی حرکت کو واضح کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اکثر لوگ اسی حرف کے تَلَفُّظ میں غلطی کرتے ہیں جیسے مُنَاسَبَت کو مُنَاسِبَت اور اِجْتِنَاب کو اِجْتَنَاب' اِنْتِخَاب کو اِنْتَخَاب اور اِمْتِحَان کو اِمْتَحَان اور مُطَالَعَه کو مُطَالِعَه پڑھتے ہیں۔

غیر ثلاثی مجرد ابواب کے فعل مضارع معروف کے عین کلمہ کی حرکت کا قاعدہ

(23) اگر فعل ماضی میں فا کلمہ سے پہلے تا ہو تو فعل مضارع معروف کا عین کلمہ مفتوح ورنہ مکسور ہوگا۔

فعل مضارع معروف کے عین کلمہ مفتوح ہونے کی مثالیں:

تَقَبَّلَ سے يَتَقَبَّلُ. تَقَابَلَ سے يَتَقَابَلُ. تَسَرْبَلَ سے يَتَسَرْبَلُ. اسی طرح باب تَفَعْلُلٌ کے ملحقات میں بھی فعل مضارع معروف میں عین کلمہ مفتوح ہوگا جیسے.تَجَلْبَبَ سے يَتَجَلْبَبُ. تَمَسْكَنَ. سے يَتَمَسْكَنُ وغیرہ۔

فعل مضارع معروف میں عین کلمہ مکسور ہونے کی مثالیں:

اِجْتَنَبَ سے یَجْتَنِبُ. صَرَّفَ سے یُصَرِّفُ. بَعْثَرَ سے یُبَعْثِرُ. اِقْشَعَرَّ سے یَقْشَعِرُّ. وغیرہ۔

نوٹ: رباعی اور اس کے تمام ملحقات میں عین کلمہ سے پہلا لام اور جو حرف اس کی جگہ آئے وہ مراد ہوگا۔

نوٹ: خلاصہ کلام یہ ہے کہ باب تَفَعْلُلٌ اور اس کے ملحقات اسی طرح باب تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ کی گردانوں میں فعل مضارع معروف کا عین کلمہ مفتوح ہوگا باقی ابواب میں فعل مضارع معروف کا عین کلمہ مکسور ہوگا۔

نوٹ: ثلاثی مجرد کے کل آٹھ ابواب ہیں۔

ان میں سے پانچ ابواب مُطَّرِد کہلاتے ہیں یعنی زیادہ استعمال ہونے والے۔ باقی تین ابواب کو شاذ کہا جاتا ہے۔ یعنی کم استعمال ہونے والے۔

ثلاثی مجرد کے ابواب سے فعل مضارع معروف کے عین کلمہ پر تینوں حرکتیں آتی ہیں۔ فتحہ، کسرہ، ضمہ، جیسے سَمِعَ. یَسْمَعُ ۔ ضَرَبَ. یَضْرِبُ اور کَرُمَ. یَکْرُمُ.

قانون نمبر 24

اسم ظرف فعل مضارع صحیح مکسور العین اور مثال سے مطلقاً (فعل مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کا اعتبار نہیں) مَفْعِلٌ کے وزن پر آئے گا۔ جیسے یَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ. یَعِدُ (اصل میں یَوْعِدُ تھا) سے مَوْعِدٌ . یَیْسِرُ سے مَیْسِرٌ

فعل مضارع صحیح مفتوح العین اور مضموم العین اسی طرح ناقص لفیف سے اسم ظرف مطلقاً (فعل مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کا اعتبار نہیں) مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گا۔ جیسے یَفْتَحُ سے مَفْتَحٌ . یَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ. یَدْعُوْ سے مَدْعًی. یَرْمِیْ سے مَرْمًی. یَطْوِیْ سے مَطْوًی. یَلِیْ (اصل میں یَوْلِیْ تھا) سے مَوْلًی.

مضاعف سے اسم ظرف فعل مضارع صحیح کی طرح آتا ہے۔ یعنی مکسور العین سے مَفْعِلٌ کے وزن پر جیسے یَحِلُّ سے مَحِلٌّ اور مضارع مفتوح العین اور مضموم العین سے مَفْعَلٌ کے وزن پر جیسے یَبَرُّ سے مَبَرٌّ اور یَضُرُّ سے مَضَرٌّ

نوٹ: غیر ثلاثی مجرد سے اسم ظرف ہمیشہ اسم مفعول کے وزن پر آئے گا۔ جیسے مُجْتَنَبٌ . مُکْرَمٌ. مُبَعْثَرٌ. مُتَسَرْبَلٌ. مُبْرَنْشَقٌ. مُقْشَعَرٌّ. مَجَلْبَبٌ. مُتَجَلْبَبٌ. مُکْوَهَدٌّ.

مہموز کے قوانین

قاعدہ نمبر 1: ہمزہ منفردہ ساکنہ کو ماقبل حرف کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدلنا جائز ہے۔ یعنی ہمزہ ساکنہ کو فتحہ کے بعد الف' کسرہ کے بعد یا اور ضمہ کے بعد واؤ سے تبدیل کیا جائے گا۔

جیسے: رَأْس سے رَاسٌ' ذِئْبٌ سے ذِيْبٌ اور بُؤْسٌ سے بُوْسٌ.

نوٹ: ہمزہ ساکنہ کو ماقبل حرف کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدلنے کے لیے شرط یہ ہے کہ ہمزہ ساکنہ کو حرکت دینے کا کوئی قاعدہ موجود نہ ہو۔

جیسے: يَؤُمُّ اور يَئِنُّ . اصل میں يَأْمُمُ اور يَأْنِنُ تھے ان مثالوں میں ہمزہ کو الف سے تبدیل نہیں کیا جائے گا بلکہ پہلی میم اور پہلے نون کی حرکت ماقبل ہمزہ کو دے کر میم کا میم میں اور نون کا نون میں ادغام کیا جائے گا۔ جیسے: يَؤُمُّ' يَئِنُّ

قاعدہ نمبر 2:

ہمزہ ساکنہ ہمزہ متحرکہ کے بعد آئے تو ہمزہ ساکنہ کو ماقبل ہمزہ کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدلنا واجب ہے۔

جیسے: أَءْ مَنَ سے اٰمَنَ' أُءْ مِنَ سے اُوْمِنَ ' إِءْ مَاناً سے إِيْمَاناً.

قاعدہ نمبر 3:

ہمزہ منفردہ مفتوحہ کو ضمہ کے بعد واؤ' کسرہ کے بعد یا اور فتحہ کے بعد الف سے تبدیل کرنا جائز ہے۔

جیسے: جُؤَ نٌ سے جُوَنٌ اور مِئَرٌ سے مِيَرٌ اور اِلْتَئَمَ سے اِلْتَامَ.

قاعدہ نمبر 4:

دو متحرک ہمزے اس طرح جمع ہوں کہ ان میں سے کوئی ایک مکسور ہو تو دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔

جیسے: جَاءٍ اور اَئِمَّةٌ سے اَيِمَّةٌ.

وضاحت: جَاءٍ اصل میں جَايِئٌ تھا معتل کے قانون نمبر ۱ کے مطابق یا الفِ فاعل کے بعد واقع ہوئی اور ماضی میں بدل چکی ہے اس یا کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا۔ تو جَاءِءٌ بن گیا۔ پھر مہموز کے قانون نمبر 4 کے مطابق دو متحرک ہمزے اس طرح جمع ہو گئے ہیں کہ ان میں سے ایک مکسور ہے دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو جَاءِيٌ بن گیا۔ یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا یا اور نون تنوین کے درمیان یا کو حذف کر دیا تو جَاءٍ ہو گیا۔

نوٹ: اس قانون کو وجوبی قرار دے کر اس کی مثال اَئِمَّةٌ دینا درست نہیں کیونکہ قرآن پاک میں لفظ اَئِمَّةٌ دوسرے ہمزہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

نوٹ: لفظ اَئِمَّةٌ کو سامنے رکھتے ہوئے بعض صرفیوں نے اس قاعدہ کو جوازی لکھا ہے ان کے نزدیک لفظ جَاءٍ میں قلبِ مکانی کی

وجہ سے یا آخر میں آ گئی جیسے: جَـایِیٌ میں قلب مکانی کی تو جَـاءِ یٌ بن گیا۔ پھر یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔ اس کے بعد اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گرا دی تو جَاءٍ بن گیا۔

قاعدہ نمبر 5:

دو متحرک ہمزے اس طرح جمع ہوں کہ ان میں سے کوئی ایک مکسور نہ ہو تو دوسرے ہمزہ کو واؤ سے بدلنا واجب ہے۔

جیسے: اَءَ ادِمُ سے اَوَادِمُ. اُءَ مِّلُ سے اُوَمِّلُ.

قاعدہ نمبر 6:

اگر ہمزہ جو واؤ مدہ زائدہ یا یا مدہ زائدہ یا یائے تصغیر کے بعد واقع ہو تو اس ہمزہ کو ماقبل حرف کے ہم جنس کر کے جنس کا جنس میں ادغام کرتے ہیں۔

جیسے: خَطِیْئَۃٌ سے خَطِیْیَۃٌ سے خَطِیَّۃٌ اور مَقْرُوْءَ ۃٌ سے مَقْرُوْوَۃٌ سے مَقْرُوَّۃٌ. اُفَیْئِسٌ سے اُفَیْیِسٌ سے اُفَیِّسٌ.

قاعدہ نمبر 7:

اگر ہمزہ الف مفاعل کے بعد اور یا سے پہلے واقع ہو تو اس ہمزہ کو یا مفتوحہ سے بدلنا واجب ہے۔ پھر دوسری یا کو الف سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے: خَطَایَا

وضاحت: خَـطَـایَا اصل میں خَـطَـایِیُ تھا معتل کے قانون نمبر 19 کے مطابق یا کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو خَـطَـاءِ ءُ بن گیا۔ پھر مہموز کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یا سے تبدیل کر دیا تو خَـطَـائِیُ بن گیا۔ اب درج بالا قانون کے مطابق ہمزہ کو یا مفتوحہ سے بدل دیا تو خَـطَـایَیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق دوسری یا کو الف سے تبدیل کیا تو خَـطَـایَا بن گیا۔

قاعدہ نمبر 8:

اگر ہمزہ متحرک کا ماقبل حرف ساکن مدہ زائدہ اور یائے تصغیر نہ ہو تو اس ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دینا پھر ہمزہ کو گرانا جائز ہے۔

جیسے: یَسْئَلُ سے یَسَلُ. قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَفْلَحَ . یَرْمِیْ اَخَاہُ سے یَرْمِیَخَاہُ.

نوٹ: یہ قاعدہ تمام افعال رؤیت میں وجوباً جاری ہوتا ہے اور افعال رؤیت کے اسمائے مشتقات یعنی اسم فاعل و مفعول وغیرہ میں جوازاً جاری ہوتا ہے۔

افعالِ رؤیت کی مثال:

اَرٰی. یُرِیْ. اَرِ. ان کا اصل اَرْءَ یَ . یُرْءِ یُ. اَرْءِ تھا۔

اَدۡءَ یَ میں ہمزہ کی حرکت را کو دے کر ہمزہ کو گرادیا۔ پھر یا کو الف سے تبدیل کر دیا تو تواَدٰی بن گیا۔
یُرۡءِ یُ میں ہمزہ کی حرکت را کو دے کر ہمزہ کو گرادیا۔ پھر یا کو ساکن کر دیا تو یُرِیۡ ہو گیا۔
اَدۡءِ میں ہمزہ کی حرکت را کو دے کر ہمزہ گرادیا تو اَدِ ہو گیا۔

اسمائے مشتقات میں سے اسم فاعل کی مثال: مُرٍ۔

اصل میں مُرۡئِیٌ تھا ہمزہ کی حرکت را کو دی اس کے بعد یا پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گرگئی تو مُــــرٍ بن گیا۔ اگر ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو نہ دیں تو یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گر جائے گی تو مُرۡءٍ ی پڑھا جائے گا۔

قاعدہ نمبر 9: اگر ہمزہ متحرکہ حرف متحرک کے بعد واقع ہو تو اس ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید دونوں طریقوں سے پڑھنا جائز ہے۔

نوٹ: بین بین قریب کو تسہیل قریب اور بین بین بعید کو تسہیل بعید بھی کہتے ہیں۔

بین بین قریب کی تعریف:

ہمزہ کو اپنے مخرج اور ہمزہ پر جو حرکت ہے اس کے مطابق جو حرف علت بنتا ہے اس کے مخرج کے درمیان پڑھنے کو بین بین قریب کہتے ہیں۔

بین بین بعید کی تعریف:

ہمزہ کو اپنے مخرج اور ہمزہ کے ماقبل حرف کی حرکت کے مطابق جو حرف علت بنتا ہے اس کے مخرج کے درمیان پڑھنے کو بین بین بعید کہتے ہیں۔ جیسے: سَاَلَ ' سَئِمَ اور لَؤُمَ ۔

نوٹ: اگر ہمزہ اور ماقبل حرف پر ایک ہی حرکت ہو تو اس ہمزہ کو صرف بین بین قریب کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ جیسے: لفظ سَاَلَ اس میں ہمزہ کو دونوں صورتوں میں ہمزہ اور الف کے مخرج کے درمیان ہی پڑھا جائے گا اس لیے کہ ہمزہ اور ماقبل حرف دونوں پر فتحہ ہے۔ سَئِمَ میں بین بین قریب کا طریقہ یہ ہے کہ ہمزہ کو اپنے مخرج اور یا کے مخرج کے درمیان پڑھا جائے گا اور بین بین بعید کا طریقہ یہ ہے کہ ہمزہ کو اپنے مخرج اور الف کے مخرج کے درمیان پڑھا جائے گا۔ لَــؤُمَ میں بین بین قریب کا طریقہ یہ ہے کہ ہمزہ کو اپنے مخرج اور واؤ کے مخرج کے درمیان پڑھا جائے گا اور بین بین بعید کا طریقہ یہ ہے کہ ہمزہ کو اپنے مخرج اور الف کے مخرج کے درمیان پڑھا جائے گا۔

عرضِ مصنف صرف پڑھانے والے اساتذۂ کرام طلباء کو تسہیل کرنے کا طریقہ ضرور سکھائیں۔

قاعدہ نمبر 10:

اگر ہمزہ استفہام ہمزہ قطعی پر داخل ہو تو تین صورتیں جائز ہیں۔

نمبر۱: ہمزہ قطعی کو تسہیل کے ساتھ پڑھا جائے۔ جیسے: اَءَ نْتُمْ

نمبر۲: ہمزہ قطعی کو واؤ سے بدل کر پڑھا جائے۔ جیسے: اَوَنْتُمْ

نمبر۳: ہمزہ استفہام اور ہمزہ قطعی کے درمیان الف کا اضافہ کیا جائے۔ جیسے: اَأَنْتُمْ سے ا اَنْتُمْ.

قاعدہ نمبر 11:

اگر ہمزہ استفہام ہمزہ وصلی پر آ جائے تو ہمزہ وصلی کو الف سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

جیسے: اَ اَللّٰہُ سے آَللّٰہُ. اَ اَلْحَسَنُ سے ا لْحَسَنُ وغیرہ۔

مُضاعَفْ کے قوانین

قاعدہ نمبر 1:

جب دو حروف ہم جنس یا قریب المخرج جمع ہو جائیں ان میں سے پہلا حرف ساکن ہو تو پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیتے ہیں خواہ دونوں حروف ایک کلمہ میں ہوں یا جدا جدا کلموں میں ہوں۔ لیکن ادغام کے لیے شرط ہے کہ پہلا ساکن مدہ نہ ہو۔

ایک کلمہ کی مثال: مَدْدٌ سے مَدٌّ اور شَدْدٌ سے شَدٌّ اور عَبَدْتُمْ سے عَبَدْتُّمْ۔

دو کلموں کی مثال: اِذْهَبْ بِنَا سے اِذْهَبْ بِّنَا اور عَصَوْا وَ كَانُوْا سے عَصَوْا وَّكَانُوْا۔

اگر پہلا ساکن مدہ ہو تو ادغام نہیں کریں گے۔ جیسے: فِیْ یَوْمٍ

قاعدہ نمبر 2:

اگر دو متحرک حروف اس طرح جمع ہوں کہ پہلے حرف کا ماقبل بھی متحرک ہو تو پہلے حرف کو ساکن کر کے پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کریں گے۔ لیکن ادغام کے لیے شرط یہ ہے کہ جس کلمہ میں وہ حروف واقع ہوں وہ کلمہ اسم متحرک العین نہ ہو۔ جیسے: مَدَدَ سے مَدَّ. فَرَرَ سے فَرَّ۔

نوٹ: جیسے: سَبَبٌ. رِدَدٌ. عِلَلٌ. سُرُرٌ. دُرَرٌ. میں ادغام نہیں ہوگا کیونکہ یہ اسماء متحرک العین ہیں۔

قاعدہ نمبر 3:

اگر دو متحرک حروف اس طرح جمع ہوں کہ پہلے حرف متحرک کا ماقبل ساکن غیر مدہ ہو تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کریں گے۔ اس شرط کے ساتھ کہ وہ کلمہ ملحق نہ ہو۔

جیسے: يَمْدُدُ سے يَمُدُّ اور يَفْرِرُ سے يَفِرُّ اور يَعْضَضُ سے يَعَضُّ۔

لیکن جَلْبَبَ میں کلمہ ملحق ہونے کی وجہ سے ادغام نہیں ہوگا۔

قاعدہ نمبر 4:

اگر دو متحرک حروف اس طرح جمع ہوں کہ ان کا ماقبل ساکن مدہ اور یائے تصغیر ہو تو پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کریں گے۔

جیسے: حَاجَجَ سے حَاجَّ اور يُحَاجِجُ سے يُحَاجُّ. مُمَيْدِدٌ. سے مُمَيْدٌّ.

نوٹ: اگر ادغام کرنے کے بعد دوسرے حرف پر امر یا کسی حرف جازم کی وجہ سے جزم آجائے تو دوسرے حرف کو تینوں حرکتیں دے کر پڑھنا جائز ہے۔

(ا) اَلسَّاكِنُ اِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ کے مطابق کسرہ دیا جائے۔ جیسے: لَمْ يَفِرِّ. فِرِّ

(۲) فتحہ دے کر پڑھا جائے کیونکہ وہ ضمہ اور کسرہ کے مقابلہ میں خفیف حرکت ہے۔ جیسے: لَمْ يَفِرَّ .فِرَّ.

(۳) صیغہ امر اور جس صیغہ پر حرف جازم داخل ہو اس کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے گا۔ جیسے: لَمْ يَفْرِرْ. اِفْرِرْ.

نوٹ: اگر مضارع مضموم العین ہو تو دوسرے حرف کو عین کلمہ کا لحاظ کرتے ہوئے ضمہ دے کر پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے: لَمْ يَمُدَّ. مُدَّ.

لَمْ يَمُدِّ. مُدِّ.

لَمْ يَمُدُّ. مُدُّ.

لَمْ يَمْدُدْ. اُمْدُدْ.

معتل کے قوانین

قاعدہ نمبر 1:

اگر واؤ علامت مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان میں واقع ہو تو اس واؤ کو بغیر کسی شرط کے گرا دینا واجب ہے۔

جیسے: یَوْعِدُ سے یَعِدُ. اور یَوْزِنُ سے یَزِنُ. یَوْرِمُ سے یَرِمُ اور یَوْلِیُ سے یَلِیُ.

اسی طرح اگر واؤ علامت مضارع مفتوحہ اور فتحہ کے درمیان واقع ہو تو اسے بھی گرا دیتے ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ عین یا لام کلمہ میں حرف حلقی ہو۔

جیسے: یَوْهَبُ سے یَهَبُ. یَوْضَعُ سے یَضَعُ.

نوٹ: یَوْجَلُ میں واؤ کو اس لیے نہیں گرایا گیا کہ اس میں حرف حلقی والی شرط نہیں پائی گئی۔

نوٹ: حروف حلقی چھ ہیں جن کو اس شعر میں بیان کیا گیا ہے۔

حرف حلقی شش بود اے نورِ عین

همزه هاء و حاء و خاء و عین و غین

قاعدہ نمبر 2:

اگر مصدر فِعْلٌ کے وزن پر ہو اور اس کے فا کلمہ میں واؤ واقع ہو تو اس واؤ کو گرا دیتے ہیں پھر اس واؤ کے بدلے آخر میں تا کا اضافہ کر کے تا کے ماقبل کو فتحہ دے دیتے ہیں۔ عین کلمہ کو الساکن اذا حرک حرک بالکسر کے مطابق کسرہ دیتے ہیں۔

جیسے: وِعْدٌ سے عِدَةٌ . وِزْنٌ سے زِنَةٌ اور وِسْعٌ سے سِعَةٌ

نوٹ: اگر مصدر فعل مضارع مفتوح العین کا ہو تو عین کلمہ کو فتحہ دینا بھی جائز ہے۔

جیسے: سِعَةٌ کو سَعَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿وَلَمْ یُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ﴾

(سورۃ البقرۃ: آیت: نمبر ۲۴۷)

قاعدہ نمبر 3:

واؤ ساکن غیر مدغم (غیر مشدد) کسرہ کے بعد یا ہو جاتی ہے۔

جیسے: مِوْعَادٌ سے مِیْعَادٌ ۔ مِوْزَانٌ سے مِیْزَانٌ

اِجْلِوَّاذٌ میں واؤ مشدد ہونے کی وجہ سے یاء سے تبدیل نہیں کی جائے گی۔

اسی طرح یا ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد واؤ ہو جاتی ہے۔

جیسے: مُیْسِرٌ سے مُوْسِرٌ ۔ یُیْقِنُوْنَ سے یُوْقِنُوْنَ

مُيَزٌ میں یا مشدد ہونے کی وجہ سے واؤ سے تبدیل نہیں کی جائے گی۔

اسی طرح الف ضمہ کے بعد واؤ اور کسرہ کے بعد یا سے تبدیل کیا جائے گا۔

جیسے: قَاتَلَ سے قُوْتِلَ. مِحْرَابٌ. سے مَحَارِيْبُ اور مِضْرَابٌ سے مَضَارِيْبُ.

قاعدہ نمبر 4:

اگر واؤ اور یا اصلی باب افتعال کے فا میں واقع ہوں تو واؤ اور یا کو تا کرنا پھر تا کا تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔

جیسے: اِوْتَقَدَ سے اِتْتَقَدَ سے اِتَّقَدَ اور اِيْتَسَرَ سے اِتْتَسَرَ سے اِتَّسَرَ.

نوٹ نمبر 1: اِتَّخَذَ. يَتَّخِذُ میں یا کو تا کرنا پھر تا کا تا میں ادغام کرنا خلافِ قانون ہے۔ کیونکہ اِتَّخَذَ کا اصل اِءْ تَخَذَ ہے مہموز کا قانون نمبر 3 جاری ہوا تو اِيْتَخَذَ بن گیا۔ اِيْتَخَذَ میں یا ہمزہ سے بدل کر باب افتعال کے فا کلمہ میں آئی اس کو تا سے بدلنا پھر تا کا تا میں ادغام کرنا خلاف قانون ہے جسے اہل صرف کی اصطلاح میں شاذ کہا جاتا ہے۔

نوٹ نمبر 2: صاحب علم الصیغۃ مجاہد جنگ آزادی ۱۸۵۷ء حضرت علامہ قبلہ مفتی محمد عنایت احمد کاکوروی نور اللہ مرقدہ نے اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ کے بارے میں فرمایا اس کو اَخَذَ سے مشتق قرار دے کر شاذ نہیں کہا جائے گا۔ بلکہ اس کا اصل تَخِذَ ہے یعنی اس کی تا اصلی ہے جب اس کو باب افتعال پر لے گئے تو اِتْتَخَذَ بن گیا۔ اِتَّبَعَ کی طرح پہلی تا کا دوسری تا میں ادغام کر دیا تو اِتَّخَذَ بن گیا رہی یہ بات کہ اَخَذَ اور تَخِذَ کی باہم معنوی کیا مناسبت ہے تو علامہ کاکوروی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ علامہ بیضاوی علیہ الرحمۃ کی تحقیق کے مطابق دونوں کا معنی ایک ہے۔

قاعدہ نمبر 5:

اگر واؤ مضموم یا مکسور کلمہ کے شروع میں آئے یا واؤ مضموم کلمہ کے درمیان میں آئے تو اسے ہمزہ سے تبدیل کرنا جائز ہے۔

جیسے: وُجُوْهٌ سے اُجُوْهٌ ' وِشَاحٌ سے اِشَاحٌ اور اَدْوُرٌ سے اَدْءُرٌ۔

اگر واؤ مفتوح کلمہ کے شروع میں ہو تو اسے ہمزہ سے تبدیل کرنا شاذ ہے۔

جیسے: وَحَدٌ سے اَحَدٌ اور وَنَاةٌ سے اَنَاةٌ

قاعدہ نمبر 6:

اگر دو متحرک واؤ ایک کلمہ کے شروع میں جمع ہو جائیں تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

جیسے: وَوَاصِلُ سے اَوَاصِلُ اور وُوَيْصِلٌ سے اُوَيْصِلٌ اور وُوَيْصِلَةٌ سے اُوَيْصِلَةٌ.

قاعدہ نمبر 7:

اگر واؤ اور یا متحرک ہوں ماقبل ان کا مفتوح ہو تو اس واؤ اور یا کو الف سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔ چند شرائط

کے ساتھ۔

(1) وہ واؤ اور یا فا کلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے: فَوَعَدَ اور تَيَسَّرَ.

(2) لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے: طَوٰى اور حَيِيَ

(3) الف تثنیہ سے پہلے نہ ہوں۔ جیسے: دَعَوَا . رَمَيَا.

(4) مدہ زائدہ سے پہلے نہ ہوں۔ جیسے: طَوِيْلٌ ' غَيُوْرٌ اور غَيَابَةٌ.

(5) یائے مشدّد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ جیسے: عَلَوِيٌّ ' إِخْشَيِنَّ

(6) وہ واؤ اور یا ایسے کلمہ میں نہ ہوں جو رنگ اور عیب کے معنی میں ہو۔ جیسے: عَوِرَ اور صَيِدَ

(7) ایسے کلمہ میں نہ ہوں جو فَعَلَانٌ کے وزن پر ہو۔ جیسے: دَوَرَانٌ اور سَيَلَانٌ.

(8) ایسے کلمہ میں نہ ہوں جو فَعَلٰى کے وزن پر ہو۔ جیسے: صَوَرٰى اور حَيَدٰى

(9) ایسے کلمہ میں نہ ہوں جو فَعَلَةٌ کے وزن پر ہو۔ جیسے: حَوَكَةٌ. حَيَكَةٌ .

(10) ایسے باب افتعال میں نہ ہوں جو بمعنی تَفَاعُلٌ کے ہو۔

جیسے: اِجْتَوَرَ اور اِعْتَوَرَ بمعنی تَجَاوَرَ اور تَعَاوَرَ کے۔

واؤ اور یا کو الف سے تبدیل کرنے کی مثالیں۔

جیسے: قَوَلَ سے قَالَ . عَوَذَ سے عَاذَ' عَوَدَ سے عَادَ. بَيَعَ سے بَاعَ. زَيَدَ سے زَادَ . طَيَرَ سے طَارَ . دَعَوَ سے دَعَا. رَمَيَ سے رَمٰى وغیرہ۔

نوٹ: شرط نمبر 9 کا تعلق فَعَلَةٌ صفتی کے ساتھ نہیں بلکہ فَعَلَةٌ اسمی کے ساتھ ہے۔ یعنی اگر واؤ اور یا فَعَلَةٌ اسمی میں واقع ہوں تو ان کو الف سے تبدیل کیا جائے۔ جیسے: قَوَلَةٌ . بَيَعَةٌ سے قَالَةٌ . بَاعَةٌ اور اگر واؤ اور یا فَعَلَةٌ صفتی میں واقع ہوں تو ان کو الف سے تبدیل نہ کیا جائے۔

جیسے: حَوَكَةٌ . حَيَكَةٌ

نمبر 1: واؤ اور یاء جب الف سے تبدیل ہو جائیں اور ان کا مابعد بھی ساکن ہو تو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا جائے گا۔

جیسے: دَعَوُوْا سے دَعَوْا. اور رَمَيُوْا سے رَمَوْا.

واؤ اور یا کے الف ہونے کے بعد تائے تانیث آ جائے متحرک ہو یا ساکن دونوں صورتوں میں الف گرا دیا جائے گا۔

الف کی تائے تانیث ساکنہ کے ساتھ جمع ہونے کی مثالیں

جیسے: دَعَوَتْ سے دَعَاتْ سے دَعَتْ اور رَمَيَتْ سے رَمَاتْ سے رَمَتْ.

الف کی تائے تانیث متحرکہ کے ساتھ جمع ہونے کی مثالیں:

جیسے: دَعَوَتَا سے دَعَاتَا سے دَعَتَا اور رَمَيَتَا سے رَمَاتَا سے رَمَتَا.

جز نمبر 2: ماضی معروف میں صیغہ جمع مؤنث غائب سے آخر تک جب واؤ اور یا الف ہو کر گر جائیں تو واوی مفتوح العین اور مضموم العین میں فاکلمہ کو ضمہ دیں گے۔

جیسے: قَوَلْنَ سے قُلْنَ اور طَوُلْنَ سے طُلْنَ.

لیکن واوی مکسور العین اور اجوف یائی میں مطلقاً (یعنی عین کلمہ کی حرکت کا اعتبار نہیں) جب واؤ اور یا الف ہو کر گر جائیں تو فاکلمہ کو کسرہ دیں گے۔

جیسے: واوی مکسور العین کی میں خَوِفْنَ سے خِفْنَ اور اجوف یائی میں زَيَدْنَ سے زِدْنَ .

قاعدہ نمبر 8:

اگر واؤ اور یا متحرک کا ماقبل ساکن ہو تو اس واؤ اور یا کی حرکت ماقبل کو دینا واجب ہے اگر نقل کی جانے والی حرکت فتحہ کی ہو تو واؤ اور یا کو الف سے تبدیل کر دینا بھی ضروری ہے۔

جیسے: يَقْوَلُ سے يَقَالُ اور يَبْيَعُ سے يَبَاعُ.

اگر نقلِ حرکت کے بعد واؤ اور یا کا مابعد ساکن ہو تو واؤ اور یا کو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرا دیں گے۔

جیسے مَقْوُوْلٌ سے مَقُوْلٌ اور مَبْيُوْعٌ سے مَبُيُوْعٌ سے مَبُوْعٌ سے مَبِوْعٌ سے مَبِيْعٌ.

نقل حرکت کے لیے درج ذیل شرائط ہیں

(1) واؤ اور یا فاکلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے: مَنْ وَّعَدَ اور مَنْ يَّسَّرَ.

(2) واؤ اور یا لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے يَطْوِىْ اور يَحْىٰ

(3) واؤ اور یا مدہ زائدہ سے پہلے نہ ہوں۔ جیسے: مِقْوَالٌ ' مِبْيَاعٌ ' تِحْوَالٌ' تِبْيَانٌ' تَمْيِيْزٌ وغیرہ۔

نوٹ: شرط نمبر 3 سے اسم مفعول کی واؤ مستثنیٰ ہے۔ یعنی اگر اسم مفعول کی واؤ سے پہلے واؤ اور یا آ جائیں تو ان کی حرکت ماقبل کو دی جائے گی۔ پھر ایک واؤ اور یاء کو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرا دیں گے۔

جیسے: مَقْوُوْلٌ سے مَقُوْلٌ اور مَبْيُوْعٌ سے مَبِيْعٌ. (مَبِيْعٌ کی مکمل تعلیل ص 230 پر دیکھیں)

نوٹ شرط نمبر 3: کے مطابق اسم آلہ صغریٰ اور وسطیٰ میں واؤ اور یا کی حرکت اسم آلہ کبریٰ کے تابع ہونے کی وجہ سے ماقبل کو نہیں دی جائے گی۔

(4) واؤ اور یاء ایسے کلمہ میں نہ ہوں جس میں عیب اور رنگ کا معنی پایا جاتا ہو۔

جیسے: يَعْوَرُ. يَصْيَدُ. اَبْيَضُ اَسْوَدُ. وغیرہ۔

(5) واؤ اور یا اسم تفضیل میں نہ ہوں جیسے: اَقْوَلُ اور اَبْیَعُ

(6) واؤ اور یا فعل تعجب میں نہ ہوں جیسے مَا اَقْوَلَهٗ اور مَا اَبْیَعَهٗ.

(7) واؤ اور یا کلمہ ملحق میں نہ ہوں جیسے: شَرْیَفَ اور جَهْوَرَ.

قاعدہ نمبر 9:

اگر واؤ اور یا ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واقع ہوں تو ان میں دو طرح کی تعلیل کرنا جائز ہے۔

نمبر 1: واؤ اور یا کے ماقبل کو ساکن کر کے واؤ اور یا کی حرکت ماقبل کو دی جائے اس صورت میں واو ساکن غیر مدغم ماقبل کسرہ ہونے کی وجہ سے یا سے بدل جائے گی۔

جیسے: قُوِلَ سے قِیْلَ اور بُیِعَ سے بِیْعَ.

نوٹ: ابدال کی صورت میں قِیْلَ اور بِیْعَ میں اشمام کرنا بھی جائز ہے۔ یعنی فا کلمہ کے کسرہ کو ضمہ کی بو دے کر پڑھنا۔

نمبر 2: ماقبل حرف کی حرکت کو باقی رکھتے ہوئے واؤ اور یا کی حرکت گرا دی جائے اس صورت میں یا ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد واؤ ہو جائے گی۔

جیسے قُوِلَ سے قُوْلَ اور بُیِعَ سے بُوْعَ.

ماضی مجہول میں تعلیل کے لیے شرط یہ ہے کہ ماضی معروف میں تعلیل ہو چکی ہو۔ جیسے: قَالَ اور بَاعَ میں تعلیل کی وجہ سے قِیْلَ اور بِیْعَ میں تعلیل کی گئی۔ عَوِرَ اور صَیِدَ میں تعلیل نہیں ہوئی اس لیے عُوِرَ اور صُیِدَ میں تعلیل نہیں کی جاتی۔

جز نمبر 2: جب واؤ اور یا صیغہ جمع مؤنث غائب سے آخر تک گر جائیں تو واوی مفتوح العین میں فا کلمہ کو ضمہ اور واوی مکسور العین اور اجوف یائی میں مطلقاً فا کلمہ کو کسرہ دیں گے۔ اس صورت میں صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک معروف و مجہول کے صیغے ایک جیسے ہو جائیں گے۔ معروف و مجہول کے صیغوں میں ان کے اصل کے اعتبار سے فرق کیا جائے گا۔ مثلاً معروف قُلْنَ کا اصل قَوَلْنَ ہے اور مجہول قُلْنَ کا اصل قُوِلْنَ ہے اسی طرح زِدْنَ معروف کا اصل زَیَدْنَ ہے اور مجہول زِدْنَ کا اصل زُیِدْنَ ہے۔

فائدہ: باب استفعال سے اجوف واوی کی ماضی مجہول میں نقل حرکت اس قانون کے مطابق نہیں کی جاتی بلکہ قاعدہ نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی جاتی ہے۔ جیسے: اُسْتُقْوِمَ سے اُسْتُقِوْمَ. سے اُسْتُقِیْمَ.

اس وجہ سے قِیْلَ میں کی گئیں تعلیلات اُسْتُقِیْمَ میں جاری نہیں ہوں گی۔

قاعدہ نمبر 10:

(الف) اگر فعل کے لام کلمہ میں ضمہ اور کسرہ کے بعد واؤ اور یا واقع ہوں تو یَفْعَلُ، تَفْعَلُ، اَفْعَلُ، نَفْعَلُ میں ساکن ہو جاتی ہیں۔

جیسے: یَدْعُوُ سے یَدْعُوْ اور یَرْمِیُ سے یَرْمِیْ۔ تَدْعُوُ سے تَدْعُوْ. تَرْمِیُ سے تَرْمِیْ. اَدْعُوُ سے اَدْعُوْ.

أَرْمِيُ سے اَرْمِیْ. نَدْعُوُ سے نَدْعُوْ. نَرْمِيُ سے نَرْمِیْ

اور اگر واؤ اور یا فعل کے لام کلمہ میں فتحہ کے بعد واقع ہوں تو مذکورہ بالا صیغوں میں قاعدہ نمبر ۷ کے مطابق الف سے بدل جائیں گی۔

جیسے:یَرْضَوُ سے یَرْضَيُ اور یَرْضَيُ سے یَرْضٰی . یَخْشَيُ سے یَخْشٰی. تَرْضَوُ سے تَرْضَيُ. سے تَرْضٰی. تَخْشَيُ سے تَخْشٰی. اَرْضَوُ سے اَرْضَيُ سے اَرْضٰی . اَخْشَيُ سے اَخْشٰی. نَرْضَوُ سے نَرْضَيُ سے نَرْضٰی . نَخْشَيُ سے نَخْشٰی .

(ب) اگر ضمہ کے بعد واؤ ہو اور اس کے بعد ایک اور واؤ ہو اسی طرح کسرہ کے بعد یا ہو اور اس کے بعد ایک اور یا ہو تو اس واؤ اور یا کی حرکت گرا دیتے ہیں۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ اور ایک یا گرا دیتے ہیں۔

جیسے:یَدْعُوُوْنَ سے یَدْعُوْنَ . اور تَرْمِیِیْنَ سے تَرْمِیْنَ.

(ج) اگر ضمہ کے بعد واؤ ہو اور اس کے بعد یا ہو اسی طرح کسرہ کے بعد یا ہو اور اس کے بعد واؤ ہو تو اس واؤ اور یا کے ماقبل کو ساکن کر کے ان کی حرکت ماقبل کو دیں گے۔ اس صورت میں واؤ ساکن ماقبل کسرہ کی وجہ سے یا سے اور یا ساکن ماقبل ضمہ کی وجہ سے واؤ سے بدل جائے گی پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ اور ایک یا گرا دیں گے۔

جیسے: تَدْعُوِیْنَ سے تَدْعِوْیْنَ سے تَدْعِیِیْنَ سے تَدْعِیْنَ.

اور یَرْمِیُوْنَ سے یَرْمُیُوْنَ سے یَرْمُوُوْنَ سے یَرْمُوْنَ.

قاعدہ نمبر 11: اگر واؤ طرف میں کسرہ کے بعد واقع ہو تو اسے یا سے تبدیل کر دیتے ہیں۔

جیسے:دُعِوَ سے دُعِيَ ' دُعِوَا سے دُعِیَا. دَاعِوَانِ سے دَاعِیَانِ اور دَاعِوَۃٌ سے دَاعِیَۃٌ.

قاعدہ نمبر 12: اگر یا طرف میں ضمہ کے بعد واقع ہو تو اسے واؤ سے تبدیل کر دیتے ہیں۔

جیسے:نَهُيَ سے نَهُوَ .وغیرہ

قاعدہ نمبر 13:

اگر واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو تو اس کو یا سے تبدیل کر دیتے ہیں اس شرط کے ساتھ کہ اس مصدر کے فعل ماضی میں تعلیل ہو چکی ہو۔

جیسے:قِوَاماً سے قِیَاماً. کیونکہ قَامَ ماضی میں واؤ الف سے بدل چکی ہے۔ لیکن قِوَاماً بابِ مُفَاعَلَۃ کے مصدر میں تعلیل نہیں ہوگی کیونکہ قَاوَمَ فعل ماضی میں تعلیل نہیں ہوئی۔

اور اگر واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو تو اس واؤ کو بھی یا سے تبدیل کر دیتے ہیں اس شرط کے ساتھ کہ وہ

واؤ واحد میں ساکن ہو یا اس کے واحد میں تعلیل ہو چکی ہو۔

جیسے: حِوَاضٌ سے حِیَاضٌ جو حَوْضٌ کی جمع ہے۔ اسی طرح جِوَادٌ سے جِیَادٌ یہ جَیِّدٌ کی جمع ہے۔

نوٹ: جَیِّدٌ اصل میں جَیْوِدٌ تھا واؤ کو یا کیا پھر یا کا یا میں ادغام کر دیا تو جَیِّدٌ بن گیا۔

قاعدہ نمبر 14

اگر واؤ اور یا کسی سے تبدیل نہ ہوئی ہوں کلمہ غیر ملحق میں اس طرح جمع ہو جائیں کہ ان میں پہلا حرف ساکن ہو تو اس واؤ کو یا سے تبدیل کر کے یا کا یا میں ادغام کرتے ہیں اگر ماقبل ضمہ ہو تو اسے کسرہ سے بدل دیتے ہیں۔

جیسے: سَیْوِدٌ سے سَیِّدٌ، مَرْمُوْیٌ سے مَرْمُیْیٌ سے مَرْمُیٌّ سے مَرْمِیٌّ۔ اور مُضُوْیٌ سے مُضُیْیٌ سے مُضُیٌّ سے مُضِیٌّ۔

نوٹ نمبر 1: مُضِیٌّ میں عین کلمہ کا لحاظ کرتے ہوئے فا کلمہ کو بھی کسرہ دینا جائز ہے۔

جیسے: مُضِیٌّ سے مِضِیٌّ

نوٹ نمبر 2: طلبائے کرام مُضِیٌّ کی میم کو مضموم دیکھ کر فوراً اسم فاعل کا صیغہ بتا دیتے ہیں حالانکہ یہ مَضٰی یَمْضِیْ کا مصدر ہے۔

نوٹ نمبر 3: اَوٰی یَأْوِیْ کے امر اِیْوِ میں واؤ کو یا کر کے یا کا یا میں ادغام نہیں کریں گے اس لیے کہ اس میں یا ہمزہ سے بدل کر آئی ہے۔

وضاحت: اِیْوِ اصل میں اِءْوِ تھا مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق ہمزہ کو یا کیا تو اِیْوِ ہو گیا اور ضَیْوَنَ میں واؤ کو یا کر کے یا کا یا میں ادغام اس لیے نہیں کریں گے کہ یہ کلمہ ملحق ہے۔

قاعدہ نمبر 15:

اگر فُعُوْلٌ کا وزن ہو اور آخر میں دو واؤ جمع ہو جائیں تو دونوں واؤ کو یا سے تبدیل کر کے پہلی یا کا دوسری میں ادغام کر دیتے ہیں ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیتے ہیں۔ اس کسرہ کی مناسبت سے فا کلمہ کو بھی کسرہ دینا جائز ہے۔

جیسے: دُلُوْوٌ سے دُلُیْیٌ سے دُلُیٌّ سے دُلِیٌّ اور دِلِیٌّ

نوٹ: دُلُوْوٌ، دَلْوٌ کی جمع ہے۔

قاعدہ نمبر 16:

اگر واؤ اسم کے لام کلمہ میں ضمہ کے بعد واقع ہو تو اس ضمہ کو کسرہ اور واؤ کو یا سے تبدیل کرتے ہیں۔ پھر یا کو ساکن کر کے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے: اَدْلٍ۔

اصل میں اَدْلُوٌ تھا اس قانون کے مطابق اَدْلِیٌ بن گیا یا کا ضمہ گرا دیا تو اَدْلِیْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر

حذف کی وجہ سے یاء گرگئی تو اَدُلٍ بن گیا۔ اسی طرح تَعَلٍّ اور تَعَالٍ اصل میں تَعَلُّوٌ اور تَعَالُوٌ تھے اس قانون کے مطابق تَعَلِّیٌ اور تَعَالِیٌ بن گئے یا کا ضمہ گرادیا تو تَعَلِّیْنٌ اور تَعَالِیْنٌ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدّہٖ کی وجہ سے یا گرگئی تو تَعَلٍّ اور تَعَالٍ بن گئے۔

اسی طرح اگر یا اسم کے لام کلمہ میں ضمہ کے بعد واقع ہو تو اس یا کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کرتے ہیں پھر یا کو ساکن کر کے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرادیتے ہیں۔

جیسے: اَظْبٍ. اصل میں اَظْبُیٌ تھا اس قانون کے مطابق اَظْبِیٌ بن گیا یا کا ضمہ گرادیا تو اَظْبِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گرادی تو اَظْبٍ. بن گیا۔

قاعدہ نمبر 17:

اگر واؤ اور یا الف اسم فاعل کے بعد واقع ہوں تو اس واؤ اور یا کو ہمزہ سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔ اس شرط کے ساتھ کہ وہ واؤ اور یا ماضی معروف کے صیغہ واحد مذکر غائب میں الف سے بدل چکی ہوں۔

جیسے: قَاوِلٌ سے قَائِلٌ اس کی ماضی معروف قَالَ ہے۔ اور بَایِعٌ سے بَائِعٌ اس کی ماضی معروف بَاعَ ہے۔

اور اگر وہ واؤ اور یا ماضی میں سلامت ہوں تو اسم فاعل میں بھی سلامت رہیں گے یعنی ان کو ہمزہ سے تبدیل نہیں کیا جائے گا۔ جیسے: عَاوِرٌ اس کی ماضی عَوِرَ ہے۔ اور صَایِدٌ اس کی ماضی صَیِدَ ہے۔

قاعدہ نمبر 18: اگر واؤ اور یا طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوں تو ان کو ہمزہ سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔

جیسے: دِعَاوٌ سے دِعَاءٌ اور رِدَایٌ سے رِدَاءٌ

اَسْمَاءٌ ' اَحْیَاءٌ ' کِسَاءٌ ' رِدَاءٌ اصل میں اَسْمَاوٌ ' اَحْیَایٌ ' کِسَاوٌ اور رِدَایٌ تھے۔ تمام صیغوں میں اسی قانون کے مطابق واؤ اور یا کو ہمزہ سے تبدیل کیا گیا۔ اگرچہ اَسْمَاوٌ اور کِسَاوٌ میں پہلے واؤ کو معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق یا سے تبدیل کیا گیا ہے پھر اسی قانون کے مطابق یا کو ہمزہ سے تبدیل کیا گیا ہے۔

قاعدہ نمبر 19: اگر حرف علت الف مفاعل کے بعد واقع ہو تو دو حال سے خالی نہیں اصلی ہوگا یا زائد اگر اصلی ہو تو اسے ہمزہ سے تبدیل کرنے کے لیے شرط یہ ہے کہ الف مَفَاعِل سے پہلے بھی حرف علت ہو۔

جیسے: قَوَاوِلُ میں واؤ اصلی الف مفاعل کے بعد واقع ہوئی اور الف مفاعل سے پہلے بھی حرف علت ہے اسے ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو قَوَائِلُ ہو گیا۔ اور بَوَایِعُ میں یا اصلی الف مفاعل کے بعد واقع ہوئی اور الف مفاعل سے پہلے بھی حرف علت ہے۔ اسے ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو بَوَائِعُ ہو گیا۔

حرف علت اصلی الف مفاعل کے بعد واقع ہو لیکن الف مفاعل سے پہلے حرف علت نہ ہو تو واؤ اور یا کو ہمزہ سے تبدیل

نہیں کریں گے۔جیسے:مَقَاوِلُ اور مَبَايِعُ جوکہ جمع ہیں مَقَالٌ اور مَبِيْعٌ کی۔

نوٹ: مَقَاوِلُ اور مَبَايِعُ اسم آلہ صغری اوراسم آلہ وسطی کی جمع بھی بن سکتی ہیں۔

اگر حرف علت زائد الف مفاعل کے بعد واقع ہوتو اسے مطلقاً ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔(مطلقاً کا مطلب یہ ہے کہ الف مفاعل سے پہلے حرف علت ہو یا نہ ہو)

مثال اس حرف علت زائد کی جو الف مفاعل کے بعد واقع ہواور الف مفاعل سے پہلے بھی حرف علت ہو۔

جیسے: طَوَاوِلُ سے طَوَائِلُ' طَوَاوِقُ سے.طَوَائِقُ حَوَاوِلُ سے حَوَائِلُ . جوکہ جمع ہیں۔ طَوِيْلَةٌ' طَوُوْقَةٌ اور حَوَالَةٌ کی۔

مثال اس حرف علت زائد کی جو الف مفاعل کے بعد واقع ہواور الف مفاعل سے پہلے حرف علت نہ ہو۔

جیسے:شَرَايِفُ سے شَرَائِفُ. عَجَاوِزُ سے عَجَائِزُ.رَسَاالُ سے رَسَائِلُ .جوکہ جمع ہیں شَرِيْفَةٌ . عَجُوْزَةٌ . اور رِسَالَةٌ کی۔لیکن مَصَائِبُ جو مُصِيْبَةٌ .کی جمع ہے۔اس میں اصلی یا کو ہمزہ سے تبدیل کرنے کے لیے شرط نہیں پائی گئی اس کے باوجود اس یا کو ہمزہ سے تبدیل کیا جانا خلاف قانون یعنی شاذ ہے۔

قاعدہ نمبر 20:

اگر واؤ اصل میں تیسری جگہ ہو جب چوتھی جگہ یا اس سے آگے چلی جائے لیکن ضمہ یا واؤ ساکن کے بعد نہ ہو تو اسے یا سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔

جیسے:يُدْعَوَانِ سے يُدْعَيَانِ' اَعْلَوْتُ سے اَعْلَيْتُ اور اِسْتَعْلَوْتُ سے اِسْتَعْلَيْتُ.

نوٹ: بعض صرفیوں کے نزدیک مِدْعَاءٌ اسم آلہ کی جمع مَدَاعِيُوْ میں واؤ کو اسی قانون کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر کے یا کا یا میں ادغام کیا گیا ہے۔

جیسے:مَدَاعِيُوْ سے مَدَاعِيْيُ سے مَدَاعِيٌّ

نوٹ:مَدَاعِيٌّ میں سَيِّدٌ والا قانون اس لیے جاری کرنے میں تامّل کیا جاتا ہے کہ مَدَاعِيُوْ میں یاء الف سے بدل کر آئی ہے۔

نوٹ نمبر 2:يَدْعُوْ میں واؤ کو یا سے اس لیے تبدیل نہیں کیا گیا کہ اس میں واؤ ضمہ کے بعد واقع ہے اور مَدْعُوْوٌ میں (جو قانون کے مطابق مَدْعُوٌّ پڑھا جاتا ہے) واؤ کو یا سے اس لیے تبدیل نہیں کیا گیا کہ اس میں واؤ سے پہلے واؤ ساکن ہے۔

قاعدہ نمبر 21: الف زائدہ اگر تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کے الف سے پہلے آجائے تو اس کو یا سے تبدیل کر دیتے ہیں۔

جیسے: حُبْلٰی سے حُبْلَيَانِ اور حُبْلَيَاتٌ . اور ضُرْبٰی سے ضُرْبَيَانِ. ضُرْبَيَاتٌ.

قاعدہ نمبر 22:

جو یا فُعُلٌ جمع کے عین کلمہ میں واقع ہو یا فُعْلٰی مؤنث صفتی کے عین کلمہ میں واقع ہو اس یا کو برقرار رکھ کر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کریں گے۔

جیسے: بُيُضٌ جو کہ اَبْيَضُ کی جمع ہے اس کو بِيضٌ پڑھیں گے اور حُيْكٰى مؤنث صفتی کو حِيْكٰى پڑھیں گے۔ اگر یا فُعْلٰى اسمی کے عین کلمہ میں واقع ہو تو قاعدہ نمبر 3 کے مطابق یا ساکن غیر مدغم کو ضمہ کے بعد واؤ سے تبدیل کریں گے۔ جیسے طُوْبٰى جو اَطْيَبُ کی مؤنث ہے اصل میں طُيْبٰى تھا اسی طرح كُوْسٰى جو کہ اَكْيَسُ کی مؤنث ہے اصل میں كُيْسٰى تھا۔

نوٹ: اسم تفضیل میں فُعْلٰى اسمی کی طرح یا کو ماقبل ضمہ ہونے کی وجہ سے واؤ سے تبدیل کریں گے۔

جیسے: بُيْعٰى سے بُوْعٰى اور زُيْدٰى سے زُوْدٰى.

نوٹ: فُعْلٰى اسمی کی تعریف: وہ لفظ جو مبہم ذات پر دلالت کرے جس میں کسی صفت کی رعایت نہ کی گئی ہو۔ جیسے: طُوْبٰى.

فعلی صفتی کی تعریف: وہ لفظ جو غیر مبہم ذات پر دلالت کرے جس میں کسی صفت کی رعایت کی گئی ہو۔ جیسے غُزْوٰى.

قاعدہ نمبر 23:

واؤ فَعْلُوْلَةٌ مصدر کے عین کلمہ میں واقع ہو تو اس کو یا سے تبدیل کر دیتے ہیں۔ جیسے: كَوْنُوْنَةٌ سے كَيْنُوْنَةٌ.

فائدہ: بعض صرفیوں نے اس قاعدہ میں بہت طویل گفتگو کی ہے کہ كَيْنُوْنَةٌ کا اصل كَيْوَنُوْنَةٌ تھا پھر سَيِّدٌ والے قاعدے کے مطابق واؤ کو یا کیا پھر یا کو حذف کر دیا لیکن مصنف علم الصیغہ غازی جنگ آزادی علامہ مفتی محمد عنایت احمد کاکوروی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں صحیح یہ ہے کہ كَيْنُوْنَةٌ کا اصل كَوْنُوْنَةٌ ہے۔

قاعدہ نمبر 24:

اَفَاعِلُ اور مَفَاعِلُ کا وزن ہو اور اس کے لام کلمہ میں یا واقع ہو اگر اس پر الف لام داخل ہو یا وہ مضاف ہو تو حالت رفعی وجری میں یا ساکن ہو جاتی ہے۔

جیسے: هٰذِهِ الْجَوَارِىْ . وَجَوَارِيْكُمْ . مَرَرْتُ بِالْجَوَارِىْ وَجَوَارِيْكُمْ.

اگر اس پر الف لام داخل نہ ہو اور نہ ہی وہ مضاف ہو تو حالت رفعی اور جری میں یا کو آخر سے حذف کر دیتے ہیں۔ یا غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین ماقبل سے ملحق ہو جائے گی۔

جیسے: هٰذِهٖ جَوَارٍ. مَرَرْتُ بِجَوَارٍ.

حالت نصبی میں یا مطلقاً مفتوح ہو گی۔ (مطلقاً کا مطلب یہ ہے کہ معرف باللام ہو یا نہ ہو اسی طرح مضاف ہو یا نہ ہو) جیسے: رَاَيْتُ الْجَوَارِيَ ' رَاَيْتُ جَوَارِيَ. رَاَيْتُ جَوَارِيَكُمْ

قاعدہ نمبر 25: اگر فُعْلٰی (بالضم) کے لام کلمہ میں واؤ واقع ہو تو اس کی تین صورتیں ہیں۔

(1) وہ کلمہ اسم جامد ہوگا۔

(2) فُعْلٰی صفتی ہوگا۔

(3) وہ صیغہ اسم تفضیل ہوگا۔

اگر وہ کلمہ اسم جامد یا صیغہ اسم تفضیل ہو تو واؤ کو یا سے تبدیل کریں گے۔

اسم جامد کی مثال: جیسے: دُنْوٰی سے دُنْیَا

اسم تفضیل کی مثال: جیسے: دُعْوٰی سے دُعْیٰ

اگر فُعْلٰی صفتی ہو تو واؤ برقرار رہے گی۔ جیسے: غُزْوٰی

اگر فَعْلٰی (بالفتح) کے لام کلمہ میں یا واقع ہو تو اسکی دو صورتیں ہوں گی۔

(1) فَعْلٰی اسمی ہوگا۔

(2) فَعْلٰی صفتی ہوگا۔

اگر فَعْلٰی اسمی ہو تو یا واؤ سے بدل جائے گی۔ جیسے: تَقْیٰی سے تَقْوٰی .

اگر فَعْلٰی صفتی ہو تو یا برقرار رہے گی۔ جیسے: صَدْیَا .

قاعدہ نمبر 26: ہر جمع ناقص کی جو فَعَلَۃٌ کے وزن پر ہو۔ اس کے فا کلمہ کو ضمہ دینا واجب ہے۔ جیسے: دُعَاۃٌ اور رُمَاۃٌ .

اصل میں دَعَوَۃٌ اور رَمَیَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ اور یا کو الف سے تبدیل کیا تو دَعَاۃٌ اور رَمَاۃٌ بن گئے۔ پھر اس قانون کے مطابق فا کلمہ کو ضمہ دیا تو دُعَاۃٌ اور رُمَاۃٌ بن گئے۔

نوٹ: فَعَلَۃٌ جمع کی وضاحت قانون نمبر 7 کی شرط نمبر 9 کے تحت گزر چکی ہے۔

نوٹ: صَلٰوۃٌ زَکٰوۃٌ اور قَنٰوۃٌ جیسے مفردات کے ساتھ مشابہت سے بچنے کے لیے دُعَاۃٌ اور رُمَاۃٌ وغیرہ کے فا کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں۔

قاعدہ نمبر 27:

اگر تین یا ایک کلمہ میں اس طرح جمع ہوں کہ پہلی یا کا ادغام دوسری یا میں ہو اور تیسری یا لام کلمہ میں واقع ہو تو تیسری یا کو نسیاً منسیاً حذف کر دیں گے۔ اس شرط کے ساتھ کہ وہ کلمہ فعل یا شبہ فعل نہ ہو۔

نوٹ: نسیاً منسیاً کا مطلب یہ ہے کہ یاء کو اس طرح حذف کریں گے جیسے وہ کلمہ میں تھی ہی نہیں۔ جیسے رُخَیٌّ اور رُخَیَّۃٌ .

رُخَیٌّ اور رُخَیَّۃٌ کی وضاحت:

رُخَيٌّ اور رُخَيَّةٌ کی وضاحت:

ان کا اصل رُخَيِوٌ اور رُخَيِوَةٌ تھا پہلی یا کا دوسری یا میں ادغام کر دیا تو رُخَيِّوٌ اور رُخَيِّوَةٌ ہوگئے معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا کیا تو رُخَيِّيٌ اور رُخَيِّيَةٌ ہوگئے۔ پھر اس قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیاً منسیاً حذف کر دیا تو رُخَيٌّ اور رُخَيَّةٌ بن گئے۔

نوٹ: لیکن يُحَيِّيُ اور مُحَيٍّ میں مذکورہ قانون اس لیے جاری نہیں ہوگا کہ پہلا فعل ہے اور دوسرا شبہ فعل ہے۔

قاعدہ نمبر 28: اگر دو مشدد یائیں اسم متمکن کے آخر میں جمع ہو جائیں تو دوسری یائے مشدد کو نسیاً مَنسِيًّا حذف کر دیں گے۔ اس شرط کے ساتھ کہ دوسری یا نسبت، مصدریت اور مبالغہ کے لیے نہ ہو۔

دوسری یا کو حذف کرنے کی مثال: طَوٰی يَطْوِیُ سے اسم آلہ کبری کی تصغیر کے صیغے مُطَيٌّ اور مُطَيَّةٌ آتے ہیں۔

ان کا اصل مُطَيْوِيٌ اور مُطَيْوِيَةٌ تھا معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یا کیا پھر یا کا یا میں ادغام کر دیا تو مُطَيِّيٌ اور مُطَيِّيَةٌ بن گئے۔ پھر بعد یائے ساکنہ کا یا متحرکہ میں ادغام کر دیا تو مُطَيِّيٌّ اور مُطَيِّيَّةٌ ہوگئے۔ پھر اس قانون نمبر 28 کے مطابق دو مشدد یائیں اسم متمکن کے آخر میں جمع ہوگئیں دوسری یائے مشدد کو نسیاً مَنسِيًّا حذف کر دیا تو مُطَيٌّ اور مُطَيَّةٌ بن گئے۔

نوٹ: طَوٰی يَطْوِیُ اور اَوٰی يَاْوِیُ وغیرہ کے اسم مفعول کی تصغیر کے صیغوں میں بھی یہی قانون جاری ہوتا ہے۔

قانون نمبر 29 اجتماع ساکنین کی دو قسمیں ہیں (یعنی جب دو ساکن حروف جمع ہو جائیں)

(1) اجتماع ساکنین علی حدہ (2) اجتماع ساکنین علی غیر حدہ

اجتماع ساکنین علی حدہ کی تعریف

اجتماع ساکنین علی حدہ دو ساکنوں کا ایسا اجتماع کہ جس میں پہلا ساکن مدہ یا یائے تصغیر ہو اور دوسرا ساکن مدغم ہو اور دونوں ساکن ایک کلمہ میں ہوں۔

حکم: اجتماع ساکنین علی حدہ کو حالت وقف اور وصل دونوں میں پڑھنا جائز ہے۔

حالت وقف کی مثال: اِحْمَارٌّ. اُحْمُوْرٌّ. سِيْرٌ.

حالت وصل کی مثال: اِحْمَارٌّ زَيْدٌ. اُحْمُوْرٌّ زَيْدٌ.

یائے تصغیر کی مثال: خُوَيْصَّةٌ، اصل میں خُوَيْصِصَةٌ تھا ایک جنس کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہوگئے دونوں متحرک ہیں مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے میں ادغام کر دیا تو خُوَيْصَّةٌ بن گیا۔

اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی تعریف

اجتماع ساکنین علی حدہ کی شرائط میں سے ایک ایک شرط دو دو شرطیں یا تینوں شرائط نہ پائی جائیں تو وہ اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہوگا۔

اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی سات صورتیں بنتی ہیں

(1) دوسرا ساکن مدغم ہو کلمہ بھی ایک ہو لیکن پہلا ساکن مدہ یا یائے تصغیر نہ ہو جیسے یَخِصِّمُ اصل میں یَخْتَصِمُ تھا ایک جنس کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے صاد کی حرکت گرا کر دوسرے صاد میں ادغام کر دیا تو یَخْصِّمُ ہوگا۔ اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا اس لیے کلمہ ایک ہے۔ اور دوسرا ساکن بھی مدغم ہے لیکن پہلا ساکن مدہ اور یائے تصغیر میں سے کوئی نہیں۔ اَلسَّاكِنُ إِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ کے مطابق پہلے ساکن کو کسرہ کی حرکت دی تو یَخِصِّمُ بن گیا۔

(2) پہلا ساکن مدہ ہو کلمہ بھی ایک ہو لیکن دوسرا ساکن مدغم نہ ہو جیسے قُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ تھا واؤ متحرک ماقبل مفتوح کو الف سے تبدیل کر دیا تو قَالْنَ ہو گیا۔ دوسرا ساکن مدغم نہ ہونے کی وجہ سے الف اور لام کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا۔ الف گرا کر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فا کلمہ کو ضمہ دیا تو قُلْنَ بن گیا۔

(3) پہلا ساکن مدہ ہو دوسرا مدغم بھی ہو لیکن کلمہ ایک نہ ہو جیسے اِضْرِبُنَّ اصل میں اِضْرِبُوْا تھا جب آخر میں نون تاکید ثقیلہ لائے تو اِضْرِبُوْنَّ بن گیا۔ ایک کلمہ نہ ہونے کی وجہ سے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا واؤ اور نون مشدد کے درمیان واؤ گرا دی تو اِضْرِبُنَّ بن گیا۔

(4) پہلی دو شرطیں نہ پائی جائیں یعنی پہلا ساکن مدہ نہ ہو اور دوسرا ساکن مدغم نہ ہو اگرچہ کلمہ ایک ہو جیسے لفظ زَیْدْ حالت وقف میں اس میں پہلا ساکن یائے مدہ اور دوسرا ساکن مدغم نہیں اگرچہ کلمہ ایک ہے۔

(5) آخری دو شرطیں نہ ہوں یعنی دوسرا ساکن مدغم نہ ہو اور کلمہ بھی ایک نہ ہو اگرچہ پہلا ساکن مدہ ہو۔ جیسے اِضْرِبُوْا الْقَوْمَ اصل میں اِضْرِبُوْا اَلْقَوْمَ تھا ہمزہ وصلی درمیان کلام میں گر گیا تو اِضْرِبُوْا الْقَوْمَ بن گیا۔ آخر دو شرطیں نہ ہونے کی وجہ سے واؤ اور لام کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا اس لیے واؤ گرا دی تو اِضْرِبُوا الْقَوْمَ بن گیا۔

(6) پہلی اور آخری شرط نہ پائی جائے یعنی پہلا ساکن مدہ نہ ہو اور کلمہ بھی ایک نہ ہو اگرچہ ثانی مدغم ہو۔

جیسے: لَتُدْعَوُنَّ اصل میں لَتُدْعَوْا تھا آخر میں نون تاکید ثقیلہ لائے تو لَتُدْعَوْنَّ بن گیا پہلا ساکن مدہ اور کلمہ ایک نہ ہونے کی وجہ سے واؤ اور نون مشدد کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا۔ اگرچہ دوسرا ساکن مدغم ہے معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیا تو لَتُدْعَوُنَّ بن گیا۔

(7) اجتماع ساکنین علی حدہ کی تینوں شرطیں نہ پائی جائیں یعنی پہلا ساکن مدہ یا یائے تصغیر نہ ہو دوسرا ساکن مدغم نہ ہو اور کلمہ بھی ایک نہ ہو۔

جیسے قُلِ الْحَقُّ اصل میں قُلْ اَلْحَقُّ تھا ہمزہ وصلی درمیان کلام میں گر گیا تو قُلْ الْحَقُّ بن گیا اجتماع ساکنین علی حدہ کی تینوں شرطیں نہیں پائی گئیں اس لیے دونوں لاموں کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا تو قانون کے مطابق پہلے لام کو کسرہ دے دیا تو قُلِ الْحَقُّ بن گیا۔

اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کا حکم: اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کو حالت وقف میں پڑھا جائے گا۔ جیسے زَیْدْ.

اگر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ حالت وصل میں ہو تو دیکھیں گے کہ پہلا ساکن مدہ یا نون خفیفہ ہے تو بالاتفاق مدہ اور نون خفیفہ کو حذف کر دیں گے۔

مدہ کی مثال: جیسے اِضْرِبُوْا الْقَوْمَ. سے اِضْرِبُوا الْقَوْمَ.

نون خفیفہ کی مثال: جیسے لاَ تُهِيْنَ الْفَقِيْرَ.

اصل میں لاَ تُهِيْنَنْ اَلْفَقِيْرَ تھا ہمزہ وصلی درمیان کلام میں گر گیا تو لاَ تُهِيْنَنْ الْفَقِيْرَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا نون خفیفہ اور لام کے درمیان پہلا ساکن نون خفیفہ ہے اس کو گرا دیا تو لاَ تُهِيْنَ الْفَقِيْرَ بن گیا۔

نوٹ: نیچے دیئے گئے تین صیغے جب اجوف سے ہوں تو ان کے بارے میں اختلاف ہے کہ پہلا ساکن حذف کیا جائے گا یا دوسرا

(1) باب افعال کا مصدر ۔ جیسے اِقَامَةٌ .

(2) باب استفعال کا مصدر۔ جیسے اِسْتِقَامَةٌ .

(3) اسم مفعول کا صیغہ ۔ جیسے مَقُوْلٌ .

وضاحت: اِقَامَةٌ اصل میں اِقْوَامًا اور اِسْتِقَامَةٌ اصل میں اِسْتِقْوَامًا تھا دونوں میں واؤ متحرک ماقبل حرف ساکن ہے واؤ کا فتحہ نقل کر کے ماقبل کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِقَاامًا اور اِسْتِقَاامًا بن گئے۔ دو الفوں کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا۔ ساکن کو گرانے کے بارے میں صرفیوں کا اختلاف ہے بعض صرفی پہلے الف کو حذف کرتے ہوئے دلیل دیتے ہیں کہ دوسرا الف علامت ہے اور علامت کو حذف نہیں کیا جاتا پھر حذف کیے جانے والے الف کے بدلے آخر میں تا ماقبل کے فتحہ کے ساتھ زیادہ کرتے ہیں تو اِقَامَةٌ اور اِسْتِقَامَةٌ بن جاتے ہیں۔

بعض صرفی دوسرے الف کو حذف کرتے ہوئے دلیل دیتے ہیں کہ دوسرا الف زائد ہے اور زائد حرف حذف ہونے کے زیادہ حقدار ہے۔ پھر حذف ہونے والے الف کے بدلے آخر میں تا ماقبل کے فتحہ کے ساتھ زیادہ کرتے ہیں تو اِقَامَةٌ اور اِسْتِقَامَةٌ بن جاتے ہیں۔

اسم مفعول کی مثال: جیسے: مَقُوْلٌ اصل میں مَقْوُوْلٌ تھا واؤ کا ضمہ نقل کر کے ماقبل کو دیا۔ پھر دونوں واؤ کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا۔ بعض صرفی پہلی واؤ کو حذف کرتے ہوئے دلیل دیتے ہیں کہ دوسری واؤ علامت ہے اور علامت کو حذف نہیں کیا جاتا تو مَقُوْلٌ بروزن مَفُوْلٌ بن گیا۔

اور بعض صرفی دوسری واؤ کو حذف کرتے ہوئے دلیل دیتے ہیں کہ دوسری واؤ زائدہ ہے اور زائد حرف حذف ہونے کے زیادہ لائق ہوتا ہے تو ان کے نزدیک مَقُوْلٌ بروزن مَفُعْلٌ بن گیا۔

اگر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ میں پہلا ساکن مدہ یا نون خفیفہ نہ ہو اس ساکن کو حرکت دیں گے جو کلمہ کے آخر میں ہو جیسے قُلْ اَلْحَقُّ میں ہمزہ وصلی درمیان کلام میں گر گیا تو قُلْ الْحَقُّ بن گیا پھر پہلے لام کو کسرہ دیا تو قُلِ الْحَقُّ بن گیا۔

اگر ساکن کلمہ کے آخر میں نہ ہو تو پہلے ساکن کو کسرہ دیں گے جیسے یَخِصِّمُ اصل میں یَخْتَصِمُ تھا صحیح کے قانون نمبر 13 کے مطابق یَخْصَصِمُ ہو گیا۔ پھر پہلے صاد کی حرکت گرا کر پہلے صاد کا دوسرے صاد میں ادغام کر دیا تو یَخْصِّمُ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا خا اور پہلے صاد کے درمیان پہلا ساکن مدہ اور نون خفیفہ نہیں اسی طرح پہلا ساکن کلمہ کے آخر بھی نہیں تو قانون کے مطابق پہلے ساکن کو کسرہ دیا تو یَخِصِّمُ بن گیا۔

قاعدہ نمبر 30: ہر وہ جگہ جہاں اجتماع ساکنین علی غیر حدہ میں پہلا ساکن غیر مدہ واو جمع ہو تو اکثر اسے ضمہ کی حرکت دیتے ہیں۔

جیسے تُدْعَوْنَ سے لَتُدْعَوُنَّ.

اور اگر پہلا ساکن غیر مدہ یائے وحدت ہو تو اس کو کسرہ کی حرکت دینا واجب ہے۔

جیسے تُدْعَیْنَ سے لَتُدْعَیِنَّ.

قانون نمبر 31 اگر مصدر سے کوئی حرف اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گر جائے (ان دو ساکنوں میں کوئی ایک ساکن تنوین نہ ہو) تو اس حذف شدہ ساکن کے بدلے آخر میں تالانا ضروری ہے۔ جیسے اِقْـوَامًا سے اِقَامَةً. اور اِسْتِـقْـوَامًا سے اِسْتِقَامَةً.

صرف کبیر ثلاثی مجرد مہموز الفاء از باب نَصَرَ یَنْصُرُ
جیسے اَلْاَخْذُ (پکڑنا یا لینا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف ومجہول

فعل ماضی مطلق مثبت معروف ومجہول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

نوٹ:۔صیغہ واحد متکلم کے علاوہ فعل مضارع معروف کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: یَأْخُذُ. یَأْخُذَانِ. یَأْخُذُوْنَ اِلٰی آخرہ لیکن ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے جوازاً تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے:یَاخُذُ. یَاخُذَانِ ' یَاخُذُوْنَ. تَاخُذُ. تَاخُذَانِ. یَاخُذْنَ. تَاخُذُ. تَاخُذَانِ. تَاخُذُوْنَ. تَاخُذِیْنَ. تَاخُذَانِ. تَاخُذْنَ. نَاخُذُ.

اٰخُذُ:۔صیغہ واحد متکلم فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں اَءْ خُذُ تھا۔مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو ماقبل ہمزہ کی حرکت کے موافق حرف علت الف سے وجوباً تبدیل کر دیا تو اٰخُذُ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

نوٹ:صیغہ واحد متکلم کے علاوہ باقی تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے:یُؤْخَذُ. یُؤْخَذَانِ. یُؤْخَذُوْنَ اِلٰی آخرہ۔لیکن ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق جوازاً واؤ سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے یُوْخَذُ. یُوْخَذَانِ ' یُوْخَذُوْنَ. تُوْخَذُ. تُوْخَذَانِ. یُوْخَذْنَ. تُوْخَذُ. تُوْخَذَانِ. تُوْخَذُوْنَ. تُوْخَذِیْنَ. تُوْخَذَانِ. تُوْخَذْنَ. نُوْخَذُ.

اُوْخَذُ:۔صیغہ واحد متکلم فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں اُءْ خَذُ تھا۔مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق ہمزہ کو ماقبل حرف کی حرکت کے موافق حرف علت واؤ سے تبدیل کیا تو اُوْخَذُ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا جس نے پانچ صیغوں (صیغہ واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد و جمع متکلم) کے آخر کو جزم دی اور سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب و حاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیا۔دو صیغے یعنی جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں:لَمْ یَاْخُذْ' اِلٰی آخرہ.اور مجہول میں لَمْ یُؤْخَذْ اِلٰی آخرہ

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیا۔ جس نے مضارع کے پانچ صیغوں (صیغہ واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر کو نصب اور سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیا۔ دو صیغے یعنی جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَنْ یَّاْخُذَ اِلٰی آخرہ اور مجہول میں لَنْ یُّؤْخَذَ اِلٰی آخرہ۔

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں لام تاکید مفتوحہ اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگا دیا۔ نون تاکید ثقیلہ فعل مضارع کے تمام صیغوں میں جبکہ نون تاکید خفیفہ فعل مضارع کے صرف آٹھ صیغوں میں آتا ہے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَیَاْخُذَنَّ الی آخرہ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُؤْخَذَنَّ إلی آخرہ اسی طرح نون تاکید خفیفہ معروف میں لَیَاْخُذَنْ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَیُؤْخَذَنْ الی آخرہ.

بحث فعل امر حاضر معروف

خُذْ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَاْخُذُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو اُءْخُذْ بن گیا۔ پھر مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کر دیا اُوْخُذْ بن گیا لیکن خلاف قیاس اس کو خُذْ پڑھتے ہیں۔

نوٹ نمبر 1: خُذْ کی طرح امر حاضر معروف کے باقی پانچ صیغوں میں بھی دونوں ہمزوں کو خلاف قانون حذف کیا جائے گا اسی طرح کُلْ اور مُرْ میں بھی دونوں ہمزوں کو خلاف قانون حذف کیا جاتا ہے خُذَا، خُذُوْا خُذِیْ، خُذَا خُذْنَ۔

نوٹ نمبر 2: یاد رہے کہ کُلْ اور خُذْ میں دونوں ہمزوں کو حذف کرنا واجب ہے لیکن فعل امر مُرْ کے دو حال ہیں۔ پہلا حال یہ ہے کہ اگر لفظ مُرْ کلام کے شروع میں آئے تو دونوں ہمزوں کو حذف کرنا ضروری ہے جیسا ہمارے آقا ومولا ﷺ نے ارشاد فرمایا

"مُرُوْا اَوْلَادَكُمْ بِالصَّلٰوةِ وَهُمْ اَبْنَاءُ سَبْعٍ وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَيْهَا وَهُمْ اَبْنَاءُ عَشْرِ سِنِيْنَ وَ فَرِّقُوْا بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ"

(مشکوۃ شریف کتاب الصلاۃ ۵۸ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی)

دوسرا حال یہ ہے کہ اگر لفظ مُرْ درمیان کلام میں واقع ہو تو ہمزہ وصلی گر جائے گا لیکن اصلی ہمزہ برقرار رہے گا۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالی شان ہے

﴿وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ﴾ (سورہ طٰہٰ آیت: ۱۳۲)

بحث فعل امر حاضر مجہول وغائب ومتکلم معروف ومجہول

فعل مضارع کے شروع میں لام امر مکسور لگا کر جن صیغوں کے آخر میں حرکت آتی ہے انہیں ساکن کر دیا اور جن صیغوں کے آخر میں نون اعرابی آتا ہے اسے گرا دیا۔ دو صیغے جمع مؤنث غائب وحاضر مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہیں گے۔ جیسے: معروف میں لِيَأْخُذْ. إلى آخره اور مجہول میں لِيُؤْخَذْ إلى آخره

بحث فعل امر حاضر وغائب ومتکلم معروف ومجہول با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ

نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح فعل مضارع معروف ومجہول کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر حاضر وغائب ومتکلم معروف ومجہول کے آخر میں آئیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں خُذَنَّ' خُذَنْ اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لِتُؤْخَذَنَّ' لِتُؤْخَذَنْ.

بحث فعل نہی حاضر وغائب ومتکلم معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں لائے نہی لگا دیں گے جس سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن اور سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے' ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ دو صیغے یعنی جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: معروف میں لَا يَأْخُذْ إلى آخره. اور مجہول میں لَا يُؤْخَذْ إلى آخره.

بحث فعل نہی حاضر وغائب ومتکلم معروف ومجہول با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ

نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل نہی کے آخر میں بھی آئیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں لَا يَأْخُذَنَّ. لَا يَأْخُذَنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَا يُؤْخَذَنَّ. لَا يُؤْخَذَنْ.

نوٹ: فعل مضارع معروف ومجہول کے علاوہ افعال کی باقی بحثوں میں صیغہ واحد متکلم کے علاوہ معروف میں ہمزہ کو الف اور مجہول میں واؤ سے بدل کر پڑھنا جائز ہے۔

بحث اسم ظرف

اسم ظرف کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَأْخَذٌ' مَأْخَذَانِ' مَآخِذُ' مُئَيْخِذٌ۔ لیکن صیغہ واحد وتثنیہ میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: مَاخَذٌ. مَاخَذَانِ.

بحث اسم آلہ

اسم آلہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مِئْخَذٌ. مِئْخَذَةٌ. مِئْخَاذٌ. وغیرہ۔ لیکن صیغہ واحد وتثنیہ اسم آلہ صغریٰ' وسطیٰ اور کبریٰ میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو یاء سے تبدیل کر کے پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: مِيْخَذٌ. مِيْخَذَانِ.

مِیْخَذَۃٌ . مِیْخَذَتَانِ. اور مِیْخَاذٌ. مِیْخَاذَانِ .

بحث اسم تفضیل مذکر

اٰخَذُ. اٰخَذَانِ. اٰخَذُوْنَ ۔صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَءْ خَذُ. اَءْ خَذَانِ. اَءْ خَذُوْنَ تھے ۔مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو الف سے تبدیل کردیا تو اٰخَذُ. اٰخَذَانِ. اٰخَذُوْنَ. بن گئے۔

اَوَاخِذُ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَءَ اخِذُ تھا۔مہموز کے قانون نمبر 5 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو وجوباً واؤ سے تبدیل کردیا تو اَوَاخِذُ ہوگیا۔

اُوَیْخِذُ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُءَیْخِذٌ تھا۔مہموز کے قانون نمبر 5 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو وجوباً واؤ سے تبدیل کردیا تو اُوَیْخِذُ بن گیا۔

نوٹ:۔اسم تفضیل مونث کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے:اُخْذٰی . اُخْذَیَانِ .اُخْذَیَاتٌ. اُخَذٌ. اُخَیْذٰی.

بحث فعل تعجب

مَااٰخَذَہٗ :۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَءْ خَذَ ہٗ تھا۔مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو وجوباً الف سے تبدیل کردیا تو مَا اٰخَذَہٗ بن گیا۔

اٰخِذْ بِہٖ:۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب:۔

اصل میں اَءْ خِذْ بِہٖ تھا۔دوسرے ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق وجوباً الف سے تبدیل کردیا تو اٰخِذْ بِہٖ بن گیا۔

نوٹ: باقی دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے:اُخِذَ اور اُخِذَتْ.

بحث اسم فاعل

نوٹ:۔اسم فاعل کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے:اٰخِذٌ. اٰخِذَانِ. اٰخِذُوْنَ. الی آخرہ

بحث اسم مفعول

اسم مفعول کے تمام صیغے بھی اپنی اصل پر ہیں۔لیکن صیغہ واحد مذکر سے لے کر صیغہ جمع مؤنث سالم تک مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کرکے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے:مَاْخُوْذٌ. مَاْخُوْذَانِ. مَاْخُوْذُوْنَ. مَاْخُوْذَۃٌ. مَاْخُوْذَتَانِ. مَاْخُوْذَاتٌ سے مَاخُوْذٌ. مَاخُوْذَانِ. مَاخُوْذُوْنَ. مَاخُوْذَۃٌ. مَاخُوْذَتَانِ. مَاخُوْذَاتٌ.

صرف کبیر ثلاثی مجرد مہموز العین از باب فَتَحَ یَفْتَحُ. اَلسُّؤَالُ (پوچھنا)

سَاَلَ:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ باقی صیغوں کو بھی بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا جائز ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

سُئِلَ ۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مثبت مجہول۔

سُئِلَ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔اسی طرح باقی صیغوں کو بھی بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا جائز ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف ومجہول

فعل مضارع معروف یَسْئَلُ سے نَسْئَلُ تک یعنی صیغہ واحد مذکر غائب سے صیغہ جمع متکلم تک اسی طرح فعل مضارع مثبت مجہول یُسْئَلُ سے نُسْئَلُ تک مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرانا جائز ہے۔ جیسے یَسْئَلُ. یَسْئَلَانِ. یَسْئَلُوْنَ. تَسْئَلُ. تَسْئَلَانِ. یَسْئَلْنَ. تَسْئَلُ. تَسْئَلَانِ. تَسْئَلُوْنَ. تَسْئَلِیْنَ. تَسْئَلَانِ. تَسْئَلْنَ. اَسْئَلُ. نَسْئَلُ سے یَسَلُ. یَسَلَانِ. یَسَلُوْنَ. تَسَلُ. تَسَلَانِ. یَسَلْنَ. تَسَلُ. تَسَلَانِ. تَسَلُوْنَ. تَسَلِیْنَ. تَسَلَانِ. تَسَلْنَ. اَسَلُ. نَسَلُ اسی طرح یُسْئَلُ. یُسْئَلَانِ. یُسْئَلُوْنَ. تُسْئَلُ. تُسْئَلَانِ. یُسْئَلْنَ. تُسْئَلُ. تُسْئَلَانِ. تُسْئَلُوْنَ. تُسْئَلِیْنَ. تُسْئَلَانِ. تُسْئَلْنَ. اُسْئَلُ. نُسْئَلُ سے یُسَلُ. یُسَلَانِ. یُسَلُوْنَ. تُسَلُ. تُسَلَانِ. یُسَلْنَ. تُسَلُ. تُسَلَانِ. تُسَلُوْنَ. تُسَلِیْنَ. تُسَلَانِ. تُسَلْنَ. اُسَلُ. نُسَلُ.

بحث فعل نفی جحد بلم جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْئَلْ. لَمْ تَسْئَلْ. لَمْ اَسْئَلْ. لَمْ نَسْئَلْ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْئَلْ. لَمْ تُسْئَلْ. لَمْ اُسْئَلْ. لَمْ نُسْئَلْ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْئَلاَ. لَمْ يَسْئَلُوْا. لَمْ تَسْئَلاَ. لَمْ تَسْئَلُوْا. لَمْ تَسْئَلِيْ. لَمْ تَسْئَلاَ.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْئَلاَ. لَمْ يُسْئَلُوْا. لَمْ تُسْئَلاَ. لَمْ تُسْئَلُوْا. لَمْ تُسْئَلِيْ. لَمْ تُسْئَلاَ.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْئَلْنَ. لَمْ تَسْئَلْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُسْئَلْنَ. لَمْ تُسْئَلْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصبہ لَنْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْئَلَ. لَنْ تَسْئَلَ. لَنْ اَسْئَلَ. لَنْ نَّسْئَلَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْئَلَ. لَنْ تُسْئَلَ. لَنْ اُسْئَلَ. لَنْ نُّسْئَلَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْئَلاَ. لَنْ يَّسْئَلُوْا. لَنْ تَسْئَلاَ. لَنْ تَسْئَلُوْا. لَنْ تَسْئَلِيْ. لَنْ تَسْئَلاَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْئَلاَ. لَنْ يُّسْئَلُوْا. لَنْ تُسْئَلاَ. لَنْ تُسْئَلُوْا. لَنْ تُسْئَلِيْ. لَنْ تُسْئَلاَ.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْئَلْنَ. لَنْ تَسْئَلْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُّسْئَلْنَ. لَنْ تُسْئَلْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ لام تاکید فعل مضارع کے شروع میں اور نون تاکید کو آخر میں لگا دیتے ہیں۔ نون تاکید کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) نون تاکید ثقیلہ (۲) نون تاکید خفیفہ۔

معروف ومجہول کے پانچ صیغوں میں نون تاکید سے پہلے فتحہ ہوگا یعنی واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم اور دو صیغوں (جمع مذکر غائب وحاضر) میں نون تاکید سے پہلے ضمہ ہوگا۔ ایک صیغہ (واحد مؤنث حاضر) میں نون تاکید سے پہلے کسرہ ہوگا۔ چھ صیغوں (چار تثنیہ کے اور دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا

نوٹ نمبر ۱: نون تاکید ثقیلہ کی حرکت کا قاعدہ: جن صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف آتا ہے ان صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ خود مکسور ہوگا ورنہ مفتوح ہوگا۔

نوٹ نمبر ۲: نون تاکید خفیفہ فعل مضارع کے صرف ان صیغوں میں آتا ہے جن میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف نہیں آتا اور وہ

آٹھ صیغے ہیں۔یعنی واحد مذکر غائب' جمع مذکر غائب' واحد مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' جمع مذکر حاضر' واحد مونث حاضر اور واحد وجمع متکلم۔

نوٹ نمبر۳: ان صیغوں میں جو حرکتیں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے آتی ہیں وہی حرکتیں نون تاکید خفیفہ سے پہلے آتی ہیں۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَیَسْئَلَنَّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُسْئَلَنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَیَسْئَلَنْ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَیُسْئَلَنْ .

بحث فعل امر حاضر معروف

سَلْ :۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْئَلُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِسْئَلْ بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرادیا تو اِسَلْ بن گیا۔ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اسے بھی گرادیا تو سَلْ بن گیا۔

سَلاَ :صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْئَلاَنِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْئَلاَ بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دی تو اِسَلاَ بن گیا۔ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اسے بھی گرادیا تو سَلاَ بن گیا۔

سَلُوْا :صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْئَلُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْئَلُوْا بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دی تو اِسَلُوْا بن گیا۔ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اسے بھی گرادیا تو سَلُوْا بن گیا۔

سَلِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْئَلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْئَلِیْ بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرادیا تو اِسَلِیْ بن گیا۔ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اسے بھی گرادیا تو سَلِیْ بن گیا۔

سَلْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْـئَـلْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِسْئَلْنَ بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرادیا تو سَلْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

نوٹ: سَالَ . یَسْاَلُ سے فعل امر کے صیغے جب ابتدائے کلام میں واقع ہوں تو ان میں مہموز کا قانون نمبر 8 جاری ہوگا۔ یعنی ان کو سَلْ' سَلاَ الی آخرہ پڑھا جائے گا۔ جیسے قرآن مجید میں سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ ۔ اور حدیث مبارکہ صحیح بخاری جلد ا ص ۱۹ میں سَلُوْنِیْ عَمَّا شِئْتُمْ (تم پوچھو مجھ سے جو چاہو) کے الفاظ موجود ہیں۔ اور اگر فعل امر کا صیغہ درمیان کلام میں واقع ہو تو مہموز کا قانون نمبر 8 جاری نہیں ہوگا۔ جیسے قرآن مجید میں وَاسْئَلِ الْقَرْیَۃَ اور فَاسْئَلُوْٓا اَھْلَ الذِّکْرِ کے الفاظ موجود ہیں۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرکت گر جائے گی اور چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ اور صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے لِتُسْئَلْ. لِتُسْئَلاَ. لِتُسْئَلُوْا لِتُسْئَلِیْ. لِتُسْئَلاَ. لِتُسْئَلْنَ.

نوٹ: مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ان صیغوں کو۔ لِتُسَلْ لِتُسَلاَ. لِتُسَلُوْا. لِتُسَلِیْ. لِتُسَلاَ. لِتُسَلْنَ. پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب اور واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْئَلْ . لِیَسْئَلاَ. لِیَسْئَلُوْا. لِتَسْئَلْ. لِتَسْئَلاَ. لِیَسْئَلْنَ. لِاَسْئَلْ. لِنَسْئَلْ.

اور مجہول میں: لِیُسْئَلْ . لِیُسْئَلاَ. لِیُسْئَلُوْا. لِتُسْئَلْ. لِتُسْئَلاَ. لِیُسْئَلْنَ. لِاُسْئَلْ. لِنُسْئَلْ.

نوٹ: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر کے آخر میں آتے ہیں۔

نوٹ: فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول کے تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر

اسے گرا دینا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَسَلْ . لِیَسَلاَ. لِیَسَلُوْا. لِتَسَلْ. لِتَسَلاَ. لِیَسَلْنَ. لِاَسَلْ. لِنَسَلْ.

اور مجہول میں: لِیُسَلْ . لِیُسَلاَ. لِیُسَلُوْا. لِتُسَلْ . لِتُسَلاَ. لِیُسَلْنَ. لِاُسَلْ. لِنُسَلْ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ اور چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَسْئَلْ . لاَ تَسْئَلاَ. لاَ تَسْئَلُوْا. لاَ تَسْئَلِیْ. لاَ تَسْئَلاَ. لاَ تَسْئَلْنَ.

اور مجہول میں: لاَ تُسْئَلْ . لاَ تُسْئَلاَ. لاَ تُسْئَلُوْا. لاَ تُسْئَلِیْ. لاَ تُسْئَلاَ. لاَ تُسْئَلْنَ.

نوٹ: فعل نہی حاضر معروف ومجہول کے تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل دے کر ہمزہ کو گرا دینا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ تَسَلْ . لاَ تَسَلاَ. لاَ تَسَلُوْا. لاَ تَسَلِیْ. لاَ تَسَلاَ. لاَ تَسَلْنَ.

اور مجہول میں: لاَ تُسَلْ . لاَ تُسَلاَ. لاَ تُسَلُوْا. لاَ تُسَلِیْ. لاَ تُسَلاَ. لاَ تُسَلْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ اور تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَسْئَلْ . لاَ یَسْئَلاَ. لاَ یَسْئَلُوْا. لاَ تَسْئَلْ. لاَ تَسْئَلاَ. لاَ یَسْئَلْنَ. لاَ اَسْئَلْ. لاَ نَسْئَلْ.

اور مجہول میں: لاَ یُسْئَلْ . لاَ یُسْئَلاَ. لاَ یُسْئَلُوْا. لاَ تُسْئَلْ. لاَ تُسْئَلاَ. لاَ یُسْئَلْنَ. لاَ اُسْئَلْ. لاَ نُسْئَلْ.

نوٹ: فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول کے تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل دے کر ہمزہ کو گرا دینا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ یَسَلْ . لاَ یَسَلاَ. لاَ یَسَلُوْا. لاَ تَسَلْ. لاَ تَسَلاَ. لاَ یَسَلْنَ. لاَ اَسَلْ. لاَ نَسَلْ.

اور مجہول میں: لاَ یُسَلْ . لاَ یُسَلاَ. لاَ یُسَلُوْا. لاَ تُسَلْ لاَ تُسَلاَ. لاَ یُسَلْنَ. لاَ اُسَلْ. لاَ نُسَلْ.

بحث اسم ظرف

مَسْئَلٌ :۔صیغہ واحد اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرانا جائز ہے جیسے: مَسَلٌ اسی قاعدہ نمبر 8 کے مطابق تثنیہ کے صیغہ مَسْئَلَانِ کو مَسَلَانِ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَسَائِلُ :صیغہ جمع اسم ظرف ۔اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِلٌ :۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّلٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم آلہ

مِسْئَلٌ ' مِسْئَلَانِ :صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ صغریٰ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق مِسَلٌ اور مِسَلَانِ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَسَائِلُ : صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِلٌ صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغری اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّلٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مِسْئَلَةٌ. مِسْئَلَتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق مِسَلَةٌ اور مِسَلَتَانِ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَسَائِلُ :صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِلَةٌ :صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّلَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مِسْئَالٌ. مِسْئَالَانِ :صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ کبریٰ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

دونوں صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق مِسَالٌ. مِسَالَانِ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَسَائِيلُ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِيلٌ اور مُسَيْئِيلَةٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبری اپنی اصل پر ہے۔

ان صیغوں کو مہموز کا قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّيلٌ اور مُسَيِّيلَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَسْئَلُ اَسْئَلاَنِ. اَسْئَلُوْنَ: تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق اَسَلُ. اَسَلاَنِ. اَسَلُوْنَ پڑھنا بھی جائز ہے۔

اَسَائِلُ :صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اُسَیْئِلُ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق اُسَیِّلُ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

سُئْلیٰ ، سُئْلَیَانِ ، سُئْلَیَاتٌ:۔صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کیمطابق ہمزہ کو واو سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے سُوْلیٰ سُوْلَیَانِ سُوْلَیَاتٌ۔

سُئَلٌ :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔اس صیغہ میں مہموز کے قانون نمبر 3 کے مطابق ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے سُوَلٌ .

سُئَیْلیٰ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل تعجب

مَا اَسْئَلَهٗ. وَاَسْئِلْ بِهٖ : دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

دونوں صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق مَا اَسَلَهٗ. وَاَسِلْ بِهٖ . پڑھنا بھی جائز ہے۔

سَئُلَ اور سَئُلَتْ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم فاعل

سَائِلٌ ، سَائِلاَنِ ، سَائِلُوْنَ:۔صیغہ ہائے واحد، تثنیہ، جمع مذکر سالم اسم فاعل تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں

سَئَلَةٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سُئَّالٌ. سُئَّلٌ :صیغہائے جمع مذکر مکسر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

سُــئْـلٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واؤ سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے

جیسے۔سُؤلٌ.

سُئَلاءُ :صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔اپنی اصل پر ہے۔ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ سے بدل کر سُوَلاءُ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سُئلانٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔ہمزہ ساکنہ کو مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ سے بدل کر سُولانٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سِئالٌ . صیغہ جمع مذکر مکسر اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سُئُولٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اپنی اصل پر ہے۔اس کو بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سُوَیْئِلٌ: صیغہ واحد مذکر مصغر اپنی اصل پر ہے۔اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق سُوَیِّلٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سَائِلَةٌ. سَائِلَتَانِ . سَائِلاتٌ .سَوَائِلُ. سُئَّلٌ. تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

سُوَیْئِلَةٌ : صیغہ واحد مؤنث مصغر اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق سُوَیِّلَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم مفعول

مَسْئُولٌ .مَسْئُولانِ. مَسْئُولُوْنَ. مَسْئُولَةٌ. مَسْئُولَتَانِ. مَسْئُولاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث سالم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرادینا بھی جائز ہے جیسے مَسُولٌ مَسُولانِ. مَسُولُوْنَ. مَسُولَةٌ. مَسُولَتَانِ. مَسُولاتٌ.

مَسَائِیْلُ :۔صیغہ جمع مذکر ومؤنث مکسر اپنی اصل پر ہے۔

مُسَیْئِیْلٌ اور مُسَیْئِیْلَةٌ: صیغہ واحد مذکر ومؤنث مصغر اسم مفعول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَیِّیْلٌ اور مُسَیِّیْلَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

صرف کبیر ثلاثی مجرد مہموز اللام از باب فَتَحَ یَفْتَحُ جیسے اَلْقِرَاءَۃُ (پڑھنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

قَرَءَ. قَرَءَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قَرَءُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔اس میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قَرَءَتْ. قَرَءَتَا. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ ان کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قَرَءْنَ. صیغہ جمع مؤنث غائب سے لے کر قَرَءْنَا جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے: قَرَانَ. قَرَاتَ. قَرَاتُمَا. قَرَاتُمْ. قَرَاتِ. قَرَاتُمَا. قَرَاتُنَّ. قَرَاتُ. قَرَانَا.

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

قُرِئَ. قُرِءَا. قُرِءَتْ. قُرِءَتَا:۔صیغہائے واحد و تثنیہ مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 3 کے مطابق ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے: قُرِیَ. قُرِیَا. قُرِیَتْ. قُرِیَتَا.

قُرِءُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اپنی اصل پر ہے۔اس میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرِءْنَ. صیغہ جمع مونث غائب سے قُرِءْنَا صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو یاء سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: قُرِیْنَ قُرِیْتَ. قُرِیْتُمَا. قُرِیْتُمْ. قُرِیْتِ. قُرِیْتُمَا. قُرِیْتُنَّ. قُرِیْتُ. قُرِیْنَا.

بحث فعل مضارع مثبت معروف و مجہول

یَقْرَءُ. تَقْرَءُ. اَقْرَءُ. نَقْرَءُ. یُقْرَءُ. تُقْرَءُ. اُقْرَءُ. نُقْرَءُ. صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، صیغہ واحد مذکر حاضر، صیغہ واحد

وجمع متکلم معروف ومجہول تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

يَقْرَءَانِ. تَقْرَءَانِ. يُقْرَءَانِ. تُقْرَءَانِ. صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر معروف ومجہول۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

يَقْرَءُونَ. تَقْرَءُونَ. يُقْرَءُونَ. تُقْرَءُونَ. صیغہائے جمع مذکر غائب وحاضر معروف ومجہول۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

تَقْرَئِيْنَ. تُقْرَئِيْنَ. صیغہ واحد مؤنث حاضر معروف ومجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

يَقْرَئْنَ. تَقْرَئْنَ. يُقْرَئْنَ. تُقْرَئْنَ. صیغہائے جمع مؤنث غائب وحاضر معروف ومجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے يَقْرَانَ. تَقْرَانَ. يُقْرَانَ. تُقْرَانَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازمہ لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَقْرَأْ . لَمْ تَقْرَأْ . لَمْ اَقْرَأْ . لَمْ نَقْرَأْ .

اور مجہول میں: لَمْ يُقْرَأْ. لَمْ تُقْرَأْ. لَمْ أُقْرَأْ. لَمْ نُقْرَأْ.

ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے: لِيَطْمَئِنَّا. لِيَطْمَئِنُّوا. لِتَطْمَئِنَّا. لِيَطْمَئِنَّ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لِيُطْمَئَنَّ بِهٖ. لِيُطْمَئِنِّ بِهٖ. لِيُطْمَئْنَنْ بِهٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لَا تَطْمَئِنَّ. لَا تَطْمَئِنِّ . لَا تَطْمَئْنِنْ .

چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے لَا تَطْمَئِنَّا. لَا تَطْمَئِنُّوا. لَا تَطْمَئِنِّيْ. لَا تَطْمَئِنَّا. لَا تَطْمَئْنِنَّ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لَا تُطْمَئَنَّ بِكَ. لَا تُطْمَئَنِّ بِكَ. لَا تُطْمَئْنَنْ بِكَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر پڑھا جائے جیسے: لَا يَطْمَئِنَّ. لَا تَطْمَئِنَّ. لَا اَطْمَئِنَّ. لَا نَطْمَئِنَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر پڑھا جائے جیسے: لَا يَطْمَئِنِّ. لَا تَطْمَئِنِّ. لَا أَطْمَئِنِّ. لَا نَطْمَئِنِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لَا يَطْمَئِنْ. لَا تَطْمَئِنْ. لَا أَطْمَئِنْ. لَا نَطْمَئِنْ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے: لَا يَطْمَئِنَّا. لَا يَطْمَئِنُّوا. لَا تَطْمَئِنَّا. لَا يَطْمَئْنِنَّ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لَا يُطْمَئَنَّ بِهٖ. لَا يُطْمَئَنِّ بِهٖ. لَا يُطْمَئْنَنْ بِهٖ.

بحث اسم ظرف

مُطْمَئَنٌّ. مُطْمَئَنَّانِ. مُطْمَئَنَّاتٌ: صیغہ واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُطْمَئْنَنٌ. مُطْمَئْنَنَانِ. مُطْمَئْنَنَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُطْمَئِنٌّ. مُطْمَئِنَّانِ. مُطْمَئِنُّوْنَ. مُطْمَئِنَّةٌ. مُطْمَئِنَّتَانِ. مُطْمَئِنَّاتٌ: صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُطْمَئْنِنٌ. مُطْمَئْنِنَانِ. مُطْمَئْنِنُوْنَ. مُطْمَئْنِنَةٌ. مُطْمَئْنِنَتَانِ. مُطْمَئْنِنَاتٌ: تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُطْمَئَنٌّ بِهٖ: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُطْمَئْنَنٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مُطْمَئَنٌّ بِهٖ بن گیا۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ جیسے اَلْمَدُّ (کھینچنا)

اَلْمَدُّ صیغہ اسم مصدر۔ اصل میں مَدْدٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مَدٌّ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

مَدَّ. مَدَّا ، مَدُّوْا ، مَدَّتْ ، مَدَّتَا: صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں مَدَدَ ، مَدَدَا ، مَدَدُوْا، مَدَدَتْ ، مَدَدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں وجوباً ادغام کر دیا تو مَدَّ ، مَدَّا ، مَدُّوْا ، مَدَّتْ ، مَدَّتَا بن گئے۔

مَدَدْنَ: صیغہ جمع مونث غائب اپنی اصل پر ہے۔

مَدَدْتَ: صیغہ واحد مذکر مخاطب سے واحد متکلم مَدَدْتُ تک۔

مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق ایک مخرج کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے۔ پھر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مَدَدْتَّ. مَدَدْتُّمَا. مَدَدْتُّمْ. مَدَدْتِّ. مَدَدْتُّمَا. مَدَدْتُّنَّ. مَدَدْتُّ بن گئے۔

مَدَدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

مُدَّ، مُدَّا ، مُدُّوْا ، مُدَّتْ، مُدَّتَا :۔صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں مُدِدَ ، مُدِدَا ، مُدِدُوْا ، مُدِدَتْ ، مُدِدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے۔ پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مُدَّ، مُدَّا ، مُدُّوْا ، مُدَّتْ، مُدَّتَا بن گئے۔

مُدِدْنَ: ۔صیغہ جمع مؤنث غائب اپنی اصل پر ہے۔

مُدِدْتَ: صیغہ واحد مذکر حاضر سے صیغہ واحد متکلم مُدِدْتُ تک۔

اصل میں مُدِدْتَ. مُدِدْتُمَا. مُدِدْتُمْ. مُدِدْتِ. مُدِدْتُمَا. مُدِدْتُنَّ. مُدِدْتُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق ایک مخرج کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے جن میں سے پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہے۔ پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مُدِدْتَّ . مُدِدْتُّمَا. مُدِدْتُّمْ. مُدِدْتِّ. مُدِدْتُّمَا. مُدِدْتُّنَّ. مُدِدْتُّ بن گئے۔

مُدِدْنَا: صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَمُدُّ. يَمُدَّانِ. يَمُدُّوْنَ. تَمُدُّ. تَمُدَّانِ. تَمُدُّ. تَمُدُّ. تَمُدَّانِ. تَمُدُّوْنَ. تَمُدِّيْنَ. تَمُدَّانِ. اَمُدُّ. نَمُدُّ.

اصل میں يَمْدُدُ ، يَمْدُدَانِ' يَمْدُدُوْنَ' تَمْدُدُ' تَمْدُدَانِ . تَمْدُدُ ،تَمْدُدَانِ تَمْدُدُوْنَ' تَمْدُدِيْنَ' تَمْدُدَانِ' اَمْدُدُ ، نَمْدُدُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: يَمْدُدْنَ. تَمْدُدْنَ .

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُمَدُّ. يُمَدَّانِ. يُمَدُّوْنَ. تُمَدُّ. تُمَدَّانِ. تُمَدُّ. تُمَدَّانِ. تُمَدُّوْنَ. تُمَدِّيْنَ. تُمَدَّانِ. اُمَدُّ. نُمَدُّ.

اصل میں يُمْدَدُ ، يُمْدَدَانِ' يُمْدَدُوْنَ' تُمْدَدُ' تُمْدَدَانِ . تُمْدَدُ ،تُمْدَدَانِ تُمْدَدُوْنَ' تُمْدَدِيْنَ' تُمْدَدَانِ' اُمْدَدُ نُمْدَدُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: يُمْدَدْنَ. تُمْدَدْنَ .

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ' کسرہ' ضمہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: **لَمْ يَمُدَّ. لَمْ تَمُدَّ. لَمْ اَمُدَّ. لَمْ نَمُدَّ.**

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: **لَمْ يَمُدِّ. لَمْ تَمُدِّ. لَمْ اَمُدِّ. لَمْ نَمُدِّ.**

آخری حرف کو ضمہ دے کر پڑھا جائے جیسے معروف میں: **لَمْ يَمُدُّ. لَمْ تَمُدُّ. لَمْ اَمُدُّ. لَمْ نَمُدُّ.**

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: **لَمْ يَمْدُدْ. لَمْ تَمْدُدْ. لَمْ اَمْدُدْ. لَمْ نَمْدُدْ.**

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: **لَمْ يُمَدَّ. لَمْ تُمَدَّ. لَمْ اُمَدَّ. لَمْ نُمَدَّ.**

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: **لَمْ يُمَدِّ. لَمْ تُمَدِّ. لَمْ اُمَدِّ. لَمْ نُمَدِّ.**

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: **لَمْ يُمْدَدْ. لَمْ تُمْدَدْ. لَمْ اُمْدَدْ. لَمْ نُمْدَدْ.**

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَمُدَّا. لَمْ يَمُدُّوا. لَمْ تَمُدَّا. لَمْ تَمُدُّوا. لَمْ تَمُدِّي. لَمْ تَمُدَّا.

اور مجہول میں: لَمْ يُمَدَّا. لَمْ يُمَدُّوا. لَمْ تُمَدَّا. لَمْ تُمَدُّوا. لَمْ تُمَدِّي. لَمْ تُمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَمْدُدْنَ. لَمْ تَمْدُدْنَ. اور مجہول میں لَمْ. يُمْدَدْنَ. لَمْ تُمْدَدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَمُدَّ. لَنْ تَمُدَّ. لَنْ أَمُدَّ. لَنْ نَمُدَّ.

اور مجہول میں: لَنْ يُمَدَّ. لَنْ تُمَدَّ. لَنْ أُمَدَّ. لَنْ نُمَدَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَمُدَّا. لَنْ يَمُدُّوا. لَنْ تَمُدَّا. لَنْ تَمُدُّوا. لَنْ تَمُدِّي. لَنْ تَمُدَّا.

اور مجہول میں: لَنْ يُمَدَّا. لَنْ يُمَدُّوا. لَنْ تُمَدَّا. لَنْ تُمَدُّوا. لَنْ تُمَدِّي. لَنْ تُمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَمْدُدْنَ. لَنْ تَمْدُدْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُمْدَدْنَ. لَنْ تُمْدَدْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَمُدَّنَّ. لَتَمُدَّنَّ. لَأَمُدَّنَّ. لَنَمُدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَمُدَّنْ. لَتَمُدَّنْ. لَأَمُدَّنْ. لَنَمُدَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُمَدَّنَّ. لَتُمَدَّنَّ. لَأُمَدَّنَّ. لَنُمَدَّنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں :لَیُمَدَّنْ. لَتُمَدَّنْ. لَاُمَدَّنْ. لَنُمَدَّنْ .

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کرنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں :لَیَمُدُّنَّ. لَتَمُدُّنَّ. لَیَمُدُّنْ. لَتَمُدُّنْ.

اورنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں :لَیُمَدُّنَّ. لَتُمَدُّنَّ. لَیُمَدُّنْ. لَتُمَدُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کرنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں :لَتَمُدِّنَّ. لَتَمُدِّنْ. اورنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں : لَتُمَدِّنَّ. لَتُمَدِّنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَیَمُدَّانِّ. لَتَمُدَّانِّ. لَیَمْدُدْنَانِّ. لَتَمُدَّانِّ. لَتَمْدُدْنَانِّ اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں :لَیُمَدَّانِّ. لَتُمَدَّانِّ. لَیُمْدَدْنَانِّ. لَتُمَدَّانِّ. لَتُمْدَدْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

مُدَّ، مُدِّ ، مُدُّ ، اُمْدُدْ :۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر کو ساکن کر دیا تو دونوں دال ساکن ہوگئے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو ضمہ، فتحہ، کسرہ دے کر پڑھا جاسکتا ہے۔نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے جیسے مُدَّ، مُدِّ مُدُّ ، اُمْدُدْ ۔

مُدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو مُدَّا بن گیا۔

مُدُّوا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو مُدُّوا بن گیا۔

مُدِّیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو مُدِّیْ بن گیا۔

اُمْدُدْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْدُدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی تو مْدُدْنَ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لائے تو اُمْدُدْنَ بن گیا۔ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

لِتُمَدَّ . لِتُمَدِّ. لِتُمْدَدْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کردیا۔ لام امر کی وجہ سے دوسرا دال بھی ساکن ہوگیا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُمَدَّ . لِتُمَدِّ. لِتُمْدَدْ.

لِتُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُمَدَّا بن گیا۔

لِتُمَدُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُمَدُّوْا بن گیا۔

لِتُمَدِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُمَدِّیْ بن گیا۔

لِتُمْدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمْدَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے تو لِتُمْدَدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

لِيَمُدَّ. لِيَمُدِّ. لِيَمُدُّ. لِيَمْدُدْ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لِيَمُدَّ۔ لِيَمُدِّ۔ لِيَمُدُّ۔ لِيَمْدُدْ۔

لِيَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِيَمُدَّا بن گیا۔

لِيَمُدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِيَمُدُّوْا بن گیا۔

لِتَمُدَّ. لِتَمُدِّ. لِتَمُدُّ. لِتَمْدُدْ. صیغہ واحد مؤنث غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف تَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لِتَمُدَّ۔ لِتَمُدِّ۔ لِتَمُدُّ۔ لِتَمْدُدْ۔

لِتَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف تَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتَمُدَّا بن گیا۔

لِيَمْدُدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمْدُدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگایا تو لِيَمْدُدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

لِأَمُدَّ. لِأَمُدِّ. لِأَمُدُّ. لِأَمْدُدْ. لِنَمُدَّ. لِنَمُدِّ. لِنَمُدُّ. لِنَمْدُدْ صیغہ واحد و جمع متکلم فعل امر متکلم معروف۔

ان کو فعل مضارع متکلم معروف اَمُدُّ. نَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون

نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے۔

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

لِیُمَدَّ. لِیُمَدِّ. لِیُمْدَدْ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لِیُمَدَّ. لِیُمَدِّ. لِیُمْدَدْ.

لِیُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِیُمَدَّا بن گیا۔

لِیُمَدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِیُمَدُّوْا بن گیا۔

لِتُمَدَّ. لِتُمَدِّ. لِتُمْدَدْ. صیغہ واحد مؤنث غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول تُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لِتُمَدَّ. لِتُمَدِّ. لِتُمْدَدْ.

لِتُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول تُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُمَدَّا بن گیا۔

لِیُمْدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمْدَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگایا تو لِیُمْدَدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

اُمَدَّ. لِاُمَدِّ. لِاُمْدَدْ. لِنُمَدَّ. لِنُمَدِّ. لِنُمْدَدْ صیغہ واحد و جمع متکلم فعل امر متکلم مجہول۔

ان کو فعل مضارع متکلم مجہول اُمَدُّ. نُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر

کے دونوں دال ساکن ہو گئے ۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے۔

بحث فعل نہی حاضر معروف

لَا تَمُدَّ . لَا تَمُدِ. لَا تَمُدُّ. لَا تَمْدُدْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے ۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ' کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسے: لَا تَمُدَّ . لَا تَمُدِ. لَا تَمُدُّ. لَا تَمْدُدْ.

لَا تَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لَا تَمُدَّا بن گیا۔

لَا تَمُدُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لَا تَمُدُّوْا بن گیا۔

لَا تَمُدِّيْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدِّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لَا تَمُدِّيْ بن گیا۔

لَا تَمْدُدْنَ: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْدُدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے تو لَا تَمْدُدْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل نہی حاضر مجہول

لَا تُمَدَّ . لَا تُمَدِ. لَا تُمْدَدْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے ۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔جیسے: لَا تُمَدَّ . لَا تُمَدِ. لَا تُمْدَدْ.

لاَ تُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ تُمَدَّا بن گیا۔

لاَ تُمَدُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ تُمَدُّوْا بن گیا۔

لاَ تُمَدِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ تُمَدِّیْ بن گیا۔

لاَ تُمْدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمْدَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے تو لاَ تُمْدَدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

لاَ یَمُدَّ. لاَ یَمُدِّ. لاَ یَمُدُّ. لاَ یَمْدُدْ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لاَ یَمُدَّ. لاَ یَمُدِّ. لاَ یَمُدُّ. لاَ یَمْدُدْ.

لاَ یَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ یَمُدَّا بن گیا۔

لاَ یَمُدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ یَمُدُّوْا بن گیا۔

لاَ تَمُدَّ. لاَ تَمُدِّ. لاَ تَمُدُّ. لاَ تَمْدُدْ. صیغہ واحد مؤنث غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف تَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ' کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لاَ تَمُدَّ. لاَ تَمُدِّ. لاَ تَمُدُّ. لاَ تَمْدُدْ.

لاَ تَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مؤنث فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف تَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لاَ تَمُدَّا بن گیا۔

لاَ يَمْدُدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف يَمْدُدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے تو لاَ يَمْدُدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

لاَ أَمُدَّ. لاَ أَمُدِّ. لاَ أَمُدُّ. لاَ أَمْدُدْ. لاَ نَمُدَّ. لاَ نَمُدِّ. لاَ نَمُدُّ. لاَ نَمْدُدْ صیغہ واحد و جمع متکلم فعل نہی متکلم معروف۔

ان کو فعل مضارع متکلم معروف اَمُدُّ. نَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ' کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے۔

بحث فعل نہی غائب و متکلم مجہول

لاَ يُمَدَّ. لاَ يُمَدِّ. لاَ يُمْدَدْ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول يُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لاَ يُمَدَّ. لاَ يُمَدِّ. لاَ يُمْدَدْ.

لاَ يُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول يُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لاَ يُمَدَّا بن گیا۔

لاَ يُمَدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول يُمَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو

لاَ یَمَدُّوا بن گیا۔

لاَ تُمَدَّ. لاَ تُمَدِّ. لاَ تُمْدَدْ. صیغہ واحد مؤنث غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول تُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لاَ تُمَدَّ. لاَ تُمَدِّ. لاَ تُمْدَدْ.

لاَ تُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول تُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لاَ تُمَدَّا بن گیا۔

لاَ یُمْدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمْدَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے تو لاَ یُمْدَدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

لاَ أُمَدَّ. لاَ أُمَدِّ. لاَ أُمْدَدْ. لاَ نُمَدَّ. لاَ نُمَدِّ. لاَ نُمْدَدْ صیغہ واحد و جمع متکلم فعل نہی مجہول۔

ان کو فعل مضارع متکلم مجہول أُمَدُّ. نُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے واضح ہے۔

بحث اسم ظرف

مَمَدٌّ ، مَمَدَّانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَمْدَدٌ ، مَمْدَدَانِ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں اس طرح جمع ہو گئے کہ پہلے حرف کا ماقبل ساکن ہے۔ پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مَمَدٌّ ، مَمَدَّانِ بن گئے۔

مَمَادُّ ، مُمَيْدٌّ: صیغہ جمع و واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مَمَادِدُ اور مُمَيْدِدٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ایک جنس کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مَمَادُّ اور مُمَيْدٌّ بن گئے۔

بحث اسم آلہ

مِمَدٌّ، مِمَدَّانِ، مِمَدَّةٌ، مِمَدَّتَانِ : صیغہائے واحد وتثنیہ اسم آلہ صغریٰ ووسطیٰ۔

اصل میں مِمْدَدٌ، مِمْدَدَانِ، مِمْدَدَةٌ، مِمْدَدَتَانِ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مِمَدٌّ، مِمَدَّانِ، مِمَدَّةٌ، مِمَدَّتَانِ بن گئے۔

مَمَادُّ، مُمَيْدٌّ، مَمَادُّ، مُمَيْدَّةٌ: صیغہائے جمع وواحد مصغر اسم آلہ صغریٰ ووسطیٰ۔

اصل میں مَمَادِدُ. مُمَيْدِدٌ. مَمَادِدُ. مُمَيْدِدَةٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ایک جنس کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: اسم آلہ کبریٰ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مِمْدَادٌ. مِمْدَادَانِ. مَمَادِيْدُ. مُمَيْدِيْدٌ. مُمَيْدِيْدَةٌ

بحث اسم تفضیل مذکر

اَمَدُّ، اَمَدَّانِ، اَمَدُّوْنَ :۔ صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَمْدَدُ، اَمْدَدَانِ. اَمْدَدُوْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو اَمَدُّ، اَمَدَّانِ، اَمَدُّوْنَ بن گئے۔

اَمَادُّ، اُمَيْدٌّ:۔ صیغہ جمع مذکر مکسر، واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اَمَادِدُ اور اُمَيْدِدٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے۔ پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو اَمَادُّ. اور اُمَيْدٌّ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

مُدّٰی، مُدَّيَانِ، مُدَّيَاتٌ:۔ صیغہائے واحد، تثنیہ، جمع مونث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں مُدْدٰی، مُدْدَيَانِ، مُدْدَيَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مُدّٰی، مُدَّيَانِ، مُدَّيَاتٌ بن گئے۔

مُدَدٌ، مُدَيْدٰی:۔ صیغہ جمع مونث مکسر، واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل تعجب

مَا أَمَدَّهٗ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا أَمْدَدَهٗ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

أَمْدِدْ بِهٖ. مَدْدَ. مَدْدَتْ تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مَادٌّ ، مَادَّانِ ، مَادُّوْنَ :۔صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مَادِدٌ ، مَادِدَانِ ،مَادِدُوْنَ. تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دو متجانسین حروف میں سے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مَادٌّ ، مَادَّانِ ، مَادُّوْنَ بن گئے۔

مَدَّةٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں مَدَدَةٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مَدَّةٌ بن گیا۔

مُدَّادٌ، مُدَّدٌ :۔جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مُدٌّ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں مُدْدٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مُدٌّ بن گیا۔

مُدَّاءُ :۔جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں مُدَدَاءُ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مُدَّاءُ بن گیا۔

مُدَّانٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں مُدْدَانٌ تھا مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مُدَّانٌ بن گیا۔

مِدَادٌ ، مُدُوْدٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مَادَّةٌ ، مَادَّتَانِ ، مَادَّاتٌ : صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مونث سالم اسم فاعل۔

اصل میں مَادِدَةٌ، مَادِدَتَانِ .مَادِدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مَادَّةٌ مَادَّتَانِ ، مَادَّاتٌ بن گئے۔

مَوَادُّ .مُوَيْدٌّ. مُوَيْدَّةٌ :صیغہ ہائے جمع مونث مکسر و واحد مذکر و مونث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں مَوَادِدُ، مُوَيْدِدٌ، مُوَيْدِدَةٌ، تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مَوَادُّ مُوَيْدٌّ اور مُوَيْدَّةٌ بن گئے۔

مُدَّدٌ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم مفعول

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَمْدُوْدٌ. مَمْدُوْدَانِ. مَمْدُوْدُوْنَ. مَمْدُوْدَةٌ. مَمْدُوْدَتَانِ. مَمْدُوْدَاتٌ. مَمَادِیْدُ. مُمَیْدِیْدٌ. مُمَیْدِیْدَةٌ.

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ جیسے اَلْفِرَارُ (بھاگنا)

فِرَارٌ: صیغہ اسم مصدر۔ ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضَرَبَ. یَضْرِبُ اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

فَرَّ. فَرَّا. فَرُّوْا. فَرَّتْ. فَرَّتَا: صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں فَرَرَ، فَرَرَا، فَرَرُوْا، فَرَرَتْ، فَرَرَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: فَرَرْنَ. فَرَرْتَ. فَرَرْتُمَا. فَرَرْتُمْ. فَرَرْتِ. فَرَرْتُمَا. فَرَرْتُنَّ. فَرَرْتُ. فَرَرْنَا.

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

فُرَّ. فُرَّا. فُرُّوْا. فُرَّتْ. فُرَّتَا: صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں فُرِرَ، فُرِرَا، فُرِرُوْا، فُرِرَتْ، فُرِرَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: فُرِرْنَ. فُرِرْتَ. فُرِرْتُمَا. فُرِرْتُمْ. فُرِرْتِ. فُرِرْتُمَا. فُرِرْتُنَّ. فُرِرْتُ. فُرِرْنَا.

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَفِرُّ. یَفِرَّانِ. یَفِرُّوْنَ. تَفِرُّ. تَفِرَّانِ. تَفِرُّ. تَفِرَّانِ. تَفِرُّوْنَ. تَفِرِّیْنَ. تَفِرَّانِ. اَفِرُّ. نَفِرُّ.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے علاوہ باقی صیغے اصل میں یَفْرِرُ، یَفْرِرَانِ، یَفْرِرُوْنَ، تَفْرِرُ، تَفْرِرَانِ. تَفْرِرُ،

تَفِرَّانِ تَفِرُّوْنَ' تَفِرِّيْنَ' تَفِرَّانِ' اَفِرُّ، نَفِرُّ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلی را کا دوسری را میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے یَفْرِرْنَ. تَفْرِرْنَ .

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُفَرُّ. یُفَرَّانِ. یُفَرُّوْنَ. تُفَرُّ. تُفَرَّانِ. تُفَرُّ. تُفَرَّانِ. تُفَرُّ. تُفَرَّانِ. تُفَرُّوْنَ. تُفَرِّیْنَ. تُفَرَّانِ. اُفَرُّ. نُفَرُّ.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی صیغے اصل میں یُفْرَرُ ، یُفْرَرَانِ' یُفْرَرُوْنَ' تُفْرَرُ' تُفْرَرَانِ. تُفْرَرُ ، تُفْرَرَانِ. تُفْرَرُوْنَ' تُفْرَرِیْنَ' تُفْرَرَانِ' اُفْرَرُ ، نُفْرَرُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی راء کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلی راء کا دوسری راء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے یُفْرَرْنَ. تُفْرَرْنَ .

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ' کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ یَفِرَّ. لَمْ تَفِرَّ. لَمْ اَفِرَّ. لَمْ نَفِرَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ یَفِرِّ. لَمْ تَفِرِّ. لَمْ اَفِرِّ. لَمْ نَفِرِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ یَفْرِرْ. لَمْ تَفْرِرْ. لَمْ اَفْرِرْ. لَمْ نَفْرِرْ.

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ یُفَرَّ. لَمْ تُفَرَّ. لَمْ اُفَرَّ. لَمْ نُفَرَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ یُفَرِّ. لَمْ تُفَرِّ. لَمْ اُفَرِّ. لَمْ نُفَرِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ یُفْرَرْ. لَمْ تُفْرَرْ. لَمْ اُفْرَرْ. لَمْ نُفْرَرْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَفِرَّا. لَمْ یَفِرُّوْا. لَمْ تَفِرَّا. لَمْ تَفِرُّوْا. لَمْ تَفِرِّیْ. لَمْ تَفِرَّا.

اور مجہول میں: لَمْ یُفَرَّا. لَمْ یُفَرُّوْا. لَمْ تُفَرَّا. لَمْ تُفَرُّوْا. لَمْ تُفَرِّیْ. لَمْ تُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَفْرِرْنَ.

لَمْ تَفْرِزْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُفْرَزْنَ. لَمْ تُفْرَزْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّفِرَّ. لَنْ تَفِرَّ. لَنْ أَفِرَّ. لَنْ نَفِرَّ.

اور مجہول میں: لَنْ یُفَرَّ. لَنْ تُفَرَّ. لَنْ أُفَرَّ. لَنْ نُفَرَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّفِرَّا. لَنْ یَّفِرُّوْا. لَنْ تَفِرَّا. لَنْ تَفِرُّوْا. لَنْ تَفِرِّیْ. لَنْ تَفِرَّا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّفَرَّا. لَنْ یُّفَرُّوْا. لَنْ تُفَرَّا. لَنْ تُفَرُّوْا. لَنْ تُفَرِّیْ. لَنْ تُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّفْرِزْنَ. لَنْ تَفْرِزْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّفْرَزْنَ. لَنْ تُفْرَزْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَفِرَّنَّ. لَتَفِرَّنَّ. لَأَفِرَّنَّ. لَنَفِرَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَفِرَّنْ. لَتَفِرَّنْ. لَأَفِرَّنْ. لَنَفِرَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُفَرَّنَّ. لَتُفَرَّنَّ. لَأُفَرَّنَّ. لَنُفَرَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُفَرَّنْ. لَتُفَرَّنْ. لَأُفَرَّنْ. لَنُفَرَّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیَفِرُّنَّ. لَتَفِرُّنَّ. لَیَفِرُّنْ. لَتَفِرُّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَیُفَرُّنَّ. لَتُفَرُّنَّ. لَیُفَرُّنْ. لَتُفَرُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَفِرِّنَّ. لَتَفِرِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُفَرِّنَّ. لَتُفَرِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَفِرَّانِّ. لَتَفِرَّانِّ. لَيَفْرِرْنَانِّ. لَتَفِرَّانِّ. لَتَفْرِرْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُفَرَّانِّ. لَتُفَرَّانِّ. لَيُفْرَرْنَانِّ. لَتُفَرَّانِّ. لَتُفْرَرْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

فِرَّ، فِرِّ، اِفْرِرْ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفِرُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر کو ساکن کردیا تو دونوں راء ساکن ہوگئیں۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھا جاسکتا ہے۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے جیسے فِرَّ. فِرِّ. اِفْرِرْ.

فِرَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفِرَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو فِرَّا بن گیا۔

فِرُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفِرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو فِرُّوْا بن گیا۔

فِرِّيْ: ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفِرِّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو فِرِّيْ بن گیا۔

اِفْرِرْنَ: ۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفْرِرْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی تو فْرِرْنَ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِفْرِرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ

رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

لِتُفَرَّ. لِتُفَرِّ. لِتُفْرَرْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ لام امر کی وجہ سے دوسری راء بھی ساکن ہوگئی۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسری راء کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُفَرَّ. لِتُفَرِّ. لِتُفْرَرْ.

لِتُفَرَّا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُفَرَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُفَرَّا بن گیا۔

لِتُفَرُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُفَرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُفَرُّوْا بن گیا۔

لِتُفَرِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُفَرِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُفَرِّیْ بن گیا۔

لِتُفْرَرْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُفْرَرْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے تو لِتُفْرَرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

ان کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں :لِیَفِرَّ. لِیَفِرِّ. لِیَفْرِرْ. لِتَفِرَّ. لِتَفِرِّ. لِتَفْرِرْ. لِأَفِرَّ. لِأَفِرِّ. لِأَفْرِرْ. لِنَفِرَّ. لِنَفِرِّ. لِنَفْرِرْ.

اور مجہول میں: لِیُفَرَّ. لِیُفَرِّ. لِیُفْرَرْ. لِتُفَرَّ. لِتُفَرِّ. لِتُفْرَرْ. لِأُفَرَّ. لِأُفَرِّ. لِأُفْرَرْ. لِنُفَرَّ. لِنُفَرِّ. لِنُفْرَرْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں :لِیَفِرَّا. لِیَفِرُّوْا. لِتَفِرَّا. اور مجہول میں :لِیُفَرَّا. لِیُفَرُّوْا. لِتُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں :لِیَـفْرِرْنَ.

اور مجہول میں: لِیُفْرَرْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ معروف و مجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے معروف میں :لاَ تَفِرَّ. لاَ تَفِرِّ. لاَ تَفْرِرْ. اور مجہول میں :لاَ تُفَرَّ. لاَ تُفَرِّ. لاَ تُفْرَرْ.

معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد، تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں :لاَ تَفِرَّا. لاَ تَفِرُّوْا. لاَ تَفِرِّیْ. لاَ تَفِرَّا. اور مجہول میں :لاَ تُفَرَّا. لاَ تُفَرُّوْا. لاَ تُفَرِّیْ. لاَ تُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں :لاَ تَفْرِرْنَ اور مجہول میں لاَ تُفْرَرْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں :لاَ یَفِرَّ. لاَ یَفِرِّ. لاَ یَفْرِرْ. لاَ تَفِرَّ. لاَ تَفِرِّ. لاَ تَفْرِرْ. لاَ أَفِرَّ. لاَ أَفِرِّ. لاَ أَفْرِرْ. لاَ نَفِرَّ. لاَ نَفِرِّ. لاَ نَفْرِرْ. اور مجہول میں: لاَ یُفَرَّ. لاَ یُفَرِّ. لاَ یُفْرَرْ. لاَ تُفَرَّ. لاَ تُفَرِّ. لاَ تُفْرَرْ. لاَ أُفَرَّ. لاَ أُفَرِّ. لاَ أُفْرَرْ. لاَ نُفَرَّ. لاَ نُفَرِّ. لاَ نُفْرَرْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَفِرَّا. لَا یَفِرُّوْا. لَا تَفِرَّا. اور مجہول میں: لَا یُفَرَّا. لَا یُفَرُّوْا. لَا تُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا یَفْرِرْنَ. اور مجہول میں: لَا یُفْرَرْنَ.

بحث اسم ظرف

مَفِرٌّ. مَفِرَّانِ: ۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَفْرِرٌ. مَفْرِرَانِ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَفَارُّ. مُفَيْرٌّ: ۔صیغہ جمع و واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مَفَارِرُ. مُفَيْرِرٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم آلہ

مِفَرٌّ. مِفَرَّانِ. مِفَرَّةٌ. مِفَرَّتَانِ: صیغہائے واحد و تثنیہ اسم آلہ صغریٰ و وسطیٰ۔

اصل میں مِفْرَرٌ. مِفْرَرَانِ. مِفْرَرَةٌ. مِفْرَرَتَانِ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَفَارُّ. مُفَيْرٌّ. مَفَارُّ. مُفَيْرَّةٌ: ۔صیغہائے جمع و واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ و وسطیٰ۔

اصل میں مَفَارِرُ. مُفَيْرِرٌ. مَفَارِرُ. مُفَيْرِرَةٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کو ساکن کر کے دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اسم آلہ کبریٰ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: مِفْرَارٌ. مِفْرَارَانِ. مَفَارِيْرُ: مُفَيْرِيْرٌ. مُفَيْرِيْرَةٌ.

بحث اسم تفضیل مذکر

اَفَرُّ، اَفَرَّانِ، اَفَرُّوْنَ: ۔صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَفْرَرُ، اَفْرَرَانِ. اَفْرَرُوْنَ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اَفَاۤرُّ، اُفَيْرٌّ: ۔صیغہ جمع مذکر مکسر، واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اَفَارِرُ اور اُفَيْرِرٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کو ساکن کر کے دوسرے حرف میں

ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

فُرّیٰ ، فُرَّیَانِ ، فُرَّیَاتٌ :۔صیغہائے واحد، تثنیہ، جمع مونث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں فُرْرٰی ، فُرْرَیَانِ ، فُرْرَیَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

فُرَرٌ، فُرَیْرٰی :۔صیغہ جمع مونث مکسر، واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل تعجب

مَا اَفَرَّہٗ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَفْرَرَہٗ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

اَفْرِرْبِہٖ. فَرُرَ. فَرُرْتُ. تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

فَارٌّ ، فَارَّانِ ، فَارُّوْنَ :۔صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں فَارِرٌ ، فَارِرَانِ ،فَارِرُوْنَ. تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دو متجانسین حروف میں سے پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

فَرَّۃٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں فَرَرَۃٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو فَرَّۃٌ بن گیا۔

فُرَّارٌ، فُرَّرٌ :۔جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

فُرٌّ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں فُرْرٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو فُرٌّ بن گیا۔

فُرَّاءُ :۔جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں فُرَرَاءُ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا

تو فُرَّاءُ بن گیا۔

فُرَّانٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں فُرْرَانٌ تھا مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو فُرَّانٌ بن گیا۔

فِرَارٌ ، فُرُوْرٌ۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

فَارَّةٌ ، فَارَّتَانِ ، فَارَّاتٌ : صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مونث سالم اسم فاعل۔

اصل میں فَارِرَةٌ فَارِرَتَانِ . فَارِرَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو فَارَّةٌ فَارَّتَانِ ، فَارَّاتٌ بن گئے۔

فَوَارٌّ .فُوَيْرٌّ. فُوَيْرَّةٌ :صیغہ ہائے جمع مؤنث مکسر و واحد مذکر و مونث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں فَوَارِرُ فُوَيْرِرٌ فُوَيْرِرَةٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

فُرَّرٌ : صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم مفعول

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَفْرُوْرٌ . مَفْرُوْرَانِ. مَفْرُوْرُوْنَ. مَفْرُوْرَةٌ. مَفْرُوْرَتَانِ. مَفْرُوْرَاتٌ. مَفَارِيْرُ. مُفَيْرِيْرٌ. مُفَيْرِيْرَةٌ.

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب سَمِعَ يَسْمَعُ
جیسے اَلْبِرُّ (نیکی کرنا)

بِرٌّ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب سَمِعَ يَسْمَعُ

اصل میں بِرْرٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو بِرٌّ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

بَرَّ. بَرَّا. بَرُّوْا. بَرَّتْ. بَرَّتَا: صیغہ واحد تثنیہ جمع مذکر واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں بَرِرَ ، بَرِرَا ، بَرِرُوْا، بَرِرَتْ ، بَرِرَتَا تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: بَرِرْنَ. بَرِرْتَ. بَرِرْتُمَا. بَرِرْتُم. بَرِرْتِ. بَرِرْتُمَا. بَرِرْتُنَّ. بَرِرْتُ. بَرِرْنَا.

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

بُرَّ. بُرَّا. بُرُّوْا. بُرَّتْ. بُرَّتَا: صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں بُرِرَ، بُرِرَا، بُرِرُوْا، بُرِرَتْ، بُرِرَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: بُرِرْنَ. بُرِرْتَ. بُرِرْتُمَا. بُرِرْتُم. بُرِرْتِ. بُرِرْتُمَا. بُرِرْتُنَّ. بُرِرْتُ. بُرِرْنَا.

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَبَرُّ. یَبَرَّانِ. یَبَرُّوْنَ. تَبَرُّ. تَبَرَّانِ. تَبَرُّ. تَبَرَّانِ. تَبَرُّوْنَ. تَبَرِّیْنَ. تَبَرَّانِ. اَبَرُّ. نَبَرُّ.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے علاوہ باقی صیغے اصل میں یَبْرَرُ، یَبْرَرَانِ، یَبْرَرُوْنَ، تَبْرَرُ، تَبْرَرَانِ. تَبْرَرُ، تَبْرَرَانِ. تَبْرَرُوْنَ، تَبْرَرِیْنَ، تَبْرَرَانِ، اَبْرَرُ، نَبْرَرُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: یَبْرَرْنَ. تَبْرَرْنَ.

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُبَرُّ. یُبَرَّانِ. یُبَرُّوْنَ. تُبَرُّ. تُبَرَّانِ. تُبَرُّ. تُبَرَّانِ. تُبَرُّوْنَ. تُبَرِّیْنَ. تُبَرَّانِ. اُبَرُّ. نُبَرُّ.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے علاوہ باقی صیغے اصل میں یُبْرَرُ، یُبْرَرَانِ، یُبْرَرُوْنَ، تُبْرَرُ، تُبْرَرَانِ. تُبْرَرُ، تُبْرَرَانِ تُبْرَرُوْنَ، تُبْرَرِیْنَ، تُبْرَرَانِ، اُبْرَرُ، نُبْرَرُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: یُبْرَرْنَ. تُبْرَرْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر مضاعف سے

قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ' کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَبَرَّ. لَمْ تَبَرَّ. لَمْ أَبَرَّ. لَمْ نَبَرَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَبَرِّ. لَمْ تَبَرِّ. لَمْ أَبَرِّ. لَمْ نَبَرِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ يَبْرَرْ. لَمْ تَبْرَرْ. لَمْ أَبْرَرْ. لَمْ نَبْرَرْ.

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُبَرَّ. لَمْ تُبَرَّ. لَمْ أُبَرَّ. لَمْ نُبَرَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُبَرِّ. لَمْ تُبَرِّ. لَمْ أُبَرِّ. لَمْ نُبَرِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ يُبْرَرْ. لَمْ تُبْرَرْ. لَمْ أُبْرَرْ. لَمْ نُبْرَرْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَبَرَّا. لَمْ يَبَرُّوا. لَمْ تَبَرَّا. لَمْ تَبَرُّوا. لَمْ تَبَرِّي. لَمْ تَبَرَّا.

اور مجہول میں: لَمْ يُبَرَّا. لَمْ يُبَرُّوا. لَمْ تُبَرَّا. لَمْ تُبَرُّوا. لَمْ تُبَرِّي. لَمْ تُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَبْرَرْنَ. لَمْ تَبْرَرْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُبْرَرْنَ. لَمْ تُبْرَرْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَبَرَّ. لَنْ تَبَرَّ. لَنْ أَبَرَّ. لَنْ نَبَرَّ.

اور مجہول میں: لَنْ يُبَرَّ. لَنْ تُبَرَّ. لَنْ أُبَرَّ. لَنْ نُبَرَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَبَرَّا. لَنْ يَبَرُّوا. لَنْ تَبَرَّا. لَنْ تَبَرُّوا. لَنْ تَبَرِّي. لَنْ تَبَرَّا.

اور مجہول میں: لَنْ يُبَرَّا. لَنْ يُبَرُّوا. لَنْ تُبَرَّا. لَنْ تُبَرُّوا. لَنْ تُبَرِّي. لَنْ تُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَبْرَرْنَ. لَنْ تَبْرَرْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُبْرَرْنَ. لَنْ تُبْرَرْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَبِرَّنَّ. لَتَبِرَّنَّ. لَأَبِرَّنَّ. لَنَبِرَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَبِرَّنْ. لَتَبِرَّنْ. لَأَبِرَّنْ. لَنَبِرَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُبَرَّنَّ. لَتُبَرَّنَّ. لَأُبَرَّنَّ. لَنُبَرَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُبَرَّنْ. لَتُبَرَّنْ. لَأُبَرَّنْ. لَنُبَرَّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيَبِرُّنَّ. لَتَبِرُّنَّ. لَيَبِرُّنْ. لَتَبِرُّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَيُبَرُّنَّ. لَتُبَرُّنَّ. لَيُبَرُّنْ. لَتُبَرُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَبِرِّنَّ. لَتَبِرِّنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُبَرِّنَّ. لَتُبَرِّنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَبِرَّانِّ. لَتَبِرَّانِّ. لَيَبْرُرْنَانِّ. لَتَبِرَّانِّ. لَتَبْرُرْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُبَرَّانِّ. لَتُبَرَّانِّ. لَيُبْرَرْنَانِّ. لَتُبَرَّانِّ. لَتُبْرَرْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

بَرَّ، بَرِّ، اِبْرُرْ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبِرُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر کو ساکن کردیا تو دونوں را ساکن ہوگئیں۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھا جاسکتا ہے۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے جیسے بَرَّ. بَرِّ. اِبْرُرْ.

بَرَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبَرَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بَرَّا بن گیا۔

بَرُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبَرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بَرُّوْا بن گیا۔

بَرِّیْ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبَرِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بَرِّیْ بن گیا۔

اِبْرُرْنَ:۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبْـرُرْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی تو بْـرُرْنَ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِبْـرُرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

لِتُبَرَّ. لِتُبَرِّ. لِتُبْرَرْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ لام امر کی وجہ سے دوسرا حرف بھی ساکن ہو گیا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُبَرَّ. لِتُبَرِّ. لِتُبْرَرْ.

لِتُبَرَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُبَـرَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُبَرَّا بن گیا۔

لِتُبَرُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُبَـرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُبَرُّوْا بن گیا۔

لِتُبَرِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُبَرِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُبَرِّیْ بن گیا۔

لِتُبْرَرْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُبْرَرْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے تو لِتُبْرَرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

ان بحثوں کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَبَرَّ. لِیَبَرِّ. لِیَبْرَرْ. لِتَبَرَّ. لِتَبَرِّ. لِتَبْرَرْ. لِاَبَرَّ. لِاَبَرِّ. لِاَبْرَرْ. لِنَبَرَّ. لِنَبَرِّ. لِنَبْرَرْ.

اور مجہول میں: لِیُبَرَّ. لِیُبَرِّ. لِیُبْرَرْ. لِتُبَرَّ. لِتُبَرِّ. لِتُبْرَرْ. لِاُبَرَّ. لِاُبَرِّ. لِاُبْرَرْ. لِنُبَرَّ. لِنُبَرِّ. لِنُبْرَرْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَبَرَّا. لِیَبَرُّوْا. لِتَبَرَّا. اور مجہول میں: لِیُبَرَّا. لِیُبَرُّوْا. لِتُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِیَبْـــرَرْنَ. اور مجہول میں: لِیُبْرَرْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ معروف و مجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے معروف میں: لَا تَبَرَّ. لَا تَبَرِّ. لَا تَبْرَرْ. اور مجہول میں: لَا تُبَرَّ. لَا تُبَرِّ. لَا تُبْرَرْ.

معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و واحد، تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَبَرَّا. لَا تَبَرُّوْا. لَا تَبَرِّیْ. لَا تَبَرَّا. اور مجہول میں: لَا تُبَرَّا. لَا تُبَرُّوْا. لَا تُبَرِّیْ. لَا تُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَبْرَرْنَ اور مجہول میں لَا تُبْرَرْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لَا يَبَرَّ. لَا يَبَرِّ. لَا يَبْرَرْ. لَا تَبَرَّ. لَا تَبَرِّ. لَا تَبْرَرْ. لَا أَبَرَّ. لَا أَبَرِّ. لَا أَبْرَرْ. لَا نَبَرَّ. لَا نَبَرِّ. لَا نَبْرَرْ.

اور مجہول میں: لَا يُبَرَّ. لَا يُبَرِّ. لَا يُبْرَرْ. لَا تُبَرَّ. لَا تُبَرِّ. لَا تُبْرَرْ. لَا أُبَرَّ. لَا أُبَرِّ. لَا أُبْرَرْ. لَا نُبَرَّ. لَا نُبَرِّ. لَا نُبْرَرْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَبَرَّا. لَا يَبَرُّوْا. لَا تَبَرَّا. اور مجہول میں: لَا يُبَرَّا. لَا يُبَرُّوْا. لَا تُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا يَبْرَرْنَ. اور مجہول میں: لَا يُبْرَرْنَ.

بحث اسم ظرف

مَبَرٌّ: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَبْرَرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَرٌّ بن گیا۔

مَبَرَّانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَبْـرَرَانِ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَرَّانِ بن گیا۔

مَبَارُّ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَبَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کو ساکن کر کے دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَارُّ بن گیا۔

مُبَيْرِرٌ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُبَیْرِرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مُبَیْرٌّ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

مِبَرٌّ :۔ صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِبْرَرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مِبَرٌّ بن گیا۔

مِبَرَّانِ : صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِبْــــرَرَانِ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مِبَرَّانِ بن گیا۔

مَبَارُّ : صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَبَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَارُّ بن گیا۔

مُبَیْرٌّ : صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُبَیْرِرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مُبَیْرٌّ بن گیا۔

مِبَرَّةٌ. مِبَرَّتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِبْرَرَةٌ. مِبْرَرَتَانِ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مِبَرَّةٌ. مِبَرَّتَانِ بن گئے۔

مَبَارُّ : صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَبَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَارُّ بن گیا۔

مُبَیْرَّةٌ : صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مُبَیْرِرَةٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مُبَیْرَّةٌ بن گیا۔

نوٹ: اسم آلہ کبریٰ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے مِبْرَارٌ. مِبْرَارَانِ. مَبَارِیْرُ. مُبَیْرِیْرٌ. اور مُبَیْرِیْرَةٌ ..

بحث اسم تفضیل مذکر

أَبَرُّ. أَبَرَّانِ. أَبَرُّوْنَ: صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں أَبْرَرُ. أَبْرَرَانِ. أَبْرَرُوْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کردیا تو أَبَرُّ. أَبَرَّانِ. أَبَرُّوْنَ بن گئے۔

أَبَارُّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں أَبَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو أَبَارُّ بن گیا۔

أُبَيِّرُّ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں أُبَيْرِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو أُبَيْرُّ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

بُرّیٰ. بُرَّيَانِ. بُرَّيَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں بُرْرىٰ. بُرْرَيَانِ. بُرْرَيَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی را کا دوسری را میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بُرَرٌ. بُرَيْرىٰ: صیغہ جمع مؤنث مکسر، واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل تعجب

مَا أَبَرَّهُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا أَبْرَرَهُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

أَبْرِرْ بِهٖ. بَرُرَ. بَرُرَتْ تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

بَارٌّ. بَارَّانِ. بَارُّوْنَ: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں بَارِرٌ. بَارِرَانِ. بَارِرُوْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بَرَّۃٌ. صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بَـرَرَۃٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو بَـرَّۃٌ بن گیا۔

بُرَّارٌ . بُرَّرٌ : صیغہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہیں۔

بُرٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بُرْرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی را کا دوسری را میں ادغام کر دیا تو بُرٌّ بن گیا۔

بُرَّاءُ : صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بُـرَرَاءُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلی را کا فتحہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو بُـرَّاءُ بن گیا۔

بُرَّانٌ : صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بُرْرَانٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی را کا دوسری را میں ادغام کر دیا تو بُرَّانٌ بن گیا۔

بِرَارٌ. بُرُوْرٌ. صیغہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بُوَیْرٌّ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں بُوَیْرِرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو بُوَیْرٌّ بن گیا۔

بَارَّۃٌ. بَارَّتَانِ. بَارَّاتٌ. صیغہائے واحد، تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں بَـارِرَۃٌ. بَارِرَتَانِ. بَارِرَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بَوَارُّ : صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بَـوَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو بَـوَارُّ بن گیا۔

بُرَّرٌ. صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بُوَیْرَّۃٌ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں بُوَیْرِرَۃٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو بُوَیْرَّۃٌ

بن گیا۔

بحث اسم مفعول

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَبْرُوْرٌ. مَبْرُوْرَانِ. مَبْرُوْرُوْنَ. مَبْرُوْرَةٌ. مَبْرُوْرَتَانِ. مَبْرُوْرَاتٌ. مَبَارِيْرُ. مُبَيْرِيْرٌ. مُبَيْرِيْرَةٌ.

☆☆☆☆

ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مضاعف ثلاثی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلْاِمْتِدَادُ (لمبا ہونا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِمْتَدَّ. اِمْتَدَّا. اِمْتَدُّوْا. اِمْتَدَّتْ. اِمْتَدَّتَا: صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِمْتَدَدَ. اِمْتَدَدَا. اِمْتَدَدُوْا. اِمْتَدَدَتْ. اِمْتَدَدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِمْتَدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اِمْتَدَدْتَّ. اِمْتَدَدْتُّمَا. اِمْتَدَدْتُّمْ. اِمْتَدَدْتِّ. اِمْتَدَدْتُّمَا. اِمْتَدَدْتُّنَّ. اِمْتَدَدْتُّ. (صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر واحد متکلم)

اصل میں اِمْتَدَدْتَ. اِمْتَدَدْتُمَا. اِمْتَدَدْتُمْ. اِمْتَدَدْتِ. اِمْتَدَدْتُمَا. اِمْتَدَدْتُنَّ. اِمْتَدَدْتُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِمْتَدَدْنَا: صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُمْتُدَّ. اُمْتُدَّا. اُمْتُدُّوْا. اُمْتُدَّتْ. اُمْتُدَّتَا: صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُمْتُدِدَ. اُمْتُدِدَا. اُمْتُدِدُوْا. اُمْتُدِدَتْ. اُمْتُدِدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُمْتُدِدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اُمْتُدِدْتَّ. اُمْتُدِدْتُّمَا. اُمْتُدِدْتُّمْ. اُمْتُدِدْتِّ. اُمْتُدِدْتُّمَا. اُمْتُدِدْتُّنَّ. اُمْتُدِدْتُّ. (صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر واحد متکلم)

اصل میں اُمْتُدِدْتَ. اُمْتُدِدْتُمَا. اُمْتُدِدْتُمْ. اُمْتُدِدْتِ. اُمْتُدِدْتُمَا. اُمْتُدِدْتُنَّ. اُمْتُدِدْتُ تھے۔ مضاعف کے

قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تا میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُمْتُدِدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے صیغوں کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں یَمْتَدِدُ. یَمْتَدِدَانِ. یَمْتَدِدُوْنَ. تَمْتَدِدُ. تَمْتَدِدَانِ. تَمْتَدِدُ. تَمْتَدِدَانِ. تَمْتَدِدُوْنَ. تَمْتَدِدِیْنَ. تَمْتَدِدَانِ . اَمْتَدِدُ. نَمْتَدِدُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو یَمْتَدُّ. یَمْتَدَّانِ. یَمْتَدُّوْنَ. تَمْتَدُّ. تَمْتَدَّانِ. تَمْتَدُّ. تَمْتَدَّانِ. تَمْتَدُّوْنَ. تَمْتَدِّیْنَ. تَمْتَدَّانِ . اَمْتَدُّ. نَمْتَدُّ. بن گئے۔

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: یَمْتَدِدْنَ. تَمْتَدِدْنَ .

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے صیغوں کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں یُمْتَدَدُ. یُمْتَدَدَانِ. یُمْتَدَدُوْنَ. تُمْتَدَدُ. تُمْتَدَدَانِ. تُمْتَدَدُ. تُمْتَدَدَانِ. تُمْتَدَدُوْنَ. تُمْتَدَدِیْنَ. تُمْتَدَدَانِ . اُمْتَدَدُ. نُمْتَدَدُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو یُمْتَدُّ. یُمْتَدَّانِ. یُمْتَدُّوْنَ. تُمْتَدُّ. تُمْتَدَّانِ. تُمْتَدُّ. تُمْتَدَّانِ. تُمْتَدُّوْنَ. تُمْتَدِّیْنَ. تُمْتَدَّانِ . اُمْتَدُّ. نُمْتَدُّ بن گئے۔

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: یُمْتَدَدْنَ. تُمْتَدَدْنَ .

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ' کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ یَمْتَدَّ. لَمْ تَمْتَدَّ . لَمْ اَمْتَدَّ. لَمْ نَمْتَدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ یَمْتَدِّ. لَمْ تَمْتَدِّ . لَمْ اَمْتَدِّ. لَمْ نَمْتَدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ یَمْتَدِدْ. لَمْ تَمْتَدِدْ . لَمْ اَمْتَدِدْ. لَمْ نَمْتَدِدْ.

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ یُمْتَدَّ. لَمْ تُمْتَدَّ . لَمْ اُمْتَدَّ. لَمْ نُمْتَدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ یُمْتَدِّ. لَمْ تُمْتَدِّ . لَمْ اُمْتَدِّ. لَمْ نُمْتَدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ یُمْتَدَدْ. لَمْ تُمْتَدَدْ . لَمْ اُمْتَدَدْ. لَمْ نُمْتَدَدْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَمْتَدَّا. لَمْ يَمْتَدُّوْا. لَمْ تَمْتَدَّا. لَمْ تَمْتَدُّوْا. لَمْ تَمْتَدِّىْ. لَمْ تَمْتَدَّا.

اور مجہول میں: لَمْ يُمْتَدَّا. لَمْ يُمْتَدُّوْا. لَمْ تُمْتَدَّا. لَمْ تُمْتَدُّوْا. لَمْ تُمْتَدِّىْ. لَمْ تُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ. يَمْتَدِدْنَ. لَمْ تَمْتَدِدْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُمْتَدَدْنَ. لَمْ تُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّمْتَدَّ. لَنْ تَمْتَدَّ. لَنْ اَمْتَدَّ. لَنْ نَّمْتَدَّ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّمْتَدَّ. لَنْ تُمْتَدَّ. لَنْ اُمْتَدَّ. لَنْ نُّمْتَدَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّمْتَدَّا. لَنْ يَّمْتَدُّوْا. لَنْ تَمْتَدَّا. لَنْ تَمْتَدُّوْا. لَنْ تَمْتَدِّىْ. لَنْ تَمْتَدَّا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّمْتَدَّا. لَنْ يُّمْتَدُّوْا. لَنْ تُمْتَدَّا. لَنْ تُمْتَدُّوْا. لَنْ تُمْتَدِّىْ. لَنْ تُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّمْتَدِدْنَ. لَنْ تَمْتَدِدْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُّمْتَدَدْنَ. لَنْ تُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَمْتَدَّنَّ. لَتَمْتَدَّنَّ. لَاَمْتَدَّنَّ. لَنَمْتَدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَمْتَدَّنْ. لَتَمْتَدَّنْ. لَاَمْتَدَّنْ. لَنَمْتَدَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُمْتَدَّنَّ. لَتُمْتَدَّنَّ. لَاُمْتَدَّنَّ. لَنُمْتَدَّنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں :لَیُمْتَدَّنْ. لَتُمْتَدَّنْ. لَأُمْتَدَّنْ. لَنُمْتَدَّنْ .

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کرنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں :لَیَمْتَدُّنَّ. لَتَمْتَدُّنَّ. لَیَمْتَدُّنْ. لَتَمْتَدُّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں :لَیُمْتَدُّنَّ. لَتُمْتَدُّنَّ. لَیُمْتَدُّنْ. لَتُمْتَدُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کرنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں :لَتَمْتَدِنَّ. لَتَمْتَدِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں : لَتُمْتَدِنَّ. لَتُمْتَدِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَمْتَدَّانِّ. لَتَمْتَدَّانِّ. لَیَمْتَدِدْنَانِّ. لَتَمْتَدَّانِّ. لَتَمْتَدِدْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں :لَیُمْتَدَّانِّ. لَتُمْتَدَّانِّ. لَیُمْتَدَدْنَانِّ. لَتُمْتَدَّانِّ. لَتُمْتَدَدْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِمْتَدَّ ، اِمْتَدِّ ، اِمْتَدِدْ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

فعل مضارع حاضر معروف تَمْتَدُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو گئے ۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے۔اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے جیسے: اِمْتَدَّ ، اِمْتَدِّ ، اِمْتَدِدْ۔

اِمْتَدَّا : صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْتَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِمْتَدَّا بن گیا۔

اِمْتَدُّوْا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْتَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِمْتَدُّوْا بن گیا۔

اِمْتَدِّیْ : صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْتَدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِمْتَدِّیْ بن گیا۔

اِمْتَدِدْنَ : صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْتَدِدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِمْتَدِدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے :لِتُمْتَدَّ. لِتُمْتَدِّ. لِتُمْتَدَدْ.

چار صیغوں (تثنیہ، جمع مذکر، واحد، تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے :لِتُمْتَدَّا. لِتُمْتَدُّوْا. لِتُمْتَدِّیْ. لِتُمْتَدَّا صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لِتُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں :لِیَمْتَدَّ. لِتَمْتَدَّ. لِاَمْتَدَّ. لِنَمْتَدَّ. لِیَمْتَدِّ. لِتَمْتَدِّ. لِاَمْتَدِّ. لِنَمْتَدِّ. لِیَمْتَدِدْ. لِتَمْتَدِدْ. لِاَمْتَدِدْ. لِنَمْتَدِدْ. اور مجہول میں :لِیُمْتَدَّ. لِتُمْتَدَّ. لِاُمْتَدَّ. لِنُمْتَدَّ. لِیُمْتَدِّ. لِتُمْتَدِّ. لِاُمْتَدِّ. لِنُمْتَدِّ. لِیُمْتَدَدْ. لِتُمْتَدَدْ. لِاُمْتَدَدْ. لِنُمْتَدَدْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں :لِیَمْتَدَّا. لِیَمْتَدُّوْا. لِتَمْتَدَّا. اور مجہول میں :لِیُمْتَدَّا. لِیُمْتَدُّوْا. لِتُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِیَمْتَدِدْنَ. اور مجہول میں: لِیُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دوساکن جمع ہوجائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسے معروف میں: لاَ تَمْتَدَّ. لاَ تَمْتَدِّ. لاَ تَمْتَدِدْ. اور مجہول میں: لاَ تُمْتَدَّ. لاَ تُمْتَدِّ. لاَ تُمْتَدَدْ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد' تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ تَمْتَدَّا. لاَ تَمْتَدُّوْا. لاَ تَمْتَدِّیْ. لاَ تَمْتَدَّا. اور مجہول میں: لاَ تُمْتَدَّا. لاَ تُمْتَدُّوْا. لاَ تُمْتَدِّیْ. لاَ تُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ تَمْتَدِدْنَ اور مجہول میں لاَ تُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہوجائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ یَمْتَدَّ. لاَ تَمْتَدَّ. لاَ أَمْتَدَّ. لاَ نَمْتَدَّ. لاَ یَمْتَدِّ. لاَ تَمْتَدِّ. لاَ أَمْتَدِّ. لاَ نَمْتَدِّ. لاَ یَمْتَدِدْ. لاَ تَمْتَدِدْ. لاَ أَمْتَدِدْ. لاَ نَمْتَدِدْ. اور مجہول میں: لاَ یُمْتَدَّ. لاَ تُمْتَدَّ. لاَ أُمْتَدَّ. لاَ نُمْتَدَّ. لاَ یُمْتَدِّ. لاَ تُمْتَدِّ. لاَ أُمْتَدِّ. لاَ نُمْتَدِّ. لاَ یُمْتَدَدْ. لاَ تُمْتَدَدْ. لاَ أُمْتَدَدْ. لاَ نُمْتَدَدْ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَمْتَدَّا. لاَ یَمْتَدُّوْا. لاَ تَمْتَدَّا. اور مجہول میں: لاَ یُمْتَدَّا. لاَ یُمْتَدُّوْا. لاَ تُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ یَمْتَدِدْنَ. اور مجہول میں: لاَ یُمْتَدَدْنَ.

بحث اسم ظرف

مُمْتَدٌّ. مُمْتَدَّانِ. مُمْتَدَّاتٌ :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُمْتَدَدٌ. مُمْتَدَدَانِ. مُمْتَدَدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُمْتَدٌّ. مُمْتَدَّانِ. مُمْتَدُّوْنَ. مُمْتَدَّةٌ. مُمْتَدَّتَانِ. مُمْتَدَّاتٌ :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُمْتَدِدٌ. مُمْتَدِدَانِ. مُمْتَدِدُوْنَ. مُمْتَدِدَةٌ. مُمْتَدِدَتَانِ. مُمْتَدِدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُمْتَدٌّ. مُمْتَدَّانِ. مُمْتَدُّوْنَ. مُمْتَدَّةٌ. مُمْتَدَّتَانِ. مُمْتَدَّاتٌ:صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُمْتَدَدٌ. مُمْتَدَدَانِ. مُمْتَدَدُوْنَ. مُمْتَدَدَةٌ. مُمْتَدَدَتَانِ. مُمْتَدَدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مضاعف ثلاثی از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِمْدَادُ (مدد چاہنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَمَدَّ. اِسْتَمَدَّا . اِسْتَمَدُّوْا. اِسْتَمَدَّتْ. اِسْتَمَدَّتَا:۔صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر غائب واحد وتثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِسْتَمْدَدَ . اِسْتَمْدَدَا. اِسْتَمْدَدُوْا. اِسْتَمْدَدَتْ. اِسْتَمْدَدَتَا تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِسْتَمْدَدْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اِسْتَمْدَدْتَ. اِسْتَمْدَدْتُمَا. اِسْتَمْدَدْتُمْ. اِسْتَمْدَدْتِ. اِسْتَمْدَدْتُمَا. اِسْتَمْدَدْتُنَّ. اِسْتَمْدَدْتُ. صیغہائے واحد تثنیہ جمع مذکر ومؤنث حاضر واحد متکلم۔

اصل میں اِسْتَمْدَدْتَ. اِسْتَمْدَدْتُمَا. اِسْتَمْدَدْتُمْ. اِسْتَمْدَدْتِ. اِسْتَمْدَدْتُمَا. اِسْتَمْدَدْتُنَّ.

اِسْتَمْدَدْتُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تا میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِسْتَمْدَدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُمِدَّ. اُسْتُمِدَّا . اُسْتُمِدُّوْا. اُسْتُمِدَّتْ. اُسْتُمِدَّتَا : صیغہائے واحد' تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں اُسْتُمْدِدَ . اُسْتُمْدِدَا. اُسْتُمْدِدُوْا. اُسْتُمْدِدَتْ. اُسْتُمْدِدَتَا تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُسْتُمْدِدْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اُسْتُمْدِدُّ. اُسْتُمْدِدُّمَا. اُسْتُمْدِدُّمْ. اُسْتُمْدِدِّ. اُسْتُمْدِدُّمَا. اُسْتُمْدِدُّنَّ. اُسْتُمْدِدُّ. صیغہائے واحد' تثنیہ جمع مذکر ومؤنث حاضر' واحد متکلم

اصل میں اُسْتُمْدِدْتَ. اُسْتُمْدِدْتُمَا. اُسْتُمْدِدْتُمْ. اُسْتُمْدِدْتِ. اُسْتُمْدِدْتُمَا. اُسْتُمْدِدْتُنَّ. اُسْتُمْدِدْتُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُسْتُمْدِدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں یَسْتَمْدِدُ. یَسْتَمْدِدَانِ. یَسْتَمْدِدُوْنَ. تَسْتَمْدِدُ. تَسْتَمْدِدَانِ. تَسْتَمْدِدُ. تَسْتَمْدِدَانِ. تَسْتَمْدِدُوْنَ. تَسْتَمْدِدِيْنَ. تَسْتَمْدِدَانِ . اَسْتَمْدِدُ. نَسْتَمْدِدُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو یَسْتَمِدُّ. یَسْتَمِدَّانِ. یَسْتَمِدُّوْنَ. تَسْتَمِدُّ. تَسْتَمِدَّانِ. تَسْتَمِدُّ. تَسْتَمِدَّانِ. تَسْتَمِدُّوْنَ. تَسْتَمِدِّيْنَ. تَسْتَمِدَّانِ . اَسْتَمِدُّ. نَسْتَمِدُّ بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے یَسْتَمْدِدْنَ. تَسْتَمْدِدْنَ.

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں یُسْتَمْدَدُ. یُسْتَمْدَدَانِ. یُسْتَمْدَدُوْنَ. تُسْتَمْدَدُ. تُسْتَمْدَدَانِ. تُسْتَمْدَدُ. تُسْتَمْدَدَانِ. تُسْتَمْدَدُوْنَ. تُسْتَمْدَدِيْنَ. تُسْتَمْدَدَانِ . اُسْتَمْدَدُ. نُسْتَمْدَدُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو

يُسْتَمَدُّ. يُسْتَمَدَّانِ. يُسْتَمَدُّوْنَ. تُسْتَمَدُّ. تُسْتَمَدَّانِ. تُسْتَمَدُّ. تُسْتَمَدَّانِ. تُسْتَمَدُّوْنَ. تُسْتَمَدِّيْنَ. تُسْتَمَدَّانِ. اُسْتَمَدُّ. نُسْتَمَدُّ بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: يُسْتَمْدَدْنَ. تُسْتَمْدَدْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کے آخر کو فتحہ، کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمِدَّ. لَمْ تَسْتَمِدَّ. لَمْ اَسْتَمِدَّ. لَمْ نَسْتَمِدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمِدِّ. لَمْ تَسْتَمِدِّ. لَمْ اَسْتَمِدِّ. لَمْ نَسْتَمِدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمْدِدْ. لَمْ تَسْتَمْدِدْ. لَمْ اَسْتَمْدِدْ. لَمْ نَسْتَمْدِدْ.

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُسْتَمَدَّ. لَمْ تُسْتَمَدَّ. لَمْ اُسْتَمَدَّ. لَمْ نُسْتَمَدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُسْتَمَدِّ. لَمْ تُسْتَمَدِّ. لَمْ اُسْتَمَدِّ. لَمْ نُسْتَمَدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ يُسْتَمْدَدْ. لَمْ تُسْتَمْدَدْ. لَمْ اُسْتَمْدَدْ. لَمْ نُسْتَمْدَدْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمِدَّا. لَمْ يَسْتَمِدُّوْا. لَمْ تَسْتَمِدَّا. لَمْ تَسْتَمِدُّوْا. لَمْ تَسْتَمِدِّيْ. لَمْ تَسْتَمِدَّا.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَمَدَّا. لَمْ يُسْتَمَدُّوْا. لَمْ تُسْتَمَدَّا. لَمْ تُسْتَمَدُّوْا. لَمْ تُسْتَمَدِّيْ. لَمْ تُسْتَمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمْدِدْنَ. لَمْ تَسْتَمْدِدْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُسْتَمْدَدْنَ. لَمْ تُسْتَمْدَدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَمِدَّ. لَنْ تَسْتَمِدَّ. لَنْ اَسْتَمِدَّ. لَنْ نَّسْتَمِدَّ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَمَدَّ. لَنْ تُسْتَمَدَّ. لَنْ اُسْتَمَدَّ. لَنْ نُّسْتَمَدَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَمِدَّا. لَنْ يَّسْتَمِدُّوْا. لَنْ تَسْتَمِدَّا. لَنْ تَسْتَمِدُّوْا. لَنْ تَسْتَمِدِّیْ. لَنْ تَسْتَمِدَّا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَمَدَّا. لَنْ يُّسْتَمَدُّوْا. لَنْ تُسْتَمَدَّا. لَنْ تُسْتَمَدُّوْا. لَنْ تُسْتَمَدِّیْ. لَنْ تُسْتَمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَمْدِدْنَ. لَنْ تَسْتَمْدِدْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَمْدَدْنَ. لَنْ تُسْتَمْدَدْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَمِدَّنَّ. لَتَسْتَمِدَّنَّ. لَأَسْتَمِدَّنَّ. لَنَسْتَمِدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَمِدَّنْ. لَتَسْتَمِدَّنْ. لَأَسْتَمِدَّنْ. لَنَسْتَمِدَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَمَدَّنَّ. لَتُسْتَمَدَّنَّ. لَأُسْتَمَدَّنَّ. لَنُسْتَمَدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَمَدَّنْ. لَتُسْتَمَدَّنْ. لَأُسْتَمَدَّنْ. لَنُسْتَمَدَّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيَسْتَمِدُّنَّ. لَتَسْتَمِدُّنَّ. لَيَسْتَمِدُّنْ. لَتَسْتَمِدُّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَمَدُّنَّ. لَتُسْتَمَدُّنَّ. لَيُسْتَمَدُّنْ. لَتُسْتَمَدُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یا گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یا کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَسْتَمِدِّنَّ. لَتَسْتَمِدِّنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُسْتَمَدِّنَّ. لَتُسْتَمَدِّنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَمِدَّانِّ. لَتَسْتَمِدَّانِّ. لَيَسْتَمْدِدْنَانِّ. لَتَسْتَمِدَّانِّ. لَتَسْتَمْدِدْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَمَدَّانِّ. لَتُسْتَمَدَّانِّ. لَيُسْتَمْدَدْنَانِّ. لَتُسْتَمَدَّانِّ. لَتُسْتَمْدَدْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَمِدَّ ، اِسْتَمِدِّ ، اِسْتَمْدِدْ :۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمِدُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو تین طریقوں سے پڑھا جاسکتا ہے۔ یعنی آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے۔

اِسْتَمِدَّا : صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمِدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَمِدَّا بن گیا۔

اِسْتَمِدُّوْا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمِدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَمِدُّوْا بن گیا۔

اِسْتَمِدِّیْ : صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمِدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَمِدِّیْ بن گیا۔

اِسْتَمْدِدْنَ : صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمْدِدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِسْتَمْدِدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُسْتَمَدَّ. لِتُسْتَمَدِّ. لِتُسْتَمْدَدْ.

چار صیغوں (تثنیہ جمع مذکر' واحد' تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لِتُسْتَمَدَّا. لِتُسْتَمَدُّوْا.

لِتُستَمَدِّی. لِتُستَمَدَّا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لِتُستَمْدَدْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَستَمِدَّ. لِتَستَمِدَّ. لِأَستَمِدَّ. لِنَستَمِدَّ.

لِیَستَمِدِّ. لِتَستَمِدِّ. لِأَستَمِدِّ. لِنَستَمِدِّ.

لِیَستَمْدِدْ. لِتَستَمْدِدْ. لِأَستَمْدِدْ. لِنَستَمْدِدْ.

اور مجہول میں: لِیُستَمَدَّ. لِتُستَمَدَّ. لِأُستَمَدَّ. لِنُستَمَدَّ.

لِیُستَمَدِّ. لِتُستَمَدِّ. لِأُستَمَدِّ. لِنُستَمَدِّ.

لِیُستَمْدَدْ. لِتُستَمْدَدْ. لِأُستَمْدَدْ. لِنُستَمْدَدْ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَستَمِدَّا. لِیَستَمِدُّوْا. لِتَستَمِدَّا. اور مجہول میں: لِیُستَمَدَّا. لِیُستَمَدُّوْا. لِتُستَمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِیَستَمْدِدْنَ. اور مجہول میں: لِیُستَمْدَدْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے معروف میں: لاَ تَستَمِدَّ. لاَ تَستَمِدِّ. لاَ تَستَمْدِدْ. اور مجہول میں: لاَ تُستَمَدَّ. لاَ تُستَمَدِّ. لاَ تُستَمْدَدْ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد' تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ تَستَمِدَّا. لاَ تَستَمِدُّوْا. لاَ تَستَمِدِّی. لاَ تَستَمِدَّا. اور مجہول میں: لاَ تُستَمَدَّا. لاَ تُستَمَدُّوْا. لاَ تُستَمَدِّی. لاَ تُستَمَدَّا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ تَستَمْدِدْنَ

اور مجہول میں لاَ تُستَمْدِدْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ يَستَمِدَّ. لاَ تَستَمِدَّ. لاَ أَستَمِدَّ. لاَ نَستَمِدَّ.

لاَ يَستَمِدِّ. لاَ تَستَمِدِّ. لاَ أَستَمِدِّ. لاَ نَستَمِدِّ.

لاَ يَستَمْدِدْ. لاَ تَستَمْدِدْ. لاَ أَستَمْدِدْ. لاَ نَستَمْدِدْ.

اور مجہول میں: لاَ يُستَمَدَّ. لاَ تُستَمَدَّ. لاَ أُستَمَدَّ. لاَ نُستَمَدَّ.

لاَ يُستَمَدِّ. لاَ تُستَمَدِّ. لاَ أُستَمَدِّ. لاَ نُستَمَدِّ.

لاَ يُستَمْدَدْ. لاَ تُستَمْدَدْ. لاَ أُستَمْدَدْ. لاَ نُستَمْدَدْ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَستَمِدَّا. لاَ يَستَمِدُّوا. لاَ تَستَمِدَّا. اور مجہول میں: لاَ يُستَمَدَّا. لاَ يُستَمَدُّوا. لاَ تُستَمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ يَستَمْدِدْنَ. اور مجہول میں: لاَ يُستَمْدَدْنَ.

بحث اسم ظرف

مُستَمَدٌّ. مُستَمَدَّانِ. مُستَمَدَّاتٌ: صیغہ واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُستَمْدَدٌ. مُستَمْدَدَانِ. مُستَمْدَدَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُستَمِدٌّ. مُستَمِدَّانِ. مُستَمِدُّونَ. مُستَمِدَّةٌ. مُستَمِدَّتَانِ. مُستَمِدَّاتٌ: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔ اصل میں مُستَمْدِدٌ. مُستَمْدِدَانِ. مُستَمْدِدُونَ. مُستَمْدِدَةٌ. مُستَمْدِدَتَانِ. مُستَمْدِدَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَمَدٌّ. مُسْتَمَدَّانِ. مُسْتَمَدُّوْنَ. مُسْتَمَدَّةٌ. مُسْتَمَدَّتَانِ. مُسْتَمَدَّاتٌ :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔اصل میں مُسْتَمْدَدٌ. مُسْتَمْدَدَانِ. مُسْتَمْدَدُوْنَ. مُسْتَمْدَدَةٌ. مُسْتَمْدَدَتَانِ. مُسْتَمْدَدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مضاعف ثلاثی از باب اِنْفِعَالٌ جیسے اَلْاِنْسِدَادُ (بند ہونا)

صرف کبیر فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِنْسَدَّ. اِنْسَدَّا : اِنْسَدُّوْا. اِنْسَدَّتْ. اِنْسَدَّتَا :۔صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِنْسَدَدَ. اِنْسَدَدَا. اِنْسَدَدُوْا. اِنْسَدَدَتْ. اِنْسَدَدَتَا تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِنْسَدَدْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اِنْسَدَدْتَ. اِنْسَدَدْتُمَا. اِنْسَدَدْتُمْ. اِنْسَدَدْتِ. اِنْسَدَدْتُمَا. اِنْسَدَدْتُنَّ. اِنْسَدَدْتُ. صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر واحد متکلم۔

اصل میں اِنْسَدَدْتَ. اِنْسَدَدْتُمَا. اِنْسَدَدْتُمْ. اِنْسَدَدْتِ. اِنْسَدَدْتُمَا. اِنْسَدَدْتُنَّ. اِنْسَدَدْتُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِنْسَدَدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُنْسُدَّ بِہٖ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُنْسُدِدَ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو اُنْسُدَّ بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں یَنْسَدِدُ. یَنْسَدِدَانِ. یَنْسَدِدُوْنَ. تَنْسَدِدُ. تَنْسَدِدَانِ. تَنْسَدِدُ. تَنْسَدِدَانِ. تَنْسَدِدُوْنَ. تَنْسَدِدِیْنَ. تَنْسَدِدَانِ. اَنْسَدِدُ. نَنْسَدِدُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو یَنْسَدُّ. یَنْسَدَّانِ. یَنْسَدُّوْنَ. تَنْسَدُّ. تَنْسَدَّانِ. تَنْسَدُّ. تَنْسَدَّانِ. تَنْسَدُّوْنَ. تَنْسَدِّیْنَ. تَنْسَدَّانِ. اَنْسَدُّ. نَنْسَدُّ. بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: یَنْسَدِدْنَ. تَنْسَدِدْنَ.

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُنْسَدُّ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں یُنْسَدَدُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو یُنْسَدُّ بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ، کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے: لَمْ یَنْسَدَّ. لَمْ تَنْسَدَّ. لَمْ اَنْسَدَّ. لَمْ نَنْسَدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے: لَمْ یَنْسَدِّ. لَمْ تَنْسَدِّ. لَمْ اَنْسَدِّ. لَمْ نَنْسَدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لَمْ یَنْسَدِدْ. لَمْ تَنْسَدِدْ. لَمْ اَنْسَدِدْ. لَمْ نَنْسَدِدْ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَمْ یَنْسَدَّا. لَمْ یَنْسَدُّوْا. لَمْ تَنْسَدَّا. لَمْ تَنْسَدُّوْا. لَمْ تَنْسَدِّیْ. لَمْ تَنْسَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ یَنْسَدِدْنَ. لَمْ تَنْسَدِدْنَ.

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول یُنْسَدُّ بِہٖ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا۔ جس نے آخر کو جزم دی تو دو ساکن جمع ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کے آخر کو فتحہ، کسرہ دے کر اور بغیر ادغام کے بھی پڑھا

جا سکتا ہے۔

جیسے: لَمْ يُنْسَدَّ بِهٖ. لَمْ يُنْسَدِّ بِهٖ . لَمْ يُنْسَدَدْ بِهٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے: لَنْ يَّنْسَدَّ. لَنْ تَنْسَدَّ. لَنْ أَنْسَدَّ. لَنْ نَّنْسَدَّ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب و حاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے:

لَنْ يَّنْسَدَّا. لَنْ يَّنْسَدُّوْا. لَنْ تَنْسَدَّا. لَنْ تَنْسَدُّوْا. لَنْ تَنْسَدِّيْ. لَنْ تَنْسَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَنْ يَّنْسَدِدْنَ. لَنْ تَنْسَدِدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول يُنْسَدُّ بِهٖ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیا۔ جس نے آخر کو نصب دیا۔ جیسے: لَنْ يُّنْسَدَّ بِهٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَيَنْسَدَّنَّ. لَتَنْسَدَّنَّ. لَأَنْسَدَّنَّ. لَنَنْسَدَّنَّ .

اور نون تاکید خفیفہ میں: لَيَنْسَدَّنْ. لَتَنْسَدَّنْ. لَأَنْسَدَّنْ. لَنَنْسَدَّنْ .

صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ میں: لَيَنْسَدُّنَّ. لَتَنْسَدُّنَّ. لَيَنْسَدُّنْ. لَتَنْسَدُّنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ میں: لَتَنْسَدِّنَّ. لَتَنْسَدِّنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب و حاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَيُنسَدَّانِّ. لَتُنسَدَّانِّ. لَيُنسَدِدْنَانِّ. لَتُنسَدَّانِّ. لَتُنسَدِدْنَانِّ۔

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لامَ تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیا۔

جیسے: لَيُنسَدَّنَّ بِهٖ. لَيُنسَدَّنْ بِهٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِنْسَدَّ. اِنْسَدِّ. اِنْسَدِدْ:- صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو تین طرح سے پڑھا جا سکتا ہے۔

(۱) دوسرے دال کو فتحہ دے کر جیسے: اِنْسَدَّ.

(۲) دوسرے دال کو کسرہ دے کر جیسے: اِنْسَدِّ.

(۳) بغیر ادغام کے جیسے: اِنْسَدِدْ.

اِنْسَدَّا : صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِنْسَدَّا بن گیا۔

اِنْسَدُّوْا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِنْسَدُّوْا بن گیا۔

اِنْسَدِّیْ : صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِنْسَدِّیْ بن گیا۔

اِنْسَدِدْنَ : صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدِدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا یا تو اِنْسَدِدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی

عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول تُنْسَدُّ بِکَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا۔اس صیغہ کا آخر ساکن ہو گیا۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے: لِتُنْسَدَّ بِکَ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے: لِتُنْسَدِّ بِکَ.

اس صیغہ کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لِتُنْسَدَدْ بِکَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَنْسَدَّ. لِتَنْسَدَّ. لِأَنْسَدَّ. لِنَنْسَدَّ.

لِیَنْسَدِّ. لِتَنْسَدِّ. لِأَنْسَدِّ. لِنَنْسَدِّ.

لِیَنْسَدِدْ. لِتَنْسَدِدْ. لِأَنْسَدِدْ. لِنَنْسَدِدْ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِیَنْسَدَّا. لِیَنْسَدُّوْا. لِتَنْسَدَّا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے: لِیَنْسَدِدْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول غائب و متکلم سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے: لِیُنْسَدَّ بِهٖ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے: لِیُنْسَدِّ بِهٖ.

اس صیغہ کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے :لِیُنْسَدَدْ بِہٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے ۔صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے ۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے پڑھا جا سکتا ہے۔جیسے معروف میں :لاَ تَنْسَدَّ . لاَ تَنْسَدِّ . لاَ تَنْسَدِدْ .

چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر' واحد' تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔جیسے میں :لاَ تَنْسَدَّا . لاَ تَنْسَدُّوْا . لاَ تَنْسَدِّیْ . لاَ تَنْسَدَّا . صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے :لاَ تَنْسَدِدْنَ ۔

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول تُنْسَدُّ بِکَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگادیا۔اس کا آخر ساکن ہو گیا۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے :لاَ تُنْسَدَّ بِکَ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے :لاَ تُنْسَدِّ بِکَ.

اس صیغہ کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے :لاَ تُنْسَدَدْ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا۔ جیسے: لِتُسْتَخَرْ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لِتُسْتَخَارَا. لِتُسْتَخَارُوْا. لِتُسْتَخَارِيْ. لِتُسْتَخَارَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے لِتُسْتَخَرْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے یاء اور مجہول سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں لِيَسْتَخِرْ. لِتَسْتَخِرْ. لِاَسْتَخِرْ. لِنَسْتَخِرْ. اور مجہول میں لِيُسْتَخَرْ. لِتُسْتَخَرْ. لِاُسْتَخَرْ. لِنُسْتَخَرْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لِيَسْتَخِيرَا. لِيَسْتَخِيرُوْا. لِتَسْتَخِيرَا. اور مجہول میں لِيُسْتَخَارَا. لِيُسْتَخَارُوْا. لِتُسْتَخَارَا. صیغہ جمع مؤنث کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لِيَسْتَخِرْنَ اور مجہول میں لِيُسْتَخَرْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے یاء اور مجہول سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں لاَ تَسْتَخِرْ. اور مجہول میں لاَ تُسْتَخَرْ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لاَ تَسْتَخِيرَا. لاَ تَسْتَخِيرُوْا. لاَ تَسْتَخِيرِىْ. لاَ تَسْتَخِيرَا. اور مجہول میں لاَ تُسْتَخَارَا. لاَ تُسْتَخَارُوْا. لاَ تُسْتَخَارِىْ. لاَ تُسْتَخَارَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لاَ تَسْتَخِرْنَ. اور مجہول میں لاَ تُسْتَخَرْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے یاء اور مجہول سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں لاَ يَسْتَخِرْ. لاَ تَسْتَخِرْ. لاَ اَسْتَخِرْ. لاَ نَسْتَخِرْ. اور مجہول میں لاَ يُسْتَخَرْ. لاَ تُسْتَخَرْ. لاَ اُسْتَخَرْ. لاَ نُسْتَخَرْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لاَ يَسْتَخِيرَا. لاَ يَسْتَخِيرُوْا. لاَ تَسْتَخِيرَا. اور مجہول میں لاَ يُسْتَخَارَا. لاَ يُسْتَخَارُوْا. لاَ تُسْتَخَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کیوجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لاَ يَسْتَخِرْنَ اور مجہول میں لاَ يُسْتَخَرْنَ.

نوٹ: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر اور فعل نہی کے آخر میں بھی آئیں

گے جیسے:اِسْتَخِیْرَنَّ. لِتُسْتَخَارَنَّ. لِیَسْتَخِیْرَنَّ. لِیُسْتَخَارَنَّ. لَا تَسْتَخِیْرَنَّ. لَا تُسْتَخَارَنَّ لَا یَسْتَخِیْرَنَّ. لَا یُسْتَخَارَنَّ. اِسْتَخِیْرَنْ. لِتُسْتَخَارَنْ. لِیَسْتَخِیْرَنْ. لِیُسْتَخَارَنْ. لَا تَسْتَخِیْرَنْ. لَا تُسْتَخَارَنْ. لَا یَسْتَخِیْرَنْ. لَا یُسْتَخَارَنْ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَخَارٌ. مُسْتَخَارَانِ. مُسْتَخَارَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَخْیَرٌ. مُسْتَخْیَرَانِ. مُسْتَخْیَرَاتٌ. تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَخِیْرٌ. مُسْتَخِیْرَانِ. مُسْتَخِیْرُوْنَ. مُسْتَخِیْرَةٌ. مُسْتَخِیْرَتَانِ. مُسْتَخِیْرَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَخْیِرٌ. مُسْتَخْیِرَانِ. مُسْتَخْیِرُوْنَ. مُسْتَخْیِرَةٌ. مُسْتَخْیِرَتَانِ. مُسْتَخْیِرَاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یا کا کسرہ ماقبل کو دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَخَارٌ. مُسْتَخَارَانِ. مُسْتَخَارُوْنَ. مُسْتَخَارَةٌ. مُسْتَخَارَتَانِ. مُسْتَخَارَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔اصل میں مُسْتَخْیَرٌ. مُسْتَخْیَرَانِ. مُسْتَخْیَرُوْنَ. مُسْتَخْیَرَةٌ. مُسْتَخْیَرَتَانِ. مُسْتَخْیَرَاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل اجوف یائی از باب اِفْعَالٌ جیسے اَلْاِطَارَةُ (اڑانا)

اِطَارَةٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل اجوف یائی از باب اِفْعَالٌ۔تعلیل کا پہلا طریقہ اصل میں اِطْیَرَةٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِطَارَةٌ بن گیا۔

تعلیل کا دوسرا طریقہ اصل میں اِطْیَارًا تھا۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 31 کے مطابق حذف شدہ الف کے بدلے آخر میں تاء لائے تو اِطَارَةٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اَطَارَ. اَطَارَا. اَطَارُوْا. اَطَارَتْ. اَطَارَتَا :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اَطْیَرَ. اَطْیَرَا. اَطْیَرُوْا. اَطْیَرَتْ. اَطْیَرَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اَطَرْنَ. اَطَرْتَ. اَطَرْتُمَا. اَطَرْتُمْ اَطَرْتِ . اَطَرْتُمَا. اَطَرْتُنَّ. اَطَرْتُ. اَطَرْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں اَطْیَرْنَ. اَطْیَرْتَ. اَطْیَرْتُمَا. اَطْیَرْتُمْ اَطْیَرْتِ . اَطْیَرْتُمَا. اَطْیَرْتُنَّ. اَطْیَرْتُ. اَطْیَرْنَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُطِیْرَ. اُطِیْرَا. اُطِیْرُوْا. اُطِیْرَتْ. اُطِیْرَتَا :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُطْیِرَ. اُطْیِرَا. اُطْیِرُوْا. اُطْیِرَتْ. اُطْیِرَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُطِرْنَ. اُطِرْتَ. اُطِرْتُمَا. اُطِرْتُمْ . اُطِرْتِ . اُطِرْتُمَا. اُطِرْتُنَّ. اُطِرْتُ. اُطِرْنَا.: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں اُطْیِرْنَ. اُطْیِرْتَ. اُطْیِرْتُمَا. اُطْیِرْتُمْ. اُطْیِرْتِ . اُطْیِرْتُمَا. اُطْیِرْتُنَّ. اُطْیِرْتُ. اُطْیِرْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یُطِیْرُ. یُطِیْرَانِ. یُطِیْرُوْنَ. تُطِیْرُ. تُطِیْرَانِ. تُطِیْرُ. تُطِیْرَانِ. تُطِیْرُوْنَ. تُطِیْرِیْنَ. تُطِیْرَانِ. اُطِیْرُ. نُطِیْرُ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث غائب، واحد وتثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُطْیِرُ. یُطْیِرَانِ. یُطْیِرُوْنَ. تُطْیِرُ. تُطْیِرَانِ. تُطْیِرُ. تُطْیِرَانِ. تُطْیِرُوْنَ. تُطْیِرِیْنَ. تُطْیِرَانِ. اُطْیِرُ. نُطْیِرُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُطِرْنَ. تُطِرْنَ. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُطْیِرْنَ. تُطْیِرْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو یُطِرْنَ. تُطِرْنَ بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُطَارُ. یُطَارَانِ. یُطَارُوْنَ. تُطَارُ. تُطَارَانِ. تُطَارُ. تُطَارَانِ. تُطَارُوْنَ. تُطَارِیْنَ. تُطَارَانِ. اُطَارُ. نُطَارُ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث غائب' واحد وتثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر' واحد وجمع متکلم

اصل میں یُطْیَرُ. یُطْیَرَانِ. یُطْیَرُوْنَ. تُطْیَرُ. تُطْیَرَانِ. تُطْیَرُ. تُطْیَرَانِ. تُطْیَرُوْنَ. تُطْیَرِیْنَ. تُطْیَرَانِ. اُطْیَرُ. نُطْیَرُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُطَرْنَ. تُطَرْنَ. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُطْیَرْنَ. تُطْیَرْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُطَرْنَ. تُطَرْنَ بن گئے۔

بحث نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر وواحد وجمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں سے الف گرا دیا۔ جیسے معروف میں لَمْ یُطِرْ. لَمْ تُطِرْ. لَمْ اُطِرْ. لَمْ نُطِرْ اور مجہول میں لَمْ یُطَرْ. لَمْ تُطَرْ. لَمْ اُطَرْ. لَمْ نُطَرْ. سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیا جیسے معروف میں لَمْ یُطِیْرَا. لَمْ یُطِیْرُوْا. لَمْ تُطِیْرَا. لَمْ تُطِیْرُوْا. لَمْ تُطِیْرِیْ. لَمْ تُطِیْرَا. اور مجہول میں لَمْ یُطَارَا. لَمْ یُطَارُوْا. لَمْ تُطَارَا. لَمْ تُطَارُوْا. لَمْ تُطَارِیْ. لَمْ تُطَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یُطِرْنَ. لَمْ تُطِرْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُطَرْنَ. لَمْ تُطَرْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیا جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں لَنْ یُطِیْرَ. لَنْ تُطِیْرَ. لَنْ اُطِیْرَ. لَنْ نُطِیْرَ اور مجہول میں لَنْ یُطَارَ. لَنْ تُطَارَ. لَنْ اُطَارَ. لَنْ نُطَارَ۔

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لَنْ یُّطِیْرَا. لَنْ یُّطِیْرُوْا. لَنْ تُطِیْرَا. لَنْ تَطِیْرُوْا. لَنْ تُطِیْرُوْا. لَنْ تَطِیْرِیْ. لَنْ تَطِیْرَا. اور مجہول میں لَنْ یُّطَارَا. لَنْ یُّطَارُوْا. لَنْ تُطَارَا. لَنْ تُطَارُوْا. لَنْ تُطَارِیْ. لَنْ تُطَارَا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَنْ یُطِرْنَ. لَنْ تُطِرْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّطَرْنَ. لَنْ تُطَرْنَ۔

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید مفتوحہ اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید سے پہلے فتحہ ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں لَیُطِیْرَنَّ. لَتُطِیْرَنَّ. لَاُطِیْرَنَّ. لَنُطِیْرَنَّ. لَیُطِیْرَنْ. لَتُطِیْرَنْ. لَاُطِیْرَنْ. لَنُطِیْرَنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَیُطَارَنَّ. لَتُطَارَنَّ. لَاُطَارَنَّ. لَنُطَارَنَّ. لَیُطَارَنْ. لَتُطَارَنْ. لَاُطَارَنْ. لَنُطَارَنْ. معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیُطِیْرُنَّ. لَتُطِیْرُنَّ. لَیُطِیْرُنْ. لَتُطِیْرُنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَیُطَارُنَّ. لَتُطَارُنَّ. لَیُطَارُنْ. لَتُطَارُنْ. صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتُطِیْرِنَّ. لَتُطِیْرِنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُطَارِنَّ. لَتُطَارِنْ. معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَیُطِیْرَانِّ. لَتُطِیْرَانِّ. لَیُطِرْنَانِّ. لَتُطِیْرَانِّ. لَتُطِرْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُطَارَانِّ. لَتُطَارَانِّ. لَیُطَرْنَانِّ. لَتُطَارَانِّ. لَتُطَرْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اَطِرْ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُطِیْرُ (جو اصل میں تُاَطْیِرُ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا کر آخر کو ساکن کر دیا تو اَطْیِرْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو اَطِرْ بن گیا۔

اَطِیْرَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُطِیْرَانِ (جو اصل میں تُاَطْیِرَانِ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اَطْیِرَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا تو اَطِیْرَا بن گیا۔

اَطِيْرُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُطِيْرُوْنَ (جو اصل میں تُـاَطْيِـرُوْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَطْيِـرُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا تو اَطِيْـرُوْا بن گیا۔

اَطِيْرِىْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُطِيْرِيْنَ جو اصل میں تُاَطْيِرِيْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَطْيِرِىْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا تو اَطِيْرِىْ بن گیا۔

اَطِرْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُطِرْنَ (جو اصل میں تُـاَطْيِرْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی تو اَطْيِرْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو اَطِرْنَ بن گیا۔ آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا۔ جیسے: لِتُـطَـرْ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیا۔ جیسے لِتُطَارَا . لِتُطَارُوْا. لِتُطَارِىْ. لِتُطَارَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے لِتُطَرْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے یاء اور مجہول سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں لِيُطِـرْ. لِتُـطِـرْ. لِاُطِـرْ. لِنُطِرْ. اور مجہول میں لِيُطَرْ. لِتُطَرْ. لِاُطَرْ. لِنُطَرْ. تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لِيُطِيْرَا. لِيُطِيْرُوْا. لِتُطِيْرَا. اور مجہول میں لِيُطَارَا. لِيُطَارُوْا. لِتُطَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لِيُطِرْنَ اور مجہول میں لِيُطَرْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے یاء اور مجہول سے الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لاَ تَطِرْ. اور مجہول میں لاَ تُطَرْ۔ چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لاَ تَطِيْرَا. لاَ تَطِيْرُوْا. لاَ تَطِيْرِيْ. لاَ تَطِيْرَا. اور مجہول میں لاَ تُطَارَا. لاَ تُطَارُوْا. لاَ تُطَارِيْ. لاَ تُطَارَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لاَ تَطِرْنَ. اور مجہول میں لاَ تُطَرْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے صیغوں سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں لاَ يَطِرْ. لاَ تَطِرْ. لاَ أَطِرْ. لاَ نَطِرْ. اور مجہول میں لاَ يُطَرْ. لاَ تُطَرْ. لاَ أُطَرْ. لاَ نُطَرْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ يَطِيْرَا. لاَ يَطِيْرُوْا. لاَ تَطِيْرَا. اور مجہول میں لاَ يُطَارَا. لاَ يُطَارُوْا. لاَ تُطَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کیوجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لاَ يَطِرْنَ اور مجہول میں لاَ يُطَرْنَ.

نوٹ: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر اور فعل نہی کے آخر میں بھی آتے ہیں جیسے: أَطِيْرَنَّ. لِتُطَارَنَّ. لِيَطِيْرَنَّ. لِيُطَارَنَّ. لاَ تَطِيْرَنَّ. لاَ تُطَارَنَّ لاَ يَطِيْرَنَّ. لاَ يُطَارَنَّ. أَطِيْرَنْ. لِتُطَارَنْ لِيَطِيْرَنْ. لِيُطَارَنْ. لاَ تَطِيْرَنْ. لاَ تُطَارَنْ. لاَ يَطِيْرَنْ. لاَ يُطَارَنْ.

بحث اسم ظرف

مُطَارٌ. مُطَارَانِ. مُطَارَاتٌ: صیغہائے واحد وتثنیہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُطْيَرٌ. مُطْيَرَانِ. مُطْيَرَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُطِيْرٌ. مُطِيْرَانِ. مُطِيْرُوْنَ. مُطِيْرَةٌ. مُطِيْرَتَانِ. مُطِيْرَاتٌ: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُطْيِرٌ. مُطْيِرَانِ. مُطْيِرُوْنَ. مُطْيِرَةٌ. مُطْيِرَتَانِ. مُطْيِرَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُطَارٌ. مُطَارَانِ. مُطَارُوْنَ. مُطَارَةٌ. مُطَارَتَانِ. مُطَارَاتٌ: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُطْيَرٌ. مُطْيَرَانِ. مُطْيَرُوْنَ. مُطْيَرَةٌ. مُطْيَرَتَانِ. مُطْيَرَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صرف کبیر ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ
جیسے اَلدُّعَاءُ وَ الدَّعْوَۃُ (بلانا)

اَلدُّعَاءُ: صیغہ اسم مصدر

اصل میں اَلدُّعَاوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو اَلدُّعَاءُ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

دَعَا: صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں دَعَوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے بدلا تو دَعَا بن گیا۔

دَعَوَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

دَعَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں دَعَوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو الف سے بدلا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو دَعَوْا بن گیا۔

دَعَتْ :۔صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں دَعَوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے بدلا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو دَعَتْ بن گیا۔

دَعَتَا :۔صیغہ تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں دَعَوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر الف کا اجتماع تائے تانیث کے ساتھ ہوا اگرچہ متحرک ہے لیکن ساکن کے حکم میں ہونے کی وجہ سے الف گرا دیا تو دَعَتَا بن گیا۔

دَعَوْنَ دَعَوْتَ. دَعَوْتُمَا. دَعَوْتُمْ. دَعَوْتِ. دَعَوْتُمَا. دَعَوْتُنَّ. دَعَوْتُ دَعَوْنَا ۔صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

دُعِیَ ، دُعِیَا :۔صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب۔

اصل میں دُعِوَ. دُعِوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے بدلا تو دُعِیَ اور دُعِیَا بن گئے۔

دُعُوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں دُعِـوُوْا تھا۔معتل کے قانون 11 کے مطابق پہلی واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو دُعِیُـوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق عین کا کسرہ گرا کر یاء کا ضمہ اسے دیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے بدل دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو دُعُوْا بن گیا۔

دُعِیَتْ دُعِیَتَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں دُعِوَتْ ، دُعِوَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو دُعِیَتْ. دُعِیَتَا بن گئے۔

دُعِیْنَ. دُعِیْتَ. دُعِیْتُمَا. دُعِیْتُمْ. دُعِیْتِ. دُعِیْتُمَا. دُعِیْتُنَّ. دُعِیْتُ. دُعِیْنَا. صیغہائے جمع مؤنث غائب و واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں دُعِوْنَ. دُعِوْتَ. دُعِوْتُمَا. دُعِوْتُمْ. دُعِوْتِ. دُعِوْتُمَا. دُعِوْتُنَّ. دُعِوْتُ. دُعِوْنَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو دُعِیْنَ. دُعِیْتَ. دُعِیْتُمَا. دُعِیْتُمْ. دُعِیْتِ. دُعِیْتُمَا. دُعِیْتُنَّ. دُعِیْتُ. دُعِیْنَا. بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَدْعُوْ . تَدْعُوْ : اَدْعُوْ . نَدْعُوْ:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَدْعُوُ. تَدْعُوُ . اَدْعُوُ . نَدْعُوُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق واؤ کی حرکت گرا دی تو یَدْعُوْ ، تَدْعُوْ ، اَدْعُوْ ، نَدْعُوْ بن گئے۔

یَدْعُوَانِ ، تَدْعُوَانِ . تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَدْعُوْنَ ، تَدْعُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَدْعُوُوْنَ ، تَدْعُوُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق واؤ کا ضمہ گرا دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو یَدْعُوْنَ . تَدْعُوْنَ بن گئے۔

تَدْعِیْنَ . صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَدْعُوِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق عین کا ضمہ گرا کر واؤ کا کسرہ اسے دیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو ماقبل کسرہ کی وجہ سے یاء سے بدلا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی یاء گرا دی تو تَدْعِیْنَ بن گیا۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: یَدْعُوْنَ ، تَدْعُوْنَ ۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُدْعٰی. تُدْعٰی . اُدْعٰی . نُدْعٰی:۔ صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُدْعَوُ . تُدْعَوُ . اُدْعَوُ . نُدْعَوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُدْعٰی. تُدْعٰی . اُدْعٰی . نُدْعٰی بن گئے۔

یُدْعَیَانِ . تُدْعَیَانِ:۔ صیغہ ہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُدْعَوَانِ . تُدْعَوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُدْعَیَانِ اور تُدْعَیَانِ بن گئے۔

یُدْعَوْنَ . تُدْعَوْنَ:۔ صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُدْعَوُوْنَ. تُدْعَوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُدْعَیُوْنَ اور تُدْعَیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُدْعَوْنَ ، تُدْعَوْنَ بن گئے۔

یُدْعَیْنَ . تُدْعَیْنَ:۔ صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُدْعَوْنَ. تُدْعَوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو یُدْعَیْنَ ، تُدْعَیْنَ بن گئے۔

تُدْعَیْنَ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُدْعَوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو تُدْعَیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو تُدْعَایْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُدْعَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے لفظ لم مضارع پر داخل ہو کر دو طرح کا عمل کرے گا (ا) لفظی (۲) معنوی۔

لفظی عمل یہ کرے گا کہ معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں حرف علت تھا اسے گرا دے گا۔ معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرا دے گا۔ معروف ومجہول کے دو صیغوں (جمع مؤنث غائب وحاضر) کے

آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ معنوی عمل یہ کرے گا کہ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دے گا۔ جیسے معروف میں لَمْ یَدْعُ. لَمْ یَدْعُوَا. لَمْ یَدْعُوْا. لَمْ تَدْعُ. لَمْ تَدْعُوَا. لَمْ یَدْعُوْنَ. لَمْ تَدْعُ. لَمْ تَدْعُوَا . لَمْ تَدْعُوْا لَمْ تَدْعِیْ. لَمْ تَدْعُوَا لَمْ تَدْعُوْنَ .لَمْ أَدْعُ. لَمْ نَدْعُ.

اور مجہول میں لَمْ یُدْعَ. لَمْ یُدْعَیَا. لَمْ یُدْعَوْا. لَمْ تُدْعَ. لَمْ تُدْعَیَا. لَمْ یُدْعَیْنَ. لَمْ تُدْعَ. لَمْ تُدْعَیَا. لَمْ تُدْعَوْا. لَمْ تُدْعَیْ. لَمْ تُدْعَیَا. لَمْ تُدْعَیْنَ. لَمْ أُدْعَ. لَمْ نُدْعَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے لفظ لَنْ فعل مضارع پر داخل ہو کر دو طرح کا عمل کرے گا (۱) لفظی (۲) معنوی۔

لفظی عمل یہ کرے گا کہ معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب ہوگا۔ معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرا دے گا۔ معروف ومجہول کے دو صیغوں (جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ معنوی عمل یہ کرے گا کہ فعل مضارع کو مستقبل منفی تاکید کے معنی میں کر دے گا۔

جیسے معروف میں لَنْ یَّدْعُوَ. لَنْ یَّدْعُوَا. لَنْ یَّدْعُوْا. لَنْ تَدْعُوَ. لَنْ تَدْعُوَا. لَنْ یَّدْعُوْنَ. لَنْ تَدْعُوَ. لَنْ تَدْعُوَا. لَنْ تَدْعُوْا . لَنْ تَدْعِیْ. لَنْ تَدْعُوَا. لَنْ تَدْعُوْنَ .لَنْ أَدْعُوَ. لَنْ نَّدْعُوَ.

اور مجہول میں لَنْ یُّدْعٰی. لَنْ یُّدْعَیَا . لَنْ یُّدْعَوْا. لَنْ تُدْعٰی. لَنْ تُدْعَیَا .لَنْ یُّدْعَیْنَ. لَنْ تُدْعٰی. لَنْ تُدْعَیَا. لَنْ تُدْعَوْا. لَنْ تُدْعَیْ. لَنْ تُدْعَیَا. لَنْ تُدْعَیْنَ . لَنْ أُدْعٰی. لَنْ نُّدْعٰی.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔

معروف ومجہول کے پانچ صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا (واحد مذکر ومونث غائب وواحد مذکر حاضر وواحد وجمع متکلم) یعنی معروف میں جو واؤ ساکن ہوگئی اسے اور مجہول میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَدْعُوَنَّ. لَتَدْعُوَنَّ. لَأَدْعُوَنَّ. لَنَدْعُوَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَدْعُوَنْ. لَتَدْعُوَنْ. لَأَدْعُوَنْ. لَنَدْعُوَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُدْعَیَنَّ. لَتُدْعَیَنَّ. لَأُدْعَیَنَّ. لَنُدْعَیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُدْعَیَنْ. لَتُدْعَیَنْ. لَاُدْعَیَنْ. لَنُدْعَیَنْ.

معروف کے دوصیغوں (جمع مذکر غائب وحاضر) سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تا کہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیَدْعُنَّ. لَتَدْعُنَّ. لَیَدْعُنْ. لَتَدْعُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَیُدْعَوُنَّ. لَتُدْعَوُنَّ. لَیُدْعَوُنْ. اور لَتُدْعَوُنْ. معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تا کہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَدْعِنَّ. لَتَدْعِنْ. مجہول کے اس صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُدْعَیِنَّ. اور لَتُدْعَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَدْعُوَانِّ. لَتَدْعُوَانِّ. لَیَدْعُوْنَانِّ. لَتَدْعُوَانِّ. لَتَدْعُوْنَانِّ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُدْعَیَانِّ. لَتُدْعَیَانِّ. لَیُدْعَیْنَانِّ. لَتُدْعَیَانِّ. لَتُدْعَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اُدْعُ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ناقص واوی از باب نصر. ینصر

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعُوْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اُدْعُ بن گیا۔

اُدْعُوَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعُوَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اُدْعُوَا بن گیا۔

اُدْعُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اُدْعُوْا بن گیا۔

اُدْعِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اُدْعِیْ بن گیا۔

اُدْعُوْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لائے تو اُدْعُوْنَ بن گیا۔ (اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا)

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر گیا۔ جیسے: لِتُدْعَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ جیسے: لِتُدْعَیَا. لِتُدْعَوْا. لِتُدْعَیْ. لِتُدْعَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے لِتُدْعَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) سے واؤ اور مجہول کے انہیں چار صیغوں سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں لِیَدْعُ. لِتَدْعُ. لِاَدْعُ. لِنَدْعُ.

اور مجہول میں لِیُدْعَ. لِتُدْعَ. لِاُدْعَ. لِنُدْعَ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِیَدْعُوَا. لِیَدْعُوْا. لِتَدْعُوَا. اور مجہول میں: لِیُدْعَیَا. لِیُدْعَوْا. لِتُدْعَیَا. معروف و مجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں: لِیَدْعُوْنَ. اور مجہول میں لِیُدْعَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر سے واؤ اور مجہول کے اسی صیغہ سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں لَا تَدْعُ. اور مجہول میں لَا تُدْعَ.

چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَدْعُوَا. لَا تَدْعُوْا. لَا تَدْعِیْ. لَا تَدْعُوَا.

اور مجہول میں: لَا تُدْعَیَا. لَا تُدْعَوْا. لَا تُدْعَیْ. لَا تُدْعَیَا.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) سے واؤ اور مجہول کے انہیں صیغوں سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَدْعُ. لَا تَدْعُ. لَا اَدْعُ. لَا نَدْعُ.

اور مجہول میں: لَا یُدْعَ. لَا تُدْعَ. لَا اُدْعَ. لَا نُدْعَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا یَدْعُوَا. لَا یَدْعُوْا. لَا تَدْعُوَا. اور مجہول میں: لَا یُدْعَیَا. لَا یُدْعَوْا. لَا تُدْعَیَا. معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں: لَا یَدْعُوْنَ. اور جیسے مجہول میں لَا یُدْعَیْنَ.

نوٹ: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح مضارع کے آخر میں آتے ہیں۔ اسی طرح فعل امر اور نہی کے آخر میں بھی آتے ہیں۔

جیسے: اُدْعُوَنَّ. لِتُدْعَیَنَّ. اُدْعُوَنْ. لِتُدْعَیَنْ. لَا تَدْعُوَنَّ. لَا تُدْعَیَنَّ. لَا تَدْعُوَنْ. لَا تُدْعَیَنْ

نوٹ: حروف جوازم کی وجہ سے حذف شدہ حروف علت نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کے لاحق ہونے کی صورت میں لوٹ آئیں گے۔

جیسے: اُدْعُ. سے اُدْعُوَنَّ. اُدْعُوَنْ. لِتُدْعَ. سے لِتُدْعَیَنَّ. لِتُدْعَیَنْ لَا تَدْعُ. سے لَا تَدْعُوَنَّ. لَا تَدْعُوَنْ. لَا تُدْعَ. سے لَا تُدْعَیَنَّ. لَا تُدْعَیَنْ.

بحث اسم ظرف

مَدْعًی: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَدْعَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَدْعَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مَدْعًی بن گیا۔

مَدْعَیَانِ: ۔صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَدْعَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مَدْعَیَانِ بن گیا۔

مَدَاعٍ: ۔صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَدَاعِوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَدَاعِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَدَاعٍ بن گیا۔

مُدَیْعٍ: ۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُدَیْعِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مُدَیْعِیٌ بن گیا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی

وجہ سے گر گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُدَیْعٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِدْعًی :۔صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِدْعَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مِدْعَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مِدْعًی بن گیا۔

مِدْعَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِدْعَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مِدْعَیَانِ بن گیا۔

مَدَاعٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَدَاعِوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَدَاعِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَدَاعٍ بن گیا۔

مُدَیْعٍ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُدَیْعِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مُدَیْعِیٌ بن گیا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُدَیْعٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِدْعَاةٌ . مِدْعَاتَانِ :۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ وسطی :۔

اصل میں مِدْعَوَةٌ . مِدْعَوَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مِدْعَاةٌ . مِدْعَاتَانِ بن گئے۔

مَدَاعٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَدَاعِوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَدَاعِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَدَاعٍ بن گیا۔

مُدَیْعِیَةٌ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطی۔

اصل میں مُدَیْعِوَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مُدَیْعِیَةٌ بن گیا۔

مِدْعَاءٌ ، مِدْعَاءَانِ :۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِدْعَاوٌ . مِدْعَاوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18

کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو مِدْعَاءَۃٌ ، مِدْعَاءَ ان بن گئے۔

مَدَاعِیُّ . مُدَیْعِیٌّ . مُدَیْعِیَّۃٌ:۔صیغہ جمع ،واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَدَاعِوُ . مُدَیْعِاوٌ . مُدَیْعِاوَۃٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کیا تو مَدَاعِیْوُ ، مُدَیْعِیْوٌ ، مُدَیْعِیْوَۃٌ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مَدَاعِیْیُ . مُدَیْعِیْیٌ. اور مُدَیْعِیْیَۃٌ بن گئے۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَدَاعِیُّ ،مُدَیْعِیٌّ. مُدَیْعِیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَدْعٰی :۔صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَدْعَوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اَدْعَیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے بدلا تو اَدْعٰی بن گیا۔

اَدْعَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَدْعَوَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اَدْعَیَانِ بن گیا۔

اَدْعَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَدْعَوُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اَدْعَیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَدْعَوْنَ بن گیا۔

اَدَاعٍ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَدَاعِوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اَدَاعِیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کیا۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَدَاعٍ بن گیا۔

اُدَیْعٍ :۔صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُدَیْعِوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اُدَیْعِیٌ بن گیا۔یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو اُدَیْعٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

دُعْیٰ ، دُعْیَیَانِ ، دُعْیَیَاتٌ :۔صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں دُعْوٰی ، دُعْوَیَانِ ، دُعْوَیَاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 25 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو دُعْیٰ ، دُعْیَیَانِ ، دُعْیَیَاتٌ بن گئے۔

دُعَی :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں دُعَوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا تو دُعَانٌ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو دُعًی بن گیا۔

دُعَیٌّ:۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں دُعَیْوِیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو دُعَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَدْعَاہُ:۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَدْعَوَہُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مَا اَدْعَاہُ بن گیا۔

اَدْعِ بِہٖ:۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَدْعِوْ بِہٖ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو اَدْعِیْ بِہٖ بن گیا۔امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گر گیا تو اَدْعِ بِہٖ بن گیا۔

دَعْوَ. دَعُوَتْ:۔دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

دَاعٍ ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں دَاعِوٌ تھا۔۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو دَاعِیٌ بن گیا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو دَاعٍ بن گیا۔

نوٹ:دَاعِوٌ میں معتل کا قانون نمبر 11 بھی جاری ہوسکتا ہے۔

دَاعِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں دَاعِوَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو دَاعِیَانِ بن گیا۔

دَاعُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں دَاعِوُوْنَ تھا۔۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو دَاعِیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق عین کا کسرہ گرا کر یاء کا ضمہ اسے دیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے

بدلا تو دَاعُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو دَاعُوْنَ بن گیا۔

دُعَاۃٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دَعَوَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے بدلا تو دَعَاۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو دُعَاۃٌ بن گیا۔

دُعَّاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دُعَّاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل دیا تو دُعَّایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو دُعَّاءٌ بن گیا۔

دُعًّی :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دُعَّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل دیا تو دُعَّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو دُعًّی بن گیا۔

دُعْوٌ ، دُعَوَاءُ ، دُعْوَانٌ:۔صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل ۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

دِعَاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دِعَـاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو دِعَـایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو دِعَاءٌ بن گیا۔

دُعِیٌّ یا دِعِیٌّ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دُعُوْوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 15 کے مطابق دونوں واؤ کو یاء کیا۔ پھر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو دُعُیٌّ بن گیا۔ پھر یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدلا تو دُعِیٌّ بن گیا۔ فاء کلمہ کو کسرہ دے کر اسے دِعِیٌّ پڑھنا بھی جائز ہے۔

دُوَیْعٍ :۔صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں دُوَیْعِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو دُوَیْعِیٌ بن گیا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو دُوَیْعٍ بن گیا۔

دَاعِیَۃٌ . دَاعِیَتَانِ . دَاعِیَاتٌ:۔صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں دَاعِـوَۃٌ ، دَاعِوَتَانِ ، دَاعِوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو دَاعِیَۃٌ . دَاعِیَتَانِ دَاعِیَاتٌ بن گئے۔

دَوَاعٍ:۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دَوَاعِوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو دَوَاعِیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔غیر منصرف کا وزن ختم ہو جانے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو دَوَاعٍ بن گیا۔

دُعًّی :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دُعَّوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل دیا تو دُعَّیٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو دُعًّی بن گیا۔

دُوَیْعِیَةٌ:۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں دُوَیْعِوَةٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل دیا تو دُوَیْعِیَةٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَدْعُوٌّ . مَدْعُوَّانِ. مَدْعُوُّوْنَ. مَدْعُوَّةٌ. مَدْعُوَّتَانِ. مَدْعُوَّاتٌ :۔صیغہ ہائے واحد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَدْعُوْوٌ. مَدْعُوْوَانِ. مَدْعُوْوُوْنَ. مَدْعُوْوَةٌ. مَدْعُوْوَتَانِ . مَدْعُوْوَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی واؤ کا دوسری واؤ میں ادغام کیا گیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَدَاعِيُّ:۔صیغہ جمع مذکر و مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مَدَاعِوُوْ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَدَاعِیُوْ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مَدَاعِیٌّ بن گیا۔

مُدَیْعِیٌّ ، مُدَیْعِیَّةٌ:۔صیغہ واحد مذکر و مؤنث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُدَیْعِوْوٌ. مُدَیْعِوْوَةٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُدَیْعِیُوٌ اور مُدَیْعِیُوَةٌ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مُدَیْعِیٌّ اور مُدَیْعِیَّةٌ بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب سَمِعَ یَسْمَعُ
جیسے اَلرِّضْوَانُ (خوش ہونا)
بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

رَضِیَ. رَضِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب۔

اصل میں رَضِوَ. رَضِوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو رَضِیَ. رَضِیَا. بن گئے۔

رَضُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں رَضِوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو رَضِیُوْا. بن گیا۔ پھر معتل کے قانون 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا کسرہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا تو رَضُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو رَضُوْا بن گیا۔

رَضِیَتْ. رَضِیَتَا :۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں رَضِوَتْ. رَضِوَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

رَضِیْنَ. رَضِیْتَ. رَضِیْتُمَا. رَضِیْتُمْ. رَضِیْتِ. رَضِیْتُمَا. رَضِیْتُنَّ. رَضِیْتُ. رَضِیْنَا: صیغہ جمع مؤنث غائب' واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں رَضِوْنَ. رَضِوْتَ. رَضِوْتُمَا. رَضِوْتُمْ. رَضِوْتِ. رَضِوْتُمَا. رَضِوْتُنَّ. رَضِوْتُ. رَضِوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

رُضِیَ بِہٖ. صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں رُضِوَ. تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے بدلا تو رُضِیَ بِہٖ بن گیا۔

نوٹ: فعل کے لازم ہونے کی وجہ سے مجہول کی بحثوں میں صرف ایک صیغہ پر اکتفاء کیا جائے گا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَرْضٰی. تَرْضٰی. اَرْضٰی. نَرْضٰی:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَرْضَوُ. تَرْضَوُ. اَرْضَوُ. نَرْضَوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَرْضَیَانِ. تَرْضَیَانِ . صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَرْضَوَانِ. تَرْضَوَانِ. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو یَرْضَیَانِ. تَرْضَیَانِ. بن گئے۔

یَرْضَوْنَ. تَرْضَوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَرْضَوُوْنَ. تَرْضَوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یَرْضَیُوْنَ. تَرْضَیُوْنَ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یَرْضَوْنَ. اور. تَرْضَوْنَ. بن گئے۔

تَرْضَیْنَ . صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَرْضَوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَرْضَیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَرْضَیْنَ بن گیا۔

یَرْضَیْنَ. تَرْضَیْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَرْضَوْنَ . تَرْضَوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یَرْضَیْنَ. تَرْضَیْنَ بن گئے

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُرْضٰی بِہٖ. صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں یُرْضَوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا یُرْضَیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو یُرْضٰی بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یَرْضَ. لَمْ تَرْضَ. لَمْ اَرْضَ. لَمْ نَرْضَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یَرْضَیَا. لَمْ یَرْضَوْا. لَمْ تَرْضَیَا. لَمْ تَرْضَوْا. لَمْ تَرْضَیْ. لَمْ تَرْضَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ یَرْضَیْنَ.

لَمْ تَرْضَيْنَ

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

لَمْ يُرْضَ بِہٖ کو فعل مضارع مجہول تُرْضٰی بِہٖ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیا۔ جس نے آخر سے حرف علت الف گرادیا تو لَمْ يُرْضَ بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف ناصب لگادیا۔ جس نے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب دیا۔

جیسے: لَنْ يَّرْضٰى. لَنْ تَرْضٰى. لَنْ اَرْضٰى. لَنْ نَّرْضٰى.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرادیا۔

جیسے: لَنْ يَّرْضَيَا. لَنْ يَّرْضَوْا. لَنْ تَرْضَيَا. لَنْ تَرْضَوْا. لَنْ تَرْضَيْ. لَنْ تَرْضَيَا. صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَنْ يَّرْضَيْنَ. لَنْ تَرْضَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول يُرْضٰی بِہٖ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف ناصب لگادیا۔ جس نے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب دیا۔ جیسے لَنْ يُّرْضٰى بِہٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیا۔ پانچ صیغوں (واحد مذکر مونث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا

نوٹ: فعل مضارع معروف میں جس واؤ کو یاء سے بدل کر الف سے تبدیل کردیا تھا۔ نون تاکید کی صورت میں اس یاء کے لوٹ آنے کی وجہ سے اسے فتحہ دیں گے۔

نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَرْضَيَنَّ. لَتَرْضَيَنَّ. لَاَرْضَيَنَّ. لَنَرْضَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَرْضَيَنْ. لَتَرْضَيَنْ. لَاَرْضَيَنْ. لَنَرْضَيَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر سے واؤ گر جائے گی۔ پھر معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَرْضَوُنَّ. لَتَرْضَوُنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَرْضَوُنْ. لَتَرْضَوُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گر جائے گی۔ پھر معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق یاء کو کسرہ دیں گے جیسے نون تاکید

ثقیلہ معروف میں: لَتَرْضَینَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَتَرْضَینْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے: لَیَرْضَیَانِّ. لَتَرْضَیَانِّ. لَیَرْضَیْنَانِّ. لَتَرْضَیَانِّ. لَتَرْضَیْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگادیں گے۔

نوٹ: فعل مضارع مجہول میں جس واؤ کو یاء سے بدل کر الف سے تبدیل کردیا تھا۔نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کی صورت میں لوٹ آنے کے بعد اسے فتحہ دیں گے۔جیسے: لَیُرْضَیَنَّ بِہٖ. لَیُرْضَیَنْ بِہٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِرْضَ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ناقص واوی از باب سَمِعَ. یَسْمَعُ.

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَرْضٰی سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِرْضَ بن گیا۔

اِرْضَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَرْضَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِرْضَیَا بن گیا۔

اِرْضَوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَرْضَوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِرْضَوْا بن گیا۔

اِرْضَیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَرْضَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِرْضَیْ بن گیا۔

اِرْضَیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَرْضَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِرْضَیْنَ بن گیا۔(اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا)

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول تُرْضٰی بِکَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرا دیا تو لِتُرْضَ بِکَ بن گیا۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گرا دیا۔

جیسے: لِيَرْضَ. لِتَرْضَ. لِأَرْضَ. لِنَرْضَ.

تین صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) جیسے لِيَرْضَيَا. لِيَرْضَوْا. لِتَرْضَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے لِيَرْضَيْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرا دیں گے۔ جیسے: يُرْضٰی بِهٖ. سے لِيُرْضَ بِهٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا جیسے: لَا تَرْضَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَا تَرْضَيَا. لَا تَرْضَوْا. لَا تَرْضَيْ. لَا تَرْضَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَرْضَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرا دیں گے۔ جیسے: تُرْضٰی بِکَ. سے لَا تُرْضَ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لاَ یُرْضَ. لاَ تُرْضَ. لاَ اُرْضَ . لاَ نُرْضَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لاَ یُرْضَیَا. لاَ یُرْضَوْا. لاَ تُرْضَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے: لاَ یُرْضَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرا دیں گے۔ جیسے: یُرْضٰی بِهٖ. سے لاَ یُرْضَ بِهٖ.

بحث اسم ظرف

مَرْضًی :۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَـرْضَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَـرْضَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مَرْضًی بن گیا۔

مَرْضَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَرْضَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مَرْضَیَانِ بن گیا۔

مَرَاضٍ :۔صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَـرَاضِوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 یا قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَـرَاضِـیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کر دیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَـرَاضٍ بن گیا۔

مُرَیْضٍ :۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُرَیْضِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مُرَیْضِیٌ بن گیا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علٰی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُرَیْضٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِرْضًی :۔صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِـرْضَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مِـرْضَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون

نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا۔اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مِرْضًی بن گیا۔

مِرْضَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِرْضَوَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مِرْضَیَانِ بن گیا۔

مَرَاضٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَرَاضِوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَرَاضِیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کر دیا۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاضٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِرْضَاۃٌ . مِرْضَاتَانِ :۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ:۔

اصل میں مِرْضَوَۃٌ. مِرْضَوَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مِرْضَیَۃٌ. مِرْضَیَتَانِ. بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مِرْضَاۃٌ . مِرْضَاتَانِ بن گئے۔

مَرَاضٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَرَاضِوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَرَاضِیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کر دیا۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاضٍ بن گیا۔

مُرَیْضِیَۃٌ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مُرَیْضِوَۃٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مُرَیْضِیَۃٌ بن گیا۔

مِرْضَاءٌ ، مِرْضَاآنِ :۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِرْضَاوٌ . مِرْضَاوَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مِرْضَایٌ . مِرْضَایَانِ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو مِرْضَاءٌ ، مِرْضَاءَانِ بن گئے۔

مَرَاضِیُّ . مُرَیْضِیٌّ . مُرَیْضِیَّۃٌ :۔صیغہ جمع ، واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَرَاضِاوُ. مُرَیْضِاوٌ. مُرَیْضِاوَۃٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَرَاضِیوُ مُرَیْضِیوٌ . مُرَیْضِیوَۃٌ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَرَاضِیُّ، مُرَیْضِیٌّ. مُرَیْضِیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَرْضٰی :۔صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْضَوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اَرْضَیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے بدلا تو اَرْضٰی بن گیا۔

اَرْضَیَانِ:۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْضَوَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اَرْضَیَانِ بن گیا۔

اَرْضَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْضَوُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اَرْضَیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَرْضَوْنَ بن گیا۔

اَرَاضٍ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَرَاضِوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اَرَاضِیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کر دیا۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَرَاضٍ بن گیا۔

اُرَیْضٍ:۔صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُرَیْضِوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو اُرَیْضِیٌ بن گیا۔یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو اُرَیْضٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

رُضْیٰ ، رُضْیَیَانِ ، رُضْیَیَاتٌ:۔صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں رُضْوٰی ، رُضْوَیَانِ ، رُضْوَیَاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 25 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

رُضًی :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں رُضَوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا تو رُضَانٌ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو رُضًی بن گیا۔

رُضَیًّ:۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں رُضَیْوٰی تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو رُضَیًّ

بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَااَرْضَاهُ:۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَااَرْضَوَهُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مَا اَرْضَاهُ بن گیا۔

اَرْضِ بِهٖ:۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَرْضِوْ بِهٖ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واوٗ کو یاء کیا تو اَرْضِیْ بِهٖ بن گیا۔امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ ماضی کے معنی میں ہے آخر سے یاء گرادی تو اَرْضِ بِهٖ بن گیا۔

رَضُوَ. رَضُوَتْ:۔دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

رَاضٍ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں رَاضِوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو رَاضِیٌ بن گیا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیرہ حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو رَاضٍ بن گیا۔

رَاضِیَانِ:۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں رَاضِوَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو رَاضِیَانِ بن گیا۔

رَاضُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں رَاضِــوُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو رَاضِیُـوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو رَاضُیْـوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واوٗ سے بدلا تو رَاضُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واوٗ گرادی تو رَاضُوْنَ بن گیا۔

رُضَاةٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رَضَوَةٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واوٗ کو الف سے بدلا تو رَضَاةٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو رُضَاةٌ بن گیا۔

رُضَّاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُضَاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو رُضَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو رُضَّاءٌ بن گیا۔

رُضًّی :۔ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُضَّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو رُضَّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو رُضًّی بن گیا۔

رُضَوٌ ، رُضَوَاءُ ، رُضَوَانٌ :۔ صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رِضَاءٌ :۔ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رِضَاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رِضَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو رِضَاءٌ بن گیا۔

رُضِیٌّ یا رِضِیٌّ :۔ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُضُوْوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 15 کے مطابق دونوں واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو رُضُیٌّ بن گیا۔ پھر یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدلا تو رُضِیٌّ بن گیا اس صیغہ میں فاء کلمہ کو کسرہ دے کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے رِضِیٌّ

رُوَیْضٍ :۔ صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں رُوَیْضِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رُوَیْضِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو رُوَیْضٍ بن گیا۔

رَاضِیَةٌ . رَاضِیَتَانِ. رَاضِیَاتٌ :۔ صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں رَاضِوَةٌ ، رَاضِوَتَانِ ، رَاضِوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

رَوَاضٍ :۔ صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رَوَاضِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو رَوَاضِیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو گرا دیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہو جانے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو رَوَاضٍ بن گیا۔

رُضًّی :۔ صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُضَّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو رُضَّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے

مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو رُضًی بن گیا۔

رُوَیْضِیَۃٌ:۔ صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں رُوَیْضِوَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رُوَیضِیَۃٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَرْضِیٌّ م بِہٖ ۔ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مَرْضُوْوٌ تھا۔ باب کی موافقت کرتے ہوئے واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مَرْضُوْیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔ پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَرْضُیٌّ بن گیا۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو مَرْضِیٌّ بن گیا۔ موافقت باب کا مطلب یہ ہے کہ اس باب میں تمام جگہ واؤ کو یاء سے بدلا گیا۔ اس لیے اس صیغہ میں بھی واؤ کو یاء سے بدلا گیا اس کو صرفیوں کی اصطلاح میں طَرْدًا لِلْبَاب کہتے ہیں۔

%%%%%%

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلْاِدِّعَاءُ (دعوی کرنا)

اِدِّعَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِفْتِعَالٌ۔

اصل میں اِدْتِعَاوٌ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدِّعَاوٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو اِدِّعَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِدِّعَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِدَّعٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِدْتَعَوَ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدَّعَوَ بن گیا پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا کیا تو اِدَّعَیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِدَّعٰی بن گیا۔

اِدَّعَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اصل میں اِدْتَعَوَا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدَّعَوَا بن گیا پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اِدَّعَیَا بن گیا۔

اِدَّعَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِدْتَعَوُوْا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدَّعَوُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اِدَّعَیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِدَّعَوْا بن گیا۔

اِدَّعَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں اِدْتَعَوَتْ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدَّعَوَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اِدَّعَیَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِدَّعَتْ بن گیا۔

اِدَّعَتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِدْتَعَوَتَا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدَّعَوَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اِدَّعَیَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِدَّعَتَا بن گیا۔

اِدَّعَیْنَ. اِدَّعَیْتَ. اِدَّعَیْتُمَا. اِدَّعَیْتُمْ. اِدَّعَیْتِ. اِدَّعَیْتُمَا. اِدَّعَیْتُنَّ. اِدَّعَیْتُ. اِدَّعَیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب و واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اِدْتَعَوْنَ. اِدْتَعَوْتَ. اِدْتَعَوْتُمَا. اِدْتَعَوْتُمْ. اِدْتَعَوْتِ. اِدْتَعَوْتُمَا. اِدْتَعَوْتُنَّ. اِدْتَعَوْتُ. اِدْتَعَوْنَا تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُدُّعِیَ. اُدُّعِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں اُدْتُعِوَ. اُدْتُعِوَا تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اُدُّعِوَ. اُدُّعِوَا بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا کیا تو اُدُّعِیَ. اُدُّعِیَا بن گئے۔

اُدُّعُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُدْتُعِوُوْا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اُدُّعِوُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اُدُّعِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی

جزنمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُدُّعِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُدُّعُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اُدُّعُوْا بن گیا۔

اُدُّعِیَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں اُدْتُعِوَتْ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اُدُّعِوَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اُدُّعِیَتْ بن گیا۔

اُدُّعِیَتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُدْتُعِوَتَا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اُدُّعِوَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اُدُّعِیَتَا بن گیا۔

اُدُّعِیْنَ. اُدُّعِیْتَ. اُدُّعِیْتُمَا. اُدُّعِیْتُمْ. اُدُّعِیْتِ. اُدُّعِیْتُمَا. اُدُّعِیْتُنَّ. اُدُّعِیْتُ. اُدُّعِیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اُدْتُعِوْنَ. اُدْتُعِوْتَ. اُدْتُعِوْتُمَا. اُدْتُعِوْتُمْ. اُدْتُعِوْتِ. اُدْتُعِوْتُمَا. اُدْتُعِوْتُنَّ. اُدْتُعِوْتُ. اُدْتُعِوْنَا تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَدَّعِیْ. تَدَّعِیْ. اَدَّعِیْ. نَدَّعِیْ: صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَدْتَعِوُ. تَدْتَعِوُ. اَدْتَعِوُ. نَدْتَعِوُ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یَدَّعِوُ. تَدَّعِوُ. اَدَّعِوُ. نَدَّعِوُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَدَّعِیَانِ. تَدَّعِیَانِ. : صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یَدْتَعِوَانِ. تَدْتَعِوَانِ. تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یَدَّعِوَانِ. تَدَّعِوَانِ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَدَّعُوْنَ. تَدَّعُوْنَ. صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَدْتَعِوُوْنَ. تَدْتَعِوُوْنَ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں

ادغام کردیاتو یَدَّعِوُوْنَ. تَدَّعِوُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق پہلی واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یَدَّعِیُوْنَ. تَدَّعِیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَدَّعُیْوْنَ. تَدَّعُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو یَدَّعُوْوْنَ. تَدَّعُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واؤ گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَدَّعِیْنَ. تَدَّعِیْنَ. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَدْتَعِوْنَ. تَدْتَعِوْنَ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یَدَّعِوْنَ. تَدَّعِوْنَ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واء کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَدَّعِیْنَ. صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَدْتَعِوِیْنَ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو تَدَّعِوِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تَدَّعِیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق پہلی یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُدَّعٰی. تُدَّعٰی. اُدَّعٰی. نُدَّعٰی: صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُدْتَعَوُ. تُدْتَعَوُ. اُدْتَعَوُ. نُدْتَعَوُ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یُدَّعَوُ. تُدَّعَوُ. اُدَّعَوُ. نُدَّعَوُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُدَّعَیُ. تُدَّعَیُ. اُدَّعَیُ. نُدَّعَیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُدَّعَیَانِ. تُدَّعَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُدْتَعَوَانِ. تُدْتَعَوَانِ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یُدَّعَوَانِ. تُدَّعَوَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُدَّعَوْنَ. تُدَّعَوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُدْتَعَوُوْنَ. تُدْتَعَوُوْنَ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں

ادغام کردیا تو یُدَّعَوُوْنَ. تُدَّعَوُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق پہلی واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُدَّعَیُوْنَ. تُدَّعَیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُدَّعَیْنَ. تُدَّعَیْنَ. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُدْتَعَوْنَ. تُدْتَعَوْنَ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یُدَّعَوْنَ. تُدَّعَوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُدَّعَیْنَ. صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُدْتَعَوِیْنَ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو تُدَّعَوِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تُدَّعَیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُدَّعَیْنَ بن گیا۔

بحث نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

فعل مضارع میں کی جانے والی تعلیلات کے علاوہ اس بحث میں کوئی تعلیل نہیں ہوگی۔ صرف حرف جازم لَمْ کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَدَّعِ. لَمْ تَدَّعِ. لَمْ اَدَّعِ. لَمْ نَدَّعِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُدَّعَ. لَمْ تُدَّعَ. لَمْ اُدَّعَ. لَمْ نُدَّعَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَدَّعِیَا. لَمْ یَدَّعُوْا. لَمْ تَدَّعِیَا. لَمْ تَدَّعُوْا. لَمْ تَدَّعِیْ. لَمْ تَدَّعِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُدَّعَیَا. لَمْ یُدَّعَوْا. لَمْ تُدَّعَیَا. لَمْ تُدَّعَوْا. لَمْ تُدَّعَیْ. لَمْ تُدَّعَیَا.

جیسے معروف میں لَمْ یَدَّعِیْنَ. لَمْ تَدَّعِیْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُدَّعَیْنَ. لَمْ تُدَّعَیْنَ.

بحث نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

فعل مضارع میں کی جانے والی تعلیلات کے علاوہ اس بحث میں کوئی نئی تعلیل نہیں ہوگی صرف حرف ناصب لَنْ کی وجہ

سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد و جمع متکلم) میں لفظی نصب ہوگا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں میں تقدیری نصب ہوگا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّدَّعِيَ. لَنْ تَدَّعِيَ. لَنْ اَدَّعِيَ. لَنْ نَّدَّعِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّدَّعٰى. لَنْ تُدَّعٰى. لَنْ اُدَّعٰى. لَنْ نُّدَّعٰى.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ معروف و مجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّدَّعِيَا. لَنْ يَدَّعُوْا. لَنْ تَدَّعِيَا. لَنْ تَدَّعُوْا. لَنْ تَدَّعِيْ. لَنْ تَدَّعِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُدَّعَيَا. لَنْ يُدَّعَوْا. لَنْ تُدَّعَيَا. لَنْ تُدَّعَوْا. لَنْ تُدَّعَيْ. لَنْ تُدَّعَيَا.

جیسے معروف میں لَنْ يَّدَّعِيْنَ. لَنْ تَدَّعِيْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُّدَّعَيْنَ. لَنْ تُدَّعَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف و مجہول

اس بحث میں معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مونث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد و جمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے یاء کو فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَدَّعِيَنَّ. لَتَدَّعِيَنَّ. لَاَدَّعِيَنَّ. لَنَدَّعِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَدَّعِيَنْ. لَتَدَّعِيَنْ. لَاَدَّعِيَنْ. لَنَدَّعِيَنْ.

دو صیغوں (جمع مذکر غائب و حاضر) میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے ضمہ ہوگا ان صیغوں سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ کو برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَدَّعُنَّ. لَتَدَّعُنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَدَّعُنْ. لَتَدَّعُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے کسرہ ہوگا۔ اس صیغہ سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف میں: لَتَدَّعِنَّ. لَتَدَّعِنْ.

چھ صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب و حاضر)

جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَدَّعِيَانِّ. لَتَدَّعِيَانِّ. لَيَدَّعِيْنَانِّ. لَتَدَّعِيَانِّ. لَتَدَّعِيْنَانِّ.

مجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مونث غائب و واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم) میں جو یاء مضارع مجہول میں الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُدَّعَيَنَّ. لَتُدَّعَيَنَّ. لَاُدَّعَيَنَّ. لَنُدَّعَيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں جیسے: لَیُدْعَیَنْ. لَتُدْعَیَنْ. لَأُدْعَیَنْ. لَنُدْعَیَنْ.

دوصیغوں (جمع مذکر غائب وحاضر) میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُدْعَوُنَّ. لَتُدْعَوُنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَیُدْعَوُنْ. لَتُدْعَوُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق یاء کو کسرہ دیا جائے گا جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُدْعَیِنَّ لَتُدْعَیِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مؤنث غائب وحاضر) میں بھی نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُدْعَیَانِّ. لَتُدْعَیَانِّ. لَیُدْعَیْنَانِّ. لَتُدْعَیَانِّ. لَتُدْعَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِدْعِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِدْعِ بن گیا۔

اِدْعِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعِیَا بن گیا۔

اِدْعُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعُوْا بن گیا۔

اِدْعِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعِیْ بن گیا۔

اِدْعِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِدْعِیْنَ بن گیا۔ (اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا)

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے جس کی وجہ سے واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے تُدْعٰی سے لِتُدْعَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُدْعَیَا. لِتُدْعَوْا. لِتُدْعَیْ. لِتُدْعَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے لِتُدْعَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَدْعِ. لِتَدْعِ. لِاَدْعِ. لِنَدْعِ.

اور مجہول میں: لِیُدْعَ. لِتُدْعَ. لِاُدْعَ. لِنُدْعَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِیَدْعِیَا. لِیَدْعُوْا. لِتَدْعِیَا.

اور مجہول میں: لِیُدْعَیَا. لِیُدْعَوْا. لِتُدْعَیَا. معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لِیَدْعِیْنَ. اور مجہول میں لِیُدْعَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ (واحد مذکر حاضر) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گرا دیں گے جیسے معروف میں: لَا تَدْعِ. اور مجہول میں لَا تُدْعَ. معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَدْعِیَا. لَا تَدْعُوْا. لَا تَدْعِیْ. لَا تَدْعِیَا.

اور مجہول میں: لَا تُدْعَیَا. لَا تُدْعَوْا. لَا تُدْعَیْ. لَا تُدْعَیَا.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں سے الف گردیں گے۔

جیسے معروف میں: لَا یَدَّعِ. لَا تَدَّعِ. لَا اَدَّعِ. لَا نَدَّعِ.

اور مجہول میں: لَا یُدَّعَ. لَا تُدَّعَ. لَا اُدَّعَ. لَا نُدَّعَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا جیسے معروف میں: لَا یَدَّعِیَا. لَا یَدَّعُوْا. لَا تَدَّعِیَا. اور مجہول میں: لَا یُدَّعَیَا. لَا یُدَّعَوْا. لَا تُدَّعَیَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں: لَا یَدَّعِیْنَ. اور مجہول میں لَا یُدَّعَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُدَّعًی :۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُـدْتَـعَوٌ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُـدَّعَـوٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔پھر یاء کو معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُدَّعًی بن گیا۔

مُدَّعَیَانِ. مُدَّعَیَاتٌ :۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُدْتَعَوَانِ. مُدْتَعَوَاتٌ تھے۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُـدَّعَـوَانِ. مُـدَّعَـوَاتٌ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعَیَانِ. مُدَّعَیَاتٌ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُدَّعٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُدْتَعِوٌ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعِوٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُـدَّعِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُدَّعٍ بن گیا۔

مُدَّعِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُـدْتَـعِـوَانِ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعِوَانِ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعِیَانِ بن گیا۔

مُدَّعُوْنَ :۔صیغہ جمع سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُـدْتَـعِـوُوْنَ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعِوُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعِیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق عین کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُدَّعُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُدَّعُوْنَ بن گیا۔

مُدَّعِیَةٌ . مُدَّعِیَتَانِ. مُدَّعِیَاتٌ :۔صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُـدْتَعِوَةٌ. مُدْتَعِوَتَانِ. مُدْتَعِوَاتٌ تھے۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُـدَّعِـوَةٌ. مُدَّعِوَتَانِ. مُدَّعِوَاتٌ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعِیَةٌ. مُدَّعِیَتَانِ. مُدَّعِیَاتٌ بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُدَّعًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُـدْتَعَوٌ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُـدَّعَـوٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یا کو الف سے کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُدَّعًی بن گیا۔

مُدَّعَیَانِ. صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُـدْتَـعَـوَانِ. تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعَوَانِ. بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعَیَانِ. بن گیا۔

مُدَّعَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُـدْتَـعَوُوْنَ تھا۔۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعَوُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق پہلی واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعَیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُدَّعَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو

مُدَّعُوْنَ بن گیا۔

مُدَّعَاۃٌ . مُدَّعَاتَانِ . :۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُدْتَعَوَۃٌ. مُدْتَعَوَتَانِ . تھے۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا تو مُدَّعَوَۃٌ. مُدَّعَوَتَانِ . بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُدَّعَیَۃٌ. مُدَّعَیَتَانِ . بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُدَّعَاۃٌ. مُدَّعَاتَانِ بن گئے۔

مُدَّعَیَاتٌ :۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُدْتَعَوَاتٌ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا تو مُدَّعَوَاتٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُدَّعَیَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِعْلَاءُ (بلندی چاہنا)

اِسْتِعْلَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِسْتِفْعَالٌ.

اصل میں اِسْتِعْلَاوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِعْلَایٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِعْلَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَعْلٰی : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص واوی از باب استفعال۔

اصل میں اِسْتَعْلَوَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَیَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلٰی بن گیا۔

اِسْتَعْلَیَا : صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوَا تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَیَا بن گیا۔

اِسْتَعْلَوْا : صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَیُوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَعْلَوْا بن گیا۔

اِسْتَعْلَتْ : صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَيَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَعْلَتْ بن گیا

اِسْتَعْلَتَا : صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَيَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَعْلَتَا بن گیا۔

اِسْتَعْلَيْنَ. اِسْتَعْلَيْتَ. اِسْتَعْلَيْتُمَا. اِسْتَعْلَيْتُمْ. اِسْتَعْلَيْتِ. اِسْتَعْلَيْتُمَا. اِسْتَعْلَيْتُنَّ. اِسْتَعْلَيْتُ. اِسْتَعْلَيْنَا : صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوْنَ. اِسْتَعْلَوْتَ. اِسْتَعْلَوْتُمَا. اِسْتَعْلَوْتُمْ. اِسْتَعْلَوْتِ. اِسْتَعْلَوْتُمَا. اِسْتَعْلَوْتُنَّ. اِسْتَعْلَوْتُ. اِسْتَعْلَوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُعْلِيَ. اُسْتُعْلِيَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُسْتُعْلِوَ. اُسْتُعْلِوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُعْلِيَ. اُسْتُعْلِيَا بن گئے۔

اُسْتُعْلُوْا : صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُسْتُعْلِوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُعْلِيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُعْلُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو اُسْتُعْلُوْا بن گیا۔

اُسْتُعْلِيَتْ. اُسْتُعْلِيَتَا . صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُسْتُعْلِوَتْ. اُسْتُعْلِوَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُعْلِيَتْ. اُسْتُعْلِيَتَا بن گئے۔

اُسْتُعْلِيْنَ. اُسْتُعْلِيْتَ. اُسْتُعْلِيْتُمَا. اُسْتُعْلِيْتُمْ. اُسْتُعْلِيْتِ. اُسْتُعْلِيْتُمَا. اُسْتُعْلِيْتُنَّ. اُسْتُعْلِيْتُ. اُسْتُعْلِيْنَا : صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اُسْتُعْلِوْنَ. اُسْتُعْلِوْتَ. اُسْتُعْلِوْتُمَا. اُسْتُعْلِوْتُمْ. اُسْتُعْلِوْتِ. اُسْتُعْلِوْتُمَا. اُسْتُعْلِوْتُنَّ. اُسْتُعْلِوْتُ. اُسْتُعْلِوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَسْتَعْلِیْ. تَسْتَعْلِیْ. اَسْتَعْلِیْ. نَسْتَعْلِیْ :صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یَسْتَعْلِوُ. تَسْتَعْلِوُ. اَسْتَعْلِوُ. نَسْتَعْلِوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَسْتَعْلِیَانِ. تَسْتَعْلِیَانِ :صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَعْلِوَانِ. تَسْتَعْلِوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَسْتَعْلِیْنَ. تَسْتَعْلِیْنَ. : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَعْلِوْنَ. تَسْتَعْلِوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَسْتَعْلُوْنَ. تَسْتَعْلُوْنَ. : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَعْلِوُوْنَ. تَسْتَعْلِوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو یَسْتَعْلُوْوْنَ. تَسْتَعْلُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَسْتَعْلِیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَسْتَعْلِوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوء کو یاء سے تبدیل کیا تو تَسْتَعْلِیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرا دی تو تَسْتَعْلِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسْتَعْلٰی. تُسْتَعْلٰی. اُسْتَعْلٰی. نُسْتَعْلٰی :صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر و واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُسْتَعْلَوُ. تُسْتَعْلَوُ. اُسْتَعْلَوُ. نُسْتَعْلَوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُسْتَعْلَیُ. تُسْتَعْلَیُ. اُسْتَعْلَیُ. نُسْتَعْلَیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو

مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُسْتَعْلَيَانِ. تُسْتَعْلَيَانِ :صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُسْتَعْلَوَانِ. تُسْتَعْلَوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُسْتَعْلَيْنَ. تُسْتَعْلَيْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُسْتَعْلَوْنَ. تُسْتَعْلَوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُسْتَعْلَوْنَ. تُسْتَعْلَوْنَ. : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُسْتَعْلَوُوْنَ. تُسْتَعْلَوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يُسْتَعْلَيُوْنَ. تُسْتَعْلَيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُسْتَعْلَيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسْتَعْلَوِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوء کو یاء سے تبدیل کیا تو تُسْتَعْلَيِيْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُسْتَعْلَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَعْلِ. لَمْ تَسْتَعْلِ. لَمْ اَسْتَعْلِ. لَمْ نَسْتَعْلِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَعْلَ. لَمْ تُسْتَعْلَ. لَمْ اُسْتَعْلَ. لَمْ نُسْتَعْلَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَعْلِيَا. لَمْ يَسْتَعْلُوْا. لَمْ تَسْتَعْلِيَا. لَمْ تَسْتَعْلُوْا. لَمْ تَسْتَعْلِيْ. لَمْ تَسْتَعْلِيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَعْلَيَا. لَمْ يُسْتَعْلَوْا. لَمْ تُسْتَعْلَيَا. لَمْ تُسْتَعْلَوْا. لَمْ تُسْتَعْلَيْ. لَمْ تُسْتَعْلَيَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَعْلِيْنَ. لَمْ تَسْتَعْلِيْنَ . اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَعْلَيْنَ. لَمْ تُسْتَعْلَيْنَ .

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَعْلِيَ. لَنْ تَسْتَعْلِيَ. لَنْ اَسْتَعْلِيَ. لَنْ نَّسْتَعْلِيَ .

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَعْلٰى. لَنْ تُسْتَعْلٰى. لَنْ اُسْتَعْلٰى. لَنْ نُّسْتَعْلٰى .

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَعْلِيَا. لَنْ يَّسْتَعْلُوْا. لَنْ تَسْتَعْلِيَا. لَنْ تَسْتَعْلُوْا. لَنْ تَسْتَعْلِيْ. لَنْ تَسْتَعْلِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَعْلَيَا. لَنْ يُّسْتَعْلَوْا. لَنْ تُسْتَعْلَيَا. لَنْ تُسْتَعْلَوْا. لَنْ تُسْتَعْلَيْ. لَنْ تُسْتَعْلَيَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَعْلِيْنَ. لَنْ تَسْتَعْلِيْنَ . اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَعْلَيْنَ. لَنْ تُسْتَعْلَيْنَ .

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔ (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم)

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَعْلِيَنَّ. لَتَسْتَعْلِيَنَّ. لَاَسْتَعْلِيَنَّ. لَنَسْتَعْلِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَعْلِيَنْ. لَتَسْتَعْلِيَنْ. لَاَسْتَعْلِيَنْ. لَنَسْتَعْلِيَنْ.

فعل مضارع مجہول کے انہیں پانچ صیغوں میں جس یاء کو الف سے تبدیل کر دیا گیا تھا۔ نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَعْلَيَنَّ. لَتُسْتَعْلَيَنَّ. لَاُسْتَعْلَيَنَّ. لَنُسْتَعْلَيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَعْلَیَنْ. لَتُسْتَعْلَیَنْ. لَاُسْتَعْلَیَنْ. لَنُسْتَعْلَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَعْلُنَّ. لَتَسْتَعْلُنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَیَسْتَعْلُنْ. لَتَسْتَعْلُنْ.

مجہول کے ان دوصیغوں (جمع مذکر غائب حاضر) میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُسْتَعْلَوُنَّ. لَتُسْتَعْلَوُنَّ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَعْلَوُنْ. لَتُسْتَعْلَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَسْتَعْلِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَسْتَعْلِنْ. مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَتُسْتَعْلَیِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُسْتَعْلَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَعْلِیَانِّ. لَتَسْتَعْلِیَانِّ. لَیَسْتَعْلِیْنَانِّ. لَتَسْتَعْلِیَانِّ. لَتَسْتَعْلِیْنَانِّ. اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُسْتَعْلَیَانِّ. لَتُسْتَعْلَیَانِّ. لَیُسْتَعْلَیْنَانِّ. لَتُسْتَعْلَیَانِّ. لَتُسْتَعْلَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَعْلِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرا دیا تو اِسْتَعْلِ بن گیا۔

اِسْتَعْلِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِسْتَعْلِیَا بن گیا۔

اِسْتَعْلُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِسْتَعْلُوْا بن گیا۔

اِسْتَعْلِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے

عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَعْلِیْ بن گیا۔

اِسْتَعْلِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِسْتَعْلِیْنَ بن گیا۔ (آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا)

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: لِتُسْتَعْلَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے لِتُسْتَعْلَیَا. لِتُسْتَعْلَوْا. لِتُسْتَعْلَیْ. لِتُسْتَعْلَیَا

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسْتَعْلَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَعْلِ. لِتَسْتَعْلِ. لِأَسْتَعْلِ. لِنَسْتَعْلِ.

اور مجہول میں: لِیُسْتَعْلَ. لِتُسْتَعْلَ. لِأُسْتَعْلَ. لِنُسْتَعْلَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَعْلِیَا. لِیَسْتَعْلُوْا. لِتَسْتَعْلِیَا.

اور مجہول میں: لِیُسْتَعْلَیَا. لِیُسْتَعْلَوْا. لِتُسْتَعْلَیَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَعْلِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُسْتَعْلَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر

جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَسْتَعْلِ. اور مجہول میں: لاَ تُسْتَعْلَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لاَ تَسْتَعْلِيَا. لاَ تَسْتَعْلُوْا . لاَ تَسْتَعْلِيْ. لاَ تَسْتَعْلِيَا اور مجہول میں لاَ تُسْتَعْلَيَا. لاَ تُسْتَعْلَوْا . لاَ تُسْتَعْلَيْ. لاَ تُسْتَعْلَيَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَسْتَعْلِيْنَ. اور مجہول میں لاَ تُسْتَعْلَيْنَ .

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَسْتَعْلِ. لاَ تَسْتَعْلِ. لاَ اَسْتَعْلِ. لاَ نَسْتَعْلِ .

اور مجہول میں: لاَ يُسْتَعْلَ. لاَ تُسْتَعْلَ. لاَ اُسْتَعْلَ. لاَ نُسْتَعْلَ .

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَسْتَعْلِيَا. لاَ يَسْتَعْلُوْا. لاَ تَسْتَعْلِيَا.

اور مجہول میں: لاَ يُسْتَعْلَيَا. لاَ يُسْتَعْلَوْا. لاَ تُسْتَعْلَيَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَسْتَعْلِيْنَ. لاَ تَسْتَعْلِيْنَ . اور مجہول میں: لاَ يُسْتَعْلَيْنَ. لاَ تُسْتَعْلَيْنَ .

بحث اسم ظرف

مُسْتَعْلًى : صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَعْلَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَعْلًى بن گیا۔

مُسْتَعْلَيَانِ : صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل مُسْتَعْلَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيَانِ بن گیا۔

مُسْتَعْلَيَاتٌ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَعْلَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسْتَعْلَيَاتٌ بن گیا۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَعْلٍ : صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَعْلِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسْتَعْلِيٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُسْتَعْلٍ بن گیا۔

مُسْتَعْلِيَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَعْلِوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسْتَعْلِيَانِ بن گیا۔

مُسْتَعْلُوْنَ : صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَعْلِوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسْتَعْلِيُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُسْتَعْلُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُسْتَعْلُوْنَ بن گیا۔

مُسْتَعْلِيَةٌ. مُسْتَعْلِيَتَانِ. مُسْتَعْلِيَاتٌ : صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَعْلِوَةٌ. مُسْتَعْلِوَتَانِ. مُسْتَعْلِوَاتٌ. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَعْلًى : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَعْلَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسْتَعْلَيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَعْلًى بن گیا۔

مُسْتَعْلَيَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَعْلَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسْتَعْلَيَانِ بن گیا۔

مُسْتَعْلَوْنَ : صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَعْلَوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسْتَعْلَيُوْنَ بن گیا۔ پھر

معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَعْلَوْنَ بن گیا۔

مُسْتَعْلَاةٌ. مُسْتَعْلَاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَعْلَوَةٌ. مُسْتَعْلَوَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيَةٌ مُسْتَعْلَيَتَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مُسْتَعْلَيَاتٌ: صیغہ جمع مؤنث اسم مفعول

اصل میں مُسْتَعْلَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِنْفِعَالٌ
جیسے: اَلاِنْمِحَاءُ (مٹ جانا)

اِنْمِحَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِنْفِعَالٌ.

اصل میں اِنْمِحَاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِنْمِحَايٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِنْمِحَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِنْمَحٰى: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص واوی از باب انفعال۔

اصل میں اِنْمَحَوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيَ بن گیا۔ پھر معتل قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحٰى بن گیا۔

اِنْمَحَيَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِنْمَحَوَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيَا بن گیا۔

اِنْمَحَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِنْمَحَوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيُوْا بن گیا۔ پھر معتل قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرا دیا تو اِنْمَحَوْا بن گیا۔

اِنْمَحَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِنْمَحَوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيَتْ بن گیا۔ پھر معتل

کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِنْمَحَتْ بن گیا۔

اِنْمَحَتَا : صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِنْمَحَوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِنْمَحَتَا بن گیا۔

اِنْمَحَيْنَ. اِنْمَحَيْتَ. اِنْمَحَيْتُمَا. اِنْمَحَيْتُمْ. اِنْمَحَيْتِ. اِنْمَحَيْتُمَا. اِنْمَحَيْتُنَّ. اِنْمَحَيْتُ. اِنْمَحَيْنَا : صیغہائے جمع مؤنث غائب' واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر' واحد وجمع متکلم۔

اصل میں اِنْمَحَوْنَ. اِنْمَحَوْتَ. اِنْمَحَوْتُمَا. اِنْمَحَوْتُمْ. اِنْمَحَوْتِ. اِنْمَحَوْتُمَا. اِنْمَحَوْتُنَّ. اِنْمَحَوْتُ. اِنْمَحَوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُنْمُحِيَ بِهٖ : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُنْمُحِوَ. تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُنْمُحِيَ بِهٖ. بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَنْمَحِيْ. تَنْمَحِيْ. اَنْمَحِيْ. نَنْمَحِيْ : صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يَنْمَحِوُ. تَنْمَحِوُ. اَنْمَحِوُ. نَنْمَحِوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَنْمَحِيَانِ. تَنْمَحِيَانِ : صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَنْمَحِوَانِ. تَنْمَحِوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَنْمَحِيْنَ. تَنْمَحِيْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَنْمَحِوْنَ. تَنْمَحِوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَنْمَحُوْنَ. تَنْمَحُوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَنْمَحِوُوْنَ. تَنْمَحِوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يَنْمَحِيُوْنَ. تَنْمَحِيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر

معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو یَنْمَحُوْوْنَ. تَنْمَحُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَنْمَحِیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَنْمَحِوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جزنمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرا دی تو تَنْمَحِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُنْمَحٰی بِهٖ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں یُنْمَحَوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا یُنْمَحَیُ بِهٖ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو یُنْمَحٰی بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے یاء گر جائے گی۔

جیسے: لَمْ یَنْمَحِ. لَمْ تَنْمَحِ. لَمْ اَنْمَحِ. لَمْ نَنْمَحِ۔ سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مونث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یَنْمَحِیَا. لَمْ یَنْمَحُوْا. لَمْ تَنْمَحِیَا. لَمْ تَنْمَحُوْا. لَمْ تَنْمَحِیْ. لَمْ تَنْمَحِیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ یَنْمَحِیْنَ. لَمْ تَنْمَحِیْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: لَمْ یُنْمَحَ بِهٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے میں: لَنْ یَّنْمَحِیَ. لَنْ تَنْمَحِیَ. لَنْ اَنْمَحِیَ. لَنْ نَّنْمَحِیَ۔ سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مونث

حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَنْ يُّنْمَحِيَا. لَنْ يُّنْمَحُوْا. لَنْ تَنْمَحِيَا. لَنْ تَنْمَحُوْا. لَنْ تَنْمَحِيْ. لَنْ تَنْمَحِيَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے میں: لَنْ يُّنْمَحِيْنَ. لَنْ تَنْمَحِيْنَ.

بحث نفی تاکید بلن ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصبہ لن لگادیں گے جس کی وجہ سے فعل مضارع مجہول کے آخر میں تقدیری نصب آئے گا۔ جیسے: لَنْ يُّنْمَحٰى بِهٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے: لَيَنْمَحِيَنَّ. لَتَنْمَحِيَنَّ. لَاَنْمَحِيَنَّ. لَنَنْمَحِيَنَّ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: لَيَنْمَحُنَّ. لَتَنْمَحُنَّ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: لَتَنْمَحِنَّ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے: لَيَنْمَحِيَانِّ. لَتَنْمَحِيَانِّ. لَيَنْمَحِيْنَانِّ. لَتَنْمَحِيَانِّ. لَتَنْمَحِيْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید خفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید خفیفہ لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید خفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے: لَيَنْمَحِيَنْ. لَتَنْمَحِيَنْ. لَاَنْمَحِيَنْ. لَنَنْمَحِيَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: لَیُنۡمَحُنۡ ۔ لَتُنۡمَحُنۡ ۔

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: لَتُنۡمَحِنۡ۔

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگادیں گے۔ جو یاء فعل مضارع مجہول میں الف سے تبدیل ہوگئی تھی اسے فتحہ دیں گے جیسے: لَیُنۡمَحَیَنَّ بِہٖ۔ لَیُنۡمَحَیَنۡ بِہٖ۔

بحث فعل امر حاضر معروف

اِنۡمَحِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنۡمَحِیۡ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِنۡمَحِ بن گیا۔

اِنۡمَحِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنۡمَحِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنۡمَحِیَا بن گیا۔

اِنۡمَحُوۡا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنۡمَحُوۡنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنۡمَحُوۡا بن گیا۔

اِنۡمَحِیۡ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنۡمَحِیۡنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنۡمَحِیۡ بن گیا۔

اِنۡمَحِیۡنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنۡمَحِیۡنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِنۡمَحِیۡنَ بن گیا۔ آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیں گے جیسے: لِتُنْمَحَ بِکَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گرادیں گے۔

جیسے: لِيَنْمَحِ. لِتَنْمَحِ. لِأَنْمَحِ. لِنَنْمَحِ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر غائب، و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گرادیں گے۔

جیسے: لِيَنْمَحِيَا. لِيَنْمَحُوْا. لِتَنْمَحِيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِيَنْمَحِيْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرادیں گے۔ جیسے: يُنْمَحٰى بِهٖ. سے لِيُنْمَحَ بِهٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے یاء گر جائے گی۔ جیسے: لَا تَنْمَحِ.

چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لَا تَنْمَحِيَا. لَا تَنْمَحُوْا. لَا تَنْمَحِيْ. لَا تَنْمَحِيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَنْمَحِيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے آخر سے الف گرادیں گے۔ جیسے: تُنْمَحٰى بِکَ سے لَا تُنْمَحَ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء گر جائے گی۔

جیسے: لا یَنمَحِ. لا تَنمَحِ. لا اَنمَحِ. لا نَنمَحِ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لا یَنمَحِیَا. لا یَنمَحُوا. لا تَنمَحِیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لا یَنمَحِینَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے آخر سے الف گر جائے گا۔ جیسے: یُنمَحٰی بِہٖ سے لا یُنمَحَ بِہٖ.

بحث اسم ظرف

مُنمَحٰی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُنمَحَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنمَحَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُنمَحًی بن گیا۔

مُنمَحَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مُنمَحَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنمَحَیَانِ بن گیا۔

مُنمَحَیَاتٌ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُنمَحَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنمَحَیَاتٌ بن گیا۔

بحث اسم فاعل

مُنمَحٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُنمَحِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنمَحِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُنمَحٍ بن گیا۔

مُنْمَحِیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُنْمَحِوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحِیَانِ بن گیا۔

مُنْمَحُوْنَ : صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُنْمَحِوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحِیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مُنْمَحُوْنَ بن گیا۔

مُنْمَحِیَةٌ. مُنْمَحِیَتَانِ. مُنْمَحِیَاتٌ : صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُنْمَحِوَةٌ. مُنْمَحِوَتَانِ. مُنْمَحِوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُنْمَحیً م بِہٖ: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُنْمَحَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُنْمَحیً، بِہٖ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِفْعَالٌ جیسے: اَلْاِعْطَاءُ (دینا)

اِعْطَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِفْعَالٌ۔

اصل میں اِعْطَاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِعْطَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِعْطَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اَعْطٰی : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص واوی از باب افعال۔

اصل میں اَعْطَوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اَعْطٰی بن گیا۔

اَعْطَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیَا بن گیا۔

اَعْطَوْا : صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرا دیا تو اَعْطَوْا بن گیا۔

اَعْطَتْ : صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَعْطَتْ بن گیا۔

اَعْطَتَا : صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَعْطَتَا بن گیا۔

اَعْطَیْنَ. اَعْطَیْتَ. اَعْطَیْتُمَا. اَعْطَیْتُمْ. اَعْطَیْتِ. اَعْطَیْتُمَا. اَعْطَیْتُنَّ. اَعْطَیْتُ. اَعْطَیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوْنَ. اَعْطَوْتَ. اَعْطَوْتُمَا. اَعْطَوْتُمْ. اَعْطَوْتِ. اَعْطَوْتُمَا. اَعْطَوْتُنَّ. اَعْطَوْتُ. اَعْطَوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُعْطِیَ. اُعْطِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُعْطِوَ. اُعْطِوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُعْطِیَ. اُعْطِیَا بن گئے۔

اُعْطُوْا : صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُعْطِوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُعْطِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُعْطُوُوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے ایک واؤ گرا دی تو اُعْطُوْا بن گیا۔

اُعْطِیَتْ. اُعْطِیَتَا : صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں أُعْطِوْتَ . أُعْطِوْتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو أُعْطِيْتَ. أُعْطِيْتَا بن گئے۔

أُعْطِيْنَ. أُعْطِيْتَ. أُعْطِيْتُمَا. أُعْطِيْتُمْ. أُعْطِيْتِ. أُعْطِيْتُمَا. أُعْطِيْتُنَّ. أُعْطِيْتُ. أُعْطِيْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر واحد و جمع متکلم فعل ماضی مجہول۔

اصل میں أُعْطِوْنَ. أُعْطِوْتَ. أُعْطِوْتُمَا. أُعْطِوْتُمْ. أُعْطِوْتِ. أُعْطِوْتُمَا. أُعْطِوْتُنَّ. أُعْطِوْتُ. أُعْطِوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُعْطِيْ. تُعْطِيْ. أُعْطِيْ. نُعْطِيْ: صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يُعْطِوُ. تُعْطِوُ. أُعْطِوُ. نُعْطِوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطِيَانِ. تُعْطِيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يُعْطِوَانِ. تُعْطِوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطِيْنَ. تُعْطِيْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يُعْطِوْنَ. تُعْطِوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطُوْنَ. تُعْطُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يُعْطِوُوْنَ. تُعْطِوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يُعْطِيُوْنَ. تُعْطِيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو يُعْطُوْوْنَ. تُعْطُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُعْطِيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُعْطِوِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تُعْطِيِيْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو تُعْطِيْيْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء

گرادی تو تُعْطِینَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُعْطٰی. تُعْطٰی. اُعْطٰی. نُعْطٰی :صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُعْطَوُ. تُعْطَوُ. اُعْطَوُ. نُعْطَوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يُعْطَیُ. تُعْطَیُ. اُعْطَیُ. نُعْطَیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطَيَانِ. تُعْطَيَانِ :صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُعْطَوَانِ. تُعْطَوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطَيْنَ. تُعْطَيْنَ :صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُعْطَوْنَ. تُعْطَوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطَوْنَ. تُعْطَوْنَ :صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُعْطَوُوْنَ. تُعْطَوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا يُعْطَيُوْنَ تُعْطَيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُعْطَيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُعْطَوِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوء کو یاء سے تبدیل کیا تو تُعْطَيِيْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُعْطَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُعْطِ. لَمْ تُعْطِ. لَمْ اُعْطِ. لَمْ نُعْطِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُعْطَ. لَمْ تُعْطَ. لَمْ اُعْطَ. لَمْ نُعْطَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُعْطِيَا. لَمْ يُعْطُوْا. لَمْ تُعْطِيَا. لَمْ تُعْطُوْا. لَمْ تُعْطِي. لَمْ تُعْطِيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُعْطَيَا. لَمْ يُعْطَوْا. لَمْ تُعْطَيَا. لَمْ تُعْطَوْا. لَمْ تُعْطَيْ. لَمْ تُعْطَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُعْطِيْنَ. لَمْ تُعْطِيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُعْطَيْنَ. لَمْ تُعْطَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُعْطِيَ. لَنْ تُعْطِيَ. لَنْ أُعْطِيَ. لَنْ نُعْطِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُعْطٰى. لَنْ تُعْطٰى. لَنْ أُعْطٰى. لَنْ نُعْطٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُعْطِيَا. لَنْ يُعْطُوْا. لَنْ تُعْطِيَا. لَنْ تُعْطُوْا. لَنْ تُعْطِي. لَنْ تُعْطِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُعْطَيَا. لَنْ يُعْطَوْا. لَنْ تُعْطَيَا. لَنْ تُعْطَوْا. لَنْ تُعْطَيْ. لَنْ تُعْطَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُعْطِيْنَ. لَنْ تُعْطِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُعْطَيْنَ. لَنْ تُعْطَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُعْطِيَنَّ. لَتُعْطِيَنَّ. لَاُعْطِيَنَّ. لَنُعْطِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُعْطِيَنْ. لَتُعْطِيَنْ. لَاُعْطِيَنْ. لَنُعْطِيَنْ.

فعل مضارع مجہول کے مذکورہ پانچ صیغوں میں جس یاء کو الف سے تبدیل کر دیا گیا تھا۔ نون تاکید سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُعْطَيَنَّ . لَتُعْطَيَنَّ. لَأُعْطَيَنَّ. لَنُعْطَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُعْطَيَنْ . لَتُعْطَيَنْ. لَأُعْطَيَنْ. لَنُعْطَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف میں لَيُعْطُنَّ. لَتُعْطُنَّ . لَيُعْطُنْ. لَتُعْطُنْ.

مجہول کے ان دو صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ مجہول میں: لَيُعْطَوُنَّ. لَتُعْطَوُنَّ. لَيُعْطَوُنْ. لَتُعْطَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف میں لَتُعْطِنَّ. لَتُعْطِنْ۔ مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ مجہول میں لَتُعْطَيِنَّ. لَتُعْطَيِنْ.

معروف و مجہول کے چھ صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب و حاضر کے) جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُعْطِيَانِّ. لَتُعْطِيَانِّ. لَيُعْطِينَانِّ. لَتُعْطِيَانِّ. لَتُعْطِينَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُعْطَيَانِّ. لَتُعْطَيَانِّ. لَيُعْطَيْنَانِّ. لَتُعْطَيَانِّ. لَتُعْطَيْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اَعْطِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطِيْ جو اصل میں تُـعْطِيُ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرا دیا تو اَعْطِ بن گیا۔

اَعْطِيَا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطِيَانِ جو اصل میں تُعْطِيَانِ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَعْطِيَا بن گیا۔

اَعْطُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطُوْنَ جو اصل میں تُعْطُوْنَ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَعْطُوْا بن گیا۔

اَعْطِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطِیْنَ جو اصل میں تُنْعْطِیْنَ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَعْطِیْ بن گیا۔

اَعْطِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطِیْنَ جو اصل میں تُنْعْطِیْنَ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہا تو اَعْطِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُعْطٰی سے لِتُعْطَ. چار صیغوں (تثنیہ، جمع مذکر، واحد تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُعْطَیَا. لِتُعْطَوْا. لِتُعْطَیْ. لِتُعْطَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُعْطَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُعْطِ. لِتُعْطِ. لِاُعْطِ . لِنُعْطِ .

اور مجہول میں: لِیُعْطَ. لِتُعْطَ. لِاُعْطَ . لِنُعْطَ .

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُعْطِیَا. لِیُعْطُوْا. لِتُعْطِیَا.

اور مجہول میں: لِیُعْطَیَا. لِیُعْطَوْا. لِتُعْطَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُعْطِیْنَ. لِتُعْطِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُعْطَیْنَ. لِتُعْطَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف: لَا تُعْطِ. اور مجہول میں: لَا تُعْطَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُعْطِيَا. لَا تُعْطُوْا. لَا تُعْطِيْ. لَا تُعْطِيَا. اور مجہول میں لَا تُعْطَيَا. لَا تُعْطَوْا. لَا تُعْطَيْ. لَا تُعْطَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُعْطِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُعْطَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُعْطِ. لَا تُعْطِ. لَا أُعْطِ. لَا نُعْطِ.

اور مجہول میں: لَا يُعْطَ. لَا تُعْطَ. لَا أُعْطَ. لَا نُعْطَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُعْطِيَا. لَا يُعْطُوْا. لَا تُعْطِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُعْطَيَا. لَا يُعْطَوْا. لَا تُعْطَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُعْطِيْنَ اور مجہول میں: لَا يُعْطَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُعْطًى: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُعْطَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُعْطَيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُعْطًى بن گیا۔

مُعْطَيَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مُعْطَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیَانِ بن گیا۔
مُعْطَیَاتٌ: صیغہ جمع اسم ظرف۔
اصل میں مُعْطَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیَاتٌ بن گیا۔

بحث اسم فاعل

مُعْطٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔
اصل میں مُعْطِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مُعْطٍ بن گیا۔
مُعْطِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔
اصل میں مُعْطِوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطِیَانِ بن گیا۔
مُعْطُوْنَ: صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔
اصل میں مُعْطِوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطِیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُعْطُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مُعْطُوْنَ بن گیا۔
مُعْطِیَةٌ. مُعْطِیَتَانِ. مُعْطِیَاتٌ: صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث اسم فاعل۔
اصل میں مُعْطِوَةٌ. مُعْطِوَتَانِ. مُعْطِوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُعْطًی: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔
اصل میں مُعْطَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُعْطًی بن گیا۔
مُعْطَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔
اصل میں مُعْطَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیَانِ بن گیا۔
مُعْطَوْنَ: صیغہ جمع مذکر اسم مفعول۔
اصل میں مُعْطَوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل

کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُعْطُوْنَ بن گیا۔

مُعْطَاةٌ. مُعْطَاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُعْطَوَةٌ. مُعْطَوَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَيَةٌ. مُعْطَيَتَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مُعْطَيَاتٌ: صیغہ جمع مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُعْطَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَيَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب تَفْعِیْلٌ جیسے: اَلتَّسْمِیَۃُ (نام رکھنا)

اَلتَّسْمِیَۃُ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب تَفْعِیْلٌ.

اصل میں اَلتَّسْمِوَۃُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو اَلتَّسْمِیَۃُ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

سَمّٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص واوی از باب تفعیل۔

اصل میں سَمَّوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو سَمَّیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو سَمّٰی بن گیا۔

سَمَّیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو سَمَّیَا بن گیا۔

سَمَّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو سَمَّیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرادیا تو سَمَّوْا بن گیا۔

سَمَّتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو سَمَّیَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو سَمَّتْ بن گیا۔

سَمَّتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو سَمَّیَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو سَمَّتَا بن گیا۔

سَمَّیْنَ. سَمَّیْتَ. سَمَّیْتُمَا. سَمَّیْتُمْ. سَمَّیْتِ. سَمَّیْتُمَا. سَمَّیْتُنَّ. سَمَّیْتُ. سَمَّیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب وواحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوْنَ. سَمَّوْتَ. سَمَّوْتُمَا. سَمَّوْتُمْ. سَمَّوْتِ. سَمَّوْتُمَا. سَمَّوْتُنَّ. سَمَّوْتُ. سَمَّوْنَا تھے معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

سُمِّیَ. سُمِّیَا: صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں سُمِّوَ. سُمِّوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو سُمِّیَ. سُمِّیَا بن گئے۔

سُمُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں سُمِّوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو سُمِّیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3۔ کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو سُمُّوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو سُمُّوْا بن گیا۔

سُمِّیَتْ. سُمِّیَتَا. صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں سُمِّوَتْ. سُمِّوَتَا. معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

سُمِّیْنَ. سُمِّیْتَ. سُمِّیْتُمَا. سُمِّیْتُمْ. سُمِّیْتِ. سُمِّیْتُمَا. سُمِّیْتُنَّ. سُمِّیْتُ. سُمِّیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب وواحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر وواحد وجمع متکلم فعل ماضی مجہول۔

اصل میں سُمِّوْنَ. سُمِّوْتَ. سُمِّوْتُمَا. سُمِّوْتُمْ. سُمِّوْتِ. سُمِّوْتُمَا. سُمِّوْتُنَّ. سُمِّوْتُ. سُمِّوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یُسَمِّیْ. تُسَمِّیْ. اُسَمِّیْ. نُسَمِّیْ: صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُسَمِّوُ. تُسَمِّوُ. اُسَمِّوُ. نُسَمِّوُ تھے معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسَمِّیَانِ. تُسَمِّیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُسَمِّوَانِ. تُسَمِّوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسَمِّیْنَ. تُسَمِّیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُسَمِّوْنَ. تُسَمِّوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُسْمُوْنَ. تَسْمُوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُسَمِّوُوْنَ. تَسَمِّوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يُسَمِّيُوْنَ. تُسَمِّيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو يُسَمُّوُوْنَ. تُسَمُّوُوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُسَمِّيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسَمِّوِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوء کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُسَمِّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُسَمّٰى. تُسَمّٰى. اُسَمّٰى. نُسَمّٰى : صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يُسَمَّوُ. تُسَمَّوُ. اُسَمَّوُ. نُسَمَّوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يُسَمَّيُ. تُسَمَّيُ. اُسَمَّيُ. نُسَمَّيُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُسَمَّيَانِ. تُسَمَّيَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُسَمَّوَانِ. تُسَمَّوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُسَمَّيْنَ. تُسَمَّيْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُسَمَّوْنَ. تُسَمَّوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُسَمَّوْنَ. تُسَمَّوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُسَمَّوُوْنَ. تُسَمَّوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يُسَمَّيُوْنَ. تُسَمَّيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُسَمَّيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسَمَّوِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوء کو یاء سے تبدیل کیا تو تُسَمَّيِيْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُسَمَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُسَمِّ. لَمْ تُسَمِّ. لَمْ اُسَمِّ . لَمْ نُسَمِّ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسَمَّ. لَمْ تُسَمَّ. لَمْ اُسَمَّ . لَمْ نُسَمَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُسَمِّیَا. لَمْ یُسَمُّوْا. لَمْ تُسَمِّیَا. لَمْ تُسَمُّوْا. لَمْ تُسَمِّیْ. لَمْ تُسَمِّیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُسَمَّیَا. لَمْ یُسَمَّوْا. لَمْ تُسَمَّیَا. لَمْ تُسَمَّوْا. لَمْ تُسَمَّیْ. لَمْ تُسَمَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُسَمِّیْنَ. لَمْ تُسَمِّیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُسَمَّیْنَ. لَمْ تُسَمَّیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُسَمِّیَ. لَنْ تُسَمِّیَ. لَنْ اُسَمِّیَ. لَنْ نُسَمِّیَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُسَمّٰی. لَنْ تُسَمّٰی. لَنْ اُسَمّٰی. لَنْ نُسَمّٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُسَمِّیَا. لَنْ یُسَمُّوْا. لَنْ تُسَمِّیَا. لَنْ تُسَمُّوْا. لَنْ تُسَمِّیْ. لَنْ تُسَمِّیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُسَمَّیَا. لَنْ یُسَمَّوْا. لَنْ تُسَمَّیَا. لَنْ تُسَمَّوْا. لَنْ تُسَمَّیْ. لَنْ تُسَمَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُسَمِّیْنَ. لَنْ تُسَمِّیْنَ . اور مجہول میں: لَنْ یُسَمَّیْنَ. لَنْ تُسَمَّیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُسَمِّیَنَّ. لَتُسَمِّیَنَّ. لَاُسَمِّیَنَّ. لَنُسَمِّیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُسَمِّیَنْ. لَتُسَمِّیَنْ. لَاُسَمِّیَنْ. لَنُسَمِّیَنْ.

فعل مضارع مجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جس یاء کو الف سے تبدیل کردیا گیا تھا۔نون تاکید سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے:نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُسَمَّیَنَّ. لَتُسَمَّیَنَّ. لَاُسَمَّیَنَّ. لَنُسَمَّیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسَمَّیَنْ. لَتُسَمَّیَنْ. لَاُسَمَّیَنْ. لَنُسَمَّیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گراکر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں:لَیُسَمُّنَّ. لَتُسَمُّنَّ. لَیُسَمُّنْ. لَتُسَمُّنْ.

مجہول کے ان دوصیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے:نون تاکید ثقیلہ مجہول میں:لَیُسَمَّوُنَّ. لَتُسَمَّوُنَّ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں:لَیُسَمَّوُنْ. لَتُسَمَّوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گراکر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے۔تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے:نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں لَتُسَمِّنَّ. لَتُسَمِّنْ. مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔جیسے:نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُسَمَّیِنَّ. لَتُسَمَّیِنْ. معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں:لَیُسَمِّیَانِّ. لَتُسَمِّیَانِّ. لَیُسَمِّیْنَانِّ. لَتُسَمِّیَانِّ. لَتُسَمِّیْنَانِّ اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُسَمَّیَانِّ. لَتُسَمَّیَانِّ. لَیُسَمَّیْنَانِّ. لَتُسَمَّیَانِّ. لَتُسَمَّیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

سَمِّ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمِّیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہے۔آخر سے حرف علت گرادیا تو سَمِّ بن گیا۔

سَمِّيَا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمِّيَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو سَمِّيَا بن گیا۔

سَمُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو سَمُّوْا بن گیا۔

سَمِّيْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمِّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو سَمِّيْ بن گیا۔

سَمِّيْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمِّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہا تو سَمِّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُسَمّٰى سے لِتُسَمَّ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُسَمَّيَا. لِتُسَمَّوْا. لِتُسَمَّيْ. لِتُسَمَّيَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسَمَّيْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيُسَمِّ. لِتُسَمِّ. لِأُسَمِّ. لِنُسَمِّ.

اور مجہول میں: لِيُسَمَّ. لِتُسَمَّ. لِأُسَمَّ. لِنُسَمَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيُسَمِّيَا. لِيُسَمُّوْا. لِتُسَمِّيَا.

اور مجہول میں: لِيُسَمَّيَا. لِيُسَمَّوْا. لِتُسَمَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيُسَمِّيْنَ. اور مجہول میں: لِيُسَمَّيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُسَمِّ. اور مجہول میں: لَا تُسَمَّ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد، وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُسَمِّيَا. لَا تُسَمُّوْا. لَا تُسَمِّيْ. لَا تُسَمِّيَا. اور مجہول میں لَا تُسَمَّيَا. لَا تُسَمَّوْا. لَا تُسَمَّيْ. لَا تُسَمَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُسَمِّيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُسَمَّيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔
جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُسَمِّ. لَا تُسَمِّ. لَا أُسَمِّ. لَا نُسَمِّ.

اور مجہول میں: لَا يُسَمَّ. لَا تُسَمَّ. لَا أُسَمَّ. لَا نُسَمَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُسَمِّيَا. لَا يُسَمُّوْا. لَا تُسَمِّيَا.

اور مجہول میں: لَا يُسَمَّيَا. لَا يُسَمَّوْا. لَا تُسَمَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یُسَمِّیْنَ . اور مجہول میں: لاَ یُسَمَّیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسَمًّى : صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسَمْوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسَمًّى بن گیا۔

مُسَمَّیَانِ : صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مُسَمْوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیَانِ بن گیا۔

مُسَمَّیَاتٌ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُسَمْوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیَاتٌ بن گیا۔

بحث اسم فاعل

مُسَمٍّ : صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسَمِّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمِّیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُسَمٍّ بن گیا۔

مُسَمِّیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسَمِّوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمِّیَانِ بن گیا۔

مُسَمُّوْنَ : صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسَمِّوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمِّیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُسَمُّوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُسَمُّوْنَ بن گیا۔

مُسَمِّیَةٌ. مُسَمِّیَتَانِ. مُسَمِّیَاتٌ :صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسَمِّوَةٌ. مُسَمِّوَتَانِ. مُسَمِّوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُسَمًّی : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسَمَّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسَمًّی بن گیا۔

مُسَمَّیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسَمَّوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیَانِ بن گیا۔

مُسَمَّوْنَ : صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسَمَّوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسَمَّوْنَ بن گیا۔

مُسَمَّاۃٌ. مُسَمَّاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل مُسَمَّوَۃٌ. مُسَمَّوَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیَۃٌ. مُسَمَّیَتَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مُسَمَّیَاتٌ: صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسَمَّوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب تفَعُّلٌ جیسے: اَلتَّعَدِّیْ (زیادتی کرنا)

تعَدِّی: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب تَفَعُّلٌ.

اصل میں تَعَدُّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق واؤ کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو تَعَدِّوٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تَعَدِّیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے اگر تنوین کو گرائیں گے تو تَعَدِّیْ بن جائے گا۔ اگر یاء کو گرائیں گے تو تَعَدٍّ بن جائے گا۔

نوٹ: صرف صغیر میں تَعَدِّیًا پڑھا جائے گا کیونکہ اسم منقوص ہونے کی وجہ سے اس کی حالتِ نصبی فتحہ لفظی کے ساتھ آئے گی۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

تَــعَـدّٰی : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب

تفعل۔

اصل میں تَعَدُّوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو تَعَدّٰی بن گیا۔

تَعَدَّیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیَا بن گیا۔

تَعَدَّوْا : صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرا دیا تو تَعَدَّوْا بن گیا۔

تَعَدَّتْ : صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَعَدَّتْ بن گیا۔

تَعَدَّتَا : صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَعَدَّتَا بن گیا۔

تَعَدَّیْنَ. تَعَدَّیْتَ. تَعَدَّیْتُمَا. تَعَدَّیْتُم. تَعَدَّیْتِ. تَعَدَّیْتُمَا. تَعَدَّیْتُنَّ. تَعَدَّیْتُ. تَعَدَّیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوْنَ. تَعَدَّوْتَ. تَعَدَّوْتُمَا. تَعَدَّوْتُم. تَعَدَّوْتِ. تَعَدَّوْتُمَا. تَعَدَّوْتُنَّ. تَعَدَّوْتُ. تَعَدَّوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

تُعُدِّیَ. تُعُدِّیَا: صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُعُدِّوَ. تُعُدِّوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تُعُدِّیَ. تُعُدِّیَا بن گئے۔

تُعُدُّوْا : صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُعُدِّوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تُعُدِّیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے

قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو تُعُدِّوُوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے ایک واؤ گرادی تو تُعُدُّوْا بن گیا۔

تُعُدِّيَتْ . تُعُدِّيَتَا: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں تُعُدِّوَتْ . تُعُدِّوَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُعُدِّيْنَ . تُعُدِّيْتَ . تُعُدِّيْتُمَا . تُعُدِّيْتُمْ . تُعُدِّيْتِ . تُعُدِّيْتُمَا . تُعُدِّيْتُنَّ . تُعُدِّيْتُ . تُعُدِّيْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب و واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُعُدِّوْنَ . تُعُدِّوْتَ . تُعُدِّوْتُمَا . تُعُدِّوْتُمْ . تُعُدِّوْتِ . تُعُدِّوْتُمَا . تُعُدِّوْتُنَّ . تُعُدِّوْتُ . تُعُدِّوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَتَعَدّٰى . تَتَعَدّٰى . اَتَعَدّٰى . نَتَعَدّٰى : صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَتَعَدَّوُ . تَتَعَدَّوُ . اَتَعَدَّوُ . نَتَعَدَّوُ تھے معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَتَعَدَّيَانِ . تَتَعَدَّيَانِ : صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَتَعَدَّوَانِ . تَتَعَدَّوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَتَعَدَّيْنَ . تَتَعَدَّيْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَتَعَدَّوْنَ . تَتَعَدَّوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَتَعَدَّوْنَ . تَتَعَدَّوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَتَعَدَّوُوْنَ . تَتَعَدَّوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يَتَعَدَّيُوْنَ . تَتَعَدَّيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَتَعَدَّيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَتَعَدَّوِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واو کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَتَعَدَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُتعدّٰی. تُتعدّٰی. اُتعدّٰی. نُتعدّٰی : صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر وواحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُتَعَدَّوُ. تُتَعَدَّوُ. اُتَعَدَّوُ. نُتَعَدَّوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُتَعَدَّیُ. تُتَعَدَّیُ. اُتَعَدَّیُ. نُتَعَدَّیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُتَعَدَّیَانِ. تُتَعَدَّیَانِ : صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُتَعَدَّوَانِ. تُتَعَدَّوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُتَعَدَّیْنَ. تُتَعَدَّیْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُتَعَدَّوْنَ. تُتَعَدَّوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُتَعَدَّوْنَ. تُتَعَدَّوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُتَعَدَّوُوْنَ. تُتَعَدَّوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُتَعَدَّیُوْنَ. تُتَعَدَّیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُتَعَدَّیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُتَعَدَّوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوء کو یاء سے تبدیل کیا تو تُتَعَدَّیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُتَعَدَّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے الف گرادیں گے۔

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے لَمْ يُنْسَ بِهٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب ہوگا۔

جیسے: لَنْ يَنْسٰى. لَنْ تَنْسٰى. لَنْ اَنْسٰى. لَنْ نَّنْسٰى.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر کے' ایک واحد مذکر حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَنْ يَّنْسَيَا. لَنْ يَّنْسَوْا. لَنْ تَنْسَيَا. لَنْ تَنْسَوْا. لَنْ تَنْسَيْ. لَنْ تَنْسَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہیں گے۔ جیسے: لَنْ يَّنْسَيْنَ. لَنْ تَنْسَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصبہ لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب ہوگا۔ جیسے: لَنْ يُّنْسٰى بِهٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَنْسَيَنَّ. لَتَنْسَيَنَّ. لَاَنْسَيَنَّ. لَنَنْسَيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَنْسَیَنْ. لَتَنْسَیَنْ. لَاَنْسَیَنْ. لَنَنْسَیَنْ.

جمع مذکر غائب وحاضر کے صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَنْسَوُنَّ. لَتَنْسَوُنَّ . اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَنْسَوُنْ . لَتَنْسَوُنْ .

صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق یاء کو کسرہ دیں گے جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَتَنْسَیِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَتَنْسَیِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَنْسَیَانِّ. لَتَنْسَیَانِّ. لَیَنْسَیْنَانِّ. لَتَنْسَیَانِّ. لَتَنْسَیْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ جو یاء فعل مضارع مجہول میں معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُنْسَیَنَّ بِهٖ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَیُنْسَیَنْ بِهٖ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اِنْسَ: ۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسٰی سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِنْسَ بن گیا۔

اِنْسَیَا : ۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنْسَیَا بن گیا۔

اِنْسَوْا : ۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنْسَوْا بن گیا۔

اِنْسَیْ : ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔

عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنْسَیْ بن گیا۔

اِنْسَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـنْسَيْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِنْسَیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُنْسٰی بِکَ سے لِتُنْسَ بِکَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لِیَنْسَ. لِتَنْسَ. لِأَنْسَ لِنَنْسَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِیَنْسَیَا. لِیَنْسَوْا. لِتَنْسَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے :لِیَنْسَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: یُنْسٰی بِہٖ. سے لِیُنْسَ بِہٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو بحث فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: لَا تَنْسَ.

چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے ہیں: لَا تَنْسَیَا. لَا تَنْسَوْا. لَا تَنْسَیْ. لَا تَنْسَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَنْسَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے تُنْسٰی بِکَ سے لَا تُنْسَ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لَا یَنْسَ. لَا تَنْسَ . لَا اَنْسَ. لَا نَنْسَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَا یَنْسَیَا. لَا یَنْسَوْا. لَا تَنْسَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا یَنْسَیْنَ .

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے یُنْسٰی بِہٖ سے لَا یُنْسَ بِہٖ.

بحث اسم ظرف

مَنْسًی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَنْسَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مَنْسًی بن گیا۔

مَنْسَیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَنَاسٍ :۔ صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَنَاسِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو گرادیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَنَاسٍ بن گیا۔

مُنَیْسٍ :۔ صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُنَیْسِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُنَیْسٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

مِنْسًی :۔صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِنْسَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِنْسًی بن گیا۔

مِنْسَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مَنَاسٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَنَاسِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ تنوین لوٹ آئی تو مَنَاسٍ بن گیا۔

مُنَیْسٍ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُنَیْسِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُنَیْسٍ بن گیا۔

مِنْسَاۃٌ :۔صیغہ واحد اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِنْسَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مِنْسَاۃٌ بن گیا۔

مِنْسَاتَانِ :۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِنْسَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مِنْسَاتَانِ بن گیا۔

مَنَاسٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَنَاسِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَنَاسٍ بن گیا۔

مُنَیْسِیَۃٌ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

مِنْسَاءٌ ، مِنْسَاءَ انِ :۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِنْسَایٌ اور مِنْسَایَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو مِنْسَاءٌ اور مِنْسَاءَ انِ بن گئے۔

مَنَاسِیُّ :۔صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَنَاسِایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَنَاسِیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مَنَاسِیٌّ بن گیا۔

مُنَیْسِیٌّ : صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُنَیْسِایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنَیْسِیُیٌ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مُنَیْسِیٌّ بن گیا۔

مُنَیْسِیَّۃٌ :۔ صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُنَیْسِایَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنَیْسِیْیَۃٌ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مُنَیْسِیَّۃٌ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَنْسٰی :۔ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَنْسَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو اَنْسٰی بن گیا۔

اَنْسَیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَنْسَوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَنْسَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَنْسَوْنَ بن گیا۔

اَنَاسٍ :۔ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں میں اَنَاسِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَنَاسٍ بن گیا۔

اُنَیْسٍ :۔ صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُنَیْسِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُنَیْسٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

نُسْیٰی . نُسْیَیَانِ . نُسْیَیَاتٌ ۔ صیغہائے واحد تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل مؤنث۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

نُسًی :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں نُسَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو نُسًی بن گیا۔

نُسَیٌّ :۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں نُسَیْیٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو نُسَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَاأَنْسَاهُ:صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَاأَنْسَیَہٗ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر یا تو مَاأَنْسَاهُ بن گیا۔

أَنْسِ بِهٖ:۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں أَنْسِیْ بِہٖ تھا۔امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ فعل ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو أَنْسِ بِہٖ بن گیا۔

نَسُوَ اور نَسُوَتْ:۔صیغہ واحد مذکر و مؤنث فعل تعجب۔

اصل میں نَسُیَ اور نَسُیَتْ تھے۔معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو نَسُوَ اور نَسُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

نَاسٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں نَاسِیٌ تھا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو نَاسٍ بن گیا۔

نَاسِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

نَاسُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں نَاسِیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو نَاسُیْوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو نَاسُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو نَاسُوْنَ بن گیا۔

نُسَاۃٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نَسَیَۃٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا تو نَسَاۃٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاءکلمہ کو ضمہ دیا تو نُسَاۃٌ بن گیا۔

نُسَّاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نُسَّایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو نُسَّاءٌ بن گیا۔

نُسًّی:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نُسَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو نُسًّی بن گیا۔

نُسَیٌّ . نُسَیَاءُ . نُسْیَانٌ۔صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

نِسَاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نِسَایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو نِسَاءٌ بن گیا۔

نُسِیٌّ یا نِسِیٌّ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نُسُوْیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو نُسُیٌّ بن گیا۔پھر اسی قانون کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کیا تو نُسِیٌّ بن گیا۔عین کلمہ کی مناسبت سے فاءکلمہ کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے جیسے نِسِیٌّ۔

نُوَیْسٍ:صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں نُوَیْسِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو نُوَیْسٍ بن گیا۔

نَاسِیَۃٌ ، نَاسِیَتَانِ ، نَاسِیَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

نَوَاسٍ :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نَوَاسِیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین

لوٹ آئی تو نَوَاسٍ بن گیا۔

نُسًّى :۔صیغہ جمع مونث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نُسَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو نُسًّى بن گیا۔

نُوَیْسِیَةٌ:۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم مفعول

مَنْسِیٌّ بِہٖ :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مَنْسُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَنْسُیٌّ بن گیا پھر اسی قانون کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو مَنْسِیٌّ بِہٖ بن گیا۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب فَتَحَ. یَفْتَحُ جیسے اَلرَّعْیُ (مویشی چرانا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

رَعٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب فَتَحَ یَفْتَحُ.

اصل میں رَعَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو رَعٰی بن گیا۔

رَعَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اپنی اصل پر ہے۔

رَعَوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں رَعَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رَعَوْا بن گیا۔

رَعَتْ:۔صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں رَعَیَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رَعَتْ بن گیا۔

رَعَتَا :۔صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مثبت معروف۔

اصل میں رَعَیَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو رَعَاتَا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین

علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو رَعَتَا بن گیا۔

رَعَیْنَ. رَعَیْتَ. رَعَیْتُمَا. رَعَیْتُم. رَعَیْتِ. رَعَیْتُمَا. رَعَیْتُنَّ. رَعَیْتُ. رَعَیْنَا.

(صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک) تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

رُعِیَ. رُعِیَا. صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رُعُوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں رُعِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو رُعْیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو رُعْوُوْا ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو رُعُوْا بن گیا۔

رُعِیَتْ. رُعِیَتَا. رُعِیْنَ. رُعِیْتَ. رُعِیْتُمَا. رُعِیْتُم. رُعِیْتِ. رُعِیْتُمَا. رُعِیْتُنَّ. رُعِیْتُ. رُعِیْنَا.

صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف ومجہول

معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء کو معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق الف سے تبدیل کر دیں گے۔ جیسے معروف میں: یَرْعَیُ. تَرْعَیُ. اَرْعَیُ. نَرْعَیُ. سے یَرْعٰی. تَرْعٰی. اَرْعٰی. نَرْعٰی. اور مجہول میں: یُرْعَیُ. تُرْعَیُ. اُرْعَیُ. نُرْعَیُ. سے یُرْعٰی. تُرْعٰی. اُرْعٰی. نُرْعٰی.

یَرْعَیَانِ. تَرْعَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر معروف ومجہول۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَرْعَوْنَ ، تَرْعَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر معروف۔

اصل یَرْعَیُوْنَ ، تَرْعَیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یَرْعَوْنَ . تَرْعَوْنَ بن گئے۔

یُرْعَوْنَ ، تُرْعَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر مجہول۔

اصل یُرْعَیُوْنَ ، تُرْعَیُوْنَ تھے معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُرْعَوْنَ . تُرْعَوْنَ بن گئے۔

يَرْعَيْنَ. تَرْعَيْنَ. يُرْعَيْنَ. تُرْعَيْنَ: صیغہائے جمع مؤنث غائب وحاضر معروف ومجہول۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَرْعَيْنَ. تُرْعَيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت معروف ومجہول۔

اصل میں تَرْعَيِيْنَ. اور تُرْعَيِيْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَرْعَيْنَ. اور تُرْعَيْنَ بن گئے۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَرْعَ. لَمْ تَرْعَ. لَمْ اَرْعَ. لَمْ نَرْعَ.

اور مجہول میں: لَمْ يُرْعَ. لَمْ تُرْعَ. لَمْ اُرْعَ. لَمْ نُرْعَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَرْعَيَا. لَمْ يَرْعَوْا. لَمْ تَرْعَيَا. لَمْ. تَرْعَوْا. لَمْ تَرْعَيْ. لَمْ تَرْعَيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُرْعَيَا. لَمْ يُرْعَوْا. لَمْ تُرْعَيَا. لَمْ تُرْعَوْا. لَمْ تُرْعَيْ. لَمْ تُرْعَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَرْعَيْنَ. لَمْ تَرْعَيْنَ اور مجہول میں: لَمْ يُرْعَيْنَ. لَمْ تُرْعَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّرْعٰى. لَنْ تَرْعٰى. لَنْ اَرْعٰى. لَنْ نَّرْعٰى.

اور مجہول میں: لَنْ يُّرْعٰى. لَنْ تُرْعٰى. لَنْ اُرْعٰى. لَنْ نُّرْعٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی

گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّرْعَيَا. لَنْ يَّرْعَوْا. لَنْ تَرْعَيَا. لَنْ تَرْعَوْا. لَنْ تَرْعَیْ. لَنْ تَرْعَيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّرْعَيَا. لَنْ يُّرْعَوْا. لَنْ تُرْعَيَا. لَنْ تَرْعَوْا. لَنْ تُرْعَیْ. لَنْ تُرْعَيَا.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّرْعَيْنَ. لَنْ تَرْعَيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّرْعَيْنَ. لَنْ تُرْعَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَرْعَيَنَّ. لَتَرْعَيَنَّ. لَأَرْعَيَنَّ. لَنَرْعَيَنَّ.

اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُرْعَيَنَّ. لَتُرْعَيَنَّ. لَأُرْعَيَنَّ. لَنُرْعَيَنَّ.

جیسے نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَرْعَيَنْ. لَتَرْعَيَنْ. لَأَرْعَيَنْ. لَنَرْعَيَنْ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُرْعَيَنْ. لَتُرْعَيَنْ. لَأُرْعَيَنْ. لَنُرْعَيَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَرْعَوُنَّ. لَتَرْعَوُنَّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُرْعَوُنَّ. لَتُرْعَوُنَّ. جیسے نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَرْعَوُنْ. لَتَرْعَوُنْ. اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُرْعَوُنْ. لَتُرْعَوُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَرْعَيِنَّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُرْعَيِنَّ. جیسے نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَرْعَيِنْ. اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَتُرْعَيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے اور دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَرْعَيَانِّ. لَتَرْعَيَانِّ. لَيَرْعَيْنَانِّ. لَتَرْعَيَانِّ. لَتَرْعَيْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُرْعَيَانِّ. لَتُرْعَيَانِّ. لَيُرْعَيْنَانِّ. لَتُرْعَيَانِّ. لَتُرْعَيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِدْعَ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعُو سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِدْعَ بن گیا۔

اِدْعَیَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعَیَا بن گیا۔

اِدْعَوْا:۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعَوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعَوْا بن گیا۔

اِدْعَیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعَیْ بن گیا۔

اِدْعَیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِدْعَیْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُدْعٰی سے لِتُدْعَ اور چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُدْعَیَا۔ لِتُدْعَوْا۔ لِتُدْعَیْ۔ لِتُدْعَیَا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُدْعَیْنَ۔

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔
جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَرْعَ. لِتَرْعَ. لِأَرْعَ. لِنَرْعَ.

اور مجہول میں: لِیُرْعَ. لِتُرْعَ. لِأُرْعَ. لِنُرْعَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَرْعَیَا. لِیَرْعَوْا. لِتَرْعَیَا.

اور مجہول میں: لِیُرْعَیَا. لِیُرْعَوْا. لِتُرْعَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَرْعَیْنَ. اور مجہول میں: لِیُرْعَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَرْعَ. اور مجہول میں: لَا تُرْعَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر وواحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَرْعَیَا. لَا تَرْعَوْا. لَا تَرْعَیْ. لَا تَرْعَیَا. اور مجہول میں: لَا تُرْعَیَا. لَا تُرْعَوْا. لَا تُرْعَیْ. لَا تُرْعَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَرْعَیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُرْعَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔
جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَرْعَ. لَا تَرْعَ. لَا أَرْعَ. لَا نَرْعَ.

اور مجہول میں: لَا یُرْعَ. لَا تُرْعَ. لَا أُرْعَ. لَا نُرْعَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَرْعَيَا. لَا يَرْعَوْا. لَا تَرْعَيَا.

اور مجہول میں: لَا يُرْعَيَا. لَا يُرْعَوْا. لَا تُرْعَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَرْعَيْنَ اور مجہول میں: لَا يُرْعَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مَرْعًى: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَرْعَىٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مَرْعًى بن گیا۔

مَرْعَيَانِ: ۔صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَرَاعٍ: ۔صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَرَاعِيُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاعٍ بن گیا۔

مُرَيْعٍ: ۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُرَيْعِيٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُرَيْعٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

مِرْعًى: ۔صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِرْعَىٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِرْعًى بن گیا۔

مِرْعَيَانِ: ۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مَرَاعٍ: ۔صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَرَاعِيُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ تنوین لوٹ آئی تو مَرَاعٍ بن گیا۔

مُرَیْعٍ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ۔

اصل میں مُـرَیْعِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماعِ ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُرَیْعٍ بن گیا۔

مِرْعَاۃٌ :۔صیغہ واحد اسم آلہ وسطی۔

اصل میں مِرْعَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تو مِرْعَاۃٌ بن گیا۔

مِرْعَاتَانِ:۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطی۔

اصل میں مِرْعَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تو مِرْعَاتَانِ بن گیا۔

مَرَاعٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ وسطی۔

اصل میں مَـرَاعِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاعٍ بن گیا۔

مُرَیْعِیَۃٌ:۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطی۔

اپنی اصل پر ہے۔

مِرْعَاءٌ ، مِرْعَاءَ انِ :۔صیغہ واحد وتثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِـرْعَایٌ اور مِـرْعَـایَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا تو مِرْعَاءٌ اور مِرْعَاءَ انِ بن گئے۔

مَرَاعِیٌّ :۔صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَـرَاعِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کیا تو مَـرَاعِیْيُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَرَاعِیٌّ بن گیا۔

مُرَیْعِیٌّ :صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُـرَیْعِایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کیا تو مُرَیْعِیْيٌ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُرَیْعِیٌّ بن گیا۔

مُرَیْعِیَّۃٌ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُرَیْعِایَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کیا تو مُرَیْعِیْيٌ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُرَیْعِیَّۃٌ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَرْعٰی :۔صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْعَیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو اَرْعٰی بن گیا۔

اَرْعَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل۔

اپنی اصل پر ہے۔

اَرْعَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْعَیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَرْعَوْنَ بن گیا۔

اَرَاعٍ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل مذکر۔

اصل میں اَرَاعِیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَرَاعٍ بن گیا۔

اُرَیْعٍ :۔صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل مذکر۔

اصل میں اُرَیْعِیٌ تھا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُرَیْعٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

رُعْیٰ . رُعْیَیَانِ . رُعْیَیَاتٌ ۔صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل مؤنث۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رُعًی:۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں رُعَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو رُعًی بن گیا۔

رُعَیٌّ :۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل مؤنث۔

اصل میں رُعَیْیٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو رُعَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَاأَدْعَاهُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَاأَدْعَيَهُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تو مَاأَدْعَاهُ بن گیا۔

أَدْعِ بِهٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں أَدْعِيْ بِهٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ ماضی کے معنی میں ہے۔ آخر سے حرف علت گرادیا تو أَدْعِ بِهٖ بن گیا۔

دَعُوَ اور دَعُوَتْ: صیغہ واحد مذکر و مؤنث فعل تعجب۔

یہ اصل میں دَعُيَ اور دَعُيَتْ تھے معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو دَعُوَ اور دَعُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

دَاعٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں دَاعِيٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو دَاعٍ بن گیا۔

دَاعِيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

دَاعُوْنَ: صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں دَاعِيُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو دَاعُيْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو دَاعُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو دَاعُوْنَ بن گیا۔

دُعَاةٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دَعَيَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو دَعَاةٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاکلمہ کو ضمہ دیا تو دُعَاةٌ بن گیا۔

دُعَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں دُعَّايٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو دُعَّاءٌ بن گیا۔

رُعًّى :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُعَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رُعًّی بن گیا۔

رُعْیٌ . رُعَیَاءُ . رُعْیَانٌ۔صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رِعَاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رِعَایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو رِعَاءٌ بن گیا۔

رُعِیٌّ یا رِعِیٌّ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُعُوْیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو رُعُیٌّ بن گیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو رُعِیٌّ بن گیا۔پھر عین کلمہ کی مناسب سے فاء کلمہ کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے جیسے رِعِیٌّ .

رُوَیْعٍ :صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں رُوَیْعِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو رُوَیْعٍ بن گیا۔

رَاعِیَةٌ ، رَاعِیَتَانِ ، رَاعِیَاتٌ :۔صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رَوَاعٍ :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رَوَاعِیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو رَوَاعٍ بن گیا۔

رُعًّی :۔صیغہ جمع مونث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُعَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رُعًّی بن گیا۔

رُوَیْعِیَةٌ:۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم مفعول

مَرْعِيٌّ. مَّرْعِيَّانِ. مَرْعِيُّوْنَ. مَرْعِيَّةٌ. مَّرْعِيَّتَانِ. مَرْعِيَّاتٌ :صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَرْعُوْيٌ. مَرْعُوْيَانِ. مَرْعُوْيُوْنَ. مَرْعُوْيَةٌ. مَّرْعُوْيَتَانِ. مَرْعُوْيَاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کردیا تومَرْعُيٌّ . مَّرْعُيَّانِ. مَرْعُيُّوْنَ. مَرْعُيَّةٌ. مَّرْعُيَّتَانِ. مَرْعُيَّاتٌ بن گئے۔ پھراسی قانون نمبر 14 کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَرَاعِيُّ :۔صیغہ جمع مذکر ومونث اسم مفعول۔

اصل میں مَرَاعِوْيُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تومَرَاعِيْيُ بن گیا۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تومَرَاعِيُّ بن گیا۔

مُرَيْعِيٌّ اور مُرَيْعِيَّةٌ :۔صیغہ واحد مذکر ومونث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُرَيْعِوْيٌ اور مُرَيْعِوْيَةٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تومُرَيْعِيْيٌ اور مُرَيْعِيْيَةٌ بن گئے۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تومُرَيْعِيٌّ اورمُرَيْعِيَّةٌ بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْتِعَالٌ
جیسے اَلاِجْتِبَاءُ (برگزیدہ ہونا)

اَلْاِجْتِبَاءُ: صیغہ اسم مصدر۔

اصل میں اَلْاِجْتِبَايُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تواَلْاِجْتِبَاءُ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِجْتَبٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب اِفْتِعَالٌ۔

اصل میں اِجْتَبَيَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تواِجْتَبٰی بن گیا۔

اِجْتَبَيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اپنی اصل پر ہے۔

اِجْتَبَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِجْتَبَيُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تواِجْتَبَوْا بن گیا۔

اِجْتَبَتْ. اِجْتَبَتَا :۔ صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِجْتَبَيَتْ. اِجْتَبَيَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِجْتَبَتْ. اِجْتَبَتَا بن گئے۔

اِجْتَبَيْنَ. اِجْتَبَيْتَ. اِجْتَبَيْتُمَا. اِجْتَبَيْتُمْ. اِجْتَبَيْتِ. اِجْتَبَيْتُمَا. اِجْتَبَيْتُنَّ. اِجْتَبَيْتُ. اِجْتَبَيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُجْتُبِيَ بِهٖ :۔ صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَجْتَبِيْ. تَجْتَبِيْ. اَجْتَبِيْ. نَجْتَبِيْ :۔ صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَجْتَبِيُ. تَجْتَبِيُ. اَجْتَبِيُ. نَجْتَبِيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يَجْتَبِيْ. تَجْتَبِيْ. اَجْتَبِيْ. نَجْتَبِيْ بن گئے۔

يَجْتَبِيَانِ. تَجْتَبِيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَجْتَبُوْنَ. تَجْتَبُوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يَجْتَبِيُوْنَ. تَجْتَبِيُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يَجْتَبُيْوْنَ ، تَجْتَبُيْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يَجْتَبُوْنَ. تَجْتَبُوْنَ بن گئے۔

يَجْتَبِيْنَ. تَجْتَبِيْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَجْتَبِيْنَ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَجْتَبِيِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَجْتَبِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُجْتَبٰی بِہٖ : صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں یُجْتَبَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُجْتَبٰی بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء گر جائے گی۔

جیسے: لَمْ یَجْتَبِ. لَمْ تَجْتَبِ. لَمْ اَجْتَبِ. لَمْ نَجْتَبِ.

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یَجْتَبِیَا. لَمْ یَجْتَبُوْا. لَمْ تَجْتَبِیَا. لَمْ تَجْتَبُوْا. لَمْ تَجْتَبِیْ. لَمْ تَجْتَبِیَا.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ یَجْتَبِیْنَ. لَمْ تَجْتَبِیْنَ.

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے یُجْتَبٰی بِہٖ سے لَمْ یُجْتَبَ بِہٖ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصبہ لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جو یاء ساکن ہو گئی تھی اسے نصب دیں گے۔

جیسے: لَنْ یَّجْتَبِیَ. لَنْ تَجْتَبِیَ. لَنْ اَجْتَبِیَ. لَنْ نَّجْتَبِیَ.

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَنْ یَّجْتَبِیَا. لَنْ یَّجْتَبُوْا. لَنْ تَجْتَبِیَا. لَنْ تَجْتَبُوْا. لَنْ تَجْتَبِیْ. لَنْ تَجْتَبِیَا.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَنْ یَّجْتَبِیْنَ. لَنْ تَجْتَبِیْنَ.

بحث فعل مضارع نفی تاکید بِلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔ جیسے یُجْتَبٰی بِہٖ سے لَنْ یُّجْتَبٰی بِہٖ .

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔

فعل مضارع کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَیَجْتَبِیَنَّ. لَتَجْتَبِیَنَّ. لَاَجْتَبِیَنَّ. لَنَجْتَبِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ میں: لَیَجْتَبِیَنْ. لَتَجْتَبِیَنْ. لَاَجْتَبِیَنْ. لَنَجْتَبِیَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر کے صیغوں سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَیَجْتَبُنَّ. لَتَجْتَبُنَّ . اور نون تاکید خفیفہ میں: لَیَجْتَبُنْ. لَتَجْتَبُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَتَجْتَبِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ میں لَتَجْتَبِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے: لَیَجْتَبِیَانِّ. لَتَجْتَبِیَانِّ. لَیَجْتَبِیْنَانِّ. لَتَجْتَبِیَانِّ. لَتَجْتَبِیْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگا دیں گے۔ فعل مضارع مجہول میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَیُجْتَبَیَنَّ بِہٖ . اور نون تاکید خفیفہ میں: لَیُجْتَبَیَنْ بِہٖ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اِجْتَبِ: ۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَجْتَبِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرا دیا تو اِجْتَبِ بن گیا۔

اِجْتَبِيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکرومؤنث حاضرفعل امرحاضرمعروف۔

اس کوفعل مضارع حاضرمعروف تَجْتَبِيَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعدوالاحرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسورلگاکرآخر سے نون اعرابی گرادیاتواِجْتَبِيَا بن گیا۔

اِجْتَبُوْا :۔صیغہ جمع مذکرحاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضرمعروف تَجْتَبُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسورلگاکرآخر سے نون اعرابی گرادیاتواِجْتَبُوْا بن گیا۔

اِجْتَبِيْ :۔صیغہ واحدمؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضرمعروف تَجْتَبِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسورلگاکرآخر سے نون اعرابی گرادیاتو اِجْتَبِيْ بن گیا۔

اِجْتَبِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضرمعروف تَجْتَبِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسورلگایاتواِجْتَبِيْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخرکانون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امرحاضرمجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضرمجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امرمکسورلگادیں گے۔جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔جیسے: تُجْتَبٰى بِكَ سے لِتُجْتَبَ بِكَ.

بحث فعل امرغائب ومتکلم معروف

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امرمکسورلگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف کے چارصیغوں (واحدمذکرومؤنث غائب'واحدوجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاءگرجائے گی۔

جیسے:لِيَجْتَبِ. لِتَجْتَبِ. لِاَجْتَبِ. لِنَجْتَبِ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکروتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا جیسے:لِيَجْتَبِيَا. لِيَجْتَبُوْا. لِتَجْتَبِيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخرکانون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں:لِيَجْتَبِيْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: یُجْتَبٰی بِہٖ سے لِیُجْتَبَ بِہٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی۔ جیسے: لَا تَجْتَبِ.

چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَا تَجْتَبِيَا. لَا تَجْتَبُوْا. لَا تَجْتَبِیْ. لَا تَجْتَبِيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَجْتَبِيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُجْتَبٰی بِکَ سے لَا تُجْتَبَ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی۔

جیسے لَا یَجْتَبِ. لَا تَجْتَبِ. لَا اَجْتَبِ. لَا نَجْتَبِ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَا یَجْتَبِيَا. لَا یَجْتَبُوْا. لَا تَجْتَبِيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا یَجْتَبِيْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: یُجْتَبٰی بِہٖ سے لَا یُجْتَبَ بِہٖ.

بحث اسم ظرف

مُجْتَبًى :۔صیغہ واحد مذکر اسم ظرف۔

اصل میں مُجْتَبَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُجْتَبًى بن گیا۔

مُجْتَبَيَانِ. مُجْتَبَيَاتٌ : صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُجْتَبٍی :صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُجْتَبِیٌ تھا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُجْتَبِیْنْ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُجْتَبٍی بن گیا۔

مُجْتَبِيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُجْتَبُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُجْتَبِیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُجْتَبُیْوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا تو مُجْتَبُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُجْتَبُوْنَ بن گیا۔

مُجْتَبِيَةٌ. مُجْتَبِيَتَانِ. مُجْتَبِيَاتٌ :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مونث سالم۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُجْتَبًى بِهٖ : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُجْتَبَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مُجْتَبَانٌ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُجْتَبًى بِهٖ بن گیا۔

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق بر باعی باہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلاِشْتِرَاءُ (خریدنا' بیچنا)

اِشْتِرَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْتِعَالٌ.

اصل میں اِشْتِرَایٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو اِشْتِرَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِشْتَرٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب افتعال.

اصل میں اِشْتَرَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو اِشْتَرٰی بن گیا۔

اِشْتَرَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔

اِشْتَرَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِشْتَرَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِشْتَرَوْا بن گیا۔

اِشْتَرَتْ اِشْتَرَتَا:۔صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِشْتَرَیَتْ. اِشْتَرَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِشْتَرَتْ . اِشْتَرَتَا بن گئے۔

اِشْتَرَیْنَ. اِشْتَرَیْتَ. اِشْتَرَیْتُمَا. اِشْتَرَیْتُم. اِشْتَرَیْتِ. اِشْرَیْتُمَا. اِشْتَرَیْتُنَّ. اِشْتَرَیْتُ. اِشْتَرَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُشْتُرِیَ. اُشْتُرِیَا : صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں .

اُشْتُرُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُشْتُرِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ دیا۔ تو اُشْتُرْیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو اُشْتُرُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین

علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُشْتُرُوْا بن گیا۔

اُشْتَرِیْنَ. اُشْتُرِیْتَ. اُشْتُرِیْتُمَا. اُشْتُرِیْتُمْ. اُشْتُرِیْتِ. اُشْتُرِیْتُمَا. اُشْتُرِیْتُنَّ. اُشْتُرِیْتُ. اُشْتُرِیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَشْتَرِیْ. تَشْتَرِیْ. اَشْتَرِیْ. نَشْتَرِیْ:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یَشْتَرِیُ. تَشْتَرِیُ. اَشْتَرِیُ. نَشْتَرِیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَشْتَرِیْ. تَشْتَرِیْ. اَشْتَرِیْ. نَشْتَرِیْ بن گئے۔

یَشْتَرِیَانِ. تَشْتَرِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر مؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَشْتَرُوْنَ. تَشْتَرُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَشْتَرِیُوْنَ. تَشْتَرِیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَشْتَرُیْوْنَ. تَشْتَرُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یائے کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یَشْتَرُوْنَ. تَشْتَرُوْنَ بن گئے ۔

یَشْتَرِیْنَ. تَشْتَرِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَشْتَرِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں تَشْتَرِیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَشْتَرِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُشْتَرٰی. تُشْتَرٰی. اُشْتَرٰی. نُشْتَرٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُشْتَرَیُ. تُشْتَرَیُ. اُشْتَرَیُ. نُشْتَرَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُشْتَرٰی. تُشْتَرٰی. اُشْتَرٰی. نُشْتَرٰی بن گئے۔

یُشْتَرَیَانِ تُشْتَرَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُشْتَرَوْنَ. تُشْتَرَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُشْتَرَیُوْنَ. تُشْتَرَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُشْتَرَاوُنَ. تُشْتَرَاوُنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُشْتَرَوْنَ. تُشْتَرَوْنَ بن گئے ۔

یُشْتَرَیْنَ. تُشْتَرَیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُشْتَرَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُشْتَرَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو تُشْتَرَایْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُشْتَرَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَشْتَرِ. لَمْ تَشْتَرِ. لَمْ اَشْتَرِ. لَمْ نَشْتَرِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُشْتَرَ. لَمْ تُشْتَرَ. لَمْ اُشْتَرَ. لَمْ نُشْتَرَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ یَشْتَرِیَا. لَمْ یَشْتَرُوْا. لَمْ تَشْتَرِیَا.لَمْ تَشْتَرُوْا. لَمْ تَشْتَرِیْ . لَمْ تَشْتَرِیَا .

اور مجہول میں:لَمْ یُشْتَرَیَا. لَمْ یُشْتَرَوْا. لَمْ تُشْتَرَیَا. لَمْ تُشْتَرَوْا.لَمْ تُشْتَرَیْ . لَمْ تُشْتَرَیَا .

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں: لَمْ یَشْتَرِیْنَ. لَمْ تَشْتَرِیْنَ .اور مجہول میں: لَمْ یُشْتَرَیْنَ. لَمْ تُشْتَرَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا ۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّشْتَرِيَ. لَنْ تَشْتَرِيَ. لَنْ اَشْتَرِيَ. لَنْ نَّشْتَرِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّشْتَرٰی. لَنْ تُشْتَرٰی. لَنْ اُشْتَرٰی. لَنْ نُّشْتَرٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّشْتَرِيَا. لَنْ يَّشْتَرُوْا. لَنْ تَشْتَرِيَا. لَنْ تَشْتَرُوْا. لَنْ تَشْتَرِيْ. لَنْ تَشْتَرِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّشْتَرَيَا. لَنْ يُّشْتَرَوْا. لَنْ تُشْتَرَيَا. لَنْ تُشْتَرَوْا. لَنْ تُشْتَرَیْ. لَنْ تُشْتَرَيَا.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّشْتَرِيْنَ. لَنْ تَشْتَرِيْنَ اور مجہول میں: لَنْ يُّشْتَرَيْنَ. لَنْ تُشْتَرَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جس یاء کو الف سے تبدیل کر دیا گیا تھا اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَشْتَرِيَنَّ. لَتَشْتَرِيَنَّ. لَاَشْتَرِيَنَّ. لَنَشْتَرِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَشْتَرِيَنْ. لَتَشْتَرِيَنْ. لَاَشْتَرِيَنْ. لَنَشْتَرِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُشْتَرَيَنَّ. لَتُشْتَرَيَنَّ. لَاُشْتَرَيَنَّ. لَنُشْتَرَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُشْتَرَيَنْ. لَتُشْتَرَيَنْ. لَاُشْتَرَيَنْ. لَنُشْتَرَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَشْتَرُنَّ. لَتَشْتَرُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَشْتَرُنْ. لَتَشْتَرُنْ

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں : لَيُشْتَرَوُنَّ. لَتُشْتَرَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُشْتَرَوُنْ. لَتُشْتَرَوُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر معروف سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَشْتَرِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَشْتَرِنْ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُشْتَرَيِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُشْتَرَيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَشْتَرِيَانِّ. لَتَشْتَرِيَانِّ. لَيَشْتَرِيْنَانِّ. لَتَشْتَرِيَانِّ. لَتَشْتَرِيْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُشْتَرَيَانِّ. لَتُشْتَرَيَانِّ. لَيُشْتَرَيْنَانِّ. لَتُشْتَرَيَانِّ. لَتُشْتَرَيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِشْتَرِ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَشْتَرِيْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِشْتَرِ بن گیا۔

اِشْتَرِيَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَشْتَرِيَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِشْتَرِيَا بن گیا۔

اِشْتَرُوْا:۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَشْتَرُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِشْتَرُوْا بن گیا۔

اِشْتَرِيْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَشْتَرِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِشْتَرِيْ بن گیا۔

اِشْتَرِيْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَشْتَرِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِشْتَرِيْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُشْتَرٰی سے لِتُشْتَرَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے:لِتُشْتَرَیَا. لِتُشْتَرَوْا. لِتُشْتَرَیْ. لِتُشْتَرَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے:لِتُشْتَرَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لِیَشْتَرِ. لِتَشْتَرِ. لِأَشْتَرِ. لِنَشْتَرِ.

اور مجہول میں:لِیُشْتَرَ. لِتُشْتَرَ. لِأُشْتَرَ. لِنُشْتَرَ.

معروف ومجہول تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں:لِیَشْتَرِیَا. لِیَشْتَرُوْا. لِتَشْتَرِیَا.

اور مجہول میں:لِیُشْتَرَیَا. لِیُشْتَرَوْا. لِتُشْتَرَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں:لِیَشْتَرِیْنَ. اور مجہول میں:لِیُشْتَرَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔جیسے معروف میں:لَا تَشْتَرِ. اور مجہول میں: لَا تُشْتَرَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔جیسے معروف میں:لَا تَشْتَرِیَا. لَا تَشْتَرُوْا. لَا تَشْتَرِیْ. لَا تَشْتَرِیَا. اور مجہول میں: لَا تُشْتَرَیَا. لَا تُشْتَرَوْا. لَا تُشْتَرَیْ. لَا تُشْتَرَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں:لَا تَشْتَرِیْنَ. اور مجہول میں:لَا تُشْتَرَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَشْتَرِ. لَا تَشْتَرِ. لَا اَشْتَرِ. لَا نَشْتَرِ.

اور مجہول میں: لَا یُشْتَرَ. لَا تُشْتَرَ. لَا اُشْتَرَ. لَا نُشْتَرَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَشْتَرِیَا. لَا یَشْتَرُوْا. لَا تَشْتَرِیَا.

اور مجہول میں: لَا یُشْتَرَیَا. لَا یُشْتَرَوْا. لَا تُشْتَرَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَشْتَرِیْنَ . اور مجہول میں: لَا یُشْتَرَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُشْتَرًی:۔ صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُشْتَرَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُشْتَرًی بن گیا۔

مُشْتَرَیَانِ . مُشْتَرَیَاتٌ:۔ صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم فاعل

مُشْتَرٍ :۔ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُشْتَــــرِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُشْتَرٍ بن گیا۔

مُشْتَرِیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اپنی اصل پر ہے۔

مُشْتَرُوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُشْتَــرِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کی حرکت اسے دی تو مُشْتَــرُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُشْتَــرُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع

ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُشْتَرُوْنَ بن گیا۔

مُشْتَرِيَةٌ. مُشْتَرِيَتَانِ. مُشْتَرِيَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُشْتَرًى :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُشْتَــرَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُشْتَرًى بن گیا۔

مُشْتَرَيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُشْتَرَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُشْتَــرَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُشْتَــرَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُشْتَرَوْنَ بن گیا۔

مُشْتَرَاةٌ. مُشْتَرَاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُشْتَــرَيَةٌ. مُشْتَــرَيَتَانِ تھے معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُشْتَــرَاةٌ. مُشْتَرَاتَانِ بن گئے۔

مُشْتَرَيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْعِيْعَالٌ جیسے اِكْلِيْلَاءٌ (ست کھانا)

اِكْلِيْلَاءٌ : صیغہ اسم مصدر۔ ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْعِيْعَالٌ.

اصل میں اِكْـلِـوْلَايٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کردیا تو اِكْلِيْلَايٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو اِكْلِيْلَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِكْلَوْلٰى:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِكْلَوْلَيَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل

کر دیا تو اِکْلَوْلٰی بن گیا۔

اِکْلَوْلَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔

اِکْلَوْلَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِکْلَوْلَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِکْلَوْلَوْا بن گیا۔

اِکْلَوْلَتْ. اِکْلَوْلَتَا :۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِکْلَوْلَیَتْ. اِکْلَوْلَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِکْلَوْلَتْ. اِکْلَوْلَتَا بن گئے۔

اِکْلَوْلَیْنَ. اِکْلَوْلَیْتَ. اِکْلَوْلَیْتُمَا. اِکْلَوْلَیْتُمْ. اِکْلَوْلَیْتِ. اِکْلَوْلَیْتُمَا. اِکْلَوْلَیْتُنَّ. اِکْلَوْلَیْتُ. اِکْلَوْلَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُکْلُوْلِیَ بِہٖ :۔صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَکْلَوْلِیْ. تَکْلَوْلِیْ. اَکْلَوْلِیْ. نَکْلَوْلِیْ :۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم

اصل میں یَکْلَوْلِیُ. تَکْلَوْلِیُ. اَکْلَوْلِیُ. نَکْلَوْلِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرا دی تو یَکْلَوْلِیْ. تَکْلَوْلِیْ. اَکْلَوْلِیْ. نَکْلَوْلِیْ بن گئے۔

یَکْلَوْلِیَانِ. تَکْلَوْلِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَکْلَوْلُوْنَ. تَکْلَوْلُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَکْلَوْلِیُوْنَ. تَکْلَوْلِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن رکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَکْلَوْلُیْوْنَ. تَکْلَوْلُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو یَکْلَوْلُوْنَ. تَکْلَوْلُوْنَ بن گئے ۔

يَکْلُوْلِيْنَ. تَکْلُوْلِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَکْلُوْلِيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَکْلُوْلِيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہٖ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَکْلُوْلِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُکْلَوْلٰى بِهٖ : صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں يُکْلَوْلَيُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُکْلَوْلٰى بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گرجائے گی۔

جیسے :لَمْ يَکْلَوْلِ. لَمْ تَکْلَوْلِ. لَمْ اَکْلَوْلِ. لَمْ نَکْلَوْلِ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر' ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے :لَمْ يَکْلَوْلِيَا. لَمْ يَکْلَوْلُوْا. لَمْ تَکْلَوْلِيَا. لَمْ تَکْلَوْلُوْا . لَمْ تَکْلَوْلِيْ. لَمْ تَکْلَوْلِيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے:لَمْ يَکْلَوْلِيْنَ. لَمْ تَکْلَوْلِيْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔جیسے يُکْلَوْلٰى سے لَمْ يُکْلَوْلَ بِهٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے :لَنْ يَکْلَوْلِيَ. لَنْ تَکْلَوْلِيَ. لَنْ اَکْلَوْلِيَ. لَنْ نَکْلَوْلِيَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب و حاضر، ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَنْ يُكْلَوْلِيَا. لَنْ يُكْلَوْلُوْا. لَنْ تُكْلَوْلِيَا. لَنْ تُكْلَوْلُوْا. لَنْ تُكْلَوْلِيْ. لَنْ تُكْلَوْلِيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَنْ يُكْلَوْلِيْنَ. لَنْ تُكْلَوْلِيْنَ.

بحث فعل مضارع نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔ جیسے يُكْلَوْلٰى بِهٖ سے لَنْ يُكْلَوْلٰى بِهٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔

فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَيُكْلَوْلِيَنَّ. لَتُكْلَوْلِيَنَّ. لَاُكْلَوْلِيَنَّ. لَنُكْلَوْلِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ میں: لَيُكْلَوْلِيَنْ. لَتُكْلَوْلِيَنْ. لَاُكْلَوْلِيَنْ. لَنُكْلَوْلِيَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَيُكْلَوْلُنَّ. لَتُكْلَوْلُنَّ. اور نون تاکید خفیفہ میں: لَيُكْلَوْلُنْ. لَتُكْلَوْلُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَتُكْلَوْلِنَّ اور نون تاکید خفیفہ میں لَتُكْلَوْلِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب و حاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے: لَيُكْلَوْلِيَانِّ. لَتُكْلَوْلِيَانِّ. لَيُكْلَوْلِيْنَانِّ. لَتُكْلَوْلِيَانِّ. لَتُكْلَوْلِيْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ لگا دیں گے۔ فعل مضارع مجہول میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُكْلَوْلَيَنَّ بِهٖ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُكْلَوْلَيَنْ بِهٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِکْلَوْلِ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَکْلَوْلِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرا دیا تو اِکْلَوْلِ بن گیا۔

اِکْلَوْلِیَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَکْلَوْلِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِکْلَوْلِیَا بن گیا۔

اِکْلَوْلُوْا:۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَکْلَوْلُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِکْلَوْلُوْا بن گیا۔

اِکْلَوْلِیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَکْلَوْلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِکْلَوْلِیْ بن گیا۔

اِکْلَوْلِیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَکْلَوْلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِکْلَوْلِیْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔جیسے: تُکْلَوْلٰی بِکَ سے لِتُکْلَوْلَ بِکَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی۔

جیسے معروف میں: لِیَکْلَوْلِ. لِتَکْلَوْلِ. لِاَکْلَوْلِ. لِنَکْلَوْلِ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے :لِيُكْلَوُلِيَا. لِيُكْلَوُلُوا
لِتُكْلَوُلِيَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے :لِيُكْلَوُلِيْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی
وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: يُكْلَوُلٰى بِهٖ سے لِيُكْلَوُلَ بِهٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے
صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی۔ جیسے: لَا تَكْلَوُلِ .

چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لَا تَكْلَوُلِيَا. لَا
تَكْلَوُلُوا. لَا تَكْلَوُلِي. لَا تَكْلَوُلِيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَكْلَوُلِيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے
آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُكْلَوُلٰى بِكَ سے لَا تُكْلَوُلَ بِكَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی
وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی
جیسے: لَا يَكْلَوُلِ. لَا تَكْلَوُلِ. لَا أَكْلَوُلِ. لَا نَكْلَوُلِ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَا يَكْلَوُلِيَا. لَا يَكْلَوُلُوا. لَا تَكْلَوُلِيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا يَكْلَوُلِيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ
سے صیغہ واحد مذکر غائب کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: يُكْلَوُلٰى بِهٖ سے لَا يُكْلَوُلَ بِهٖ.

بحث اسم ظرف

مُکْلَوْلًی:۔ صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُکْلَوْلَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُکْلَوْلًی بن گیا۔

مُکْلَوْلَیَانِ. مُکْلَوْلَیَاتٌ : صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُکْلَوْلٍ :صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُکْلَوْلِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُکْلَوْلِیْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُکْلَوْلٍ بن گیا۔

مُکْلَوْلِیَانِ:۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُکْلَوْلُوْنَ:۔ صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُکْلَوْلِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُکْلَوْلُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا تو مُکْلَوْلُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُکْلَوْلُوْنَ بن گیا۔

مُکْلَوْلِیَۃٌ. مُکْلَوْلِیَتَانِ. مُکْلَوْلِیَاتٌ:صیغہائے واحد و تثنیہ وجمع مونث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُکْلَوْلًی بِہٖ : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُکْلَوْلَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مُکْلَوْلَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُکْلَوْلًی بِہٖ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْعَالٌ

جیسے: اَلْاِھْدَاءُ (ہدیہ دینا' ہدایت دینا)

اِھْدَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْعَالٌ.

اصل میں اِھْدَایٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِھْدَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اَھْدٰی: ۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب افعال.

اصل میں اَھْدَیَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَھْدٰی بن گیا۔

اَھْدَیَا : ۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اَھْدَوْا: ۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اَھْدَیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَھْدَوْا بن گیا۔

اَھْدَتْ. اَھْدَتَا: ۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اَھْدَیَتْ. اَھْدَیَتَا تھے معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَھْدَتْ. اَھْدَتَا بن گئے۔

اَھْدَیْنَ. اَھْدَیْتَ. اَھْدَیْتُمَا. اَھْدَیْتُمْ. اَھْدَیْتِ. اَھْدَیْتُمَا. اَھْدَیْتُنَّ. اَھْدَیْتُ. اَھْدَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث سے صیغہ جمع متکلم تمام تک صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُھْدِیَ. اُھْدِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُھْدُوْا : ۔صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں اُھْدِیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُھْدْیُوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُھْدُوْوا ہو گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو اُھْدُوْا بن گیا۔

اُهْدِيَتْ. اُهْدِيَتَا. اُهْدِيْنَ. اُهْدِيْتَ. اُهْدِيْتُمَا. اُهْدِيْتُمْ. اُهْدِيْتِ. اُهْدِيْتُمَا. اُهْدِيْتُنَّ. اُهْدِيْتُ. اُهْدِيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُهْدِيْ. تُهْدِيْ. اُهْدِيْ. نُهْدِيْ: ۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُهْدِيُ. تُهْدِيُ. اُهْدِيُ. نُهْدِيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يُهْدِيْ. تُهْدِيْ. اُهْدِيْ. نُهْدِيْ بن گئے۔

يُهْدِيَانِ. تُهْدِيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُهْدُوْنَ. تُهْدُوْنَ: ۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں يُهْدِيُوْنَ. تُهْدِيُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يُهْدُيْوْنَ. تُهْدُيْوْنَ ہو گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يُهْدُوْنَ. تُهْدُوْنَ بن گئے۔

يُهْدِيَانِ. تُهْدِيَانِ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُهْدِيْنَ: ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُهْدِيِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُهْدِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُهْدٰى. تُهْدٰى. اُهْدٰى. نُهْدٰى: ۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُهْدَيُ. تُهْدَيُ. اُهْدَيُ. نُهْدَيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو يُهْدٰى. تُهْدٰى. اُهْدٰى. نُهْدٰى بن گئے۔

يُهْدَيَانِ. تُهْدَيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُهْدَوْنَ. تُهْدَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُھْدَیُوْنَ. تُھْدَیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُھْدَاوُنَ. تُھْدَاوُنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُھْدَوْنَ تُھْدَوْنَ بن گئے۔

یُھْدَیْنَ. تُھْدَیْنَ: ۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُھْدَیْنَ: ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُھْدَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُھْدَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُھْدِ. لَمْ تُھْدِ. لَمْ اُھْدِ. لَمْ نُھْدِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُھْدَ. لَمْ تُھْدَ. لَمْ اُھْدَ. لَمْ نُھْدَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر' ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُھْدِیَا. لَمْ یُھْدُوْا. لَمْ تُھْدِیَا. لَمْ تُھْدُوْا. لَمْ تُھْدِیْ. لَمْ تُھْدِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُھْدَیَا. لَمْ یُھْدَوْا. لَمْ تُھْدَیَا. لَمْ تُھْدَوْا. لَمْ تُھْدَیْ. لَمْ تُھْدَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یُھْدِیْنَ. لَمْ تُھْدِیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُھْدَیْنَ. لَمْ تُھْدَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُهْدِيَ. لَنْ تُهْدِيَ. لَنْ اُهْدِيَ. لَنْ نُّهْدِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُهْدٰى. لَنْ تُهْدٰى. لَنْ اُهْدٰى. لَنْ نُّهْدٰى.

معروف و مجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر، ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّهْدِيَا. لَنْ يُّهْدُوْا. لَنْ تُهْدِيَا. لَنْ تُهْدُوْا. لَنْ تُهْدِىْ. لَنْ تُهْدِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّهْدَيَا. لَنْ يُّهْدَوْا. لَنْ تُهْدَيَا. لَنْ تُهْدَيَا. لَنْ تُهْدَوْا. لَنْ تُهْدَىْ. لَنْ تُهْدَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں:

لَنْ يُّهْدِيْنَ. لَنْ تُهْدِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّهْدَيْنَ. لَنْ تُهْدَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے تبدیل ہوگئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُهْدِيَنَّ. لَتُهْدِيَنَّ. لَاُهْدِيَنَّ. لَنُهْدِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُهْدِيَنْ. لَتُهْدِيَنْ. لَاُهْدِيَنْ. لَنُهْدِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُهْدَيَنَّ. لَتُهْدَيَنَّ. لَاُهْدَيَنَّ. لَنُهْدَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُهْدَيَنْ. لَتُهْدَيَنْ. لَاُهْدَيَنْ. لَنُهْدَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر کے صیغوں سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُهْدُنَّ. لَتُهْدُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُهْدُنْ. لَتُهْدُنْ.

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُهْدَوُنَّ. لَتُهْدَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُهْدَوُنْ. لَتُهْدَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ لیکن مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُهْدِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُهْدِنْ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُهْدَيِنَّ اور

نون تا کید خفیفہ مجہول میں لَتُهْدَيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) کے آخر میں نون تا کید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تا کید ثقیلہ معروف میں: لَيَهْدِيَانِّ. لَتَهْدِيَانِّ. لَيَهْدِيْنَانِّ. لَتَهْدِيَانِّ. لَتَهْدِيْنَانِّ. اور نون تا کید ثقیلہ مجہول میں لَيُهْدَيَانِّ. لَتُهْدَيَانِّ. لَيُهْدَيْنَانِّ. لَتُهْدَيَانِّ. لَتُهْدَيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اَهْدِ:۔ صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَهْدِيْ (جو اصل میں تَـتَهْدِيُ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرا دیا تو اَهْدِ بن گیا۔

اَهْدِيَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَهْدِيَانِ (جو اصل میں تَتَهْدِيَانِ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرا دیا تو اَهْدِيَا بن گیا۔

اَهْدُوْا :۔ صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَهْدُوْنَ (جو اصل میں تَتَهْدُوْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَهْدُوْا بن گیا۔

اَهْدِيْ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَهْدِيْنَ (جو اصل میں تَـتَهْدِيْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَهْدِيْ بن گیا۔

اَهْدِيْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَهْدِيْنَ (جو اصل میں تَـتَهْدِيْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہے تو اَهْدِيْنَ بن گیا۔ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُهْدٰی سے لِتُهْدَ۔ چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتَهْدَيَا. لِتُهْدَوْا. لِتَهْدَیْ. لِتُهْدَيَا. ۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُهْدَيْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَهْدِ. لِتَهْدِ. لِأَهْدِ. لِنَهْدِ.

اور مجہول میں: لِيُهْدَ. لِتُهْدَ. لِأُهْدَ. لِنُهْدَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے

معروف میں: لِيَهْدِيَا. لِيَهْدُوْا. لِتَهْدِيَا.

اور مجہول میں: لِيُهْدَيَا. لِيُهْدَوْا. لِتُهْدَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَهْدِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُهْدَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَهْدِ. اور مجہول میں: لَا تُهْدَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَهْدِيَا. لَا تَهْدُوْا. لَا تَهْدِیْ. لَا تَهْدِيَا. اور مجہول میں: لَا تُهْدَيَا. لَا تُهْدَوْا. لَا تُهْدَیْ. لَا تُهْدَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَهْدِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُهْدَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے

انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَهْدِ. لَا تَهْدِ. لَا اَهْدِ. لَا نَهْدِ.

اور مجہول میں: لَا یُهْدَ. لَا تُهْدَ. لَا اُهْدَ. لَا نُهْدَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَهْدِیَا. لَا یَهْدُوْا. لَا تَهْدِیَا.

اور مجہول میں: لَا یُهْدَیَا. لَا یُهْدَوْا. لَا تُهْدَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَهْدِیْنَ. اور مجہول میں: لَا یُهْدَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُهْدًى: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُهْدَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُهْدًى بن گیا۔

مُهْدَیَانِ. مُهْدَیَاتٌ: ۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُهْدٍ: ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُهْدِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُهْدٍ بن گیا۔

مُهْدِیَانِ: ۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُهْدُوْنَ: ۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُهْدِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کی حرکت اسے دی تو مُهْدُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُهْدُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُهْدُوْنَ بن گیا۔

مُهْدِیَةٌ. مُهْدِیَتَانِ. مُهْدِیَاتٌ: ۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُھْدًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُھْدَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُھْدًی بن گیا۔

مُھْدَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُھْدَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُھْدَیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُھْدَاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُھْدَوْنَ بن گیا۔

مُھْدَاۃٌ. مُھْدَاتَانِ: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُھْدَیَۃٌ. مُھْدَیَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُھْدَاۃٌ. مُھْدَاتَانِ بن گئے۔

مُھْدَیَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب تَفْعِیْلٌ جیسے اَلتَّسْرِیَۃُ (کسی کی پریشانی دور کرنا)

تَسْرِیَۃٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب تَفْعِیْلٌ . اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

سَرّٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب تفعیل.

اصل میں سَرَّیَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو سَرّٰی بن گیا۔

سَرَّیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

سَرَوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں سَـرَيُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو سَرَوْا بن گیا۔

سَرَتْ. سَرَتَا:۔صیغہائے واحد و تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں سَـرَيَتْ. سَـرَيَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو سَرَتْ. سَرَتَا بن گئے۔

سَرَيْنَ. سَرَيْتَ. سَرَيْتُمَا. سَرَيْتُمْ. سَرَيْتِ. سَرَيْتُمَا. سَرَيْتُنَّ. سَرَيْتُ. سَرَيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

سُرِيَ. سُرِيَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

سُرُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں سُرِيُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو سُـرُيْوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو سُرُوْوْا بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو سُرُوْا بن گیا۔

سُرِيَتْ سُرِيَتَا. سُرِيْنَ. سُرِيْتَ. سُرِيْتُمَا. سُرِيْتُمْ. سُرِيْتِ. سُرِيْتُمَا. سُرِيْتُنَّ. سُرِيْتُ. سُرِيْنَا.

صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُسَرِّيْ. تُسَرِّيْ. اُسَرِّيْ. نُسَرِّيْ:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يُسَـرِّيُ. تُسَـرِّيُ. اُسَـرِّيُ. نُسَرِّيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرا دی تو يُسَرِّيْ. تُسَرِّيْ. اُسَرِّيْ. نُسَرِّيْ بن گیا۔

يُسَرِّيَانِ. تُسَرِّيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُسَرُّوْنَ. تُسَرُّوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسَرِّیُوْنَ. تُسَرِّیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یُسَرْیُوْنَ. تُسَرْیُوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یُسَرُّوْنَ. تُسَرُّوْنَ بن گئے۔

یُسَرِّیْنَ. تُسَرِّیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُسَرِّیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسَرِّیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُسَرِّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسَرّٰی. تُسَرّٰی. اُسَرّٰی. نُسَرّٰی:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم

اصل میں یُسَرَّیُ. تُسَرَّیُ. اُسَرَّیُ. نُسَرَّیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُسَرّٰی. تُسَرّٰی. اُسَرّٰی. نُسَرّٰی بن گئے۔

یُسَرَّیَانِ. تُسَرَّیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُسَرَّوْنَ. تُسَرَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسَرَّیُوْنَ. تُسَرَّیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُسَرَّاوْنَ. تُسَرَّاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُسَرَّوْنَ. تُسَرَّوْنَ بن گئے۔

یُسَرَّیْنَ. تُسَرَّیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُسَرَّیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسَرَّیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُسَرَّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کومضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُسَرِّ. لَمْ تُسَرِّ. لَمْ أُسَرِّ. لَمْ نُسَرِّ.

اور مجہول میں: لَمْ يُسَرَّ. لَمْ تُسَرَّ. لَمْ أُسَرَّ. لَمْ نُسَرَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُسَرِّيَا. لَمْ يُسَرُّوْا. لَمْ تُسَرِّيَا. لَمْ تُسَرُّوْا. لَمْ تُسَرِّيْ. لَمْ تُسَرِّيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُسَرَّيَا. لَمْ يُسَرَّوْا. لَمْ تُسَرَّيَا. لَمْ تُسَرَّوْا. لَمْ تُسَرَّيْ. لَمْ تُسَرَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں:

لَمْ يُسَرِّيْنَ. لَمْ تُسَرِّيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُسَرَّيْنَ. لَمْ تُسَرَّيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا لیکن مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُسَرِّيَ. لَنْ تُسَرِّيَ. لَنْ أُسَرِّيَ. لَنْ نُسَرِّيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُسَرّٰى. لَنْ تُسَرّٰى. لَنْ أُسَرّٰى. لَنْ نُسَرّٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُسَرِّيَا. لَنْ يُسَرُّوْا. لَنْ تُسَرِّيَا. لَنْ تُسَرُّوْا. لَنْ تُسَرِّيْ. لَنْ تُسَرِّيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُسَرَّيَا. لَنْ يُسَرَّوْا. لَنْ تُسَرَّيَا. لَنْ تُسَرَّوْا. لَنْ تُسَرَّيْ. لَنْ تُسَرَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں:

لَنْ يُسَرِّيْنَ. لَنْ تُسَرِّيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُسَرَّيْنَ. لَنْ تُسَرَّيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں

گے۔فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جو یاء ساکن ہو گئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔اور مجہول کے انہی پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُسَرِّيَنَّ. لَتُسَرِّيَنَّ. لَأُسَرِّيَنَّ. لَنُسَرِّيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُسَرِّيَنْ. لَتُسَرِّيَنْ. لَأُسَرِّيَنْ. لَنُسَرِّيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسَرَّيَنَّ. لَتُسَرَّيَنَّ. لَأُسَرَّيَنَّ. لَنُسَرَّيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسَرَّيَنْ. لَتُسَرَّيَنْ. لَأُسَرَّيَنْ. لَنُسَرَّيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُسَرُّنَّ. لَتُسَرُّنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُسَرُّنْ. لَتُسَرُّنْ.

لیکن مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسَرَّوُنَّ. لَتُسَرَّوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسَرَّوُنْ. لَتُسَرَّوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔لیکن مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُسَرِّنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُسَرِّنْ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُسَرَّيِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُسَرَّيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُسَرِّيَانِّ. لَتُسَرِّيَانِّ. لَيُسَرِّيْنَانِّ. لَتُسَرِّيَانِّ. لَتُسَرِّيْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُسَرَّيَانِّ. لَتُسَرَّيَانِّ. لَيُسَرَّيْنَانِّ. لَتُسَرَّيَانِّ. لَتُسَرَّيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

سَرِّ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَرِّيْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرا دیا تو سَرِّ بن گیا۔

سَرِّيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَرِّيَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے آخر

سے حرف علت گرادیا تو سَرِّیَا بن گیا

سَرُّوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو سَرُّوْا بن گیا۔

سَرِّیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَرِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو سَرِّیْ بن گیا۔

سَرِّیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَرِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہے تو سَرِّیْنَ بن گیا۔صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔جیسے: تُسَرّٰی سے لِتُسَرَّ۔ چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے:لِتُسَرَّیَا. لِتُسَرَّوْا. لِتُسَرَّیْ. لِتُسَرَّیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے:لِتُسَرَّیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لِیُسَرِّ. لِتُسَرِّ. لِأُسَرِّ. لِنُسَرِّ.

اور مجہول میں:لِیُسَرَّ. لِتُسَرَّ. لِأُسَرَّ. لِنُسَرَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں:لِیُسَرِّیَا. لِیُسَرُّوْا. لِتُسَرِّیَا.

اور مجہول میں: لِیُسَرَّیَا. لِیُسَرَّوْا. لِتُسَرَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُسَرِّیْنَ. اور مجہول میں: لِیُسَرَّیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُسَرِّ. اور مجہول میں: لَا تُسَرَّ.

معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تُسَرِّیَا. لَا تُسَرُّوْا. لَا تُسَرِّیْ. لَا تُسَرِّیَا. اور مجہول میں: لَا تُسَرَّیَا. لَا تُسَرَّوْا. لَا تُسَرَّیْ. لَا تُسَرَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُسَرِّیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُسَرَّیْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُسَرِّ. لَا تُسَرِّ. لَا اُسَرِّ. لَا نُسَرِّ.

اور مجہول میں: لَا یُسَرَّ. لَا تُسَرَّ. لَا اُسَرَّ. لَا نُسَرَّ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لَا یُسَرِّیَا. لَا یُسَرُّوْا. لَا تُسَرِّیَا.

اور مجہول میں: لَا یُسَرَّیَا. لَا یُسَرَّوْا. لَا تُسَرَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُسَرِّیْنَ اور مجہول میں: لَا یُسَرَّیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسَرًّی:۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسَرَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسَرًّی بن گیا۔

مُسَرَّیَانِ . مُسَرَّیَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُسَرٍّی :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسَرِّیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُسَرٍّی بن گیا۔

مُسَرِّیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُسَرُّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسَرِّیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کی حرکت اسے دی تو مُسَرُّیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُسَرُّوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُسَرُّوْنَ بن گیا۔

مُسَرِّیَۃٌ. مُسَرِّیَتَانِ. مُسَرِّیَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُسَرًّی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسَرَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسَرًّی بن گیا۔

مُسَرَّیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُسَرَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسَرَّیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُسَرَّاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسَرَّوْنَ بن گیا۔

مُسَرَّاۃٌ. مُسَرَّاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُسَرَّیَۃٌ. مُسَرَّیَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُسَرَّاۃٌ. مُسَرَّاتَانِ بن گئے۔

مُسَرَّیَاتٌ:۔ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب مُفَاعَلَۃٌ جیسے اَلْمُمَارَاۃُ. وَالْمِرَاءُ (کسی کی پریشانی دور کرنا)

مُمَارَاۃٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب مُفَاعَلَۃٌ.

اصل میں مُمَارَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُمَارَاۃٌ بن گیا۔

مِرَاءٌ: صیغہ اسم مصدر۔

اصل میں مِرَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو مِرَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

مَارٰی:۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں مَارَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مَارٰی بن گیا۔

مَارَیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔

مَارَوْا:۔ صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں مَارَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مَارَوْا بن گیا۔

مَارَتْ. مَارَتَا:۔ صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں مَارَیَتْ. مَارَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مَارَتْ. مَارَتَا بن گئے۔

مَارَیْنَ. مَارَیْتَ. مَارَیْتُمَا. مَارَیْتُمْ. مَارَیْتِ. مَارَیْتُمَا. مَارَیْتُنَّ. مَارَیْتُ. مَارَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

مُوْرِیَ. مُوْرِیَا : صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں مُارِیَ. مُارِیَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُوْرِیَ . مُوْرِیَا بن گئے۔

مُوْرُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں مُارِیُوْا تھا۔ معتل قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُوْرِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُوْرُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُوْرُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُوْرُوْا بن گیا۔

مُوْرِیَتْ. مُوْرِیَتَا. مُوْرِیْنَ. مُوْرِیْتَ. مُوْرِیْتُمَا. مُوْرِیْتُمْ. مُوْرِیْتِ. مُوْرِیْتُمَا. مُوْرِیْتُنَّ. مُوْرِیْتُ. مُوْرِیْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں مُارِیَتْ. مُارِیَتَا. مُارِیْنَ. مُارِیْتَ. مُارِیْتُمَا. مُارِیْتُمْ. مُارِیْتِ. مُارِیْتُمَا. مُارِیْتُنَّ. مُارِیْتُ. مُارِیْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یُمَارِیْ. تُمَارِیْ. اُمَارِیْ. نُمَارِیْ:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُمَارِیُ. تُمَارِیُ. اُمَارِیُ. نُمَارِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یُمَارِیْ. تُمَارِیْ. اُمَارِیْ. نُمَارِیْ بن گئے۔

یُمَارِیَانِ. تُمَارِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُمَارُوْنَ. تُمَارُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُمَارِیُوْنَ. تُمَارِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یُمَارُیْوْنَ. تُمَارُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یُمَارُوْنَ. تُمَارُوْنَ بن گئے۔

يُمَارِيْنَ. تُمَارِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُمَارِيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُمَارِيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرا دی تو تُمَارِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُمَارٰى. تُمَارٰى. اُمَارٰى. نُمَارٰى:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُمَارَيُ. تُمَارَيُ. اُمَارَيُ. نُمَارَيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو يُمَارٰى. تُمَارٰى. اُمَارٰى. نُمَارٰى بن گئے۔

يُمَارَيَانِ. تُمَارَيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُمَارَوْنَ. تُمَارَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُمَارَيُوْنَ. تُمَارَيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو يُمَارَاوْنَ. تُمَارَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو يُمَارَوْنَ. تُمَارَوْنَ بن گئے۔

يُمَارَيْنَ. تُمَارَيْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُمَارَيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُمَارَيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُمَارَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ. یُمَارِ. لَمْ تُمَارِ . لَمْ اُمَارِ . لَمْ نُمَارِ .

اور مجہول میں: لَمْ یُمَارَ. لَمْ تُمَارَ. لَمْ اُمَارَ. لَمْ نُمَارَ.

معروف و مجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُمَارِیَا. لَمْ یُمَارُوْا. لَمْ تُمَارِیَا. لَمْ تُمَارُوْا. لَمْ تُمَارِیْ. لَمْ تُمَارِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُمَارَیَا. لَمْ یُمَارَوْا. لَمْ تُمَارَیَا. لَمْ تُمَارَوْا. لَمْ تُمَارَیْ . لَمْ تُمَارَیَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں:

لَمْ یُمَارِیْنَ. لَمْ تُمَارِیْنَ . اور مجہول میں: لَمْ یُمَارَیْنَ. لَمْ تُمَارَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُّمَارِیَ. لَنْ تُمَارِیَ. لَنْ اُمَارِیَ. لَنْ نُّمَارِیَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّمَارٰی. لَنْ تُمَارٰی. لَنْ اُمَارٰی. لَنْ نُّمَارٰی.

معروف و مجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُّمَارِیَا. لَنْ یُّمَارُوْا. لَنْ تُمَارِیَا. لَنْ تُمَارُوْا. لَنْ تُمَارِیْ. لَنْ تُمَارِیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّمَارَیَا. لَنْ یُّمَارَوْا. لَنْ تُمَارَیَا. لَنْ تُمَارَوْا. لَنْ تُمَارَیْ. لَنْ تُمَارَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں:

لَنْ یُّمَارِیْنَ. لَنْ تُمَارِیْنَ . اور مجہول میں: لَنْ یُّمَارَیْنَ. لَنْ تُمَارَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جو یاء ساکن ہو گئی تھی نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُمَارِیَنَّ. لَتُمَارِیَنَّ. لَاُمَارِیَنَّ. لَنُمَارِیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُمَارِیَنْ. لَتُمَارِیَنْ. لَاُمَارِیَنْ. لَنُمَارِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُمَارَیَنَّ. لَتُمَارَیَنَّ. لَاُمَارَیَنَّ. لَنُمَارَیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُمَارَیَنْ. لَتُمَارَیَنْ. لَاُمَارَیَنْ. لَنُمَارَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُمَارُنَّ. لَتُمَارُنَّ اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُمَارُنْ. لَتُمَارُنْ.

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُمَارَوُنَّ. لَتُمَارَوُنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُمَارَوُنْ. لَتُمَارَوُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر معروف سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ لیکن مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُمَارِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُمَارِنْ اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُمَارَیِنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُمَارَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُمَارِیَانِّ. لَتُمَارِیَانِّ. لَیُمَارِیْنَانِّ. لَتُمَارِیَانِّ. لَتُمَارِیْنَانِّ. اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُمَارَیَانِّ. لَتُمَارَیَانِّ. لَیُمَارَیْنَانِّ. لَتُمَارَیَانِّ. لَتُمَارَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

مَارِ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُمَارِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے حرف علت گرا دیا تو مَارِ بن گیا۔

مَارِیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُمَارِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے حرف علت گرا دیا تو مَارِیَا بن گیا۔

مَارُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُمَارُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے حرف علت گرا دیا تو مَارُوْا بن گیا۔

مَارِیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُمَارِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے حرف علت گرادیا تو مَارِیْ بن گیا۔

مَارِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُمَارِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہے تو مَارِیْنَ بن گیا۔صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔جیسے: تُمَارٰی سے لِتُمَارَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے:لِتُمَارَیَا. لِتُمَارَوْا. لِتُمَارَیْ. لِتُمَارَیَا صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے:لِتُمَارَیْنَ

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لِیُمَارِ. لِتُمَارِ. لِاُمَارِ. لِنُمَارِ .

اور مجہول میں:لِیُمَارَ. لِتُمَارَ. لِاُمَارَ. لِنُمَارَ .

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔جیسے

معروف میں:لِیُمَارِیَا. لِیُمَارُوْا. لِتُمَارِیَا.

اور مجہول میں:لِیُمَارَیَا. لِیُمَارَوْا. لِتُمَارَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں:لِیُمَارِیْنَ. اور مجہول میں:لِیُمَارَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُمَارِ. اور مجہول میں: لَا تُمَارَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تُمَارِيَا. لَا تُمَارُوْا. لَا تُمَارِيْ. لَا تُمَارِيَا. اور مجہول میں: لَا تُمَارَيَا. لَا تُمَارَوْا. لَا تُمَارَيْ. لَا تُمَارَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُمَارِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُمَارَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُمَارِ. لَا تُمَارِ. لَا أُمَارِ. لَا نُمَارِ.

اور مجہول میں: لَا يُمَارَ. لَا تُمَارَ. لَا أُمَارَ. لَا نُمَارَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُمَارِيَا. لَا يُمَارُوْا. لَا تُمَارِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُمَارَيَا. لَا يُمَارَوْا. لَا تُمَارَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُمَارِيْنَ اور مجہول میں: لَا يُمَارَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُمَارًى: صیغہ واحد اسم ظرف

اصل میں مُمَارَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُمَارًى بن گیا۔

مُمَارَیَانِ . مُمَارَیَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُمَارِی :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُمَارِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُمَارِی بن گیا۔

مُمَارِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اپنی اصل پر ہے۔

مُمَارُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُمَارِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کی حرکت اسے دی تو مُمَارُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُمَارُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُمَارُوْنَ بن گیا۔

مُمَارِیَةٌ. مُمَارِیَتَانِ. مُمَارِیَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُمَارًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُمَارَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُمَارًی بن گیا۔

مُمَارَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُمَارَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُمَارَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُمَارَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُمَارَوْنَ بن گیا۔

مُمَارَاةٌ. مُمَارَاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم مفعول۔

اصل میں مُمَارَیَةٌ. مُمَارَیَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُمَارَاةٌ.

مُمَارَاتَانِ بن گئے۔

مُمَارَيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب تَفَعُّلٌ
جیسے: اَلتَّفَرِّیُ (پریشانی دور کرنا)

تَفَرِّی : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب تَفَعُّلٌ .

اصل میں تَفَرُّیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق یاء کے ماقبل کو کسرہ دیا تو تَفَرِّیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو تَفَرِّی بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

تَفَرّٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب تَفَعُّل.

اصل میں تَفَرَّیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تَفَرّٰی بن گیا۔

تَفَرَّیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔

تَفَرَّوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تَفَرَّیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَفَرَّوْا بن گیا۔

تَفَرَّتْ. تَفَرَّتَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں تَفَرَّیَتْ. تَفَرَّیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَفَرَّتْ. تَفَرَّتَا بن گئے۔

تَفَرَّیْنَ. تَفَرَّیْتَ. تَفَرَّیْتُمَا. تَفَرَّیْتُمْ. تَفَرَّیْتِ. تَفَرَّیْتُمَا. تَفَرَّیْتُنَّ. تَفَرَّیْتُ. تَفَرَّیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

تُقُرِّیَ. تُقُرِّیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُقُرُّوْا :۔ صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تُقُرِّیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو تُقُرُّیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُقُرُّوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو تُقُرُّوْا بن گیا۔

تُقُرِّیَتْ. تُقُرِّیَتَا. تُقُرِّیْنَ. تُقُرِّیْتَ. تُقُرِّیْتُمَا. تُقُرِّیْتُمْ. تُقُرِّیْتِ. تُقُرِّیْتُمَا. تُقُرِّیْتُنَّ. تُقُرِّیْتُ. تُقُرِّیْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَتَقَرّٰی. تَتَقَرّٰی. اَتَقَرّٰی. نَتَقَرّٰی :۔ صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَتَقَرَّیُ. تَتَقَرَّیُ. اَتَقَرَّیُ. نَتَقَرَّیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو یَتَقَرّٰی. تَتَقَرّٰی. اَتَقَرّٰی. نَتَقَرّٰی بن گئے۔

یَتَقَرَّیَانِ. تَتَقَرَّیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَتَقَرَّوْنَ. تَتَقَرَّوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَتَقَرَّیُوْنَ. تَتَقَرَّیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یَتَقَرَّاوْنَ. تَتَقَرَّاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یَتَقَرَّوْنَ. تَتَقَرَّوْنَ بن گئے ۔

یَتَقَرَّیْنَ. تَتَقَرَّیْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَتَقَرَّیْنَ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَتَقَرَّیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَتَقَرَّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُتَقْرٰی. تُتَقْرٰی. اُتْقَرٰی. نُتَقْرٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب دو واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُتَقْرَیُ. تُتَقْرَیُ. اُتْقَرَیُ. نُتَقْرَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ما قبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُتَقْرٰی. تُتَقْرٰی. اُتْقَرٰی. نُتَقْرٰی بن گئے۔

یُتَقْرَیَانِ. تُتَقْرَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُتَقْرَوْنَ. تُتَقْرَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُتَقْرَیُوْنَ. تُتَقْرَیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ما قبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُتَقْرَاوْنَ. تُتَقْرَاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر دیا تو یُتَقْرَوْنَ. تُتَقْرَوْنَ بن گئے۔

یُتَقْرَیْنَ. تُتَقْرَیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُتَقْرَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُتَقْرَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ما قبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُتَقْرَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ. یَتَقْرَ. لَمْ تَتَقْرَ. لَمْ اَتْقَرَ. لَمْ نَتَقْرَ.

اور مجہول میں: لَمْ یُتَقْرَ. لَمْ تُتَقْرَ. لَمْ اُتْقَرَ. لَمْ نُتَقْرَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَتَقْرَیَا. لَمْ یَتَقْرَوْا. لَمْ تَتَقْرَیَا. لَمْ تَتَقْرَوْا. لَمْ تَتَقْرَیْ. لَمْ تَتَقْرَیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُتَقْرَیَا. لَمْ یُتَقْرَوْا. لَمْ تُتَقْرَیَا. لَمْ تُتَقْرَوْا. لَمْ تُتَقْرَیْ. لَمْ تُتَقْرَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَتَقَرَّيْنَ. لَمْ تَتَقَرَّيْنَ . اور مجہول میں: لَمْ يُتَقَرَّيْنَ. لَمْ تُتَقَرَّيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَقَرّٰى. لَنْ تَتَقَرّٰى. لَنْ اَتَقَرّٰى. لَنْ نَّتَقَرّٰى.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَقَرّٰى. لَنْ تُتَقَرّٰى. لَنْ اُتَقَرّٰى. لَنْ نُّتَقَرّٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَقَرَّيَا. لَنْ يَّتَقَرَّوْا. لَنْ تَتَقَرَّيَا. لَنْ تَتَقَرَّوْا. لَنْ تَتَقَرَّیْ. لَنْ تَتَقَرَّيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَقَرَّيَا. لَنْ يُّتَقَرَّوْا. لَنْ تُتَقَرَّيَا. لَنْ تُتَقَرَّوْا. لَنْ تُتَقَرَّیْ. لَنْ تُتَقَرَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَقَرَّيْنَ. لَنْ تَتَقَرَّيْنَ . اور مجہول میں: لَنْ يُّتَقَرَّيْنَ. لَنْ تُتَقَرَّيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَقَرَّيَنَّ. لَتَتَقَرَّيَنَّ. لَاَتَقَرَّيَنَّ. لَنَتَقَرَّيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَقَرَّيَنْ. لَتَتَقَرَّيَنْ. لَاَتَقَرَّيَنْ. لَنَتَقَرَّيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَقَرَّيَنَّ. لَتُتَقَرَّيَنَّ. لَاُتَقَرَّيَنَّ. لَنُتَقَرَّيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَقَرَّيَنْ. لَتُتَقَرَّيَنْ. لَاُتَقَرَّيَنْ. لَنُتَقَرَّيَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَقَرَّوُنَّ. لَتَتَقَرَّوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَقَرَّوُنْ. لَتَتَقَرَّوُنْ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَقَرَّوُنَّ. لَتُتَقَرَّوُنَّ. اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَقَرَّوُنْ. لَتُتَقَرَّوُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَتَقَرِّيِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَتَقَرِّيِنْ اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُتَقَرِّيِنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُتَقَرِّيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَقَرَّيَانِّ. لَتَتَقَرَّيَانِّ. لَيَتَقَرَّيْنَانِّ. لَتَتَقَرَّيَانِّ. لَتَتَقَرَّيْنَانِّ. اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُتَقَرَّيَانِّ. لَتُتَقَرَّيَانِّ. لَيُتَقَرَّيْنَانِّ. لَتُتَقَرَّيَانِّ. لَتُتَقَرَّيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

تَقَرَّ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَقَرّٰی سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے حرف علت گرادیا تو تَقَرَّ بن گیا۔

تَقَرَّيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَقَرَّيَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَقَرَّيَا بن گیا۔

تَقَرَّوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَقَرَّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَقَرَّوْا بن گیا۔

تَقَرَّیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَقَرَّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَقَرَّیْ بن گیا۔

تَقَرَّيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَقَرَّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف متحرک ہے تو تَقَرَّيْنَ بن گیا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے

صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُتَقَرّٰی سے لِتُتَقَرَّ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُتَقَرَّیَا. لِتُتَقَرَّوْا. لِتُتَقَرَّیْ. لِتُتَقَرَّیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُتَقَرَّیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَتَقَرَّ. لِتَتَقَرَّ. لِأَتَقَرَّ. لِنَتَقَرَّ.

اور مجہول میں: لِیُتَقَرَّ. لِتُتَقَرَّ. لِأُتَقَرَّ. لِنُتَقَرَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَتَقَرَّیَا. لِیَتَقَرَّوْا. لِتَتَقَرَّیَا.

اور مجہول میں: لِیُتَقَرَّیَا. لِیُتَقَرَّوْا. لِتُتَقَرَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَتَقَرَّیْنَ. اور مجہول میں: لِیُتَقَرَّیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَقَرَّ. اور مجہول میں: لَا تُتَقَرَّ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَقَرَّیَا. لَا تَتَقَرَّوْا. لَا تَتَقَرَّیْ. لَا تَتَقَرَّیَا. اور مجہول میں: لَا تُتَقَرَّیَا. لَا تُتَقَرَّوْا. لَا تُتَقَرَّیْ. لَا تُتَقَرَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَقَرَّیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُتَقَرَّیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکرومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَتقَرَّ. لَا تَتقَرَّ. لَا اَتقَرَّ. لَا نَتقَرَّ.

اورمجہول میں: لَا یُتقَرَّ. لَا تُتقَرَّ. لَا اُتقَرَّ. لَا نُتقَرَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لَا یَتقَرَّیَا. لَا یَتقَرَّوْا. لَا تَتقَرَّیَا.

اورمجہول میں: لَا یُتقَرَّیَا. لَا یُتقَرَّوْا. لَا تُتقَرَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَتقَرَّیْنَ اور مجہول میں: لَا یُتقَرَّیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتقَرًّی: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُتقَرَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتقَرًّی بن گیا۔

مُتقَرَّیَانِ . مُتقَرَّیَاتٌ: ۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُتقَرٍّی: ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتَقَرِّیٌ تھا یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُتقَرٍّی بن گیا۔

مُتقَرِّیَانِ: ۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُتقَرُّوْنَ: ۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتقَرِّیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُتقَرُّیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُتقَرُّوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر

حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُتَقَرَّوْنَ بن گیا۔

مُتَقَرِّيَةٌ. مُتَقَرِّيَتَانِ. مُتَقَرِّيَاتٌ :۔صیغہ واحد و تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُتَقَرًّى :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُتَقَرَّيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَقَرًّى بن گیا۔

مُتَقَرَّيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اپنی اصل پر ہے۔

مُتَقَرَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتَقَرَّيُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَقَرَّاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَقَرَّوْنَ بن گیا۔

مُتَقَرَّاةٌ. مُتَقَرَّاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُتَقَرَّيَةٌ. مُتَقَرَّيَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَقَرَّاةٌ. مُتَقَرَّاتَانِ بن گئے۔

مُتَقَرَّيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب تَفَاعُلٌ جیسے اَلتَّهَادِيْ. (ایک دوسرے کو ہدیہ دینا)

تَهَادِيْ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص یائی از باب تَفَاعُلٌ.

اصل میں تَهَادُيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق یاء کے ماقبل کو کسرہ دیا تو تَهَادِيٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو تَهَادٍ بن گیا۔ اگر تنوین کو گرادیا جائے تو تَهَادِيْ بنے گا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

تَہَادٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں تَہَادَیَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تَہَادٰی بن گیا۔

تَہَادَیَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔

تَہَادَوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تَہَادَیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَہَادَوْا بن گیا۔

تَہَادَتْ. تَہَادَتَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں تَہَادَیَتْ. تَہَادَیَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَہَادَتْ. تَہَادَتَا بن گئے۔

تَہَادَیْنَ. تَہَادَیْتَ. تَہَادَیْتُمَا. تَہَادَیْتُمْ. تَہَادَیْتِ. تَہَادَیْتُمَا. تَہَادَیْتُنَّ. تَہَادَیْتُ. تَہَادَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

تُہُوْدِیَ. تُہُوْدِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُہُادِیَ. تُہُادِیَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُہُوْدِیَ . تُہُوْدِیَا بن گئے۔

تُہُوْدُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں تُہُادِیُوْا تھا۔معتل قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُہُوْدِیُوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو تُہُوْدُیْوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُہُوْدُوْوْا ہو گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو تُہُوْدُوْا بن گیا۔

تُہُوْدِیَتْ. تُہُوْدِیَتَا. تُہُوْدِیْنَ. تُہُوْدِیْتَ. تُہُوْدِیْتُمَا. تُہُوْدِیْتُمْ. تُہُوْدِیْتِ. تُہُوْدِیْتُمَا. تُہُوْدِیْتُنَّ. تُہُوْدِیْتُ.

تھُوْدِینَا۔

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک

اصل میں تھُادِیَتْ. تھُادِیَتَا. تھُادِیْنَ. تھُادِیْتَ. تھُادِیْتُمَا. تھُادِیْتُمْ. تھُادِیْتِ. تھُادِیْتُمَا. تھُادِیْتُنَّ. تھُادِیْتُ. تھُادِیْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَتَھَادٰی. تَتَھَادٰی. اَتَھَادٰی. نَتَھَادٰی:۔ صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَتَھَادَیُ. تَتَھَادَیُ. اَتَھَادَیُ. نَتَھَادَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یَتَھَادٰی. تَتَھَادٰی. اَتَھَادٰی. نَتَھَادٰی بن گئے۔

یَتَھَادَیَانِ. تَتَھَادَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَتَھَادَوْنَ. تَتَھَادَوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَتَھَادَیُوْنَ. تَتَھَادَیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یَتَھَادَاوْنَ. تَتَھَادَاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یَتَھَادَوْنَ. تَتَھَادَوْنَ بن گئے۔

یَتَھَادَیْنَ. تَتَھَادَیْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَتَھَادَیْنَ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَتَھَادَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَتَھَادَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُتَھَادٰی. تُتَھَادٰی. اُتَھَادٰی. نُتَھَادٰی:۔ صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یُتَھَادَیُ. تُتَھَادَیُ. اُتَھَادَیُ. نُتَھَادَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُتَھَادٰی. تُتَھَادٰی. اُتَھَادٰی. نُتَھَادٰی بن گئے۔

يُتَهَادَيَانِ. تُتَهَادَيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُتَهَادَوْنَ. تُتَهَادَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُتَهَادَيُوْنَ. تُتَهَادَيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُتَهَـادَاوْنَ. تُتَهَـادَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُتَهَـادَوْنَ. تُتَهَادَوْنَ بن گئے۔

يُتَهَادَيْنَ. تُتَهَادَيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُتَهَادَيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُتَهَـــادَيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُتَهَادَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَتَهَادَ. لَمْ تَتَهَادَ. لَمْ اَتَهَادَ. لَمْ نَتَهَادَ.

اور مجہول میں: لَمْ يُتَهَادَ. لَمْ تُتَهَادَ. لَمْ اُتَهَادَ. لَمْ نُتَهَادَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں :لَمْ يَتَهَادَيَا. لَمْ يَتَهَادَوْا. لَمْ تَتَهَادَيَا .لَمْ تَتَهَادَوْا. لَمْ تَتَهَادَيْ . لَمْ تَتَهَادَيَا.

اور مجہول میں :لَمْ يُتَهَادَيَا. لَمْ يُتَهَادَوْا. لَمْ تُتَهَادَيَا .لَمْ تُتَهَادَوْا. لَمْ تُتَهَادَيْ . لَمْ تُتَهَادَيَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں :لَمْ يَتَهَادَيْنَ. لَمْ تَتَهَادَيْنَ .اور مجہول میں: لَمْ يُتَهَادَيْنَ. لَمْ تُتَهَادَيْنَ .

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔جس

کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّتَهَادٰی. لَنْ تَتَهَادٰی. لَنْ اَتَهَادٰی. لَنْ نَّتَهَادٰی.

اور مجہول میں: لَنْ یُّتَهَادٰی. لَنْ تُتَهَادٰی. لَنْ اُتَهَادٰی. لَنْ نُّتَهَادٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّتَهَادَیَا. لَنْ یَّتَهَادَوْا. لَنْ تَتَهَادَیَا. لَنْ تَتَهَادَوْا. لَنْ تَتَهَادَیْ. لَنْ تَتَهَادَیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّتَهَادَیَا. لَنْ یُّتَهَادَوْا. لَنْ تُتَهَادَیَا. لَنْ تُتَهَادَوْا. لَنْ تُتَهَادَیْ. لَنْ تُتَهَادَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّتَهَادَیْنَ. لَنْ تَتَهَادَیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُّتَهَادَیْنَ. لَنْ تُتَهَادَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء الف سے بدل گئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَتَهَادَیَنَّ. لَتَتَهَادَیَنَّ. لَاَتَهَادَیَنَّ. لَنَتَهَادَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَتَهَادَیَنْ. لَتَتَهَادَیَنْ. لَاَتَهَادَیَنْ. لَنَتَهَادَیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُتَهَادَیَنَّ. لَتُتَهَادَیَنَّ. لَاُتَهَادَیَنَّ. لَنُتَهَادَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُتَهَادَیَنْ. لَتُتَهَادَیَنْ. لَاُتَهَادَیَنْ. لَنُتَهَادَیَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَتَهَادَوُنَّ. لَتَتَهَادَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَتَهَادَوُنْ. لَتَتَهَادَوُنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُتَهَادَوُنَّ. لَتُتَهَادَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُتَهَادَوُنْ. لَتُتَهَادَوُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَتَهَادَیِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَتَهَادَیِنْ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُتَهَادَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُتَهَادَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف

ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَتَهَادَیَانِّ. لَتَتَهَادَیَانِّ. لَیَتَهَادَیْنَانِّ. لَتَتَهَادَیَانِّ. لَتَتَهَادَیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُتَهَادَیَانِّ. لَتُتَهَادَیَانِّ. لَیُتَهَادَیْنَانِّ. لَتُتَهَادَیَانِّ. لَتُتَهَادَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

تَهَادَ:۔ صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَهَادٰی سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے حرف علت گرادیا تو تَهَادَ بن گیا۔

تَهَادَیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَهَادَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَهَادَیَا بن گیا۔

تَهَادَوْا :۔ صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَهَادَوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَهَادَوْا بن گیا۔

تَهَادَیْ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَهَادَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَهَادَیْ بن گیا۔

تَهَادَیْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَهَادَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے تَهَادَیْنَ بن گیا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُتَهَادٰی سے لِتُتَهَادَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے لِتُتَهَادَیَا. لِتُتَهَادَوْا. لِتُتَهَادَیْ. لِتُتَهَادَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ

رہے گا۔ جیسے: لِيَتَهَادَيْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔
جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَهَادَ. لِتَتَهَادَ. لِأَتَهَادَ. لِنَتَهَادَ.

اور مجہول میں: لِيُتَهَادَ. لِتُتَهَادَ. لِأُتَهَادَ. لِنُتَهَادَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَهَادَيَا. لِيَتَهَادَوْا. لِتَتَهَادَيَا. اور مجہول میں: لِيُتَهَادَيَا. لِيُتَهَادَوْا. لِتُتَهَادَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَهَادَيْنَ. اور مجہول میں: لِيُتَهَادَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَهَادَ. اور مجہول میں: لَا تُتَهَادَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَهَادَيَا. لَا تَتَهَادَوْا. لَا تَتَهَادَيْ. لَا تَتَهَادَيَا. اور مجہول میں: لَا تُتَهَادَيَا. لَا تُتَهَادَوْا. لَا تُتَهَادَيْ. لَا تُتَهَادَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَهَادَيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُتَهَادَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔
جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَتَہَادَ. لَا تَتَہَادَ. لَا اَتَہَادَ. لَا نَتَہَادَ.

اور مجہول میں: لَا یُتَہَادَ. لَا تُتَہَادَ. لَا اُتَہَادَ. لَا نُتَہَادَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لَا یَتَہَادَیَا. لَا یَتَہَادَوْا. لَا تَتَہَادَیَا.

اور مجہول میں: لَا یُتَہَادَیَا. لَا یُتَہَادَوْا. لَا تُتَہَادَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَتَہَادَیْنَ . اور مجہول میں: لَا یُتَہَادَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتَہَادًی: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُتَہَادَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَہَادًی بن گیا۔

مُتَہَادَیَانِ . مُتَہَادَیَاتٌ: ۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُتَہَادٍی : ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتَہَادِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُتَہَادٍی بن گیا۔

مُتَہَادِیَانِ : ۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اپنی اصل پر ہے۔

مُتَہَادُوْنَ : ۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتَہَادِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُتَہَادُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُتَہَادُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو مُتَہَادُوْنَ بن گیا۔

مُتَهَادِيَةٌ. مُتَهَادِيَتَانِ. مُتَهَادِيَاتٌ:۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔
تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُتَهَادًى :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔
اصل میں مُتَهَادَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَهَادًى بن گیا۔
مُتَهَادَيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔
مُتَهَادَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم مفعول۔
اصل میں مُتَهَادَيُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا مُتَهَادَاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَهَادَوْنَ بن گیا۔
مُتَهَادَاةٌ. مُتَهَادَاتَانِ: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث اسم مفعول۔
اصل میں مُتَهَادَيَةٌ. مُتَهَادَيَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَهَادَاةٌ. مُتَهَادَاتَانِ بن گئے۔
مُتَهَادَيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

صرف کبیر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب

ضَرَبَ. یَضْرِبُ جیسے اَلْوِقَایَۃُ (بچانا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَقٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں وَقَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو وَقٰی بن گیا۔

وَقَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

وَقَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وَقَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو وَقَاوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وَقَوْا بن گیا۔

وَقَتْ وَقَتَا: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں وَقَیَتْ. وَقَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو وَقَاتْ. وَقَاتَا بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وَقَتْ. وَقَتَا بن گئے۔

وَقَیْنَ. وَقَیْتَ. وَقَیْتُمَا. وَقَیْتُمْ. وَقَیْتِ. وَقَیْتُمَا. وَقَیْتُنَّ. وَقَیْتُ. وَقَیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُقِیَ. وُقِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وُقُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں وُقِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وُقُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وُقُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ

سے ایک واؤ گرادی تو وُقُوا بن گیا۔

وُقِیتُ. وُقِیتَا. وُقِینَ. وُقِیتَ. وُقِیتُمَا. وُقِیتُم. وُقِیتِ. وُقِیتُمَا. وُقِیتُنَّ. وُقِیتُ. وُقِینَا: صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مؤنث غائب واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر واحد وجمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَقِیْ. تَقِیْ. اَقِیْ. نَقِیْ. صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یَوْقِیُ. تَوْقِیُ. اَوْقِیُ. نَوْقِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَقِیُ. تَقِیُ. اَقِیُ. نَقِیُ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَقِیْ. تَقِیْ. اَقِیْ. نَقِیْ. بن گئے۔

یَقِیَانِ. تَقِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَوْقِیَانِ. تَوْقِیَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَقِیَانِ. تَقِیَانِ بن گئے۔

یَقُوْنَ. تَقُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں یَوْقِیُوْنَ. تَوْقِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَقِیُوْنَ. تَقِیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل حرف کی حرکت گرا کر یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَقُیْوْنَ. تَقُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو یَقُوْوْنَ. تَقُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو یَقُوْنَ. تَقُوْنَ بن گئے۔

یَقِیْنَ. تَقِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں یَوْقِیْنَ. تَوْقِیْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَقِیْنَ. تَقِیْنَ بن گئے۔

تَقِیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں تَوْقِیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو تَقِیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَقِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوْقٰی. تُوْقٰی. اُوْقٰی. نُوْقٰی: صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُوْقَیُ. تُوْقَیُ. اُوْقَیُ. نُوْقَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ

سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوقٰی. تُوقٰی. اُوقٰی. نُوقٰی بن گئے۔

یُوقَیَانِ. تُوقَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوقَوْنَ. تُوقَوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں یُوقَیُوْنَ. تُوقَیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوقَاوْنَ. تُوقَاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُوقَوْنَ. تُوقَوْنَ بن گئے۔

یُوقَیْنَ. تُوقَیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوقَیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں تُوقَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تُوقَایْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُوقَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَقِ. لَمْ تَقِ. لَمْ اَقِ. لَمْ نَقِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُوقَ. لَمْ تُوقَ. لَمْ اُوقَ. لَمْ نُوقَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَقِیَا. لَمْ یَقُوْا. لَمْ تَقِیَا. لَمْ تَقِیَا. لَمْ تَقُوْا. لَمْ تَقِیْ. لَمْ تَقِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُوقَیَا لَمْ یُوقَوْا. لَمْ تُوقَیَا. لَمْ تُوقَوْا. لَمْ تُوقَیْ. لَمْ تُوقَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَقِیْنَ. لَمْ تَقِیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُوقَیْنَ. لَمْ تُوقَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّقِيَ. لَنْ تَقِيَ. لَنْ اَقِيَ. لَنْ نَّقِيَ .

اور مجہول میں: لَنْ يُّوْقٰى. لَنْ تُوْقٰى. لَنْ اُوْقٰى. لَنْ نُّوْقٰى .

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّقِيَا. لَنْ يَّقُوْا. لَنْ تَقِيَا. لَنْ تَقُوْا. لَنْ تَقِيْ. لَنْ تَقِيَا .

اور مجہول میں: لَنْ يُّوْقَيَا. لَنْ يُّوْقَوْا. لَنْ تُوْقَيَا. لَنْ تُوْقَوْا. لَنْ تُوْقَيْ . لَنْ تُوْقَيَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّقِيْنَ. لَنْ تَقِيْنَ . اور مجہول میں: لَنْ يُّوْقَيْنَ. لَنْ تُوْقَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَقِيَنَّ. لَتَقِيَنَّ. لَاَقِيَنَّ. لَنَقِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَقِيَنْ. لَتَقِيَنْ. لَاَقِيَنْ. لَنَقِيَنْ .

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُوْقَيَنَّ. لَتُوْقَيَنَّ. لَاُوْقَيَنَّ. لَنُوْقَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُوْقَيَنْ. لَتُوْقَيَنْ. لَاُوْقَيَنْ. لَنُوْقَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَقُنَّ. لَتَقُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَقُنْ. لَتَقُنْ .

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْقَوُنَّ. لَتُوْقَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْقَوُنْ. لَتُوْقَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ اور مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَقِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَقِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُوْقَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوْقَیِنْ.

معروف و مجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَقِیَانِّ. لَتَقِیَانِّ. لَیَقِیْنَانِّ. لَتَقِیَانِّ. لَتَقِیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُوْقَیَانِّ. لَتُوْقَیَانِّ. لَیُوْقَیْنَانِّ. لَتُوْقَیَانِّ. لَتُوْقَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

قِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے حرف علت گرا دیا توقِ بن گیا۔

قِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرا دیا توقِیَا بن گیا۔

قُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرا دیا توقُوْا بن گیا۔

قِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرا دیا توقِیْ بن گیا۔

قِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـقِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں تو قِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُـوْقٰی سے لِتُوْقَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُوْقَیَا. لِتُوْقَوْا. لِتُوْقَیْ. لِتُوْقَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے: لِتُوْقَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَقِ. لِتَقِ. لِاَقِ. لِنَقِ اور مجہول میں: لِیُوْقَ. لِتُوْقَ. لِاُوْقَ. لِنُوْقَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَقِیَا. لِیَقُوْا. لِتَقِیَا.

اور مجہول میں: لِیُوْقَیَا. لِیُوْقَوْا. لِتُوْقَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَقِیْنَ. لِتَقِیْنَ اور مجہول میں: لِیُوْقَیْنَ. لِتُوْقَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر

جائے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ تَقِ. اور مجہول میں: لاَ تُوْقَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَقِيَا. لاَ تَقُوْا. لاَ تَقِيْ. لاَ تَقِيَا. اور مجہول میں: لاَ تُوْقَيَا. لاَ تُوْقَوْا. لاَ تُوْقَيْ. لاَ تُوْقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَقِيْنَ. اور مجہول میں: لاَ تُوْقَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَقِ. لاَ تَقِ. لاَ اَقِ. لاَ نَقِ.

اور مجہول میں: لاَ يُوْقَ. لاَ تُوْقَ. لاَ اُوْقَ. لاَ نُوْقَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَقِيَا. لاَ يَقُوْا. لاَ تَقِيَا.

اور مجہول میں: لاَ يُوْقَيَا. لاَ يُوْقَوْا. لاَ تُوْقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَقِيْنَ. اور مجہول میں: لاَ يُوْقَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مَوْقًى: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَوْقَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مَوْقَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مَوْقًى بن گیا۔

مَوْقَيَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَوَاقٍ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَـوَاقِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاقٍ بن گیا۔

مُوَیْقٍ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُوَیْقِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُوَیْقِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْقٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِیْقًی: صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِوْقَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْقَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِیْـقَـانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِیْقًی بن گیا۔

مِیْقَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغری۔

اصل میں مِوْقَیَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْقَیَانِ بن گیا۔

مَوَاقٍ: صیغہ جمع اسم آلہ صغری۔

اصل میں مَـوَاقِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاقٍ بن گیا۔

مُوَیْقٍ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُوَیْقِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُوَیْقِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْقٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِیْقَاۃٌ: صیغہ واحد اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْقَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْقَیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مِیْقَاۃٌ بن گیا۔

مِیْقَاتَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْقَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْقَیَتَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مِیْقَاتَانِ بن گیا۔

مَوَاقٍ: صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَوَاقِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاقٍ بن گیا۔

مُوَیْقِیَۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم آلہ کبریٰ

مِیْقَاءٌ: صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِوْقَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْقَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو مِیْقَاءٌ بن گیا۔

مِیْقَاءَ انِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِوْقَایَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْقَایَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو مِیْقَاءَ انِ بن گیا۔

مَوَاقِیُّ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَوَاقِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَوَاقِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مَوَاقِیُّ بن گیا۔

مُوَیْقِیٌّ اور مُوَیْقِیَۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُوَیْقِایٌ اور مُوَیْقِایَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُوَیْقِیْیٌ اور مُوَیْقِیْیٌ

بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کر دیا تو مُوَیْقِیٌّ اور مُوَیْقِیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَوْقٰی: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْقَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْقٰی بن گیا۔

اَوْقَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَوْقَوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْقَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْقَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَوْقَوْنَ بن گیا۔

اَوَاقٍ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوَاقِـیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَاقٍ بن گیا۔

اُوَیْقٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُوَیْقِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو اُوَیْقِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو اُوَیْقٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

وُقْیٰ. وُقْیَیَانِ. وُقْیَیَاتٌ: صیغہائے واحد، تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

تینوں اپنی اصل پر ہیں۔

وُقًی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں وُقَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وُقًی بن گیا۔

وُقَیٌّ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں وُقَیِّیٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق یائے ساکنہ کا یائے متحرکہ میں ادغام کر دیا تو وُقَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَوْقَاہُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَوْقَیَہُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مَا اَوْقَاہُ بن گیا۔

اَوْقِ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَوْقِیْ بِہٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گرا دیا تو اَوْقِ بِہٖ بن گیا۔

وَقُوَ اور وَقُوَتْ: صیغہ واحد مذکر و مونث فعل تعجب۔

اصل میں وَقُیَ اور وَقُیَتْ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وَقُوَ اور وَقُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

وَاقٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں وَاقِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا تو وَاقِیْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو وَاقٍ بن گیا۔

وَاقِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل ۔ اپنی اصل پر ہے۔

وَاقُوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں وَاقِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَاقُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے بدل دیا تو وَاقُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو وَاقُوْنَ بن گیا۔

وُقَاۃٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا

تو وَفَاۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو وُفَاۃٌ بن گیا۔

وُقَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقَّايٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو وُقَّاءٌ بن گیا۔

وُقًّى: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقَّـــيٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو وُقَّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وُقًّى بن گیا۔

وُقِيٌّ: وُقَيَاءُ. وُقْيَانٌ: صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

مذکورہ بالا تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وِقَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وِقَايٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو وِقَاءٌ بن گیا۔

وُقِيٌّ یا وِقِيٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقُوْيٌ تھا معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل کر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو وُقُيٌّ بن گیا۔ پھر یاء کی مناسبت سے قاف کو کسرہ دیا تو وُقِيٌّ بن گیا۔ قاف کے کسرہ کی مناسبت سے فاء کلمہ کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے جیسے وِقِيٌّ۔

اُوَيْقٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَيْقِيٌ تھا معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اُوَيْقِيٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو اُوَيْقِيْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُوَيْقٍ بن گیا۔

وَاقِيَةٌ. وَّاقِيَتَانِ. وَاقِيَاتٌ: صیغہ ہائے واحد، تثنیہ، جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اَوَاقٍ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَوَاقِيُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلا تو اَوَاقِيُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَاقٍ بن گیا۔

وُقِّی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو وُقَّانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُقًّی بن گیا۔

اُوَیْقِیَۃٌ: واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْقِیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو اُوَیْقِیَۃٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَوْقِیٌّ مَّوْقِیَّانِ. مَوْقِیُّوْنَ. مَوْقِیَّۃٌ. مَّوْقِیَّتَانِ. مَوْقِیَّاتٌ: صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَوْقُوْیٌ. مَّوْقُوْیَانِ: مَوْقُوْیُوْنَ. مَوْقُوْیَۃٌ. مَّوْقُوْیَتَانِ. مَوْقُوْیَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔ پھر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَوَاقِیٌّ: صیغہ جمع مذکر ومؤنث مکسر اسم مفعول۔

اصل میں مَوَاقِوْیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مَوَاقِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَوَاقِیٌّ بن گیا۔

مُوَیْقِیٌّ اور مُوَیْقِیَّۃٌ: صیغہ واحد مذکر ومونث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُوَیْقِوْیٌ اور مُوَیْقِوْیَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُوَیْقِیْیٌ مُوَیْقِیْیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُوَیْقِیٌّ اور مُوَیْقِیَّۃٌ بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب

سَمِعَ. یَسْمَعُ جیسے اَلْوَجیُ (ننگے پاؤں ہونا)

اَلْوَجیُ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب سَمِعَ یَسْمَعُ اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَجِیَ. وَجِیَا: صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وَجُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں وَجِیُـوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَجُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو وَجُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وَجُوْا بن گیا۔

وَجِیَتْ. وَجِیَتَا. وَجِیْنَ. وَجِیْتَ. وَجِیْتُمَا. وَجِیْتُمْ. وَجِیْتِ. وَجِیْتُمَا. وَجِیْتُنَّ. وَجِیْتُ. وَجِیْنَا: صیغہائے واحد وتثنیہ جمع مؤنث غائب، واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُجِیَ بِهٖ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَوْجٰی. تَوْجٰی. اَوْجٰی. نَوْجٰی: صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یَوْجَیُ. تَوْجَیُ. اَوْجَیُ. نَوْجَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یَوْجٰی. تَوْجٰی. اَوْجٰی. نَوْجٰی بن گئے۔

یَوْجَیَانِ. تَوْجَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُوْجَوْنَ. تُوْجَوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُوْجَيُوْنَ. تُوْجَيُوْنَ تھے معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُوْجَاوْنَ. تُوْجَاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُوْجَوْنَ. تُوْجَوْنَ بن گئے۔

يُوْجَيْنَ. تُوْجَيْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوْجَيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوْجَيِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو تُوْجَايْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُوْجَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُوْجٰى بِهٖ: صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں يُوْجَيُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو يُوْجٰى بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔

جیسے: لَمْ يُوْجَ. لَمْ تُوْجَ. لَمْ اُوْجَ. لَمْ نُوْجَ.

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے: لَمْ يُوْجَيَا. لَمْ يُوْجَوْا. لَمْ تُوْجَيَا. لَمْ تُوْجَوْا. لَمْ تُوْجَيْ . لَمْ تُوْجَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔ جیسے: لَمْ يُوْجَيْنَ. لَمْ تُوْجَيْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

لَمْ يُوْجَ بِهٖ : صیغہ واحد مذکر غائب۔

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیا جس کی وجہ سے آخر سے حرف

علت الف گر گیا تو لَمْ یُوْجَ بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے : لَنْ یُّوْجٰی. لَنْ تُوْجٰی. لَنْ اُوْجٰی. لَنْ نُّوْجٰی .

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَنْ یُّوْجَیَا. لَنْ یُّوْجَوْا. لَنْ تُوْجَیَا. لَنْ تُوْجَوْا. لَنْ تُوْجَیْ . لَنْ تُوْجَیَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔ جیسے: لَنْ یُّوْجَیْنَ. لَنْ تُوْجَیْنَ .

بحث فعل نفی تاکید بلَن ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔ جیسے لَنْ یُّوْجٰی بِهٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوْجَیَنَّ. لَتُوْجَیَنَّ. لَاُوْجَیَنَّ. لَنُوْجَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوْجَیَنْ. لَتُوْجَیَنْ. لَاُوْجَیَنْ. لَنُوْجَیَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوْجَوُنَّ. لَتُوْجَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوْجَوُنْ. لَتُوْجَوُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُوْجَیِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُوْجَیِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَوْجَیَانِّ. لَتَوْجَیَانِّ. لَیَوْجَیْنَانِّ. لَتَوْجَیَانِّ. لَتَوْجَیْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگا دیں گے۔ جو یاء فعل مضارع مجہول میں الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْجَیَنَّ بِهٖ. اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْجَیَنْ بِهٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِیْجَ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرادیا تو اِوْجَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو اِیْجَ بن گیا۔

اِیْجَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِوْجَیَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو اِیْجَیَا بن گیا۔

اِیْجَوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجَوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِوْجَوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو اِیْجَوْا بن گیا۔

اِیْجَیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِوْجَیْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ

کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِیْجِیْ بن گیا۔

اِیْجِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِوْجَیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِیْجَیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے۔ جس نے آخر سے حرف علت الف گرا دیا۔ جیسے: تُوْجٰی بِکَ سے لِتُوْجَ بِکَ۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لِیَوْجَ. لِتَوْجَ. لِاَوْجَ. لِنَوْجَ.

معروف کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لِیَوْجَیَا. لِیَوْجَوْا. لِتَوْجَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِیَوْجَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے۔ جس نے آخر سے حرف علت الف گرا دیا۔ جیسے یُوْجٰی بِہٖ سے لِیُوْجَ بِہٖ۔

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لَا تَوْجَ.

معروف کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لاَ تَوْجَیَا. لاَ تَوْجَوْا. لاَ تَوْجَیْ. لاَ تَوْجَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لاَ تَوْجَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا جیسے: تُوْجٰی بِکَ سے لاَ تُوْجَ بِکَ .

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لاَ یَوْجَ. لاَ تَوْجَ . لاَ اَوْجَ. لاَ نَوْجَ.

معروف کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لاَ یَوْجَیَا. لاَ یَوْجَوْا. لاَ تَوْجَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔

جیسے: لاَ یَوْجَیْنَ .

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا جیسے یُوْجٰی بِہٖ سے لاَ یُوْجَ بِہٖ۔

بحث اسم ظرف

مَوْجًی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَوْجَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مَوْجَانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر گیا تو مَوْجًی بن گیا۔

مَوْجَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَوَاجٍ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَوَاجِیُ تھا معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاجٍ بن گیا۔

مُوَیْجٍ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُوَیْجِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُوَیْجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْجٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِیْجًی: صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِوْجَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِیْجَانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِیْجًی بن گیا۔

مِیْجَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِوْجَیَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَیَانِ بن گیا۔

مَوَاجٍ: صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَوَاجِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاجٍ بن گیا۔

مُوَیْجٍ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُوَیْجِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُوَیْجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْجٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِیْجَاۃٌ: صیغہ واحد اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْجَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون

نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مِیْجَاۃٌ بن گیا۔

مِیْجَاتَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْجَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْجَیَتَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مِیْجَاتَانِ بن گیا۔

مَوَاجٍ: صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَوَاجِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاجٍ بن گیا۔

مُوَیْجِیَۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم آلہ کبریٰ

مِیْجَاءٌ: صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِوْجَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْجَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو مِیْجَاءٌ بن گیا۔

مِیْجَاءَ انِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِوْجَایَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْجَایَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو مِیْجَاءَ انِ بن گیا۔

مَوَاجِیُّ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَوَاجِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر یا تو مَوَاجِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مَوَاجِیُّ بن گیا۔

مُوَیْجِیٌّ اور مُوَیْجِیَّۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُوَیْجَایٌ اور مُوَیْجَایَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُوَیْجِیْیٌ اور مُوَیْجِیْیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کر دیا تو مُوَیْجِیٌّ اور مُوَیْجِیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَوْجٰی: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْجَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْجٰی بن گیا۔

اَوْجَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَوْجَوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْجَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْجَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَوْجَوْنَ بن گیا۔

اَوَاجٍ: صیغہ جمع مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوَاجِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَاجٍ بن گیا۔

اُوَیْجٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُوَیْجِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو اُوَیْجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو اُوَیْجٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

وُجْیٰ. وُجْیَیَانِ. وُجْیَیَاتٌ: صیغہ ہائے واحد تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل تینوں اپنی اصل پر ہیں۔

وُجًی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں وُجَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وُجًی بن گیا۔

وُجَیًّ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں وُجَیْیٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو وُجَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَوْجَاهُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَوْجَيَهُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مَا اَوْجَاهُ بن گیا۔

اَوْجِ بِهٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَوْجِیْ بِهٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ فعل ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو اَوْجِ بِهٖ بن گیا۔

وَجُوَ. وَجُوَتْ: صیغہ واحد مذکر و مونث فعل تعجب۔

اصل میں وَجُیَ اور وَجُیَتْ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو وَجُوَ اور وَجُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

وَاجٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں وَاجِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا تو وَاجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو وَاجٍ بن گیا۔

وَاجِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

وَاجُوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں وَاجِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَاجُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو وَاجُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وَاجُوْنَ بن گیا۔

وُجَاةٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَجَیَةٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو وَجَاةٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو وُجَاةٌ بن گیا۔

وُجَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُجَّایٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو وُجَّاءٌ بن گیا۔

وُجًّى: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُجَّیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو وُجَّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وُجًّى بن گیا۔

وُجُیٌ، وُجَیَاءُ، وُجْیَانٌ: صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وِجَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وِجَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو وِجَاءٌ بن گیا۔

وُجِیٌّ یا وِجِیٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُجُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا پھر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو وُجُیٌّ بن گیا۔ پھر یاء کی مناسبت سے ماقبل کو کسرہ دیا تو وُجِیٌّ بن گیا۔ عین کلمہ کے کسرہ کی موافقت میں فاء کلمہ کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے۔ جیسے وِجِیٌّ۔

اُوَیْجٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْجِیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اُوَیْجِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرا دیا تو اُوَیْجِیْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُوَیْجٍ بن گیا۔

وَاجِیَةٌ، وَاجِیَتَانِ، وَاجِیَاتٌ: صیغہ ہائے واحد، تثنیہ، جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اَوَاجٍ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَوَاجِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلا تو اَوَاجِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق یاء کو حذف کر دیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَاجٍ بن گیا۔

وُجًّى: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُجَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو

وُجّانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُجّی بن گیا۔

اُوَیْجِیَةٌ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْجِیَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اُوَیْجِیَةٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَوْجِیٌّ م بِہٖ : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مَوْجُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَوْجُیٌّ بن گیا۔ پھر یاء کی مناسبت سے ماقبل کو کسرہ دیا تو مَوْجِیٌّ م بِہٖ بن گیا۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب حَسِبَ. یَحْسِبُ جیسے اَلْوَلْیُ (مدد دینا)

وَلْیٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب حَسِبَ یَحْسِبُ اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَلِیَ وَلِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وَلُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں وَلِیُـوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَلْیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وَلُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وَلُوْا بن گیا۔

وَلِیَتْ وَلِیَتَا. وَلِیْنَ. وَلِیْتَ. وَلِیْتُمَا. وَلِیْتُمْ. وَلِیْتِ. وَلِیْتُمَا. وَلِیْتُنَّ. وَلِیْتُ. وَلِیْنَا: صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث غائب واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُلِیَ. وُلِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وُلُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں وُلِیُــوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وُلُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وُلُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وُلُوْا بن گیا۔

وُلِیَتْ. وُلِیَتَا. وُلِیْنَ. وُلِیْتَ. وُلِیْتُمَا. وُلِیْتُمْ. وُلِیْتِ. وُلِیْتُمَا. وُلِیْتُنَّ. وُلِیْتُ. وُلِیْنَا: صیغہائے واحد تثنیہ جمع مؤنث غائب واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر واحد و جمع متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَلِیْ. تَلِیْ. اَلِیْ. نَلِیْ. صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَوْلِیُ. تَوْلِیُ. اَوْلِیُ. نَوْلِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَلِیُ. تَلِیُ. اَلِیُ. نَلِیُ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَلِیْ. تَلِیْ. اَلِیْ. نَلِیْ. بن گئے۔

یَلِیَانِ. تَلِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یَوْلِیَانِ. تَوْلِیَانِ. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَلِیَانِ. تَلِیَانِ بن گئے۔

یَلُوْنَ. تَلُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَوْلِیُوْنَ. تَوْلِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَلِیُوْنَ. تَلِیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل حرف کی حرکت گرا کر یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَلُیْوْنَ. تَلُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو یَلُوْوْنَ. تَلُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو یَلُوْنَ. تَلُوْنَ بن گئے۔

يَلِيۡنَ. تَلِيۡنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَوۡلِيۡنَ. تَوۡلِيۡنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَلِيۡنَ. تَلِيۡنَ بن گئے۔

تَلِيۡنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَوۡلِيِيۡنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو تَلِيِيۡنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَلِيۡنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُوۡلٰى. تُوۡلٰى. اُوۡلٰى. نُوۡلٰى: صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُوۡلَيُ. تُوۡلَيُ. اُوۡلَيُ. نُوۡلَيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُوۡلٰى. تُوۡلٰى. اُوۡلٰى. نُوۡلٰى بن گئے۔

يُوۡلَيَانِ. تُوۡلَيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُوۡلَوۡنَ. تُوۡلَوۡنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُوۡلَيُوۡنَ. تُوۡلَيُوۡنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُوۡلَاوۡنَ. تُوۡلَاوۡنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُوۡلَوۡنَ. تُوۡلَوۡنَ بن گئے۔

يُوۡلَيۡنَ. تُوۡلَيۡنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوۡلَيۡنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوۡلَيِيۡنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو تُوۡلَايۡنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُوۡلَيۡنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمۡ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمۡ لگادیتے ہیں جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول

کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَلِ. لَمْ تَلِ. لَمْ اَلِ. لَمْ نَلِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُوْلَ. لَمْ تُوْلَ. لَمْ اُوْلَ. لَمْ نُوْلَ.

معروف و مجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف: لَمْ يَلِيَا. لَمْ يَلُوْا. لَمْ تَلِيَا. لَمْ تَلُوْا. لَمْ تَلِيْ. لَمْ تَلِيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُوْلَيَا لَمْ يُوْلَوْا. لَمْ تُوْلَيَا. لَمْ تُوْلَوْا. لَمْ تُوْلَيْ. لَمْ تُوْلَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَلِيْنَ. لَمْ تَلِيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُوْلَيْنَ. لَمْ تُوْلَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّلِيَ. لَنْ تَلِيَ. لَنْ اَلِيَ. لَنْ نَّلِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّوْلٰى. لَنْ تُوْلٰى. لَنْ اُوْلٰى. لَنْ نُّوْلٰى.

معروف و مجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّلِيَا. لَنْ يَّلُوْا. لَنْ تَلِيَا. لَنْ تَلُوْا. لَنْ تَلِيْ. لَنْ تَلِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّوْلَيَا. لَنْ يُّوْلَوْا. لَنْ تُوْلَيَا. لَنْ تُوْلَوْا. لَنْ تُوْلَيْ. لَنْ تُوْلَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّلِيْنَ. لَنْ تَلِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّوْلَيْنَ. لَنْ تُوْلَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہو گئی تھی

نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَلِیَنَّ. لَتَلِیَنَّ. لَاَلِیَنَّ. لَنَلِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَلِیَنْ. لَتَلِیَنْ. لَاَلِیَنْ. لَنَلِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْلَیَنَّ. لَتُوْلَیَنَّ. لَاُوْلَیَنَّ. لَنُوْلَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْلَیَنْ. لَتُوْلَیَنْ. لَاُوْلَیَنْ. لَنُوْلَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَلُنَّ. لَتَلُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَلُنْ. لَتَلُنْ .

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْلَوُنَّ. لَتُوْلَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْلَوُنْ. لَتُوْلَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَلِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَلِنْ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُوْلَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوْلَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَلِیَانِّ. لَتَلِیَانِّ. لَیَلِیْنَانِّ. لَتَلِیَانِّ. لَتَلِیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُوْلَیَانِّ. لَتُوْلَیَانِّ. لَیُوْلَیْنَانِّ . لَتُوْلَیَانِّ . لَتُوْلَیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

لِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے حرف علت گرادیا تو لِ بن گیا۔

لِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِیَا بن گیا۔

لُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لُوْا بن گیا۔

لِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِیْ بن گیا۔

لِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں تو لِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُوْلٰی سے لِتُوْلَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُوْلَیَا. لِتُوْلَوْا. لِتُوْلَیْ. لِتُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُوْلَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَلِ. لِتَلِ. لِأَلِ. لِنَلِ.

اور مجہول میں: لِیُوْلَ. لِتُوْلَ. لِأُوْلَ. لِنُوْلَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَلِیَا. لِیَلُوْا. لِتَلِیَا اور مجہول میں: لِیُوْلَیَا. لِیُوْلَوْا. لِتُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَلِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُوْلَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَلِ. اور مجہول میں: لَا تُوْلَ.

معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر کے) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَلِیَا. لَا تَلُوْا. لَا تَلِیْ. لَا تَلِیَا. اور مجہول میں: لَا تُوْلَیَا. لَا تُوْلَوْا. لَا تُوْلَیْ. لَا تُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَلِیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُوْلَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَلِ. لَا تَلِ. لَا اَلِ. لَا نَلِ.

اور مجہول میں: لَا یُوْلَ. لَا تُوْلَ. لَا اُوْلَ. لَا نُوْلَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَلِیَا. لَا یَلُوْا. لَا تَلِیَا.

اور مجہول میں: لاَ یُوْلَیَا. لاَ یُوْلَوْا. لاَ تُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَلِیْنَ . اور مجہول میں: لاَ یُوْلَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مَوْلَی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَوْلَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مَوْلَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مَوْلًی بن گیا۔

مَوْلَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَوَالٍ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَـوَالِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَالٍ بن گیا۔

مُوَیْلٍ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُوَیْلِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُوَیْلِیْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْلٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِیْلًی: صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِوْلَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْـلَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مِیلَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِیْلًی بن گیا۔

مِیْلَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِوْلَیَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْلَیَانِ بن گیا۔

مَوَالٍ: صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَـوَالِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَالٍ بن گیا۔

مُوَیْلٍ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُـوَیْلِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے اسے گرادیا تو مُـوَیْلِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْلٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِیْلَاۃٌ: صیغہ واحد اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِـوْلَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْـلَـیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِیْلَاۃٌ بن گیا۔

مِیْلَاتَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْلَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْلَیَتَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مِیْلَاتَانِ بن گیا۔

مَوَالٍ: صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَـوَالِـیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَالٍ بن گیا۔

مُوَیْلِیَۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم آلہ کبریٰ

مِیْلَاءٌ: صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِـوْلَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْلَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو مِیْلَاءٌ بن گیا۔

مِیلَاءَ انِ :صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِـوْلَایَـانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْلَایَـانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو مِیْلَاءَ انِ بن گیا۔

مَوَالِیٌّ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَوَالِاىُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَـوَالِـیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مَوَالِیٌّ بن گیا۔

مُوَیْلِیٌّ اور مُوَیْلِیَّۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُوَیْلِ اىٌ اور مُوَیْلِ ایَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُـوَیْلِیٌ. مُوَیْلِیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مُوَیْلِیٌّ اور مُوَیْلِیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَوْلٰی: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْلَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْلٰی بن گیا۔

اَوْلَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَوْلَوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْلَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْلَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَوْلَوْنَ بن گیا۔

اَوَالٍ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوَالِیُ تھا معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَالٍ بن گیا۔

اُوَیْلٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُوَیْلِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو اُوَیْلِیْنٌ ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء

گرادی تو اُوَیل بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

وُلْیٰ. وُلْیَیَانِ. وُلْیَیَاتٌ: صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وُلیٰ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں وُلَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُلًی بن گیا۔

وُلَیٌّ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں وُلَیْیٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو وُلَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَوْلَاهُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَوْلَیَہُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مَا اَوْلَاهُ بن گیا۔

اَوْلِ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَوْلِیْ بِہٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ فعل ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو اَوْلِ بِہٖ ہوگیا۔

وَلُوَ. وَلُوَتْ: صیغہ واحد مذکر و مونث فعل تعجب۔

اصل میں وَلُیَ اور وَلُیَتْ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو وَلُوَ اور وَلُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

وَالٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں وَالِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا تو وَالِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو وَال بن گیا۔

وَالِيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

وَالُوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں وَالِيُـوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَالْيُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وَالُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وَالُوْنَ بن گیا۔

وُلَاةٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَلَيَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو وَلَاةٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو وُلَاةٌ بن گیا۔

وُلَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُلَّايٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو وُلَّاءٌ بن گیا۔

وُلًّی: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُلَّيٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو وُلَّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُلًّی بن گیا۔

وُلَّيٌ، وُلَيَاءُ، وُلْيَانٌ: صیغہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہیں۔

وِلَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وِلَايٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو وِلَاءٌ بن گیا۔

وُلِيٌّ یا وِلِيٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُلُوْيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو وُلُيٌّ بن گیا۔ یاء کی مناسبت سے ماقبل کو کسرہ دیا تو وُلِيٌّ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے فاء کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: وِلِيٌّ

اُوَيْلٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَيْلِيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اُوَيْلِيٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو اُوَيْلِيْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُوَيْلٍ بن گیا۔

وَالِیَۃٌ. وَّالِیَتَانِ. وَالِیَاتٌ:صیغہائے واحد تثنیہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اپنی اصل پر ہیں۔

اَوَالٍ:صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَوَالِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلا تو اَوَالِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَالٍ بن گیا۔

وُلًّی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُلَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو وُلَّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُلًّی بن گیا۔

اُوَیْلِیَۃٌ:واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْلِیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو اُوَیْلِیَۃٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَوْلِیٌّ مَّوْلِیَّانِ. مَوْلِیُّوْنَ. مَوْلِیَّۃٌ. مَّوْلِیَّتَانِ. مَوْلِیَّاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَوْلُوْیٌ. مَّوْلُوْیَانِ. مَوْلُوْیُوْنَ. مَوْلُوْیَۃٌ. مَّوْلُوْیَتَانِ. مَوْلُوْیَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا۔ پھر یاء کی مناسبت سے ماقبل حرف کو کسرہ دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَوَالِیٌّ:صیغہ جمع مذکر و مؤنث مکسر اسم مفعول۔

اصل میں مَوَالِوْیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مَوَالِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَوَالِیٌّ بن گیا۔

مُوَیْلِیٌّ اور مُوَیْلِیَّۃٌ :صیغہائے واحد مذکر و مونث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُوَیْلِوْیٌ اور مُوَیْلِوْیَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُوَیْلِیْیٌ. مُوَیْلِیْیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُوَیْلِیٌّ اور مُوَیْلِیَّۃٌ بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِفْتِعَالٌ

جیسے: اَلْاِتِّقَاءُ (ڈرنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِتِّقَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِفْتِعَالٌ۔

اصل میں اِوْتِقَایٌ تھا معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اِتِّقَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِتِّقَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِتَّقٰی :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِوْتَقَیَ تھا معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اِتَّقَیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِتَّقٰی بن گیا۔

اِتَّقَیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِوْتَقَیَا تھا معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اِتَّقَیَا بن گیا

اِتَّقَوْا :۔ صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِوْتَقَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اِتَّقَیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِتَّقَوْا بن گیا۔

اِتَّقَتْ . اِتَّقَتَا :۔ صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِوْتَقَیَتْ. اِوْتَقَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اِتَّقَیَتْ. اِتَّقَیَتَا بن گئے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِتَّقَتْ. اِتَّقَتَا بن گئے۔

اِتَّقَیْنَ. اِتَّقَیْتَ. اِتَّقَیْتُمَا. اِتَّقَیْتُمْ. اِتَّقَیْتِ. اِتَّقَیْتُمَا. اِتَّقَیْتُنَّ. اِتَّقَیْتُ. اِتَّقَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں اِوْتَقَیْنَ. اِوْتَقَیْتَ. اِوْتَقَیْتُمَا. اِوْتَقَیْتُمْ. اِوْتَقَیْتِ. اِوْتَقَیْتُمَا. اِوْتَقَیْتُنَّ. اِوْتَقَیْتُ. اِوْتَقَیْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُتُّقِیَ. اُتُّقِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُوْتُقِیَ . اُوْتُقِیَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُتُّقُوْا :۔ صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں اُوْتُقِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اُتُّقِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُتُّقُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُتُّقُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو اُتُّقُوْا بن گیا۔

اُتُّقِیَتْ. اُتُّقِیَتَا. اُتُّقِیْنَ. اُتُّقِیْتَ. اُتُّقِیْتُمَا. اُتُّقِیْتُمْ. اُتُّقِیْتِ. اُتُّقِیْتُمَا. اُتُّقِیْتُنَّ. اُتُّقِیْتُ. اُتُّقِیْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں اُوْتُقِیَتْ. اُوْتُقِیَتَا. اُوْتُقِیْنَ. اُوْتُقِیْتَ. اُوْتُقِیْتُمَا. اُوْتُقِیْتُمْ. اُوْتُقِیْتِ. اُوْتُقِیْتُمَا. اُوْتُقِیْتُنَّ. اُوْتُقِیْتُ. اُوْتُقِیْنَا تھے معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَتَّقِیْ. تَتَّقِیْ. اَتَّقِیْ. نَتَّقِیْ :۔ صیغہ واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَوْتَقِیُ. تَوْتَقِیُ. اَوْتَقِیُ. نَوْتَقِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو یَتَّقِیُ. تَتَّقِیُ. اَتَّقِیُ. نَتَّقِیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرا دی تو یَتَّقِیْ. تَتَّقِیْ. اَتَّقِیْ. نَتَّقِیْ بن گئے۔

يَتَّقِيَانِ. تَتَّقِيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَوْتَقِيَانِ. تَوْتَقِيَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو يَتَّقِيَانِ. تَتَّقِيَانِ بن گے۔

يَتَّقُوْنَ. تَتَّقُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَوْتَقِيُوْنَ. تَوْتَقِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو يَتَّقِيُوْنَ. تَتَّقِيُوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يَتَّقُيُوْنَ. تَتَّقُيُوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يَتَّقُوْنَ. تَتَّقُوْنَ بن گئے ۔

يَتَّقِيْنَ. تَتَّقِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَوْتَقِيْنَ. تَوْتَقِيْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو يَتَّقِيْنَ. تَتَّقِيْنَ بن گئے۔

تَتَّقِيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَوْتَقِيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو تَتَّقِيِيْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کا کسرہ گرادیا تو تَتَّقِيْيْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَتَّقِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُتَّقٰى. تُتَّقٰى. اُتَّقٰى. نُتَّقٰى:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر،واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُوْتَقَيُ. تُوْتَقَيُ. اُوْتَقَيُ. نُوْتَقَيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو يُتَّقَيُ. تُتَّقَيُ. اُتَّقَيُ. نُتَّقَيُ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُتَّقٰى. تُتَّقٰى. اُتَّقٰى. نُتَّقٰى بن گئے۔

يُتَّقَيَانِ. تُتَّقَيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُوْتَقَيَانِ. تُوْتَقَيَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو يُتَّقَيَانِ. تُتَّقَيَانِ بن گئے۔

يَتَّقُوْنَ. تَتَّقُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُوْتَقِيُوْنَ. تُوْتَقِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو يُتَّقِيُوْنَ. تُتَّقِيُوْنَ بن گئے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُتَّقَاوْنَ. تُتَّقَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گردیا تو يُتَّقَوْنَ. تُتَّقَوْنَ بن گئے ۔

يُتَّقَيْنَ. تُتَّقَيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُوْتَقَيْنَ. تُوْتَقَيْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو يُتَّقَيْنَ. تُتَّقَيْنَ بن گئے۔

تُتَّقَيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوْتَقَيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو تُتَّقَيِيْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُتَّقَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَتَّقِ. لَمْ تَتَّقِ. لَمْ اَتَّقِ. لَمْ نَتَّقِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُتَّقَ. لَمْ تُتَّقَ. لَمْ اُتَّقَ. لَمْ نُتَّقَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَتَّقِيَا. لَمْ يَتَّقُوْا. لَمْ تَتَّقِيَا. لَمْ تَتَّقُوْا. لَمْ تَتَّقِيْ . لَمْ تَتَّقِيَا .

اور مجہول میں: لَمْ يُتَّقَيَا. لَمْ يُتَّقَوْا. لَمْ تُتَّقَيَا. لَمْ تُتَّقَوْا. لَمْ تُتَّقَيْ . لَمْ تُتَّقَيَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔جیسے معروف میں: لَمْ يَتَّقِيْنَ. لَمْ تَتَّقِيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُتَّقَيْنَ. لَمْ تُتَّقَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِيَ. لَنْ تَتَّقِيَ. لَنْ اَتَّقِيَ. لَنْ نَّتَّقِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقٰى. لَنْ تُتَّقٰى. لَنْ اُتَّقٰى. لَنْ نُتَّقٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِيَا. لَنْ يَّتَّقُوْا. لَنْ تَتَّقِيَا. لَنْ تَتَّقُوْا. لَنْ تَتَّقِيْ. لَنْ تَتَّقِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقَيَا. لَنْ يُّتَّقَوْا. لَنْ تُتَّقَيَا. لَنْ تُتَّقَوْا. لَنْ تُتَّقَيْ. لَنْ تُتَّقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِيْنَ. لَنْ تَتَّقِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقَيْنَ. لَنْ تُتَّقَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہو گئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہی پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَّقِيَنَّ. لَتَتَّقِيَنَّ. لَاَتَّقِيَنَّ. لَنَتَّقِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَّقِيَنْ. لَتَتَّقِيَنْ. لَاَتَّقِيَنْ. لَنَتَّقِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَّقَيَنَّ. لَتُتَّقَيَنَّ. لَاُتَّقَيَنَّ. لَنُتَّقَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَّقَيَنْ. لَتُتَّقَيَنْ. لَاُتَّقَيَنْ. لَنُتَّقَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَّقُنَّ. لَتَتَّقُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَّقُنْ. لَتَتَّقُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَّقَوُنَّ. لَتُتَّقَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَّقَوُنْ. لَتُتَّقَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَتَّقِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَتَّقِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُتَّقِيِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُتَّقِيِنْ.

معروف و مجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب و حاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید معروف ثقیلہ میں: لَيَتَّقِيَانِّ . لَتَتَّقِيَانِّ . لَيَتَّقِيْنَانِّ . لَتَتَّقِيَانِّ . لَتَتَّقِيْنَانِّ . اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُتَّقَيَانِّ . لَتُتَّقَيَانِّ . لَيُتَّقَيْنَانِّ . لَتُتَّقَيَانِّ . لَتُتَّقَيْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اِتَّقِ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِيُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِتَّقِ بن گیا۔

اِتَّقِيَا: ۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِيَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقِيَا بن گیا۔

اِتَّقُوْا: ۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقُوْا بن گیا۔

اِتَّقِيُ: ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِيُنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقِيُ بن گیا۔

اِتَّقِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِتَّقِيْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُتَّقٰی سے لِتُتَّقَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُتَّقَيَا. لِتُتَّقَوْا. لِتُتَّقَيْ. لِتُتَّقَيَا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُتَّقَيْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَّقِ. لِتَتَّقِ. لِأَتَّقِ. لِنَتَّقِ .

اور مجہول میں: لِيُتَّقَ. لِتُتَّقَ. لِأُتَّقَ. لِنُتَّقَ .

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِيَتَّقِيَا. لِيَتَّقُوْا. لِتَتَّقِيَا اور مجہول میں: لِيُتَّقَيَا. لِيُتَّقَوْا. لِتُتَّقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَّقِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُتَّقَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی

وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِ. اور مجہول میں: لَا تُتَّقَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِيَا. لَا تَتَّقُوْا. لَا تَتَّقِيْ. لَا تَتَّقِيَا. اور مجہول میں: لَا تُتَّقَيَا. لَا تُتَّقَوْا. لَا تُتَّقَيْ. لَا تُتَّقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُتَّقَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِ. لَا تَتَّقِ. لَا اَتَّقِ. لَا نَتَّقِ.

اور مجہول میں: لَا يُتَّقَ. لَا تُتَّقَ. لَا اُتَّقَ. لَا نُتَّقَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِيَا. لَا يَتَّقُوْا. لَا تَتَّقِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُتَّقَيَا. لَا يُتَّقَوْا. لَا تُتَّقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِيْنَ اور مجہول میں: لَا يُتَّقَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتَّقًى: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُوْتَقَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَّقًى بن گیا۔

مُتَّقَیَانِ . مُتَّقَیَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل مُـوْتَـقَیَـانِ. مُوْتَـقَیَـاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیَانِ. مُتَّقَیَاتٌ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُتَّقٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوْتَقِیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقِیٌ بن گیا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُتَّقٍ بن گیا۔

مُتَّقِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوْتَقِیَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقِیَانِ بن گیا۔

مُتَّقُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوْتَقِیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقِیُوْنَ بن گیا پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُتَّقُیْوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُتَّقُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو مُتَّقُوْنَ بن گیا۔

مُتَّقِیَةٌ. مُتَّقِیَتَانِ. مُتَّقِیَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُـوْتَـقِیَةٌ. مُـوْتَـقِیَتَـانِ. مُوْتَقِیَـاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُتَّقًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُـوْتَـقَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُـتَّـقَیٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَّقًی بن گیا۔

مُتَّقَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَیَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیَانِ بن گیا۔

مُتَّقَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَّقَاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَّقَوْنَ بن گیا۔

مُتَّقَاةٌ. مُتَّقَاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَیَةٌ. مُوْتَقَیَتَانِ. تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیَةٌ. مُتَّقَیَتَانِ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَّقَاةٌ. مُتَّقَاتَانِ بن گئے۔

مُتَّقَیَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَیَاتٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِیْفَاءُ (پورا پورا حق لینا)

اِسْتِیْفَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِسْتِفْعَالٌ۔

اصل میں اِسْتِوْفَایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِیْفَایٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِیْفَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَوْفٰی :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِسْتِفْعَالٌ.

اصل میں اِسْتَوْفَیَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل

کر دیا تو اِسْتَوْفٰی بن گیا۔

اِسْتَوْفَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اِسْتَوْفَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِسْتَوْفَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَوْفَوْا بن گیا۔

اِسْتَوْفَتْ. اِسْتَوْفَتَا: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِسْتَوْفَیَتْ. اِسْتَوْفَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَوْفَتْ . اِسْتَوْفَتَا بن گئے۔

اِسْتَوْفَیْنَ. اِسْتَوْفَیْتَ. اِسْتَوْفَیْتُمَا. اِسْتَوْفَیْتُمْ. اِسْتَوْفَیْتِ. اِسْتَوْفَیْتُمَا. اِسْتَوْفَیْتُنَّ. اِسْتَوْفَیْتُ. اِسْتَوْفَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُوْفِیَ. اُسْتُوْفِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُسْتُوْفُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُسْتُوْفِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُسْتُوْفُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یائے ساکنہ کو واو سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُوْفُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو اُسْتُوْفُوْا بن گیا۔

اُسْتُوْفِیَتْ. اُسْتُوْفِیَتَا. اُسْتُوْفِیْنَ. اُسْتُوْفِیْتَ. اُسْتُوْفِیْتُمَا. اُسْتُوْفِیْتُمْ. اُسْتُوْفِیْتِ. اُسْتُوْفِیْتُمَا. اُسْتُوْفِیْتُنَّ. اُسْتُوْفِیْتُ. اُسْتُوْفِیْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَسْتَوْفِیْ. تَسْتَوْفِیْ. اَسْتَوْفِیْ. نَسْتَوْفِیْ:۔ صیغہائے واحد مذکرومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحدوجمع متکلم۔

اصل میں یَسْتَوْفِیُ. تَسْتَوْفِیُ. اَسْتَوْفِیُ. نَسْتَوْفِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَسْتَوْفِیْ. تَسْتَوْفِیْ. اَسْتَوْفِیْ. نَسْتَوْفِیْ بن گئے۔

یَسْتَوْفِیَانِ. تَسْتَوْفِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکرومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَسْتَوْفُوْنَ. تَسْتَوْفُوْنَ:۔ صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَوْفِیُوْنَ. تَسْتَوْفِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَسْتَوْفُیْوْنَ. تَسْتَوْفُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یَسْتَوْفُوْنَ. تَسْتَوْفُوْنَ بن گئے۔

یَسْتَوْفِیْنَ. تَسْتَوْفِیْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَسْتَوْفِیْنَ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَسْتَوْفِیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَسْتَوْفِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسْتَوْفٰی. تُسْتَوْفٰی. اُسْتَوْفٰی. نُسْتَوْفٰی:۔ صیغہائے واحد مذکرومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحدوجمع متکلم۔

اصل میں یُسْتَوْفَیُ. تُسْتَوْفَیُ. اُسْتَوْفَیُ. نُسْتَوْفَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُسْتَوْفٰی. تُسْتَوْفٰی. اُسْتَوْفٰی. نُسْتَوْفٰی بن گئے۔

یُسْتَوْفَیَانِ. تُسْتَوْفَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکرومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُسْتَوْفَوْنَ. تُسْتَوْفَوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسْتَوْفَیُوْنَ. تُسْتَوْفَیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ

سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُسْتَوْفَاوْنَ. تُسْتَوْفَاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُسْتَوْفَوْنَ. تُسْتَوْفَوْنَ بن گئے۔

یُسْتَوْفَیْنَ. تُسْتَوْفَیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُسْتَوْفَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسْتَوْفَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُسْتَوْفَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَوْفِ. لَمْ تَسْتَوْفِ. لَمْ اَسْتَوْفِ. لَمْ نَسْتَوْفِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَوْفَ. لَمْ تُسْتَوْفَ. لَمْ اُسْتَوْفَ. لَمْ نُسْتَوْفَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَوْفِیَا. لَمْ یَسْتَوْفُوْا. لَمْ تَسْتَوْفِیَا. لَمْ تَسْتَوْفُوْا. لَمْ تَسْتَوْفِیْ. لَمْ تَسْتَوْفِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَوْفَیَا. لَمْ یُسْتَوْفَوْا. لَمْ تُسْتَوْفَیَا. لَمْ تُسْتَوْفَوْا. لَمْ تُسْتَوْفَیْ. لَمْ تُسْتَوْفَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَوْفِیْنَ. لَمْ تَسْتَوْفِیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَوْفَیْنَ. لَمْ تُسْتَوْفَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَوْفِیَ. لَنْ تَسْتَوْفِیَ. لَنْ اَسْتَوْفِیَ. لَنْ نَّسْتَوْفِیَ .

اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَوْفٰی. لَنْ تُسْتَوْفٰی. لَنْ اُسْتَوْفٰی. لَنْ نُّسْتَوْفٰی .

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَوْفِیَا. لَنْ یَّسْتَوْفُوْا. لَنْ تَسْتَوْفِیَا. لَنْ تَسْتَوْفُوْا. لَنْ تَسْتَوْفِیْ . لَنْ تَسْتَوْفِیَا .

اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَوْفَیَا. لَنْ یُّسْتَوْفَوْا. لَنْ تُسْتَوْفَیَا. لَنْ تُسْتَوْفَوْا. لَنْ تُسْتَوْفَیْ . لَنْ تُسْتَوْفَیَا.

جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَوْفِیْنَ. لَنْ تَسْتَوْفِیْنَ . اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَوْفَیْنَ. لَنْ تُسْتَوْفَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَوْفِیَنَّ. لَتَسْتَوْفِیَنَّ. لَاَسْتَوْفِیَنَّ. لَنَسْتَوْفِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَسْتَوْفِیَنْ. لَتَسْتَوْفِیَنْ. لَاَ سْتَوْفِیَنْ: لَنَسْتَوْفِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُسْتَوْفَیَنَّ. لَتُسْتَوْفَیَنَّ. لَاُ سْتَوْفَیَنَّ. لَنُسْتَوْفَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَوْفَیَنْ. لَتُسْتَوْفَیَنْ. لَاُسْتَوْفَیَنْ. لَنُسْتَوْفَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَوْفُنَّ. لَتَسْتَوْفُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَسْتَوْفُنْ. لَتَسْتَوْفُنْ .

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُسْتَوْفَوُنَّ. لَتُسْتَوْفَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَوْفَوُنْ. لَتُسْتَوْفَوُنْ

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَسْتَوْفِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَسْتَوْفِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُسْتَوْفَیِنَّ اور نون

تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُستَوفِیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں :لَیَستَوفِیَانِّ . لَتَستَوفِیَانِّ . لَیَستَوفِینَانِّ . لَتَستَوفِیَانِّ . لَتَستَوفِینَانِّ . اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُستَوفَیَانِّ . لَتُستَوفَیَانِّ . لَیُستَوفَینَانِّ . لَتُستَوفَیَانِّ . لَتُستَوفَینَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اِستَوفِ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَستَوفِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِستَوفِ بن گیا۔

اِستَوفِیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَستَوفِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِستَوفِیَا بن گیا۔

اِستَوفُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَستَوفُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی کو گرادیا تو اِستَوفُوْا بن گیا۔

اِستَوفِیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَستَوفِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِستَوفِیْ بن گیا۔

اِستَوفِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَستَوفِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِستَوفِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُسْتَوْفٰی سے لِتُسْتَوْفَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُسْتَوْفَيَا. لِتُسْتَوْفَوْا. لِتُسْتَوْفَيْ. لِتُسْتَوْفَيَا ۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسْتَوْفَيْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَسْتَوْفِ. لِتَسْتَوْفِ. لِأَسْتَوْفِ. لِنَسْتَوْفِ.

اور مجہول میں: لِيُسْتَوْفَ. لِتُسْتَوْفَ. لِأُسْتَوْفَ. لِنُسْتَوْفَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِيَسْتَوْفِيَا. لِيَسْتَوْفُوْا. لِتَسْتَوْفِيَا.

اور مجہول میں: لِيُسْتَوْفَيَا. لِيُسْتَوْفَوْا. لِتُسْتَوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَسْتَوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُسْتَوْفَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوْفِ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوْفَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لاَ تَسْتَوْفِيَا. لاَ تَسْتَوْفُوْا. لاَ تَسْتَوْفِيْ. لاَ تَسْتَوْفِيَا. اور مجہول میں: لاَ تُسْتَوْفَيَا. لاَ تُسْتَوْفَوْا. لاَ تُسْتَوْفَيْ. لاَ تُسْتَوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَسْتَوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لاَ تُسْتَوْفَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَسْتَوْفِ. لاَ تَسْتَوْفِ. لاَ اَسْتَوْفِ. لاَ نَسْتَوْفِ.

اور مجہول میں: لاَ يُسْتَوْفَ. لاَ تُسْتَوْفَ. لاَ اُسْتَوْفَ. لاَ نُسْتَوْفَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لاَ يَسْتَوْفِيَا. لاَ يَسْتَوْفُوْا. لاَ تَسْتَوْفِيَا.

اور مجہول میں: لاَ يُسْتَوْفَيَا. لاَ يُسْتَوْفَوْا. لاَ تُسْتَوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَسْتَوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لاَ يُسْتَوْفَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَوْفًى:۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَوْفَيٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَوْفًى بن گیا۔

مُسْتَوْفَيَانِ. مُسْتَوْفَيَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَوْفٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَـوْفِـیٌ تھا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو مُسْتَوْفٍ بن گیا۔

مُسْتَوْفِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہیں۔

مُسْتَوْفُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَـوْفِـیُـوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُسْتَـوْفُـیْـوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُسْتَـوْفُـوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُسْتَوْفُوْنَ بن گیا۔

مُسْتَوْفِیَۃٌ. مُسْتَوْفِیَتَانِ. مُسْتَوْفِیَاتٌ :۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَوْفًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَـوْفَـیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَوْفًی بن گیا۔

مُسْتَوْفَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَوْفَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَـوْفَیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا مُسْتَـوْفَـاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَوْفَوْنَ بن گیا۔

مُسْتَوْفَاۃٌ. مُسْتَوْفَاتَانِ: صیغہ واحد وتثنیہ اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَوْفَیَۃٌ. مُسْتَوْفَیَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُسْتَوْفَاۃٌ. مُسْتَوْفَاتَانِ بن گئے۔

مُسْتَوْفَیَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول۔

۔ اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِفْعَالٌ

جیسے اَلْاِیْفَاءُ (وعدہ پورا کرنا)

اِیْفَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِفْعَالٌ

اصل میں اِوْفَایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِیْفَایٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِیْفَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اَوْفٰی :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب افعال.

اصل میں اَوْفَیَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْفٰی بن گیا۔

اَوْفَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اَوْفَوْا : صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اَوْفَیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَوْفَوْا بن گیا۔

اَوْفَتْ .اَوْفَتَا:صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اَوْفَیَتْ. اَوْفَیَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَوْفَتْ . اَوْفَتَا بن گئے۔

اَوْفَيْنَ. اَوْفَيْتَ. اَوْفَيْتُمَا. اَوْفَيْتُمْ. اَوْفَيْتِ. اَوْفَيْتُمَا. اَوْفَيْتُنَّ. اَوْفَيْتُ. اَوْفَيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُوْفِيَ. اُوْفِيَا : صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُوْفُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُوْفِيُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 مطابق کے یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُوْفُيْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُوْفُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُوْفُوْا بن گیا۔

اُوْفِيَتْ. اُوْفِيَتَا. اُوْفِيْنَ. اُوْفِيْتَ. اُوْفِيْتُمَا. اُوْفِيْتُمْ. اُوْفِيْتِ. اُوْفِيْتُمَا. اُوْفِيْتُنَّ. اُوْفِيْتُ. اُوْفِيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُوْفِيْ. تُوْفِيْ. اُوْفِيْ. نُوْفِيْ :۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُوْفِيُ. تُوْفِيُ. اُوْفِيُ. نُوْفِيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يُوْفِيْ. تُوْفِيْ. اُوْفِيْ. نُوْفِيْ بن گئے۔

يُوْفِيَانِ. تُوْفِيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُوْفُوْنَ. تُوْفُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُوْفِيُوْنَ. تُوْفِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يُوْفُيْوْنَ. تُوْفُيْوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يُوْفُوْنَ. تُوْفُوْنَ بن گئے۔

یُوْفِیْنَ.. تُوْفِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوْفِیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر

اصل میں تُوْفِیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُوْفِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوْفٰی. تُوْفٰی. اُوْفٰی. نُوْفٰی :۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُوْفَیُ. تُوْفَیُ. اُوْفَیُ. نُوْفَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوْفٰی. تُوْفٰی. اُوْفٰی. نُوْفٰی بن گئے۔

یُوْفَیَانِ. تُوْفَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوْفَوْنَ. تُوْفَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُوْفَیُوْنَ. تُوْفَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوْفَاوْنَ. تُوْفَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُوْفَوْنَ. تُوْفَوْنَ بن گئے۔

یُوْفَیْنَ. تُوْفَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوْفَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوْفَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُوْفَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی

وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُوْفِ. لَمْ تُوْفِ. لَمْ اُوْفِ. لَمْ نُوْفِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُوْفَ. لَمْ تُوْفَ. لَمْ اُوْفَ. لَمْ نُوْفَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُوْفِیَا. لَمْ یُوْفُوْا. لَمْ تُوْفِیَا. لَمْ تُوْفُوْا. لَمْ تُوْفِیْ . لَمْ تُوْفِیَا .

اور مجہول میں: لَمْ یُوْفَیَا. لَمْ یُوْفَوْا. لَمْ تُوْفَیَا. لَمْ تُوْفَوْا. لَمْ تُوْفَیْ . لَمْ تُوْفَیَا .

صیغہ جمع مؤنث وغائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یُوْفِیْنَ. لَمْ تُوْفِیْنَ . اور مجہول میں: لَمْ یُوْفَیْنَ. لَمْ تُوْفَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُّوْفِیَ. لَنْ تُوْفِیَ. لَنْ اُوْفِیَ. لَنْ نُّوْفِیَ .

اور مجہول میں: لَنْ یُّوْفٰی. لَنْ تُوْفٰی. لَنْ اُوْفٰی. لَنْ نُّوْفٰی .

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُّوْفِیَا. لَنْ یُّوْفُوْا. لَنْ تُوْفِیَا. لَنْ تُوْفُوْا. لَنْ تُوْفِیْ . لَنْ تُوْفِیَا .

اور مجہول میں: لَنْ یُّوْفَیَا. لَنْ یُّوْفَوْا. لَنْ تُوْفَیَا. لَنْ تُوْفَوْا. لَنْ تُوْفَیْ . لَنْ تُوْفَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یُّوْفِیْنَ. لَنْ تُوْفِیْنَ . اور مجہول میں: لَنْ یُّوْفَیْنَ. لَنْ تُوْفَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں

گے۔فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُوْفِيَنَّ. لَتُوْفِيَنَّ. لَأُوْفِيَنَّ. لَنُوْفِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُوْفِيَنْ. لَتُوْفِيَنْ. لَأُوْفِيَنْ. لَنُوْفِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُوْفَيَنَّ. لَتُوْفَيَنَّ. لَأُوْفَيَنَّ. لَنُوْفَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُوْفَيَنْ. لَتُوْفَيَنْ. لَأُوْفَيَنْ. لَنُوْفَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُوْفُنَّ. لَتُوْفُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُوْفُنْ. لَتُوْفُنْ.

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُوْفَوُنَّ. لَتُوْفَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُوْفَوُنْ. لَتُوْفَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُوْفِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُوْفِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُوْفَيِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوْفَيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُوْفِيَانِّ. لَتُوْفِيَانِّ. لَيُوْفِيْنَانِّ. لَتُوْفِيْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُوْفَيَانِّ. لَتُوْفَيَانِّ. لَيُوْفَيْنَانِّ. لَتُوْفَيَانِّ. لَتُوْفَيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اَوْفِ:۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْفِيْ (جو اصل میں تُؤَوْفِيُ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرا دیا تو اَوْفِ بن گیا۔

اَوْفِيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْفِيَانِ (جو اصل میں تُوَوْفِيَانِ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والاحرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اَوْفِيَا بن گیا۔

اَوْفُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْفُوْنَ (جو اصل میں تُوَوْفُوْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والاحرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی کو گرادیا تو اَوْفُوْا بن گیا۔

اَوْفِيْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْفِيْنَ (جو اصل میں تُوَوْفِيْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والاحرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اَوْفِيْ بن گیا۔

اَوْفِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْفِيْنَ (جو اصل میں تُوَوْفِيْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والاحرف متحرک ہے تو اَوْفِيْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُوْفٰى سے لِتُوْفَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے لِتُوْفَيَا. لِتُوْفَوْا. لِتُوْفَيْ. لِتُوْفَيَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُوْفَيْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيُوْفِ. لِتُوْفِ. لِأُوْفِ. لِنُوْفِ.

اور مجہول میں: لِيُوْفَ. لِتُوْفَ. لِأُوْفَ. لِنُوْفَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِيُوْفِيَا. لِيُوْفُوْا. لِتُوْفِيَا اور مجہول میں: لِيُوْفَيَا. لِيُوْفَوْا. لِتُوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيُوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُوْفَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُوْفِ. اور مجہول میں: لَا تُوْفَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تُوْفِيَا. لَا تُوْفُوْا. لَا تُوْفِيْ. لَا تُوْفِيَا. اور مجہول میں: لَا تُوْفَيَا. لَا تُوْفَوْا. لَا تُوْفَيْ. لَا تُوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُوْفَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُوْفِ. لَا تُوْفِ. لَا أُوْفِ. لَا نُوْفِ.

اور مجہول میں: لَا يُوْفَ. لَا تُوْفَ. لَا أُوْفَ. لَا نُوْفَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُوْفِيَا. لَا يُوْفُوْا. لَا تُوْفِيَا.

اور مجہول میں: لَا یُوْفَیَا. لَا یُوْفَوْا. لَا تُوْفَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُوْفِیْنَ اور مجہول میں: لَا یُوْفَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُوْفًی:۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُوْفَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا ۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوْفًی بن گیا۔

مُوْفَیَانِ . مُوْفَیَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُوْفٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوْفِیٌ تھا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو مُوْفٍ بن گیا۔

مُوْفِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُوْفُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُوْفِیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُوْفُیْوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُوْفُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُوْفُوْنَ بن گیا۔

مُوْفِیَةٌ. مُوْفِیَتَانِ. مُوْفِیَاتٌ:۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُوْفًى :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُـوْفَـيٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوْفًى بن گیا۔

مُوْفَيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُوْفَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُـوْفَيُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا تو مُـوْفَـاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوْفَوْنَ بن گیا۔

مُوْفَاةٌ. مُوْفَاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم مفعول۔

اصل میں مُوْفَيَةٌ. مُوْفَيَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا تو مُـوْفَـاةٌ. مُوْفَاتَانِ بن گئے۔

مُوْفَيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفْعِيْلٌ

جیسے: اَلتَّوْلِيَةُ (دوست بنانا)

اَلتَّوْلِيَةُ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفْعِيْلٌ اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَلّٰـــى :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفْعِيْلٌ.

اصل میں وَلّـيَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو وَلّٰى بن گیا۔

وَلَيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

وَلَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وَلَيُـوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وَلَوْا بن گیا۔

وَلَتْ. وَلَتَا: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں وَلَيَتْ. وَلَيَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وَلَتْ. وَلَتَا بن گئے۔

وَلَيْنَ. وَلَيْتَ. وَلَيْتُمَا. وَلَيْتُمْ. وَلَيْتِ. وَلَيْتُمَا. وَلَيْتُنَّ. وَلَيْتُ. وَلَيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُلِيَ. وُلِيَا : صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں ۔

وُلُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وُلِيُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وُلُيْوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وُلُوْوْا بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو وُلُوْا بن گیا۔

وُلِيَتْ. وُلِيَتَا. وُلِيْنَ. وُلِيْتَ. وُلِيْتُمَا. وُلِيْتُمْ. وُلِيْتِ. وُلِيْتُمَا. وُلِيْتُنَّ. وُلِيْتُ. وُلِيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُوَلِّيْ. تُوَلِّيْ. أُوَلِّيْ. نُوَلِّيْ :۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُوَلِّيُ. تُوَلِّيُ. أُوَلِّيُ. نُوَلِّيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يُوَلِّيْ. تُوَلِّيْ. أُوَلِّيْ. نُوَلِّيْ بن گئے۔

یُوَلِّیَانِ. تُوَلِّیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوَلُّوْنَ. تُوَلُّوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُوَلِّیُوْنَ. تُوَلِّیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یُوَلُّیْوْنَ. تُوَلُّیْوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یُوَلُّوْنَ. تُوَلُّوْنَ بن گئے ۔

یُوَلِّیْنَ. تُوَلِّیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوَلِّیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوَلِّیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کردیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُوَلِّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوَلّٰی. تُوَلّٰی. اُوَلّٰی. نُوَلّٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُوَلَّیُ. تُوَلَّیُ. اُوَلَّیُ. نُوَلَّیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُوَلّٰی. تُوَلّٰی. اُوَلّٰی. نُوَلّٰی بن گئے۔

یُوَلَّیَانِ. تُوَلَّیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوَلَّوْنَ. تُوَلَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُوَلَّیُوْنَ. تُوَلَّیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُوَلَّاوْنَ. تُوَلَّاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُوَلَّوْنَ. تُوَلَّوْنَ بن گئے۔

یُوَلَّیْنَ. تُوَلَّیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوَلَّيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوَلَّيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُوَلَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُوَلِّ. لَمْ تُوَلِّ. لَمْ اُوَلِّ. لَمْ نُوَلِّ.

اور مجہول میں: لَمْ يُوَلَّ. لَمْ تُوَلَّ. لَمْ اُوَلَّ. لَمْ نُوَلَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ يُوَلِّيَا. لَمْ يُوَلُّوْا. لَمْ تُوَلِّيَا. لَمْ تُوَلُّوْا.لَمْ تُوَلِّيْ . لَمْ تُوَلِّيَا .

اور مجہول میں: لَمْ يُوَلَّيَا. لَمْ يُوَلَّوْا. لَمْ تُوَلَّيَا. لَمْ تُوَلَّوْا.لَمْ تُوَلَّيْ . لَمْ تُوَلَّيَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔جیسے معروف میں: لَمْ يُوَلِّيْنَ. لَمْ تُوَلِّيْنَ . اور مجہول میں: لَمْ يُوَلَّيْنَ. لَمْ تُوَلَّيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّوَلِّيَ. لَنْ تُوَلِّيَ. لَنْ اُوَلِّيَ. لَنْ نُّوَلِّيَ .

اور مجہول میں:لَنْ يُّوَلّٰى. لَنْ تُوَلّٰى. لَنْ اُوَلّٰى. لَنْ نُّوَلّٰى .

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لَنْ يُوَلِّيَا. لَنْ يُوَلُّوْا. لَنْ تُوَلِّيَا. لَنْ تُوَلُّوْا . لَنْ تُوَلِّيْ . لَنْ تُوَلِّيَا .

اور مجہول میں: لَنْ یُوَلَّیَا. لَنْ یُوَلَّوْا. لَنْ تُوَلَّیَا. لَنْ تُوَلَّوْا. لَنْ تُوَلَّیْ. لَنْ تُوَلَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُوَلِّیْنَ. لَنْ تُوَلِّیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُوَلَّیْنَ. لَنْ تُوَلَّیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَلِّیَنَّ. لَتُوَلِّیَنَّ. لَاُوَلِّیَنَّ. لَنُوَلِّیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوَلِّیَنْ. لَتُوَلِّیَنْ. لَاُوَلِّیَنْ. لَنُوَلِّیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوَلَّیَنَّ. لَتُوَلَّیَنَّ. لَاُوَلَّیَنَّ. لَنُوَلَّیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوَلَّیَنْ. لَتُوَلَّیَنْ. لَاُوَلَّیَنْ. لَنُوَلَّیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَلُّنَّ. لَتُوَلُّنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوَلُّنْ. لَتُوَلُّنْ.

مجہول کے ان صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوَلَّوُنَّ. لَتُوَلَّوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوَلَّوُنْ. لَتُوَلَّوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُوَلِّنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُوَلِّنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُوَلَّیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوَلَّیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَلِّیَانِّ. لَتُوَلِّیَانِّ. لَیُوَلِّیْنَانِّ. لَتُوَلِّیَانِّ. لَتُوَلِّیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُوَلَّیَانِّ. لَتُوَلَّیَانِّ. لَیُوَلَّیْنَانِّ. لَتُوَلَّیَانِّ. لَتُوَلَّیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

وَلِّ :۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلِّیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے حرف علت گرادیا تو وَلِّ بن گیا۔

وَلِّیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلِّیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَلِّیَا بن گئے۔

وَلُّوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی کو گرادیا تو وَلُّوْا بن گیا۔

وَلِّیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَلِّیْ بن گیا۔

وَلِّیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے تو وَلِّیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُوَلّٰی سے لِتُوَلَّ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُوَلَّیَا. لِتُوَلَّوْا. لِتُوَلَّیْ. لِتُوَلَّیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُوَلَّیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔
جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُوَلِّ. لِتُوَلِّ. لِأُوَلِّ. لِنُوَلِّ .

اور مجہول میں: لِیُوَلَّ. لِتُوَلَّ. لِأُوَلَّ. لِنُوَلَّ .

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لِیُوَلِّیَا. لِیُوَلُّوْا. لِتُوَلِّیَا اور مجہول میں: لِیُوَلَّیَا. لِیُوَلَّوْا. لِتُوَلَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُوَلِّیْنَ. اور مجہول میں: لِیُوَلَّیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُوَلِّ. اور مجہول میں: لَا تُوَلَّ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تُوَلِّیَا. لَا تُوَلُّوْا. لَا تُوَلِّیْ. لَا تُوَلِّیَا. اور مجہول میں: لَا تُوَلَّیَا. لَا تُوَلَّوْا. لَا تُوَلَّیْ. لَا تُوَلَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُوَلِّیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُوَلَّیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔
جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُوَلِّ. لَا تُوَلِّ. لَا اُوَلِّ. لَا نُوَلِّ.

اور مجہول میں: لَا یُوَلَّ. لَا تُوَلَّ. لَا اُوَلَّ. لَا نُوَلَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لَا یُوَلِّیَا. لَا یُوَلُّوا. لَا تُوَلِّیَا.

اور مجہول میں: لَا یُوَلَّیَا. لَا یُوَلَّوْا. لَا تُوَلَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُوَلِّیْنَ. اور مجہول میں: لَا یُوَلَّیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُوَلًّی: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُـوَلَّـیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُوَلًّی بن گیا۔

مُوَلَّیَانِ . مُوَلَّیَاتٌ: ۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُوَلٍّ : ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوَلِّیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُوَلٍّ بن گیا۔

مُوَلِّیَانِ : ۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُوَلُّوْنَ : ۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُوَلِّیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُوَلُّیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُوَلُّوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو مُوَلُّوْنَ بن گیا۔

مُوَلِّيَةٌ. مُوَلِّيَتَانِ. مُوَلِّيَاتٌ:۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُوَلّٰی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُوَلَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوَلًّی بن گیا۔

مُوَلَّيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُوَلَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُوَلَّيُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُوَلَّاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوَلَّوْنَ بن گیا۔

مُوَلَّاةٌ. مُوَلَّاتَانِ: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُوَلَّيَةٌ. مُوَلَّيَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُوَلَّاةٌ. مُوَلَّاتَانِ بن گئے۔

مُوَلَّيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق ازباب مُفَاعَلَةٌ

جیسے اَلْمُوَالاۃُ (دوستی کرنا)

مُوَالَاۃٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق ازباب مُفَاعَلَةٌ .

اصل میں مُوَالَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُوَالَاۃٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَالٰی :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں وَالَیَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو وَالٰی بن گیا۔

وَالَیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

وَالَوْا :۔ صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وَالَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وَالَوْا بن گیا۔

وَالَتْ . وَالَتَا :۔ صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں وَالَیَتْ . وَالَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وَالَتْ . وَالَتَا بن گئے۔

وَالَیْنَ . وَالَیْتَ . وَالَیْتُمَا . وَالَیْتُمْ . وَالَیْتِ . وَالَیْتُمَا . وَالَیْتُنَّ . وَالَیْتُ . وَالَیْنَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُوْلِیَ . وُوْلِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں وُالِیَ . وُالِیَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کردیا تو وُوْلِیَ . وُوْلِیَا بن گئے۔

وُوْلُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وُالِیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کوواؤ سے تبدیل کردیا تووُوْلِیُوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تووُوْلْیُوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کوواؤ سے تبدیل کردیا تووُوْلُوْوْا بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیرحدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تووُوْلُوْا بن گیا۔

وُوْلِيَتْ. وُوْلِيَتَا. وُوْلِيْنَ. وُوْلِيْتَ. وُوْلِيْتُمَا. وُوْلِيْتُمْ. وُوْلِيْتِ. وُوْلِيْتُمَا. وُوْلِيْتُنَّ. وُوْلِيْتُ. وُوْلِيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں وُالِيَتْ. وُالِيَتَا. وُالِيْنَ. وُالِيْتَ. وُالِيْتُمَا. وُالِيْتُمْ. وُالِيْتِ. وُالِيْتُمَا. وُالِيْتُنَّ. وُالِيْتُ. وُالِيْنَا. تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کوواؤ سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُوَالِيْ. تُوَالِيْ. اُوَالِيْ. نُوَالِيْ:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُوَالِيُ. تُوَالِيُ. اُوَالِيُ. نُوَالِيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تویُوَالِيْ. تُوَالِيْ. اُوَالِيْ. نُوَالِيْ بن گئے۔

يُوَالِيَانِ. تُوَالِيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُوَالُوْنَ. تُوَالُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُوَالِيُوْنَ. تُوَالِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تویُوَالْيُوْنَ. تُوَالْيُوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کوواؤ سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیرحدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يُوَالُوْنَ. تُوَالُوْنَ بن گئے۔

يُوَالِيْنَ. تُوَالِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوَالِيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوَالِيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کردیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُوَالِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوَالٰی. تُوَالٰی. اُوَالٰی. نُوَالٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُوَالَیُ. تُوَالَیُ. اُوَالَیُ. نُوَالَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُوَالٰی. تُوَالٰی. اُوَالٰی. نُوَالٰی بن گئے۔

یُوَالَیَانِ. تُوَالَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوَالَوْنَ. تُوَالَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُوَالَیُوْنَ. تُوَالَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُوَالاوْنَ. تُوَالاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُوَالَوْنَ. تُوَالَوْنَ بن گئے ۔

یُوَالَیْنَ. تُوَالَیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوَالَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوَالَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُوَالَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ. یُوَالِ. لَمْ تُوَالِ. لَمْ اُوَالِ. لَمْ نُوَالِ.

اور مجہول میں: لَمْ. یُوَالَ. لَمْ تُوَالَ. لَمْ اُوَالَ. لَمْ نُوَالَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُوَالِيَا. لَمْ يُوَالُوْا. لَمْ تُوَالِيَا. لَمْ تُوَالُوْا. لَمْ تُوَالِيْ . لَمْ تُوَالِيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُوَالَيَا. لَمْ يُوَالَوْا. لَمْ تُوَالَيَا. لَمْ تُوَالَوْا. لَمْ تُوَالَيْ . لَمْ تُوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔ جیسے معروف میں: لَمْ يُوَالِيْنَ.

لَمْ تُوَالِيْنَ . اور مجہول میں: لَمْ يُوَالَيْنَ. لَمْ تُوَالَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّوَالِيَ. لَنْ تُوَالِيَ. لَنْ اُوَالِيَ. لَنْ نُّوَالِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّوَالٰى. لَنْ تُوَالٰى. لَنْ اُوَالٰى. لَنْ نُّوَالٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّوَالِيَا. لَنْ يُّوَالُوْا. لَنْ تُوَالِيَا. لَنْ تُوَالُوْا. لَنْ تُوَالِيْ. لَنْ تُوَالِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّوَالَيَا. لَن يُّوَالَوْا. لَنْ تُوَالَيَا. لَنْ تُوَالَوْا. لَنْ تُوَالَيْ. لَنْ تُوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔ جیسے معروف میں: لَنْ يُّوَالِيْنَ.

لَنْ تُوَالِيْنَ . اور مجہول میں: لَنْ يُّوَالَيْنَ. لَنْ تُوَالَيْنَ

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جو یاء ساکن ہو گئی تھی اسے فتحہ دیں گے اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُوَالِيَنَّ. لَتُوَالِيَنَّ. لَاُوَالِيَنَّ. لَنُوَالِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُوَالِيَنْ. لَتُوَالِيَنْ. لَاُوَالِيَنْ. لَنُوَالِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوَالَیَنَّ. لَتُوَالَیَنَّ. لَاُوَالَیَنَّ. لَنُوَالَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوَالَیَنْ. لَتُوَالَیَنْ. لَاُوَالَیَنْ. لَنُوَالَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گراکر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَالُنَّ. لَتُوَالُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوَالُنْ. لَتُوَالُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوَالَوُنَّ. لَتُوَالَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوَالَوُنْ. لَتُوَالَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گراکر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نونِ تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُوَالِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُوَالِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُوَالَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوَالَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَالِیَانِّ. لَتُوَالِیَانِّ. لَیُوَالِیْنَانِّ. لَتُوَالِیَانِّ. لَتُوَالِیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُوَالَیَانِّ. لَتُوَالَیَانِّ. لَیُوَالَیْنَانِّ. لَتُوَالَیَانِّ. لَتُوَالَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

وَالِ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَالِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو وَالِ بن گیا۔

وَالِیَا: ۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَالِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَالِیَا بن گیا۔

وَالُوْا: ۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَالُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَالُوْا بن گیا۔

وَالِیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف وَالِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَالِیْ بن گیا۔

وَالِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تُـوَالِیْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے تو وَالِیْنَ بن گیا۔صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُوَالٰی سے لِتُوَالَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُوَالَیَا. لِتُوَالَوْا. لِتُوَالَیْ. لِتُوَالَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُوَالَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُوَالِ. لِتُوَالِ. لِأُ وَالِ. لِنُوَالِ.

اور مجہول میں: لِیُوَالَ. لِتُوَالَ. لِأُ وَالَ. لِنُوَالَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِیُوَالِیَا. لِیُوَالُوْا. لِتُوَالِیَا اور مجہول میں: لِیُوَالَیَا. لِیُوَالَوْا. لِتُوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔

جیسے معروف میں: لِیُوَالِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُوَالَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُوَالِ. اور مجہول میں: لَا تُوَالَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُوَالِيَا. لَا تُوَالُوْا. لَا تُوَالِيْ. لَا تُوَالِيَا. اور مجہول میں: لَا تُوَالَيَا. لَا تُوَالَوْا. لَا تُوَالَيْ. لَا تُوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُوَالِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُوَالَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُوَالِ. لَا تُوَالِ. لَا أُوَالِ. لَا نُوَالِ.

اور مجہول میں: لَا يُوَالَ. لَا تُوَالَ. لَا أُوَالَ. لَا نُوَالَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُوَالِيَا. لَا يُوَالُوْا. لَا تُوَالِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُوَالَيَا. لَا يُوَالَوْا. لَا تُوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُوَالِيْنَ. اور مجہول میں: لَا يُوَالَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُوَالًى:۔ صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُوَالَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل

کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوَالًی بن گیا۔

مُوَالَیَانِ . مُوَالَیَاتٌ:۔ صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُوَالٍ :۔ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوَالِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُوَالٍ بن گیا۔

مُوَالِیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُوَالُوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُوَالِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُوَالُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُوَالُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُوَالُوْنَ بن گیا۔

مُوَالِیَۃٌ. مُوَالِیَتَانِ. مُوَالِیَاتٌ:۔ صیغہ واحد و تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُوَالًی :۔ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُوَالَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوَالًی بن گیا۔

مُوَالَیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُوَالَوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُوَالَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُوَالَاْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوَالَوْنَ بن گیا۔

مُوَالاۃٌ. مُوَالاَتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُوَالَیَۃٌ. مُوَالَیَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُوَالاۃٌ. مُوَالاَتَانِ بن گئے۔

مُوَالَیَاتٌ: ۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفَعُّلٌ

جیسے: اَلتَّوَقِّیْ (بچنا)

تَوَقِّیْ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفَعُّلٌ .

اصل میں تَوَقُّیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کیا تو تَوَقِّیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو تَوَقٍّ بن گیا۔

نوٹ: مصدر پر الف لام داخل ہونے کی صورت میں یاء کے بجائے تنوین گر جائے گی جیسے اَلتَّوَقِّیْ .

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

تَوَقّٰی: ۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تفعل.

اصل میں تَوَقَّیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تَوَقّٰی بن گیا۔

تَوَقَّیَا: ۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

تَوَقَّوْا: ۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تَوَقَّیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَوَقَّوْا بن گیا۔

تَوَقَّتْ. تَوَقَّتَا: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں تَوَقَّیَتْ. تَوَقَّیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَوَقَّتْ. تَوَقَّتَا بن گئے۔

تَوَقَّيْنَ. تَوَقَّيْتَ. تَوَقَّيْتُمَا. تَوَقَّيْتُمْ. تَوَقَّيْتِ. تَوَقَّيْتُمَا. تَوَقَّيْتُنَّ. تَوَقَّيْتُ. تَوَقَّيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

تُوُقِّيَ. تُوُقِّيَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوُقُّوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تُوُقِّيُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو تُوُقُّيْوا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُوُقُّوْوا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو تُوُقُّوْا بن گیا۔

تُوُقِّيَتْ. تُوُقِّيَتَا. تُوُقِّيْنَ. تُوُقِّيْتَ. تُوُقِّيْتُمَا. تُوُقِّيْتُمْ. تُوُقِّيْتِ. تُوُقِّيْتُمَا. تُوُقِّيْتُنَّ. تُوُقِّيْتُ. تُوُقِّيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَتَوَقّٰى. تَتَوَقّٰى. اَتَوَقّٰى. نَتَوَقّٰى :۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَتَوَقَّيُ. تَتَوَقَّيُ. اَتَوَقَّيُ. نَتَوَقَّيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو يَتَوَقّٰى. تَتَوَقّٰى. اَتَوَقّٰى. نَتَوَقّٰى بن گئے۔

يَتَوَقَّيَانِ. تَتَوَقَّيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَتَوَقَّوْنَ. تَتَوَقَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يَتَوَقَّيُوْنَ. تَتَوَقَّيُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو يَتَوَقَّاوْنَ. تَتَوَقَّاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو يَتَوَقَّوْنَ. تَتَوَقَّوْنَ بن گئے۔

يَتَوَقَّيْنَ. تَتَوَقَّيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَتَوَقَّيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَتَوَقَّيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہٖ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَتَوَقَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُتَوَقّٰى. تُتَوَقّٰى. اُتَوَقّٰى. نُتَوَقّٰى:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُتَوَقَّيُ. تُتَوَقَّيُ. اُتَوَقَّيُ. نُتَوَقَّيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُتَوَقّٰى. تُتَوَقّٰى. اُتَوَقّٰى. نُتَوَقّٰى بن گئے۔

يُتَوَقَّيَانِ تُتَوَقَّيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُتَوَقَّوْنَ. تُتَوَقَّوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُتَوَقَّيُوْنَ. تُتَوَقَّيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُتَوَقَّاوْنَ. تُتَوَقَّاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُتَوَقَّوْنَ. تُتَوَقَّوْنَ بن گئے۔

يُتَوَقَّيْنَ. تُتَوَقَّيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُتَوَقَّيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُتَوَقَّيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُتَوَقَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی

وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَتَوَقَّ. لَمْ تَتَوَقَّ. لَمْ اَتَوَقَّ. لَمْ نَتَوَقَّ.

اور مجہول میں: لَمْ یُتَوَقَّ. لَمْ تُتَوَقَّ. لَمْ اُتَوَقَّ. لَمْ نُتَوَقَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَتَوَقَّیَا. لَمْ یَتَوَقَّوْا. لَمْ تَتَوَقَّیَا. لَمْ تَتَوَقَّوْا. لَمْ تَتَوَقَّیْ. لَمْ تَتَوَقَّیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُتَوَقَّیَا. لَمْ یُتَوَقَّوْا. لَمْ تُتَوَقَّیَا. لَمْ تُتَوَقَّوْا. لَمْ تُتَوَقَّیْ. لَمْ تُتَوَقَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَتَوَقَّیْنَ. لَمْ تَتَوَقَّیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُتَوَقَّیْنَ. لَمْ تُتَوَقَّیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّتَوَقّٰی. لَنْ تَتَوَقّٰی. لَنْ اَتَوَقّٰی. لَنْ نَّتَوَقّٰی.

اور مجہول میں: لَنْ یُّتَوَقّٰی. لَنْ تُتَوَقّٰی. لَنْ اُتَوَقّٰی. لَنْ نُّتَوَقّٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّتَوَقَّیَا. لَنْ یَّتَوَقَّوْا. لَنْ تَتَوَقَّیَا. لَنْ تَتَوَقَّوْا. لَنْ تَتَوَقَّیْ. لَنْ تَتَوَقَّیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّتَوَقَّیَا. لَنْ یُّتَوَقَّوْا. لَنْ تُتَوَقَّیَا. لَنْ تُتَوَقَّوْا. لَنْ تُتَوَقَّیْ. لَنْ تُتَوَقَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّتَوَقَّیْنَ. لَنْ تَتَوَقَّیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُّتَوَقَّیْنَ. لَنْ تُتَوَقَّیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں

گے۔معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکرومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء الف سے تبدیل ہوگئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَتَوَقَّیَنَّ. لَتَتَوَقَّیَنَّ. لَاَتَوَقَّیَنَّ. لَنَتَوَقَّیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَتَوَقَّیَنْ. لَتَتَوَقَّیَنْ. لَاَ تَوَقَّیَنْ. لَنَتَوَقَّیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُتَوَقَّیَنَّ. لَتُتَوَقَّیَنَّ. لَاُتَوَقَّیَنَّ. لَنُتَوَقَّیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُتَوَقَّیَنْ. لَتُتَوَقَّیَنْ. لَاُ تَوَقَّیَنْ. لَنُتَوَقَّیَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں:لَیَتَوَقَّوُنَّ. لَتَتَوَقَّوُنَّ اورنون تاکید خفیفہ معروف میں:لَیَتَوَقَّوُنْ. لَتَتَوَقَّوُنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُتَوَقَّوُنَّ. لَتُتَوَقَّوُنَّ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں:لَیُتَوَقَّوُنْ. لَتُتَوَقَّوُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔جیسے:نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَتَوَقَّیِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَتَوَقَّیِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُتَوَقَّیِنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُتَوَقَّیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَتَوَقَّیَانِّ . لَتَتَوَقَّیَانِّ. لَیَتَوَقَّیْنَانِّ . لَتَتَوَقَّیَانِّ . لَتَتَوَقَّیْنَانِّ . اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں:لَیُتَوَقَّیَانِّ . لَتُتَوَقَّیَانِّ . لَیُتَوَقَّیْنَانِّ . لَتُتَوَقَّیَانِّ . لَتُتَوَقَّیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

تَوَقَّ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَقّٰی سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔بعد والاحرف متحرک ہے۔آخر سے حرف علت گرادیا تو تَوَقَّ بن گیا۔

تَوَقَّیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَقَّیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔بعد والاحرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَقَّیَا بن گیا۔

تَوَقَّوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَقَّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَقَّوْا بن گیا۔

تَوَقَّیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَقَّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَقَّیْ بن گیا۔

تَوَقَّیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَقَّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ تو تَوَقَّیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُتَوَقّٰی سے لِتُتَوَقَّ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُتَوَقَّیَا. لِتُتَوَقَّوْا. لِتُتَوَقَّیْ. لِتُتَوَقَّیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُتَوَقَّیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَتَوَقَّ. لِتَتَوَقَّ. لِاَتَوَقَّ. لِنَتَوَقَّ.

اور مجہول میں: لِیُتَوَقَّ. لِتُتَوَقَّ. لِاُتَوَقَّ. لِنُتَوَقَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف

میں: لِيَتَوَقَّيَا. لِيَتَوَقَّوْا. لِتَتَوَقَّيَا اور مجہول میں: لِيُتَوَقَّيَا. لِيُتَوَقَّوْا. لِتُتَوَقَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَوَقَّيْنَ. اور مجہول میں: لِيُتَوَقَّيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَوَقَّ. اور مجہول میں: لَا تُتَوَقَّ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نونِ اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَتَوَقَّيَا. لَا تَتَوَقَّوْا. لَا تَتَوَقَّيْ. لَا تَتَوَقَّيَا. اور مجہول میں: لَا تُتَوَقَّيَا. لَا تُتَوَقَّوْا. لَا تُتَوَقَّيْ. لَا تُتَوَقَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَوَقَّيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُتَوَقَّيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَوَقَّ. لَا تَتَوَقَّ. لَا أَتَوَقَّ. لَا نَتَوَقَّ.

اور مجہول میں: لَا يُتَوَقَّ. لَا تُتَوَقَّ. لَا أُتَوَقَّ. لَا نُتَوَقَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَوَقَّيَا. لَا يَتَوَقَّوْا. لَا تَتَوَقَّيَا اور مجہول میں: لَا يُتَوَقَّيَا. لَا يُتَوَقَّوْا. لَا تُتَوَقَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَوَقَّيْنَ. اور مجہول میں: لَا يُتَوَقَّيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتَوَفّٰی:۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُتَوَفَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَفّٰی بن گیا۔

مُتَوَفَّیَانِ . مُتَوَفَّیَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُتَوَفٍّ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتَوَفِّیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو مُتَوَفٍّ بن گیا۔

مُتَوَفِّیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُتَوَفُّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُتَوَفِّیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُتَوَفُّیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُتَوَفُّوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُتَوَفُّوْنَ بن گیا۔

مُتَوَفِّیَةٌ. مُتَوَفِّیَتَانِ. مُتَوَفِّیَاتٌ :۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُتَوَفّٰی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَفَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَفّٰی بن گیا۔

مُتَوَفَّیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُتَوَقَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَقَّيُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَوَقَّاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَوَقَّوْنَ بن گیا۔

مُتَوَقَّاةٌ. مُتَوَقَّاتَانِ: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَقَّيَةٌ. مُتَوَقَّيَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَوَقَّاةٌ. مُتَوَقَّاتَانِ بن گئے۔

مُتَوَقَّيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفَاعُلٌ

جیسے اَلتَّوَالِيُ (پے در پے کرنا)

تَوَالِي : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفَاعُلٌ.

اصل میں تَوَالُيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو تَوَالِيٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو تَوَالِي بن گیا۔

نوٹ: مصدر پر الف لام داخل ہونے کی صورت میں جب تنوین گر جائے گی تو اَلتَّوَالِيُ بن جائے گا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

تَوَالَى:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں تَوَالَيَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تَوَالَى بن گیا۔

تَوَالَيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔

تَوَالَوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تَوَالَيُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل

کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَوَالَوْا بن گیا۔

تَوَالَتْ. تَوَالَتَا: ـ صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں تَوَالَيَتْ. تَوَالَيَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَوَالَتْ. تَوَالَتَا بن گئے۔

تَوَالَيْنَ. تَوَالَيْتَ. تَوَالَيْتُمَا. تَوَالَيْتُمْ. تَوَالَيْتِ. تَوَالَيْتُمَا. تَوَالَيْتُنَّ. تَوَالَيْتُ. تَوَالَيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

تُوُولِيَ. تُوُولِيَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُوَالِيَ. تُوَالِيَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُوُولِيَ . تُوُولِيَا بن گئے۔

تُوُولُوْا :ـ صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تُوَالِيُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُوُولِيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو تُوُولُيْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُوُولُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو تُوُولُوْا بن گیا۔

تُوُولِيَتْ. تُوُولِيَتَا. تُوُولِيْنَ. تُوُولِيْتَ. تُوُولِيْتُمَا. تُوُولِيْتُمْ. تُوُولِيْتِ. تُوُولِيْتُمَا. تُوُولِيْتُنَّ. تُوُولِيْتُ. تُوُولِيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں تُوَالِيَتْ. تُوَالِيَتَا. تُوَالِيْنَ. تُوَالِيْتَ. تُوَالِيْتُمَا. تُوَالِيْتُمْ. تُوَالِيْتِ. تُوَالِيْتُمَا. تُوَالِيْتُنَّ. تُوَالِيْتُ. تُوَالِيْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَتَوَالٰى. تَتَوَالٰى. اَتَوَالٰى. نَتَوَالٰى :ـ صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَتَوَالَيُ. تَتَوَالَيُ. اَتَوَالَيُ. نَتَوَالَيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے

کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یَتَوَالٰی. تَتَوَالٰی. اَتَوَالٰی. نَتَوَالٰی بن گئے۔

یَتَوَالَیَانِ. تَتَوَالَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکرومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَتَوَالَوْنَ. تَتَوَالَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَتَوَالَیُوْنَ. تَتَوَالَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یَتَوَالَاوْنَ. تَتَوَالَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یَتَوَالَوْنَ. تَتَوَالَوْنَ بن گئے۔

یَتَوَالَیْنَ. تَتَوَالَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَتَوَالَیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَتَوَالَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَتَوَالَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُتَوَالٰی. تُتَوَالٰی. اُتَوَالٰی. نُتَوَالٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُتَوَالَیُ. تُتَوَالَیُ. اُتَوَالَیُ. نُتَوَالَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُتَوَالٰی. تُتَوَالٰی. اُتَوَالٰی. نُتَوَالٰی بن گئے۔

یُتَوَالَیَانِ. تُتَوَالَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکرومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُتَوَالَوْنَ. تُتَوَالَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُتَوَالَیُوْنَ. تُتَوَالَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُتَوَالَاوْنَ. تُتَوَالَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُتَوَالَوْنَ. تُتَوَالَوْنَ بن گئے۔

یَتَوَالَیْنَ. تَتَوَالَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَتَوَالَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُتَوَالَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تَتَوَالَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ. یَتَوَالَ. لَمْ تَتَوَالَ. لَمْ اَتَوَالَ. لَمْ نَتَوَالَ.

اور مجہول میں: لَمْ. یُتَوَالَ. لَمْ تُتَوَالَ. لَمْ اُتَوَالَ. لَمْ نُتَوَالَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں :لَمْ یَتَوَالَیَا. لَمْ یَتَوَالَوْا. لَمْ تَتَوَالَیَا.لَمْ تَتَوَالَوْا. لَمْ تَتَوَالَیْ . لَمْ تَتَوَالَیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُتَوَالَیَا. لَمْ یُتَوَالَوْا. لَمْ تُتَوَالَیَا.لَمْ تُتَوَالَوْا. لَمْ تُتَوَالَیْ . لَمْ تُتَوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔جیسے معروف میں:

لَمْ یَتَوَالَیْنَ. لَمْ تَتَوَالَیْنَ .اور مجہول میں: لَمْ یُتَوَالَیْنَ. لَمْ تُتَوَالَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَتَوَالٰی. لَنْ تَتَوَالٰی. لَنْ اَتَوَالٰی. لَنْ نَتَوَالٰی.

اور مجہول میں: لَنْ یُتَوَالٰی. لَنْ تُتَوَالٰی. لَنْ اُتَوَالٰی. لَنْ نُتَوَالٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّتَوَالَیَا. لَنْ یَّتَوَالَوْا. لَنْ تَتَوَالَیَا. لَنْ تَتَوَالَوْا. لَنْ تَتَوَالَی. لَنْ تَتَوَالَیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّتَوَالَیَا. لَنْ یُّتَوَالَوْا. لَنْ تُتَوَالَیَا. لَنْ تُتَوَالَوْا. لَنْ تُتَوَالَی. لَنْ تُتَوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّتَوَالَیْنَ. لَنْ تَتَوَالَیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُّتَوَالَیْنَ. لَنْ تُتَوَالَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَتَوَالَیَنَّ. لَتَتَوَالَیَنَّ. لَأَتَوَالَیَنَّ. لَنَتَوَالَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَتَوَالَیَنْ. لَتَتَوَالَیَنْ. لَأَتَوَالَیَنْ. لَنَتَوَالَیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُتَوَالَیَنَّ. لَتُتَوَالَیَنَّ. لَأُتَوَالَیَنَّ. لَنُتَوَالَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُتَوَالَیَنْ. لَتُتَوَالَیَنْ. لَأُتَوَالَیَنْ. لَنُتَوَالَیَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَتَوَالَوُنَّ. لَتَتَوَالَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَتَوَالَوُنْ. لَتَتَوَالَوُنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُتَوَالَوُنَّ. لَتُتَوَالَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُتَوَالَوُنْ. لَتُتَوَالَوُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَتَوَالَیِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَتَوَالَیِنْ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُتَوَالَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُتَوَالَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَتَوَالَیَانِّ . لَتَتَوَالَیَانِّ . لَیَتَوَالَیْنَانِّ . لَتَتَوَالَیَانِّ . لَتَتَوَالَیْنَانِّ . اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُتَوَالَیَانِّ . لَتُتَوَالَیَانِّ . لَیُتَوَالَیْنَانِّ . لَتُتَوَالَیَانِّ . لَتُتَوَالَیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

تَوَالَ :۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَالٰی سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے حرف علت گرادیا تو تَوَالَ بن گیا۔

تَوَالَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَالَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَالَیَا بن گیا۔

تَوَالَوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَالَوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَالَوْا بن گیا۔

تَوَالَیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَالَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَالَیْ بن گیا۔

تَوَالَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَالَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے تو تَوَالَیْنَ بن گیا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُتَوَالٰی سے لِتُتَوَالَ۔ چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُتَوَالَیَا. لِتُتَوَالَوْا. لِتُتَوَالَیْ. لِتُتَوَالَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُتَوَالَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَتَوَالَ. لِتَتَوَالَ. لِأَتَوَالَ. لِنَتَوَالَ.

اور مجہول میں: لِیُتَوَالَ. لِتُتَوَالَ. لِأُتَوَالَ. لِنُتَوَالَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِیَتَوَالَیَا. لِیَتَوَالَوْا. لِتَتَوَالَیَا اور مجہول میں: لِیُتَوَالَیَا. لِیُتَوَالَوْا. لِتُتَوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَتَوَالَیْنَ. اور مجہول میں: لِیُتَوَالَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَوَالَ. اور مجہول میں: لَا تُتَوَالَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَتَوَالَیَا. لَا تَتَوَالَوْا. لَا تَتَوَالَیْ. لَا تَتَوَالَیَا. اور مجہول میں: لَا تُتَوَالَیَا. لَا تُتَوَالَوْا. لَا تُتَوَالَیْ. لَا تُتَوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَوَالَیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُتَوَالَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف

گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا یَتَوَالَ. لَا تَتَوَالَ. لَا اَتَوَالَ. لَا نَتَوَالَ.

اور مجہول میں: لَا یُتَوَالَ. لَا تُتَوَالَ. لَا اُتَوَالَ. لَا نُتَوَالَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف: لَا یَتَوَالَیَا. لَا یَتَوَالَوْا. لَا تَتَوَالَیَا.

اور مجہول میں: لَا یُتَوَالَیَا. لَا یُتَوَالَوْا. لَا تُتَوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَتَوَالَیْنَ. اور مجہول میں: لَا یُتَوَالَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتَوَالًی :۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُتَوَالَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَالًی بن گیا۔

مُتَوَالَیَانِ. مُتَوَالَیَاتٌ :۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُتَوَالٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتَوَالِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُتَوَالٍ بن گیا۔

مُتَوَالِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُتَوَالُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُتَوَالِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُتَوَالُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُتَوَالُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُتَوَالُوْنَ بن گیا۔

مُتَوَالِيَةٌ. مُتَوَالِيَتَانِ. مُتَوَالِيَاتٌ:۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُتَوَالًى :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَالَيٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَالًى بن گیا۔

مُتَوَالَيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُتَوَالَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَالَيُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُتَوَالَاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَالَوْنَ بن گیا۔

مُتَوَالَاةٌ. مُتَوَالَاتَانِ: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَالَيَةٌ. مُتَوَالَيَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُتَوَالَاةٌ. مُتَوَالَاتَانِ بن گئے۔

مُتَوَالَيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

صرف کبیر ثلاثی مجرد لفیف مقرون از باب ضَرَبَ. یَضرِبُ. جیسے اَلطَّیُّ (لپیٹنا)

طَیٌّ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد لفیف مقرون از باب ضَرَبَ یَضرِبُ.

اصل میں طَوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

طَوٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں طَوَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو طَوٰی بن گیا۔

طَوَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف اپنی اصل پر ہے۔

طَوَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں طَوَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو طَوَاوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو طَوَوْا بن گیا۔

طَوَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں طَوَیَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو طَوَاتْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو طَوَتْ بن گیا۔

طَوَتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں طَوَیَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو طَوَاتَا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا۔ تو طَوَتَا بن گیا۔

طَوَیْنَ. طَوَیْتَ. طَوَیْتُمَا. طَوَیْتُمْ. طَوَیْتِ. طَوَیْتُمَا. طَوَیْتُنَّ. طَوَیْتُ. طَوَیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

طُوِیَ. طُوِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

طُوُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں طُوِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو

طُوِيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے بدلا تو طُوُوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واؤ گرادی تو طُوْا بن گیا۔

طُوِيتُ. طُوِيَتَا. طُوِينَ. طُوِيتَ. طُوِيتُمَا. طُوِيتُمْ. طُوِيتِ. طُوِيتُمَا. طُوِيتُنَّ. طُوِيتُ . طُوِينَا : صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مؤنث غائب، واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم. تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَطْوِیْ. تَطْوِیْ. اَطْوِیْ. نَطْوِیْ.

اصل میں يَطْوِيُ. تَطْوِيُ. اَطْوِيُ. نَطْوِيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يَطْوِیْ. تَطْوِیْ. اَطْوِیْ. نَطْوِیْ بن گئے۔

يَطْوِيَانِ . تَطْوِيَانِ: صغیہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَطْوُوْنَ. تَطْوُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَطْوِيُوْنَ. تَطْوِيُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يَطْوُيُوْنَ. تَطْوُيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے بدلا تو يَطْوُوُوْنَ تَطْوُوُوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو يَطْوُوْنَ. تَطْوُوْنَ بن گئے۔

يَطْوِيْنَ. تَطْوِيْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَطْوِيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَطْوِيِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کردیا تو تَطْوِيْيْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَطْوِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُطْوٰی. تُطْوٰی. اُطْوٰی. نُطْوٰی.

اصل میں يُطْوَيُ. تُطْوَيُ. اُطْوَيُ. نُطْوَيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو يُطْوٰی. تُطْوٰی. اُطْوٰی. نُطْوٰی بن گئے۔

يُطْوَيَانِ . تُطْوَيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُطْوَوْنَ. تُطْوَوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُطْوَيُوْنَ. تُطْوَيُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف

سے بدلا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُطْوَوْنَ. تُطْوَوْنَ بن گئے۔

يُطْوَيْنَ. تُطْوَيْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُطْوَيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُـطْـوَيِـيْـنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو تُطْوَاينَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُطْوَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَـمْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَطْوِ. لَمْ تَطْوِ. لَمْ اَطْوِ. لَمْ نَطْوِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُطْوَ. لَمْ تُطْوَ. لَمْ اُطْوَ. لَمْ نُطْوَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَطْوِيَا. لَمْ يَطْوُوْا. لَمْ تَطْوِيَا. لَمْ تَطْوُوْا. لَمْ تَطْوِیْ. لَمْ تَطْوِيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُطْوَيَا لَمْ يُطْوَوْا. لَمْ تُطْوَيَا. لَمْ تُطْوَوْا. لَمْ تُطْوَیْ. لَمْ تُطْوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَـمْ يَطْوِيْنَ. لَمْ تَطْوِيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُطْوَيْنَ. لَمْ تُطْوَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَـنْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّطْوِیَ. لَنْ تَطْوِیَ. لَنْ اَطْوِیَ. لَنْ نَّطْوِیَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّطْوٰی. لَنْ تُطْوٰی. لَنْ اُطْوٰی. لَنْ نُّطْوٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّطْوِيَا. لَنْ يَّطْوُوْا. لَنْ تَطْوِيَا. لَنْ تَطْوُوْا. لَنْ تَطْوِیْ. لَنْ تَطْوِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّطْوَیَا. لَنْ یُّطْوَوْا. لَنْ تُطْوَیَا. لَنْ تُطْوَوْا. لَنْ تُطْوَیْ. لَنْ تُطْوَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَطْوِیْنَ. لَنْ تَطْوِیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُّطْوَیْنَ. لَنْ تُطْوَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جو یاء ساکن ہو گئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَطْوِیَنَّ. لَتَطْوِیَنَّ. لَاَطْوِیَنَّ. لَنَطْوِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَطْوِیَنْ. لَتَطْوِیَنْ. لَاَطْوِیَنْ. لَنَطْوِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُطْوَیَنَّ. لَتُطْوَیَنَّ. لَاُطْوَیَنَّ. لَنُطْوَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُطْوَیَنْ. لَتُطْوَیَنْ. لَاُطْوَیَنْ. لَنُطْوَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَطْوُنَّ. لَتَطْوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَطْوُنْ. لَتَطْوُنْ.

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُطْوَوُنَّ. لَتُطْوَوُنَّ. اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُطْوَوُنْ. لَتُطْوَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَطْوِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَطْوِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُطْوَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُطْوَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَطْوِیَانِّ. لَتَطْوِیَانِّ. لَیَطْوِیْنَانِّ. لَتَطْوِیَانِّ. لَتَطْوِیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُطْوَیَانِّ. لَتُطْوَیَانِّ. لَیُطْوَیْنَانِّ. لَتُطْوَیَانِّ. لَتُطْوَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِطْوِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِطْوِ بن گیا۔

اِطْوِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْوِیَا بن گیا۔

اِطْوُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسب سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْوُوْا بن گیا۔

اِطْوِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْوِیْ بن گیا۔

اِطْوِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِطْوِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُطْوٰی سے لِتُطْوَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُطْوَیَا. لِتُطْوَوْا. لِتُطْوَیْ. لِتُطْوَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُطْوَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَطْوِ. لِتَطْوِ. لِأَطْوِ. لِنَطْوِ۔

اور مجہول میں: لِيُطْوَ. لِتُطْوَ. لِأُطْوَ. لِنُطْوَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) جیسے معروف میں: لِيَطْوِيَا. لِيَطْوُوْا. لِتَطْوِيَا اور مجہول میں: لِيُطْوَيَا. لِيُطْوَوْا. لِتُطْوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَطْوِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُطْوَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَطْوِ. اور مجہول میں: لَا تُطْوَ.

معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَطْوِيَا. لَا تَطْوُوْا. لَا تَطْوِيْ. لَا تَطْوِيَا. اور مجہول میں: لَا تُطْوَيَا. لَا تُطْوَوْا. لَا تُطْوَيْ. لَا تُطْوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَطْوِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُطْوَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَطْوِ. لَا تَطْوِ. لَا أَطْوِ. لَا نَطْوِ.

اور مجہول میں: لَا يُطْوَ. لَا تُطْوَ. لَا أُطْوَ. لَا نُطْوَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَطْوِيَا. لَا يَطْوُوْا. لَا تَطْوِيَا اور مجہول میں: لَا يُطْوَيَا. لَا يُطْوَوْا. لَا تُطْوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَطْوِیْنَ ۔ اور مجہول میں: لَا یُطْوَیْنَ۔

بحث اسم ظرف

مَطْوًی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَطْوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مَطْوَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مَطْوًی بن گیا۔

مَطْوَیَان: صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَطَاوٍ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَطَاوِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَطَاوٍ بن گیا۔

مُطَیٌّ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُطَیْوِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مُطَیِّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیاً منسیا حذف کر دیا تو مُطَیٌّ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِطْوًی: صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِطْوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مِطْوَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مِطْوًی بن گیا۔

مِطْوَیَان: صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مَطَاوٍ: صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَطَاوِیُ تھا، معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کے وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَطَاوٍ بن گیا۔

مُطَیٌّ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُطَیْوِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مُطَیِّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیاً منسیا حذف کر دیا تو مُطَیٌّ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِطْوَاةٌ: صیغہ واحد اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِطْوَيَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِطْوَاةٌ بن گیا۔

مِطْوَاتَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِطْوَيَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِطْوَاتَانِ بن گیا۔

مَطَاوٍ: صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَطَاوِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَطَاوٍ بن گیا۔

مُطَيَّةٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مُطَيْوِيَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو مُطَيِّيَةٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیا منسیا حذف کردیا تو مُطَيَّةٌ بن گیا۔

بحث اسم آلہ کبریٰ

مِطْوَاءٌ: صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِطْوَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو مِطْوَاءٌ بن گیا۔

مِطْوَاءَ انِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِطْوَایَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو مِطْوَاءَ انِ بن گیا۔

مَطَاوِيُّ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَطَاوِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مَطَاوِيْيُ بن گیا۔ پھر پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کردیا تو مَطَاوِيُّ بن گیا۔

مُطَيٌّ اور مُطَيَّةٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُطَيْوِایٌ مُطَيْوِايَةٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُطَيْوِيْيٌ اور مُطَيْوِيْيَةٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُطَيْيِيْيٌ . مُطَيْيِيْيَةٌ بن گے۔ پھر پہلی یاء کا

دوسری یاء میں ادغام کردیا تومُطَیِّیٌ . مُطَیِّیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق یاء کا یاء میں ادغام کردیا تومُطَیِّیٌّ اور مُطَیِّیَّۃٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 28 کے مطابق دوسری یائے مشدد کو نسیاً منسیاً حذف کردیا تومُطَیٌّ اور مُطَیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَطْوٰی: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَطْـوَیُ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو اَطْوٰی بن گیا۔

اَطْوَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَطْوَوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَطْـوَیُـوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو اَطْوَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَطْوَوْنَ بن گیا۔

اَطَاوٍ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَطَاوِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَطَاوٍ بن گیا۔

اُطَیٌّ: صیغہ واحد مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُطَیْوِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کرکے یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو اُطَیِّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق دوسری یاء کو نسیاً منسیاً حذف کردیا تو اُطَیٌّ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

طِیّٰ. طِیَّیَانِ. طِیَّیَاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں طُوْیٰ طُوْیَیَانِ. طُوْیَیَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کرکے یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو طُیّٰ. طُیَّیَان. طُیَّیَاتٌ بن گئے۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

طُوًی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں طُوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو طُوَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو طُوًی بن گیا۔

طُوَیٰ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں طُوَیْیٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو طُوَیٰ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَطْوَاهُ : صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَطْوَيَهُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مَا اَطْوَاهُ بن گیا۔

وَ اَطْوِ بِهٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَطْوِیْ بِهٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگر چہ بمعنی ماضی کے ہے۔ آخر سے حرف علت یاء گرا دی تو اَطْوِ بِهٖ بن گیا۔

طَوُوَ اور طَوُوْتُ :اصل میں طَوُیَ. اور طَوُیْتُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو طَوُوَ اور طَوُوْتُ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

طَاوٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں طَاوِیٌ تھا یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو طَاوِیْنٌ ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے حرف علت یاء گرا دی تو طَاوٍ بن گیا۔

طَاوِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

طَاوُوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں طَاوِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق واؤ کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو طَاوُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے بدل دیا تو طَاوُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو طَاوُوْنَ بن گیا۔

طُوَاةٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طَوَیَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو طَوَاةٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو طُوَاةٌ بن گیا۔

طُوَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُوَّایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو طُوَّاءٌ بن گیا۔

طُوًّی: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُــوَّیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو طُوَّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو طُوًّی بن گیا۔

طِیٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طُیٌّ بن گیا۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تو طِیٌّ بن گیا۔

طُوَیَاءُ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

طِیَّانٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُوْیَانٌ تھا معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واو کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کیا طُیَّانٌ بن گیا۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تو طِیَّانٌ بن گیا۔

طِوَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طِوَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو طِوَاءٌ بن گیا۔

طُوِیٌّ یا طِوِیٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُـوُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طُـوُیٌّ بن گیا۔ پھر معتل کے اسی قانون کے مطابق ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو طُوِیٌّ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے فاء کلمہ کو کسرہ دے کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے طِوِیٌّ

طُوَیٌّ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں طُوَیْوِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طُوَیِّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیا منسیا حذف کر دیا تو طُوَیٌّ بن گیا۔

طَاوِیَةٌ. طَاوِیَتَانِ. طَاوِیَاتٌ: صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

طَوَاءٍ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طَـوَاوِیُ تھا معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو طَوَاوٍ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو طَوَاءٍ بن گیا۔

طُوًّی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُـوًّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو طُوًّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو طُوًّی بن گیا۔

طُوَیَّۃٌ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں طُـوَیْـوِیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق دوسری واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طُـوَیِّیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیا منسیا حذف کر دیا تو طُوَیَّۃٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَطْوِیٌّ. مَطْوِیَّانِ. مَطْوِیُّوْنَ. مَطْوِیَّۃٌ. مَطْوِیَّتَانِ. مَطْوِیَّاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَطْوُوْیٌ. مَطْوُوْیَانِ. مَطْوُوْیُوْنَ. مَطْوُوْیَۃٌ. مَطْوُوْیَتَانِ. مَطْوُوْیَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔ پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَـطْـوُیٌّ. مَـطْـوُیَّـانِ. مَطْوُیُّوْنَ. مَطْوُیَّۃٌ. مَطْوُیَّتَانِ. مَطْوُیَّاتٌ بن گئے۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَطَاوِیُّ: صیغہ جمع مذکر و مؤنث مکسر اسم مفعول۔

اصل میں مَـطَاوِوْیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل دیا تو مَـطَـاوِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَطَاوِیُّ بن گیا۔

مُطَیٌّ. اور مُطَیَّۃٌ: صیغہ واحد مذکر و مؤنث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُطَیْوِوْیٌ اور مُطَیْوِوْیَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل دیا تو مُطَیْوِیْیٌ اور مُطَیْوِیْیَۃٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مُـطَـیِّـیْـیٌ اور مُـطَـیِّـیْـیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کو دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مُـطَـیِّـیٌّ اور مُـطَـیِّـیَّۃٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 28 کے مطابق دوسری یائے مشدد کو نسیا منسیا حذف کر دیا تو مُطَیٌّ اور مُطَیَّۃٌ بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلاِسْتِوَاءُ (ارادہ کرنا)

اِسْتِوَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب افتعال۔

اصل میں اِسْتِوَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِوَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَوٰی :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِسْتَوَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَوٰی بن گیا۔

اِسْتَوَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اِسْتَوَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِسْتَوَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَوَوْا بن گیا۔

اِسْتَوَتْ. اِسْتَوَتَا :۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب ۔

اصل میں اِسْتَوَیَتْ. اِسْتَوَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَوَتْ. اِسْتَوَتَا بن گئے۔

اِسْتَوَیْنَ. اِسْتَوَیْتَ. اِسْتَوَیْتُمَا. اِسْتَوَیْتُمْ. اِسْتَوَیْتِ. اسْتَوَیْتُمَا. اِسْتَوَیْتُنَّ. اِسْتَوَیْتُ. اِسْتَوَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُوِیَ. اُسْتُوِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُسْتُوُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُسْتُوِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُسْتُوُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُوُوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی

غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُسْتُوُوْا بن گیا۔

اُسْتُوِیَتْ. اُسْتُوِیَتَا. اُسْتُوِیْنَ. اُسْتُوِیْتَ. اُسْتُوِیْتُمَا. اُسْتُوِیْتُمْ. اُسْتُوِیْتِ. اُسْتُوِیْتُمَا. اُسْتُوِیْتُنَّ. اُسْتُوِیْتُ.
اُسْتُوِیْنَا صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَسْتَوِیْ. تَسْتَوِیْ. اَسْتَوِیْ. نَسْتَوِیْ:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یَسْتَوِیُ. تَسْتَوِیُ. اَسْتَوِیُ. نَسْتَوِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَسْتَوِیْ. تَسْتَوِیْ. اَسْتَوِیْ. نَسْتَوِیْ بن گئے۔

یَسْتَوِیَانِ. تَسْتَوِیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَسْتَوُوْنَ. تَسْتَوُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَوِیُوْنَ. تَسْتَوِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَسْتَوُیْوْنَ. تَسْتَوُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یَسْتَوُوْنَ. تَسْتَوُوْنَ بن گئے۔

یَسْتَوِیْنَ. تَسْتَوِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَسْتَوِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَسْتَوِیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَسْتَوِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسْتَوٰی. تُسْتَوٰی. اُسْتَوٰی. نُسْتَوٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُسْتَوَیُ. تُسْتَوَیُ. اُسْتَوَیُ. نُسْتَوَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُسْتَوٰی. تُسْتَوٰی. اُسْتَوٰی. نُسْتَوٰی بن گئے۔

یُسْتَوَیَانِ. تُسْتَوَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَسْتَوُوْنَ. تَسْتَوُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَسْتَوِيُوْنَ. تَسْتَوِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُسْتَوَوْنَ. تُسْتَوَوْنَ بن گئے۔

يُسْتَوَيْنَ. تُسْتَوَيْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُسْتَوَيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسْتَــوَيِــنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُسْتَوَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَوِ. لَمْ تَسْتَوِ. لَمْ اَسْتَوِ. لَمْ نَسْتَوِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَوَ. لَمْ تُسْتَوَ. لَمْ اُسْتَوَ. لَمْ نُسْتَوَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَوِيَا. لَمْ يَسْتَوُوْا. لَمْ تَسْتَوِيَا. لَمْ تَسْتَوُوْا.لَمْ تَسْتَوِىْ . لَمْ تَسْتَوِيَا .

اور مجہول میں :لَمْ يُسْتَوَيَا. لَمْ يُسْتَوَوْا. لَمْ تُسْتَوَيَا. لَمْ تُسْتَوَوْا. لَمْ تُسْتَوَىْ . لَمْ تُسْتَوَيَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں :لَمْ يَسْتَوِيْنَ. لَمْ تَسْتَوِيْنَ . اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَوَيْنَ. لَمْ تُسْتَوَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَسْتَوِىَ. لَنْ تَسْتَوِىَ. لَنْ اَسْتَوِىَ. لَنْ نَسْتَوِىَ .

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَوٰى. لَنْ تُسْتَوٰى. لَنْ اُسْتَوٰى. لَنْ نُّسْتَوٰى.

معروف و مجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَوِيَا. لَنْ يَّسْتَوُوْا. لَنْ تَسْتَوِيَا. لَنْ تَسْتَوُوْا. لَنْ تَسْتَوِیْ. لَنْ تَسْتَوِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَوَيَا. لَنْ يُّسْتَوَوْا. لَنْ تُسْتَوَيَا. لَنْ تُسْتَوَوْا. لَنْ تُسْتَوَیْ. لَنْ تُسْتَوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَوِيْنَ. لَنْ تَسْتَوِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَوَيْنَ. لَنْ تُسْتَوَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر، مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہو گئی تھی نون تاکید سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَوِيَنَّ. لَتَسْتَوِيَنَّ. لَاَسْتَوِيَنَّ. لَنَسْتَوِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَوِيَنْ. لَتَسْتَوِيَنْ. لَاَسْتَوِيَنْ. لَنَسْتَوِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَوَيَنَّ. لَتُسْتَوَيَنَّ. لَاُسْتَوَيَنَّ. لَنُسْتَوَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَوَيَنْ. لَتُسْتَوَيَنْ. لَاُ سْتَوَيَنْ. لَنُسْتَوَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَوُنَّ. لَتَسْتَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَوُنْ. لَتَسْتَوُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَوَوُنَّ. لَتُسْتَوَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَوَوُنْ. لَتُسْتَوَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَسْتَوِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَسْتَوِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُسْتَوَيِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُسْتَوَيِنْ.

معروف و مجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب و حاضر کے) کے آخر میں نون تاکید سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَوِيَانِّ. لَتَسْتَوِيَانِّ. لَيَسْتَوِيْنَانِّ. لَتَسْتَوِيَانِّ. لَتَسْتَوِيْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ

مجہول میں لَیُسْتَوَیَانِّ . لَتُسْتَوَیَانِّ . لَیُسْتَوَیْنَانِّ. لَتُسْتَوَیَانِّ . لَتُسْتَوَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَوِ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِسْتَوِ بن گیا۔

اِسْتَوِیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَوِیَا بن گیا۔

اِسْتَوُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی کو گرادیا تو اِسْتَوُوْا بن گیا۔

اِسْتَوِیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَوِیْ بن گیا۔

اِسْتَوِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِسْتَوِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُسْتَوٰی سے لِتُسْتَوَ. معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُسْتَوَیَا. لِتُسْتَوَوْا. لِتُسْتَوَیْ. لِتُسْتَوَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسْتَوَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے ۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَسْتَوِ. لِتَسْتَوِ. لِأَسْتَوِ. لِنَسْتَوِ.

اور مجہول میں: لِيُسْتَوَ. لِتُسْتَوَ. لِأُسْتَوَ. لِنُسْتَوَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِيَسْتَوِيَا. لِيَسْتَوُوْا. لِتَسْتَوِيَا اور مجہول میں: لِيُسْتَوَيَا. لِيُسْتَوَوْا. لِتُسْتَوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَسْتَوِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُسْتَوَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوِ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوِيَا. لَا تَسْتَوُوْا. لَا تَسْتَوِيْ. لَا تَسْتَوِيَا. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوَيَا. لَا تُسْتَوَوْا. لَا تُسْتَوَيْ. لَا تُسْتَوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَوِ. لَا تَسْتَوِ. لَا أَسْتَوِ. لَا نَسْتَوِ.

اور مجہول میں: لَا یُسْتَوَ. لَا تُسْتَوَ . لَا اُسْتَوَ. لَا نُسْتَوَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَسْتَوِیَا. لَا یَسْتَوُوْا. لَا تَسْتَوِیَا اور مجہول میں: لَا یُسْتَوَیَا. لَا یُسْتَوَوْا. لَا تُسْتَوَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَسْتَوِیْنَ . اور مجہول میں: لَا یُسْتَوَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَوًی:۔ صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَوًی بن گیا۔

مُسْتَوَیَانِ . مُسْتَوَیَاتٌ:۔ صیغہ تثنیہ و جمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَوٍ :۔ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَوِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مُسْتَوٍ بن گیا۔

مُسْتَوِیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَوُوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَوِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کی حرکت اسے دی تو مُسْتَوُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَوُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو مُسْتَوُوْنَ بن گیا۔

مُسْتَوِیَۃٌ. مُسْتَوِیَتَانِ. مُسْتَوِیَاتٌ:۔ صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَوًی :۔ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَوًی بن گیا۔

مُسْتَوَیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَوَوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَوَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَوَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دیا تو مُسْتَوَوْنَ بن گیا۔

مُسْتَوَاۃٌ. مُسْتَوَاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَوَیَۃٌ. مُسْتَوَیَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَوَاۃٌ. مُسْتَوَاتَانِ بن گئے۔

مُسْتَوَیَاتٌ :۔ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِحْیَاءُ (شرم کرنا)

اِسْتِحْیَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِسْتِفْعَالٌ۔

اصل میں اِسْتِحْیَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِحْیَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَحْیٰ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِسْتَحْیَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَحْیٰ بن گیا۔

اِسْتَحْیَیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اِستَحیَوا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِستَحیَیُوا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِستَحیَوا بن گیا۔

اِستَحیَت. اِستَحیَتَا:۔صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِستَحیَیَت. اِستَحیَیَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِستَحیَت. اِستَحیَتَا بن گئے۔

اِستَحیَینَ. اِستَحیَیتَ. اِستَحیَیتُمَا. اِستَحیَیتُم. اِستَحیَیتِ. اِستَحیَیتُمَا. اِستَحیَیتُنَّ. اِستَحیَیتُ. اِستَحیَینَا

صیغہ جمع مؤنث سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُستُحیِیَ. اُستُحیِیَا : صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُستُحیُوا :۔صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اصل میں اُستُحیِیُوا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُستُحیُیُوا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُستُحیُوُوا ہو گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُستُحیُوا بن گیا۔

اُستُحیِیَت. اُستُحیِیَتَا. اُستُحیِینَ. اُستُحیِیتَ. اُستُحیِیتُمَا. اُستُحیِیتُم. اُستُحیِیتِ. اُستُحیِیتُمَا. اُستُحیِیتُنَّ. اُستُحیِیتُ. اُستُحیِینَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَستَحیِی. تَستَحیِی. اَستَحیِی. نَستَحیِی:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَستَحیِیُ. تَستَحیِیُ. اَستَحیِیُ. نَستَحیِیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَستَحیِی. تَستَحیِی. اَستَحیِی. نَستَحیِی بن گئے۔

یَستَحیِیَانِ. تَستَحیِیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَسْتَحْيُوْنَ. تَسْتَحْيُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَسْتَحْيِيُوْنَ. تَسْتَحْيِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يَسْتَحْيُيْوْنَ. تَسْتَحْيُيْوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يَسْتَحْيُوْنَ. تَسْتَحْيُوْنَ بن گئے ۔

يَسْتَحْيِيْنَ. تَسْتَحْيِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَسْتَحْيِيْنَ: ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَسْتَحْيِيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَسْتَحْيِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُسْتَحْيٰى. تُسْتَحْيٰى. اُسْتَحْيٰى. نُسْتَحْيٰى :۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُسْتَحْيَيُ. تُسْتَحْيَيُ. اُسْتَحْيَيُ. نُسْتَحْيَيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُسْتَحْيٰى. تُسْتَحْيٰى. اُسْتَحْيٰى. نُسْتَحْيٰى بن گئے۔

يُسْتَحْيَيَانِ. تُسْتَحْيَيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُسْتَحْيَوْنَ. تُسْتَحْيَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُسْتَحْيَيُوْنَ. تُسْتَحْيَيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُسْتَحْيَوْنَ. تُسْتَحْيَوْنَ بن گئے۔

يُسْتَحْيَيْنَ. تُسْتَحْيَيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُسْتَحْيَيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسْتَحْيَيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُسْتَحْيَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَحْيِ. لَمْ تَسْتَحْيِ. لَمْ اَسْتَحْيِ. لَمْ نَسْتَحْيِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَحْيَ. لَمْ تُسْتَحْيَ. لَمْ اُسْتَحْيَ. لَمْ نُسْتَحْيَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَحْيِيَا. لَمْ يَسْتَحْيُوْا. لَمْ تَسْتَحْيِيَا. لَمْ تَسْتَحْيُوْا. لَمْ تَسْتَحْيِيْ. لَمْ تَسْتَحْيِيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَحْيَيَا. لَمْ يُسْتَحْيَوْا. لَمْ تُسْتَحْيَيَا. لَمْ تُسْتَحْيَوْا. لَمْ تُسْتَحْيَيْ. لَمْ تُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَحْيِيْنَ. لَمْ تَسْتَحْيِيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَحْيَيْنَ. لَمْ تُسْتَحْيَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَحْيِيَ. لَنْ تَسْتَحْيِيَ. لَنْ اَسْتَحْيِيَ. لَنْ نَّسْتَحْيِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَحْيٰى. لَنْ تُسْتَحْيٰى. لَنْ اُسْتَحْيٰى. لَنْ نُّسْتَحْيٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَحْيِيَا. لَنْ يَّسْتَحْيُوْا. لَنْ تَسْتَحْيِيَا. لَنْ تَسْتَحْيُوْا. لَنْ تَسْتَحْيِيْ. لَنْ تَسْتَحْيِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَحْيَيَا. لَنْ يُّسْتَحْيَوْا. لَنْ تُسْتَحْيَيَا. لَنْ تُسْتَحْيَوْا. لَنْ تُسْتَحْيَيْ. لَنْ تُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَحْيِيْنَ. لَنْ تَسْتَحْيِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَحْيَيْنَ. لَنْ تُسْتَحْيَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں

گے۔فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَحْيِيَنَّ. لَتَسْتَحْيِيَنَّ. لَاَسْتَحْيِيَنَّ. لَنَسْتَحْيِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَحْيِيَنْ. لَتَسْتَحْيِيَنْ. لَاَسْتَحْيِيَنْ. لَنَسْتَحْيِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَحْيَيَنَّ. لَتُسْتَحْيَيَنَّ. لَاُسْتَحْيَيَنَّ. لَنُسْتَحْيَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَحْيَيَنْ. لَتُسْتَحْيَيَنْ. لَاُسْتَحْيَيَنْ. لَنُسْتَحْيَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَحْيُنَّ. لَتَسْتَحْيُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَحْيُنْ. لَتَسْتَحْيُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَحْيَوُنَّ. لَتُسْتَحْيَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَحْيَوُنْ. لَتُسْتَحْيَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَسْتَحْيِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَسْتَحْيِنْ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُسْتَحْيَيِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُسْتَحْيَيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَحْيِيَانِّ. لَتَسْتَحْيِيَانِّ. لَيَسْتَحْيِيْنَانِّ. لَتَسْتَحْيِيَانِّ. لَتَسْتَحْيِيْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُسْتَحْيَيَانِّ. لَتُسْتَحْيَيَانِّ. لَيُسْتَحْيَيْنَانِّ. لَتُسْتَحْيَيَانِّ. لَتُسْتَحْيَيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَحْيِ: ۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْيِيْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِسْتَحْيِ بن گیا۔

اِسْتَحْيِيَا: ۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْیِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَحْیِیَا بن گیا۔

اِسْتَحْیُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْیُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَحْیُوْا بن گیا۔

اِسْتَحْیِیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْیِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَحْیِیْ بن گیا۔

اِسْتَحْیِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْیِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِسْتَحْیِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُسْتَحْیٰی سے لِتُسْتَحْیَ. معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُسْتَحْیَیَا. لِتُسْتَحْیَوْا. لِتُسْتَحْیَیْ. لِتُسْتَحْیَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسْتَحْیَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَحْیِ. لِتَسْتَحْیِ. لِاَسْتَحْیِ. لِنَسْتَحْیِ.

اور مجہول میں: لِیُسْتَحْیَ. لِتُسْتَحْیَ. لِاُسْتَحْیَ. لِنُسْتَحْیَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لِيَسْتَحْيِيَا. لِيَسْتَحْيُوْا. لِتَسْتَحْيِيَا. اور مجہول میں: لِيُسْتَحْيَيَا. لِيُسْتَحْيَوْا. لِتُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَسْتَحْيِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُسْتَحْيَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَسْتَحْيِ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَحْيَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَسْتَحْيِيَا. لَا تَسْتَحْيُوْا. لَا تَسْتَحْيِيْ. لَا تَسْتَحْيِيَا. اور مجہول میں: لَا تُسْتَحْيَيَا. لَا تُسْتَحْيَوْا. لَا تُسْتَحْيَيْ. لَا تُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَحْيِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَحْيَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَحْيِ. لَا تَسْتَحْيِ. لَا أَسْتَحْيِ. لَا نَسْتَحْيِ.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَحْيَ. لَا تُسْتَحْيَ. لَا أُسْتَحْيَ. لَا نُسْتَحْيَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَحْيِيَا. لَا يَسْتَحْيُوْا. لَا تَسْتَحْيِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَحْيَيَا. لَا يُسْتَحْيَوْا. لَا تُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَحْيِيْنَ. اور مجہول میں: لَا يُسْتَحْيَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَحْيًى :۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَحْيَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَحْيًى بن گیا۔

مُسْتَحْيَيَانِ . مُسْتَحْيَيَاتٌ :۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَحْيٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَحْيِيٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُسْتَحْيٍ بن گیا۔

مُسْتَحْيِيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَحْيُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَحْيِيُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُسْتَحْيُيْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَحْيُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُسْتَحْيُوْنَ بن گیا۔

مُسْتَحْيِيَةٌ. مُسْتَحْيِيَتَانِ. مُسْتَحْيِيَاتٌ :۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَحْيًى :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَحْيَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَحْيًى بن گیا۔

مُسْتَحْيَيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَحْيَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَحْيَيُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَحْيَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُسْتَحْيَوْنَ بن گیا۔

مُسْتَحْيَاةٌ. مُسْتَحْيَاتَانِ. صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَحْيَيَةٌ. مُسْتَحْيَيَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مُسْتَحْيَاةٌ. مُسْتَحْيَاتَانِ بن گئے۔

مُسْتَحْيَيَاتٌ:۔ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

%%%%%%%%

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِنْفِعَالٌ جیسے اَلْاِنْزِوَاءُ (گوشہ نشین ہونا)

اَلْاِنْزِوَاءُ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِنْفِعَالٌ۔

اصل میں اِنْزِوَايٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو اِنْزِوَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِنْزَوٰی:۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ۔

اصل میں اِنْزَوَيَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِنْزَوٰی بن گیا۔

اِنْزَوَيَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اِنْزَوَوْا:۔ صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِنْزَوَيُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِنْزَوَوْا بن گیا۔

اِنْزَوَتْ. اِنْزَوَتَا:۔ صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِنْزَوَيَتْ. اِنْزَوَيَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِنْزَوَتْ. اِنْزَوَتَا بن گئے۔

اِنْزَوَيْنَ. اِنْزَوَيْتَ. اِنْزَوَيْتُمَا. اِنْزَوَيْتُمْ. اِنْزَوَيْتِ. اِنْزَوَيْتُمَا. اِنْزَوَيْتُنَّ. اِنْزَوَيْتُ. اِنْزَوَيْنَا.
صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُنْزُوِیَ بِہٖ :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَنْزَوِیْ. تَنْزَوِیْ. اَنْزَوِیْ. نَنْزَوِیْ :۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَنْزَوِیُ. تَنْزَوِیُ. اَنْزَوِیُ. نَنْزَوِیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَنْزَوِیْ. تَنْزَوِیْ. اَنْزَوِیْ. نَنْزَوِیْ بن گئے۔

یَنْزَوِیَانِ. تَنْزَوِیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَنْزَوُوْنَ. تَنْزَوُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَنْزَوِیُوْنَ. تَنْزَوِیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَنْزَوُیْوْنَ ، تَنْزَوُیْوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یَنْزَوُوْنَ. تَنْزَوُوْنَ بن گئے۔

یَنْزَوِیْنَ. تَنْزَوِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَنْزَوِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَنْزَوِیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَنْزَوِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُنْزَوٰی بِہٖ: صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں یُنْزَوَیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُنْزَوٰی بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی۔

جیسے: لَمْ یَنْزَوِ. لَمْ تَنْزَوِ. لَمْ اَنْزَوِ. لَمْ نَنْزَوِ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

